جلد اول
فتوحات مکیہ
تصنیف لطیف
شیخ اکبر محی الدین ابن العربی
علی برادران تاجران کتب ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آ

١

جلد اوّل

فتوحاتِ مکیہ

تصنیف لطیف: حضرت امام الموحدین سید المکاشفین شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی اندلسی المعروف بہ ابنِ عربی حاتمی قدس اللہ سرہ

ترجمہ

حضرت علامہ صائم چشتی فیصل آباد،

ناشران

علی برادران تاجران کتب

نزد جامعہ رضویہ ارشد مارکیٹ جھنگ بازار۔ فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام تالیف	فتوحات مکیہ
مولف	شیخ محی الدین ابن العربیؒ
مترجم	علامہ صائم چشتی
پہلی بار	دسمبر سنہ ۱۹۸۶
تعداد	گیارہ سو
طابع	فضل کریم نقشبندی
مطبع	
کتابت	اللہ دتہ جمیل رقم
سائز	۲۳/۳۶ ۱۶
ہدیہ	۱۲۰/-
صفحات مع متن	۴۱۶
ناشر	علی برادران فیصل آباد

ملنے کے پتے

علی برادران ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

چشتی کتب خانہ ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد

انتساب

بصد عجز و نیاز محبوبِ حقیقی جلّ و علاَ کے نام

بندۂ ناچیز صائم چشتی

نذرِ عقیدت

بصد احترام بحضور حقیقت الحقائق صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

گر قبول اُفتد زہے عزو شرف

بندۂ کمترین
صائم چشتی

وَفِیْٓ اَنْفُسِکُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ

لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ
وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ

مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَٰثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِن

ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا

فہرست مضامین

مضمون — صفحہ

مضمون — صفحہ

مضمون	صفحہ

معبود و عابد

خُدا خواہ کتنا نزول فرمائے خدا ہے
بندہ خواہ کتنا عُروج پائے بندہ ہے

"ابن عربی"

رب حق ہے بندہ حق ہے کاش مجھے معلوم ہوتا مکلف کون ہے"
اگر تو کہے بندہ تو وُہ مرنے والا ہے اگر کہے خدا تو وُہ کیونکر مُکلف ہے؟

"ابن عربی"

اعترافِ عجز

از مترجم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدُ للہِ ربِّ العٰلمین والصلوٰۃ والسلامُ علی رسولہِ الکریمِ الامین وعلی آلہِ الطاھرین وصحبہِ اجمعین

اَمّا بعدُ! کُلَّ فَوْقَ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْم یعنی ہر علم والے کے اُوپر ایک علم والا ہے، نصِ قُرآنی سے منصوص یہ کُلیہ ناقابلِ تغیر ہے، امتدادِ زمانہ اور علوم جدیدہ کا ارتقاء اِس فرمانِ ایزدی میں تبدیلی نہیں لاسکتا اور اس کے بالعکس قائم کردہ تصورات از خود دم توڑ دیتے ہیں۔

صرف اور صرف ایک اقدس و اعلیٰ ذات ایسی ہے جس کے اوپر کوئی علم والا نہیں اور وُہ ذاتِ مُنزّہ و مُقدس خالقِ کائنات معبودِ برحق اللہ جل شانہٗ ہے اور یہی اُس کی شانِ معبودیت ہے کہ وُہ، تمام تر رفعتوں سے بلند تر ہے اور ہر بلندی اُس کے حضور میں پست ہے

اُس ذاتِ اقدس و اعلا اور علیم و خبیر کے بعد سب سے زیادہ علیم و خبیر، سب سے زیادہ جاننے والے، سب سے زیادہ علوم پر احاطہ کرنے والے مُعلّم و مقصودِ کائنات حضرت محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔

وُہ شہریارِ مملکتِ رسالت جنہیں عَلَّمَہُ الْبَیَان کا تاج پہنایا گیا۔

وُہ تاجدارِ سلطنتِ علوم جنہیں، وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ۔ کے خلعت سے سرفراز کیا گیا۔

وہ صاحبِ قرآن وحی اور قرآنِ ناطق جن کے علوم کے بیکراں سمندر سے قرآن مجید کے علوم ایک قطرہ ہیں، باوجود یہ کہ قرآن خود میں تفصیلِ کلِّ شیئ کا مدعی ہے۔

نٓ وَالْقَلَمِ اور اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْقَلَمَ کی وہ حقیقت صادقہ جسے مَا کَانَ وَمَا سَیَکُوْن کو تحریر کرنے کا حکم ہوا تھا۔

وہ عالم مَا کَانَ وَمَا یَکُوْن جن کے نورِ علوم کی برکت سے حضرت آدم علیہ السلام اَسْمَاءَ کُلَّھَا کے عالم قرار پائے۔

وہ کلماتِ الٰہیہ کے جامع جن کا ارشاد ہے کہ میں جامع الکلم دیا گیا ہوں۔

وہ مدینۃ العلم کہ لوح و قلم کا علم جن کے علوم کا ایک حصہ ہے۔

وہ مبداء و مرکزِ علوم اپنی دعائے نیم شب میں سب سے بڑے علیم و عالم کے حضور عرض کرتے ہیں، رَبِّ زِدْنِیْ عِلْماً۔

آپ کی یہ پاکیزہ و محترم دعا اُسی کے فرمانِ عالی شان کی تعمیل تھی جس کے اُوپر کوئی علم والا نہیں۔ جب عطا فرمانے والا خود کہے مجھ سے فلاں چیز مانگ تو یقیناً وہ مائل بہ کرم ہے اور وہ چیز عطا فرمانے کے درپے ہے، اندریں صورت آپ کی افزونیٔ علم کا کیا اندازہ کیا جاسکتا ہے، تاہم شانِ عبودیت قائم ہے اور حجرۂ عائشہؓ سے رب زدنی علماً کی صدائے کیف آفریں مسلسل آرہی ہے۔

زیادہ سے زیادہ اور پھر زیادہ سے زیادہ بھی حدود و تعینات ہیں، اور امکان و تعین کے لئے تعین کا تقرر بدیہی امر ہے، خالقِ کائنات، واجب الوجود لامتناہی و لاتعین ہے، اس لئے یہ تعین صرف اور صرف اُس کے نزدیک ہے رہا مخلوق کے نزدیک اُس جانِ جہاں کے علوم تو وہ لامتناہی اور غیر متعین ہیں سوائے خالقِ کائنات کے کوئی بھی آپ کے علوم کا احاطہ نہیں کرسکتا، ایک رحمٰن ہے جو آپ کو سکھانے والا ہے باقی سب آپ سے سیکھتے ہیں خواہ وہ انبیاء ہوں

یا ملائکہ آپ ہی کی درسگاہ قدس کے طالب علم ہیں اور علوم قدیمہ و جدیدہ کا ہر طالب علم طوعاً و کرہاً آپ سے ہی اکتساب فیض کرتا ہے بہر کیف ہمارے آقائے نعمت اللہ تبارک و تعالیٰ کی دیگر نعمتوں کی طرح علم کی دولت بھی تقسیم فرماتے ہیں اور سبھی مخلوقات اسی قاسم العلوم کی دریوزہ گر ہے اگر کوئی شوریدہ سر اس مسلّمہ حقیقت کا انکار کرتا ہے تو یہ اُس کی اپنی محرومی ہے، ہمیں اُس سے کچھ غرض نہیں، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہر صورت اُستاد کُل ہیں اور آپ کے سوا تمام مخلوق کے لئے "جائے اُستاد خالی است" کا قول علی الاطلاق صادق ہے۔

آپ کے غلاموں کے علوم غرناطہ کی لائبریری سے یورپ کے ممالک میں پہنچے تو سائنسی کمالات کا ظہور شروع ہو گیا، آپ کے علوم اسرار کی تجلیات قلوب صالحین پر پڑیں تو جنیدؒ و شبلیؒ جیسے علمبرداران روحانیت کا سکہ جاری ہو گیا، آپؐ کے کلام بلاغت نظام کے اثرات رازیؒ و غزالیؒ پر پڑے تو یونانی اور غیر اسلامی فلسفے کی دھجیاں فلک بسیط پر اُڑنے لگیں، بہر نوع دُنیا کا کوئی علم ایسا نہیں جو تاجدار انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وساطت کے بغیر دُوسروں کی طرف منتقل ہوا ہو۔

صاحب فتوحات مکیہ الشیخ الاکبر محی الدین ابن عربیؒ بھی آپ ہی کے گلستان علم کے خوشہ چین ہیں، اُن کو علم انوار کے ساتھ ساتھ علم اسرار بھی عطا کیا گیا تھا یہ کتاب فتوحات مکیہ ان دونوں علوم کی جامع ہے، شیخ اکبرؒ کے کلام میں خاص طور پر جو چیز پائی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ اُنہیں جب مکاشفہ کے ذریعے کسی سربستہ راز سے آگہی حاصل ہوتی ہے تو وہ اُس کی دلیل علوم انوار یعنی علوم شرعیہ میں تلاش کرتے ہیں اور حتی الامکان اپنے مکاشفہ کو نصوص سے مدلل کر

لیتے ہیں بایں ہمہ اکثر مشاہدات و مکاشفات اُن علوم اسرار سے ہیں جن کا تعلق کتابوں سے نہیں دل سے ہے جو مادی سیاحی سے نہیں بلکہ رُوحانی سَیر سے تعلق رکھتے ہیں، اِن مکاشفات و مشاہدات کو بیان کرنے کے لئے اُنکے پاس یقیناً قوتِ بیانیہ بھی موجود ہے اور یہ بھی یقینی امر ہے کہ اُن کی عبارات سے بہت زیادہ پڑھے لکھے لوگ اُن کے مفہوم و مطالب تک رسائی حاصل کرلیں مگر یہ امر بھی مُسلّم ہے کہ اُن کیفیات کو الفاظ کا جامہ نہیں پہنایا جاسکتا جو محض ذوق و وجدان سے تعلق رکھتی ہیں اِس کا اعتراف خود شیخؒ نے بھی علم الاحوال اور علم الاسرار کی بحث میں کیا ہے، تاہم قاری پر کیفیتِ وجدان نہ سہی کیفیت تحریر کے اثرات بہر حال مرتب ہوتے ہیں۔

میں پُورے خُلوص و دیانت اور نہایت ایمانداری سے اِس امر کا معترف ہُوں کہ کم از کم میں اپنی اس علمی کم مائیگی اور بے بضاعتی کے سبب ہرگز ہرگز اس قابل نہ تھا کہ اِس مکاشفات رُوحانیہ اور منامات صادقہ پر مشتمل کتاب کا ترجمہ کرنے کی جسارت کرتا مگر اِسے تائید ایزدی کہہ لیں یا میری جسارت سمجھ لیں کہ میں نے اپنے برادرِ عزیز شیخ فضل کریم نقشبندی کے شب و روز کے اصرار پر اِس بحرِ ناپیدا کنار میں چھلانگ لگادی، میں نہیں جانتا کہ اِس جُراَت رندانہ کا انجام کیا ہوگا تاہم اِس قدر جان گیا ہُوں کہ اگر کوئی غیبی قوت میری راہنما نہ ہوتی تو اِس سمندر کی گہرائیوں میں دفن ہو چکا ہوتا اس کے ساتھ ہی مجھے پُوری دیانت سے اِس امر کا بھی اعتراف ہے کہ مجھ سے بعض مقامات پر لغزش قلم بھی واقع ہو گئی ہو گی اِس لئے کہ اِس امر کا احتمال آخر تک قائم رہا ہے اور ہمیشہ دل کو یہ دھڑکا رہا کہ اب بھُولا کہ بھُولا، اِس سے قبل میں دس سے زیادہ عربی کتابوں کو اُردو زبان میں ڈھال چکا ہُوں مگر یہ صُورت

کبھی سامنے نہیں آئی کہ بعض مقامات پر ترجمہ کی بجائے ترجمانی سے کام چلانا پڑا ہو، اندریں صورت اہلِ علم و فن حضرات سے درخواست ہے کہ اگر وہ اس ترجمہ میں کہیں لغزشِ قلم یا تساہل دیکھیں تو حرف گیری کرنے کی بجائے براہِ راست مجھے آگاہ فرما دیں بصورتِ دیگر چشم پوشی فرمالیں اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی پردہ پوشی فرمائے گا آمین! ثم آمین،

اِس اعترافِ عجز کے بعد قارئین کرام سے ملتمس ہوں کہ وہ دِل کی گہرائیوں سے میرے لئے دُعا فرمائیں کہ میں تصوف کے اِس بحرِ بیکنار سے مزید درِ نایاب آپ کو اُردو زبان کے جواہر پاروں کی صورت پیش کر سکوں اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ وہ اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقہ سے میری اِس محنت کو قبول و منظور فرما کر اِس ترجمہ کو میرے لئے توشۂ آخرت اور اہلِ ذوق حضرات کے لئے مفید اور کار آمد بنائے۔

آمین بحرمتِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

دُعا گو
صائم چشتی

تعارف

تصنیف و مُصنّف

از محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحٰق قریشی مدظلہ العالی انچارج شعبہ عربی گورنمنٹ کالج فیصل آباد

شیخ محی الدین ابوبکر محمد بن علی الطائی، الحاتمی الاندلسی، دُنیائے علم و ادب میں ابن عربی کی کنیت اور محافلِ صوفیاء میں الشیخ الاکبر کے لقب سے معروف ہیں، آپ ایک قابلِ فخر عالم اور لائقِ استفادہ صوفی ہیں جن کے خیالات و نظریات نے عُلماء اور صُوفیاء پر یکساں اثر کیا ہے اور جن کی تصنیفات ہر دور میں اور ہر مکتبۂ فکر کے ہاں قدر و منزلت کی نظر سے دیکھی گئی ہیں، شائد آپ عالمِ اسلام کی وہ واحد شخصیت ہیں جن کے خیالات موافق و مخالف ہر صاحبِ علم کی توجہ جذب کرتے رہے ہیں اور جن کے نظریات کی توضیح و تشریح پر ان گنت کتب تصنیف ہوئی ہیں۔

شیخ ابن عربی اندلسِ اسلامی کے ایک شہر مرسیہ میں سترہ رمضان المبارک ۵۶۰ھ/۲۸ جولائی ۱۱۶۵ء کو بروز پیر پیدا ہوئے۔ آپ مشہور عرب سخی، سردار اور شاعر حاتم الطائی کے بیٹے عبداللہ جو حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حقیقی بھائی تھے کی نسل میں ہونے کی وجہ سے کبھی الطائی اور کبھی الحاتمی نسبت سے یاد کئے جاتے رہے، عُمرِ عزیز کے آٹھ ابتدائی سال مرسیہ میں گزارے اور اپنے خاندان اور ہم عصر اساتذہ سے کسبِ فیض کی ابتداء کی ۵۶۸ھ میں آپ کا خاندان اندلس کے مشہور شہر اور علمی مرکز اشبیلیہ میں منتقل ہو گیا، اشبیلیہ علوم و فنون کا مخزن اور متعدد اساتذۂ فن کا وطن تھا، ہونہار

طلبہ اور محنتی متلاشیانِ علم کے لئے اشبیلیہ میں حصولِ علم کے بہتر مواقع تھے، شیخ اکبر کا بچپن انہیں علمی فضاؤں میں گزرا۔ آپ نے قرآن، حدیث اور فقہ کی تعلیم اور درسیات کی تحصیل کا حق ادا کیا اور جلد ہی مروجہ علوم و فنون میں نام پیدا کر لیا، اُندلس کی درسگاہوں میں ادبیات عربی پر توجہ زیادہ تھی، شیخ کی حساس طبیعت پر ادب کا رنگ نمایاں ہونے لگا، نظم و نثر میں ماہرانہ دسترس حاصل ہوئی تو اشبیلیہ کے حکمرانوں کے قریب ہونے کے مواقع بھی ملے اور کچھ عرصہ بطور کاتبِ دربار خدمات بھی انجام دیں مگر یہ مَنصب طبیعت اور مزاج کی عمومی روش کے مطابق نہ تھا اس لئے جلد ہی کنارہ کش ہو گئے، قدرت اپنا فیصلہ کر چکی تھی جس کے اثرات جلد نمایاں ہونے لگے، علم و ادب کی ہر شاخ پر اُن کی نظر تھی مگر نظر پھر بھی متلاشی ہی تھی اس لئے کہ متجسس طبیعت کسی صاحبِ نظر کی تلاش میں تھی، اصحابِ طریقت سے راہ و رسم بڑھنے لگی اور وقت کا جید عالم بتدریج تصوف کے دام میں اسیر ہوتا گیا، مقامی صوفیاء سے کسبِ فیض نے طبیعت کو اور مضطرب کر دیا، ایک بے قراری، خود فراموشی اور وارفتگی ہمہ وقت طاری رہنے لگی، نابغۂ عصر کی جولان گاہ کے لئے اُندلس کی سرزمین سمٹنے لگی تو اس تنگ نائے سے نکلنے کا ارادہ کر لیا اور بالآخر اشبیلیہ کو چھوڑ دیا، یہ صرف جغرافیائی حدود کی تبدیلی نہ تھی روحانی سفر کی ابتدا بھی تھی،

شیخ نے اڑتیس سال کی عمر میں یعنی ۹۸ ھ میں سفر کا آغاز کیا، اگرچہ بعض روایات کے مطابق وہ اس سے چند سال پیشتر تونس گئے تھے، سفر کے آغاز ہی میں مصر آئے اور وہاں کے عُلماء سے علمی، ادبی اور روحانی علوم و مشاہدات پر تبادلہ خیال کیا پھر مکہ مکرمہ تشریف لے گئے، یہ آپ کے سفر کا نقطۂ ارتقاء تھا، بیت اللہ کی ضیا پاشیوں نے قلب و نظر کو مستنیر کیا اور

یقین و اعتماد کی دولت عطا کی، مکہ مکرمہ کی پاکیزہ فضا اور روحانی ماحول نے فکر و نظر کے زاویے بدل ڈالے، وہاں آپ کی علمی و ادبی صلاحیتوں کو نئی جہت ملی روحانی قوتیں جلا پانے لگیں اور آپ اِن فضاؤں میں کھو گئے، اپنی خدا داد صلاحیت اور فطری تڑپ کے باعث وجود مہبطِ انوار بن گیا، ان تجلیات کا پہلا ظہور "الفتوحات المکیہ" کے ذریعے نمایاں ہونے لگا، آپ نے الفتوحات المکیہ کی ابتداء کی جو آپ کے ذہنی سفر اور علمی و روحانی عظمتوں کی امین ہے،

مکہ مکرمہ میں طویل قیام رہا، دو مرتبہ یعنی ۶۰۱ھ اور ۶۰۸ھ میں بغداد کا سفر بھی کیا، ۶۱۱ھ میں شیخ دوسری مرتبہ مکہ مکرمہ تشریف لائے۔ بلادِ شام کا سفر کیا، موصل اور حلب میں قیام رہا، دُنیائے اسلام کے تمام علمی مراکز دیکھے ہر شہر میں مجلسیں برپا ہوئیں، علماء اور اُن کی نگارشات سے آگاہی ہوئی، صوفیا اور اُن کے مشاہدات و مجاہدات کا بنظرِ غور مشاہدہ کیا، دِلِ زندہ ہر نقش محفوظ کرتا گیا اور آپ بالآخر تمام بلادِ اسلامیہ سے اخذ و استفادہ کرتے کرتے دمشق پہنچ گئے اور اس کو دائمی وطن بنا لیا، ۲۲ ربیع الآخر ۶۳۸ھ/۱۲۴۰ء کے جمعہ المبارک کی رات دمشق ہی میں آپ اپنے خالقِ حقیقی سے واصل ہوئے اور جبل قاسیون میں دفن کئے گئے،

شیخ ابن عربی علیہ الرحمۃ کثیر التصانیف بزرگ تھے، علم کی وسعت، تجرباتِ حیات کی کثرت اور ذہنی بالیدگی و متانت نے اُن کے قلم میں علمی وقار، ادبی اندازِ اظہار اور ابلاغ کی بے پناہ قوت پیدا کر دی تھی،

اُن کی تحریر میں بلا کی روانی بھی ہے اور معانی و مطالب کی حیران کُن جولانی بھی، تصوّف کے گداز نے اُن کے قلم کو شہبازِ فکر کا ہم رکاب کر دیا ہے، اُن کی تصنیفات و تالیفات کا ہر ہر حرف اُن کی عظمت کا شاہد اور اُن

کے مخصوص طرزِ تحریر کا غماز ہے، ہر کلمہ اور ہر جملہ بر ملا اعلان کرتا ہے کہ وُہ شیخ کے قلم کا موتی ہے، اُن کے اندازِ تحریر اور اسلوب نگارش نے اُن کو منفرد مقام عطا کر دیا ہے، اس عظمت و رفعت کے باوصف بعض اوقات یہ شکایت بھی سننے میں آتی ہے کہ شیخ کے کلام کی تفہیم میں دقت محسوس ہوتی ہے اور بسا اوقات اُن کے مفاہیم قاری کے ذہن پر نہیں اُترتے۔

یہ دبی دبی شکایت متقدمین نے بھی کی اور عصرِ حاضر کے ادباء نے بھی، یہ تسلیم کر لینے میں کوئی امر مانع نہیں کہ شیخ علم معرفت کے شناور اور عالم تصوف کے سیار ہیں، علم معرفت یا علم تصوف ایک ریاض چاہتا ہے، یہ علم سے زیادہ واردات ہے اور اس کا ایقان کتابوں کے مطالعے سے زیادہ مظاہر و اعیان کے مشاہدے سے ممکن ہے، ایک بینا انسان ایک کور در نظر والے کو حوالوں یا کتابوں سے ہی اپنا مشاہدہ بتا سکتا ہے، قوت متخیلہ کی صلاحیت ہی وُہ جوہر ہے جو ابلاغ کی راہیں واضح کرتا ہے، انسان عادۃً اپنی کوتاہیوں کو دُوسروں کے سر دے کر مطمئن ہونے میں عافیت پاتا ہے، شیخ اکبر کے خیالات تک رسائی میں بھی یہ مرحلہ درپیش ہے، قاری اپنے اندر کو بیدار کئے بغیر اور رُوحانی قوّتوں کو بروئے کار لائے بغیر ان خیالات کو اپنانے کی کوشش کرتا ہے، تو ناکام ہوتا ہے اور اپنی ناکامی کو اپنی ذات کی طرف راجع کرنے کے بجائے کلامِ شیخ کے سُقم تلاش کرنے لگتا ہے۔

مگر صورت حال یہی ہے کہ اس میں چشمۂ آفتاب کا کیا قصُور، کورنگاہی کا دسماں چاہئے۔

تصانیف : تصانیف کی تعداد کے بارے میں اختلاف ہے، مولانا جامی علیہ الرحمۃ نے یہ تعداد پانچ سو بتائی ہے جو حقائق و آثار کے حوالے

سے مبالغہ آمیز محسوس ہوتی ہے یا شاید اجزاء کو مکمل کتُب کے طور پر شمار کر لیا گیا ہے، علامہ الشّعرانی نے اپنی تصنیف الیواقیت والجواہر میں شیخ کی تصنیفات کی تعداد چار سو لکھی ہے، بر دکلمن نے تاریخ ادب عربی میں اڑھائی سو مطبوعہ یا غیر مطبوعہ کتب کا حوالہ دیا ہے، بر دکلمن شیخ علیہ الرحمۃ کے علم و فضل کا مداح ہے اور اُس نے اعتراف کیا ہے کہ تصنیفات کی کثرت کے ساتھ ساتھ شیخ کی تحریریں وفورِ عقل اور وُسعتِ خیال موجود ہے، محمد رجب حلمی نے شیخ اکبر کے مناقب میں ایک مستقل کتاب تحریر کی جس کا نام البرھان الازھر فی مناقب الشیخ الاکبر۔ ہے اس میں حلمی نے شیخ کی ۲۸۴ تصنیفات شمار کی ہیں، شیخ علیہ الرحمۃ نے اپنی وفات سے چھ سال قبل ۶۳۲ھ میں اپنی تصنیفات کو شمار کیا اور ۲۹۰ سے زیادہ کا ذکر کیا، ان شہادتوں کی بنیاد پر کہا جاسکتا ہے کہ آپ کی تصنیفات کی تعداد تین سو سے بہر حال زیادہ ہے کہ آخری چھ سال آپ نے تصنیف و تالیف ہی میں گزارے ہیں"

علمِ تصوف! شیخ اکبر علیہ الرحمۃ کی تصنیفات ہم عصر ادبی، علمی اور دینی موضوعات کا احاطہ کئے ہوئے ہیں لیکن جس موضوع پر شیخ کی گرفت سب سے زیادہ ہے اور جو آپ کی پہچان ہے وُہ علمِ تصوّف ہے، نثر ہو یا نظم شیخ کا سیال قلم تصوّف کے رموزِ غواض سے پردے ہٹاتا جاتا ہے اور ایسے ایسے علوم و معارف کی نشاندہی کرتا ہے جس کی صرف تفہیم ہی علم کا سرمایہ ہے شیخ نے اپنی ابتدائی زندگی ہی سے قلم تھام لیا تھا اور وقت کے ساتھ ساتھ اس پر آپ کی گرفت مضبُوط ہوتی گئی لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ عالمِ بالا کا یہ راہی جس قدر بلند تر ہوتا گیا قاری کے لئے مسائل اور دِقتیں پیدا ہوتی گئیں، "فصوص الحِکَم" جو آپ کے دورِ آخر کی یادگار ہے عُلماء و طلباء

نے لئے چیلنج ہے اور صدیوں سے ارباب بصیرت اس کی توضیحات میں مستغرق ہیں، پختہ فکر، کے رشحات قلم پختگی فکر کے طالب ہیں اور ہر کہ دمہ کو اس لاہوتی سفر کی قوت حاصل نہیں ہے۔

شیخ کا خواب! شیخ علیہ الرحمۃ کی تمام تصنیفات لائق مطالعہ ہیں لیکن ان میں فصوص الحکم، الفتوحات المکیہ، مفاتیح الغیب، شجرۃ الکون، محافرۃ الابرار و مسامرۃ الاخیار، مواقع النجوم اور دیوان شعر کو بہت پذیرائی حاصل ہوئی ہے، کہتے ہیں کہ ۶۲۷ھ کو شیخ علیہ الرحمۃ نے ایک خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی، آپ کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی، شیخ علیہ الرحمۃ کے استفسار پر آپ نے اُس کا نام فصوص الحکم بتایا، آپؐ نے یہ کتاب شیخ ابن عربی کو دی اور فرمایا اسے لوگوں تک پہنچا دو، یہ ایک اشارہ تھا جس کی تعمیل میں شیخ نے فصوص الحکم تحریر کی، خواب، شیخ کی زندگی میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں اور آپ نے اپنی تالیفات میں متعدد مقامات پر خوابوں کا ذکر کیا ہے، علامہ المقری نے نفح الطیب میں لکھا ہے کہ،، ومن تالیفہ مجموع فمنہ منامات رای فیھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم وما سمع منہ ومنامات قد حدث بھا عمن راہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ یعنی آپ کی تالیفات میں ایک کتاب ایسی بھی ہے جس میں آپ نے اُن خوابوں کا ذکر کیا ہے جن میں آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا وہ اور جو اُن سے سُنا درج کیا ہے اور ایسی خوابیں بھی درج کی ہیں جن میں اُن اصحاب کا ذکر ہے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا،،

الفتوحات المکیہ۔ شیخ اکبر کی وہ ضخیم تصنیف ہے جو بڑے سائز کی ۸ جلدوں پر محیط ہے، اس کتاب کی تصنیف شیخ کی مکہ مکرمہ آمد کے ساتھ ہی شروع ہو

گئی تھی ۹۸ھ میں فتوحات کی ابتداء ہوئی اور سفر و حضر میں جاری رہی تیس سال کے طویل عرصے میں جب کہ شیخ نے عالم اسلام کے ہر اہم تعلیمی و تہذیبی مرکز کی سیاحت کر لی تھی اور ہر قابل ذکر عالم و صوفی سے استفادہ کیا تھا یہ کتاب مکمل ہوئی، ۶۲۹ھ اور بعض کے خیال کے مطابق ۶۳۵ھ تک کتاب کی تکمیل ہوئی، بعض عارفان حال کا بیان ہے کہ آپ اس تمام عرصے میں ہر روز تین ورق لکھا کرتے تھے اور یہ معمول سفر و حضر میں ترک نہ ہوتا تھا، الفتوحات المکیہ شیخ کے نظریات کی حامل کتاب ہے جس میں علمی فوائد اور دینی مباحث کو اچھوتے مگر دلپذیر انداز سے پیش کیا گیا ہے، پوری کتاب پر متصوفانہ نظریات کی چادر تنی ہوئی ہے، علم تصوف کے بنیادی حقائق اور ضروری مباحث پر شرح و بسط کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔

شیخ اپنی علمی جلالت اور روحانی عظمت کے تمام مظاہر کے ساتھ کتاب میں جلوہ گر ہیں بسا اوقات اشہب قلم محو پرواز ہو جاتا ہے، اور ذہنی حوالہ معدوم ہونے لگتا ہے۔ شیخ کی ذاتی صلاحیت کے حوالے سے یہ زمینی سفر ہو یا آسمانی پرواز اُن کی رفتار میں کہیں کمی نہیں آتی مگر قاری جو زمین کا باسی اور جہات و مظاہر کا اسیر ہے اِن تعینات کے پردوں سے ورے جھانکنے کی کم ہمت پاتا ہے اس لئے لغزش قدم کا خطرہ اُسے ہراساں کر دیتا ہے، یہی وہ مقامات ہیں جہاں عقل و شعور کی بھرپور قوت اور روحانی بالیدگی کا مستقل ساتھ چاہیئے انہیں مقامات کی وجہ سے بعض قاری دل برداشتہ بھی ہو جاتے ہیں اور کبھی کبھی بھٹکنے کا خطرہ بھی لاحق ہوتا ہے اس لئے مطالعے میں احتیاط چاہیئے اور توفیق کی دعا بھی، شیخ جب اپنے روحانی سفر میں مادیت کے خول سے نکلتے ہیں تو لفظ معانی کا احاطہ کرنے میں ناکام رہتے ہیں، حرف و صوت کی

دنیا سے بے تصوریت کی فضائے لاہوت میں یہ شناختی استعارے بے کار ہو جاتے ہیں، یہ مشاہدات کی دنیا ہے، یہ واردات کا ہنگام ہے اس لئے قاری تفہیم مطالب میں حرفی حوالوں سے تسکین نہیں پاتا، یہ تحریر کا الجھاؤ نہیں لفظوں کی بے بسی ہے اور قاری کو ایسی ژولیدگی کے لئے پہلے سے تیار ہونا چاہیئے مگر بعض کوتاہ بین اپنی کوتاہیوں کو شیخ کی تحریر کے سقم کی شکل میں دیکھنے کے عادی ہیں اور چاہتے ہیں کہ مادہ گزیدگی کے باوجود مشاہداتِ ازلیہ اُن کے حیطۂ نظر میں سما جائیں۔ یہی وُہ بُعد ہے جو بعض قاری شیخ کے کلام میں محسوس کرتے ہیں حالانکہ شیخ کے اسلوبِ نگارش کی ائمہ فن نے جی بھر کر تعریف کی ہے ابن مسدی کہتے ہیں " انہ کان جمیل الجملۃ والتفصیل، محصلاً لفنون العلم اخص تحصیل وله فی الأدب الشاء الذی لایلحق والتقدم الذی لایسبق"

(نفح الطیب الجزالثانی ص ۳۶۳)

کہ مجموعی طور پر با تفصیل میں وُہ صاحب جمال ہیں علم کے تمام فنون میں مہارت خاصہ رکھتے ہیں، ادب میں وُہ بلند مقام ہے کہ کوئی وہاں تک نہیں جا سکتا اور ایسی سبقت اُنہیں حاصل ہے جس کے آگے نہیں جایا جا سکتا، امام ذہبی اُنہیں قائلین وحدۃ الوجود کا سالار کہتے ہیں، وحدۃ الوجود کا تصوّر اپنے اندر جو قوت استدلال رکھتا ہے شیخ اُس سے بخوبی آگاہ ہیں بلکہ یہ کہا جائے کہ اس تصوّر کو وقار آپ کی ذات سے ملا ہے تو مبالغہ نہ ہوگا۔

دلدادگانِ فتوحات! "الفتوحات المکیہ" کی تصنیف نے دمشق میں ایک ہنگام بپا کر دیا، اہلِ علم کھنچے چلے آئے، اربابِ اقتدار نے نوازشوں کی بارش کر دی، اصحاب دولت نذرانے لئے حاضر ہوئے، فتوحات نے ہر دل کو مسخر کر لیا اور شیخ کا گھر مال و دولت کی کثرت سے خزانہ شاہی سے چشمک کرنے لگا

علامہ المقری کا بیان ہے کہ گورنر حمص اس تالیف کے دَوران میں ہر روز سو درہم نذر کرتا رہا اور ابن الزکی ہر روز تیس (۳۰) درہم حاضر کرتا رہا لیکن ” فما ادّخر منہا شیئا“ ان میں سے آپ نے کچھ ذخیرہ نہ کیا بلکہ ”فکان یتصدق بالجمیع“ سب کا سب صدقہ کر دیا، صاحب فتوحات مکیہ کو بھلا اس دولتِ دنیا کی کیا حرص ہو سکتی تھی، صاحبِ اسرار و انوار مائلِ درہم و دینار نہیں ہوتا۔

ابواب و فصُول الفتوحات المکیہ پانچ سو ساٹھ ابواب پر مشتمل کتاب ہے جس کو چھ فصلوں میں منقسم کیا گیا ہے تاکہ موضوعات کی ترتیب میں منطقی اور استدلالی پیش رفت قائم رہے فصل اوّل علمِ تصوف کے بنیادی مباحث یعنی معارف کو محیط ہے اس میں روح کی ماہیت کے بیان سے ھبُوطِ روح کی منازل اور اجساد کی تخلیق و تشکیل کے بارے میں نہایت قابلِ قدر فکر انگیز معلومات مہیا کی گئی ہیں، یہ فصل درحقیقت کائنات و ربِ کائنات کے بارے میں اُن اسرار و غوائض کے بیان کے لئے وقف ہے جن سے مخلوق و خالق کے رابطوں کا ادراک اور ان کی عظمت کا احساس اُبھرتا ہے۔

فصل ثانی اعمالِ باطنہ اور انسانی قلب و نظر پر اُن کے اثرات کی اہمیت کے بیان کے لئے مخصُوص ہے، خصائص حسنہ اور شمائل ذات کے ہر پہلو کو اس میں شامل کیا گیا ہے، اس طرح یہ فصل جوہرِ انسانیت کے لئے دستور العمل بن گئی ہے۔

فصل ثالث میں احوال کا بیان ہے، اس میں ذات کے احوال اور اُن پر مرتّب ہونے والے اثرات کا تذکرہ ہے۔

فصل رابع میں منازلِ حقیقت پر بحث ہے، یہ دراصل حقائقِ ذات کے مختلف مظاہر ہیں جن میں حقیقۃ الحقائق جاری و ساری ہے، فصل خامس

میں منازلات کی وضاحت ہے، یہ احوالِ ذات کے مقامات ہیں جہاں اُوصاف صُورتِ ظاہرہ میں مُشکل ہوتے ہیں، آخری فصل میں مقامات کا تذکرہ ہے، سالک راہ حقیقت کے مقامات اُس کی صلاحیت کے حوالے سے متُعین ہوتے ہیں اور آخر وہ اُس بلند ترین مقام محسوس کرنے لگتا ہے جو مقام محمّدی ہے جو مطلوب و مقصودِ کائنات ہے۔

فصُول کی ترتیب میں نزولی نُقطۂ نظر کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ حقیقتِ مُطلقہ جو ماورائے فہم و ادراک اور وجدان ہے، کی مظہریت کس طرح قدم قدم وجود کے قریب آتی جاتی ہے اور پھر کیسے وجُود ممکن، ان واجب حقیقتوں کے واسطے سے بلند تر ہو کر ارفع ترین مقام حاصل کر لیتا ہے، الفتوحات المکیہ کے معارف انسان کے ہر پہلو کو محیط ہیں، مادی وجُود، لاہوتی مظہر اور حقائقِ اشیاء کی معرفت اور اس کے ہر مُمکن تعیّن کی معرفت ایک مُشکل مرحلہ تھا شیخ ان معارف، منازل اور مقامات سے بالفعل مُستنیر ہو کر اپنے تجربات کو شواہد و حقائق کی زبان میں بیان کرتے جاتے ہیں، مسائل دقیق بھی ہیں اور ان کی معرفت ذاتی حوالے بھی چاہتی ہے اس لئے ان کے مطالعہ میں عام قاری دِقّت محسُوس کرتا ہے، شیخ چونکہ عالمِ بالا کے راہی ہیں اُن کی نظر فلسفیانہ مباحث اور مادی عوائق پہ بھی ہے اور سب سے بڑی بات کہ اُن کا مطمعِ نظر کسی جدلیاتی بحث میں اُلجھنا یا فلسفۂ الٰہیات کے مدارج کا شمار نہیں ہے۔
اُن کا طریق اخذ نظریاتی نہیں وارداتی ہے، ذاتی تجربات اور مشاہدات نے اُن کی نظر کو صیقل کر دیا ہے اس لئے اُن کا طریقِ فکر فلسفیانہ نہیں متصوفانہ ہے، اُن کی رُوحانی پرواز میں اُن کی ذات کی جھلک نمایاں ہے اسلئے معرفت کا بیان ہو یا منازل اُن کی توجہ [illegible] ہے، قاری ایسے اعتماد سے عاری

ہے اِس لئے لغزشِ قدم کا خطرہ اور اس بے یقینی سے عدم تفہیم کا گلہ پیدا ہونا بدیہی ہے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ شیخ کی کتب کے مطالعہ کے لیئے سالہا سال کی ذہنی تیاری درکار ہے، مبتدیوں کے لئے اس میں خطرہ بھی ہے اور بدظنی پیدا ہونے کا امکان بھی کہ یہ منتہی اصحاب کے مطالعے کی چیز ہے، شیخ علیہ الرحمۃ اپنے سفرِ رُوحانی میں طائرِ لاہُوت کی طرح سرگرمِ پرواز ہیں اور بعض اوقات وُہ اِس پرواز میں اس قدر دُور نکل جاتے ہیں کہ مادیّت گزیدہ ذہن اُسے نقطۂ موہُوم سمجھنے لگتا ہے، یہ کوتاہ بینی ہے اس سے طائرِ ملکُوت کی پرواز تو مُتاَثر نہیں ہوتی۔"

کم نظری الزامات کو جنم دیتی ہے

کم نظری قاری کی وُسعتِ نظر کا نقص ہے مگر انسانی فطرت ہے کہ وُہ جہاں تک جاننے سے قاصر ہوتا ہے، اُس پر تشکیک کے تیر پھینکنے لگتا ہے اور اپنی کوتاہیوں کی پردہ پوشی کے لئے بھیانک الزامات بھی تراشتا ہے۔

شیخ کے بعض قارئین کا اندازِ تحکیم بھی ایسا ہی ہے، مقامِ شیخ کی رفعت سے ناآشنا لوگ شیخ کے عقائد و تصورات میں خودساختہ اُلجھنیں تلاش کرنے لگے، کبھی اُن کے فلسفہ وحدۃ الوجود کی آڑ میں اُن کے عقائد کو باطل قرار دیا گیا، تو کبھی موجودات کے تعین میں بے راہ روی کا طعنہ دیا گیا، کبھی ذاتِ الٰہی پر ایمان میں شیخ کو مضطرب بتایا گیا تو کبھی مقامِ رسالت کے اِدراک میں کوتاہ نظری یا بے باکی کا الزام لگایا گیا۔ حملہ کرنے والے وہ بھی تھے جو اُن کے

ارفع خیالات تک بلند نہ ہو سکتے تھے اور وُہ بھی جو اپنی علمی بے بضاعتی کا کفارہ ادا کر رہے تھے، اس بات سے انکار نہیں کہ راہِ سلوک میں مشاہدات کا تفاوت عین ممکن ہے اور مُسافر کی ذاتی صلاحیت کو بھی اِس میں دخل حاصل ہے، اِس لئے اختلاف فطری ہے ایسا ہونا چاہیئے تھا اور ہُوا۔

بعض ہم منصب بزرگوں نے کئی مقامات میں رائے کے اختلاف کا حق استعمال کیا ہے، مگر یہ علمی مناقشت کے علاوہ روحانی پیش رفت کا تفاوت تھا۔

مگر حیرت اُن ساکن وجُودوں پر ہے جو زمین اور زمینی حوالوں سے بلند نہ ہو سکے جب کہ صاحبِ اسرار اور بلند بام سیّار شش جہات پر حرف گیری کرتے رہے۔"

شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام الزامات سے ماورئ ہیں اور اُن کے فکر سے آشنا متعدد اصحاب نے اُن کے دفاع کا حق بھی ادا کیا ہے۔

متشرقین کی مادی نگاہیں

الفتوحات المکیہ کو متشرقین کی مادی نگاہوں نے بھی اپنے مخصوص ماحول کے حوالے سے جانچنے کی کوشش کی ہے چنانچہ دائرہ معارفِ اسلامیہ (انگریزی) کا مقالہ نگار اسے Allegory قرار دیتے ہوئے اسے انسان کے بہشت تک سفر کی داستان بتاتا ہے اس لئے دانتے (DANTE) کی الہامی طربیہ (Divine Comedy) پر اس کی گہری چھاپ کا تذکرہ کرتا ہے، یہ فتوحات کی تدریس وتعلیم کا مادی حوالہ ہے اور مغربی ذہن اسی حوالے کو معتبر گردانتا ہے،

حالانکہ شیخ کی سیرِ روحانی تمثیلاتی نہیں، یہ شیخؒ کے وجدان کا سفر ہے جس میں اُن کی باطنی قوتیں سر بسر ہم رکاب ہیں، فتوحات کا ورق ورق شہادت دے رہا ہے کہ شیخ نے یہ سفر قرآن و حدیث کے سایوں میں کیا ہے اور کہیں بھی "انا" یا خود نگری حدود سے متجاوز نہیں "الکلمۃ" کے مفاہیم اور مراد میں اُن کا فکر قرآن کی تعلیمات کا محتاج ہے اور کہیں بھی غلط استنباط نے "واجب الوجود" کے حضور غلط روش اختیار نہیں "انسان کامل" کا تصور بھی متعدد مُفکّرین کے ہاں مبہم ہے، شیخ اکبر کا انسان کامل فوق البشر ہرگز نہیں ہاں آپ اُسے حقیقۃ الحقائق" یا "الحقیقۃ المحمدیہ" ضرور قرار دیتے ہیں اس طرح یہ فوق البشر کے بجائے خیر البشر کا روپ دھار لیتا ہے"

یہ ترجمہ اور ترجمہ نگار

"الفتوحات المکیہ" ان امتیازی اوصاف کی بنا پر ہر دور میں عُلماء و صُوفیاء کی توجہ کا مرکز رہی ہے۔ درسگاہوں اور روحانی تربیت گاہوں میں اس کی باقاعدہ تدریس ہوتی رہی ہے، بّرِ صغیر کے قارئین بھی اسکی لطافتوں سے آشنا ہیں لیکن وہ طبقہ جو عربی زبان سے کما حقہٗ واقف نہ تھا احساسِ محرومی کا شکار رہا، چاہت کے باوجود اور محبت کے بے پناہ جذبات کے

باوصف زبان کی غرابت سدِ راہ رہی، ضرورت تھی کہ اس عظیم علمی و روحانی سرمائے کو اردو داں اصحاب کے لئے پیش کیا جائے، بحمد اللہ یہ سعادت ہمارے دوست اور کرم فرما جناب صائم چشتی کو حاصل ہوئی، فتوحات کا ترجمہ ایک بہت بڑی جرأت ہے اس کے لئے ایسے انسان کی ضرورت تھی جو علم وادب کی وادیوں کا راہی اور تصوف و دین کے نشیب و فراز سے آگاہ ہو، صائم چشتی پنجابی زبان کے نمائندہ شاعر ہیں، اردو نظم و نثر میں اُن کا قلم بے تکان کئی مشکل مراحل سے گذر چکا ہے، چشتی نسبت سے اور ذاتی میلان کی وجہ سے اُن میں تصوف کے رموز و اوقاف کے سمجھنے کی صلاحیت ہے انہوں نے نظم و نثر میں متعدد کتابیں تالیف کی ہیں جن میں فنی مسائل سے علمی وادبی نگارشات تک سب شامل ہیں، فقہ، تاریخ، سیر میں اُن کے قلم سے کئی الجھے ہوئے مسائل پر ضخیم کتب تحریر ہوئی ہیں، عمر بھر کے تجربے اور گداز کے بعد انہوں نے یہ بیڑا اٹھایا ہے کہ شیخ اکبر کی نمائندہ کتاب الفتوحات المکیہ کو اُردو قالب میں ڈھال دیا جائے، پہلے ایک سو کے قریب صفحات پر مشتمل پہلی جلد زیورِ طبع سے آراستہ ہو رہی ہے، صائم چشتی کا ترجمہ رواں دواں ہے، الفاظ کے انتخاب میں نہائت احتیاط سے کام لیا گیا ہے تاکہ مفہوم واضح بھی ہو اور متن سے قرب کا احساس بھی رہے، صائم چشتی کا یہ ترجمہ قاری کی کس حد تک راہنمائی کرتا ہے اور اردو داں طبقہ اُن کی اس کاوش سے شیخ اکبر کے خیالات کو اخذ کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوتا ہے یہ تو قارئین کا حق ہے کہ اس پر رائے دیں، میں نے جستہ جستہ ترجمے کا مطالعہ کیا ہے اور مجھے اس احساس کے باوجود کہ میں اس میدان میں مبتدی ہوں تفہیم مطالب میں زیادہ دقت محسوس نہیں ہوئی متن کی

علمی وجاہت اور فنی رفعت بار بار احساسِ ندامت کو ابھارتی ہے مگر اپنی کوتاہ فہمی کا الزام ترجمے کو نہیں دیا جاسکتا، کتاب کے متن میں اصطلاحاتِ تصوف کی کثرت ہے جس کے مکمل ترجمے کی اُردو متحمل نہیں ہوسکتی اس لئے چند مترادفات کے سوا اصطلاحات ترجمے میں بھی باقی ہیں، بہتر ہوگا کہ آخر پر مُصطلحات پر وضاحتی نوٹ شامل کر دیئے جائیں تاکہ قاری کو مطالب تک پہنچنے میں سہولت ہو، الفتوحات المکیہ ضخیم کتاب ہے جس کے مختصر حصے کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے دِلی خواہش ہے کہ پُوری کتاب اُردو ترجمے کے ساتھ شائع ہوتا کہ اس سے استفادہ کے در کھل جائیں۔

شیخ اکبر کے نظریات وعقائد پر بعض حلقوں کی طرف سے اعتراضات کئے جاتے رہے ہیں، بہتر ہوگا کہ ان گذارشات کے آخر پر اُن کے نظریات پر مشتمل چند اقتباسات نذرِ قارئین کر دیئے جائیں اس سے بعض شکوک کا ازالہ بھی ہوگا اور ترجمے کے انداز اور مترجم کی محنت کا اندازہ بھی ہوسکے گا۔

ترجمے میں سے چند اقتباس

ذاتِ باری تعالےٰ کے بارے میں شیخ اکبر کے نظریات کی ایک جھلک ملاحظہ ہو،

اللہ تبارک وتعالیٰ واحد معبود ہے، الُوہیت میں اُسکا کوئی ثانی نہیں، وہ بیوی اور اولاد سے مُنزہ اور پاک ہے،

وہ بذاتہٖ موجُود ہے اور اُس کا وجود مُوجد کی طرف احتیاج کے بغیر ہے، اُس کے لئے نہ زمان کی حد قائم کی جاسکتی ہے اور نہ انتقالِ مکانی کی بلکہ وُہ تھا اور مکان نہ تھا، وُہ اوّل وآخر اور ظاہر وباطن ہے اور وہ ہر چیز

پر قادر ہے،

وُہ ہمیشہ سے تمام اشیاء کا علم رکھتا ہے اور نئی چیز کو پیدا کرتے وقت اُس کے لئے اُس چیز کا علم نیا نہیں"۔

اللہ سبحانہ تعالیٰ ہمیشہ سے اپنے ارادے کی صفت سے موصوف ہے اور عدم و غیر موجود کو جانتا ہے۔

وُہ کسی کو نعمتوں کے ساتھ نوازتا ہے تو یہ اُس کا فضل ہے، اگر وُہ کسی پر عذاب کرتا ہے تو یہ اُس کا عدل ہے

اُس کے فضل میں عدل اور اُس کے عدل میں فضل حکم نہیں کرتا،

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بارے میں شیخ علیہ الرحمۃ کے نظریات:

"جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کے وجود سے چنا اور پسند کیا اور برگزیدہ فرمایا وہ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں اللہ تبارک و تعالےٰ نے اُنہیں تمام لوگوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا۔ چنانچہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کچھ بھی لائے اُس پر ایمان رکھتا ہوں، آپ جس چیز کے ساتھ آئے اُس میں سے جسے میں جانتا ہوں اُس پر ایمان رکھتا ہوں اور جسے نہیں جانتا اُسے بھی تسلیم کرتا ہوں"۔

چند دیگر معتقدات:

اقرار کرتا ہوں کہ قبر میں حساب کتاب پوچھا جائے گا اور یہ حق ہے،

عذابِ قبر اور قبروں سے جسموں کا اُٹھایا جانا حق ہے"۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف لوٹنا اور حوضِ کوثر حق ہے"۔

میزان اور اعمال ناموں کا ملنا اور پُل صراط حق ہے"۔

جنت و دوزخ حق ہے، ایک فریق کا جنت میں اور ایک فریق کا دوزخ میں جانا حق ہے"

ملائکہ و انبیاء کرام اور مومنین کی شفاعت حق ہے"

کبیرہ گناہ کرنے والے مومنوں کا جہنم میں داخل ہونا اور پھر انہیں شفاعت و احسان کے ہاتھ اُس سے نکالا جانا حق ہے"

واجب اور ممکن کا ارتباط،

اللہ تبارک و تعالےٰ کا عالم کے ساتھ ربط واجب کے ساتھ ممکن کا اور صانع کے ساتھ مصنوع کا ارتباط ہے، تو عالم کے لئے یہ مرتبہ ازل سے نہیں یقیناً یہ مرتبہ ذات کے لئے واجب ہے اور وہ ذات اللہ تبارک و تعالےٰ ہے اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں خواہ عالم موجود ہو خواہ معدوم،

قرآن مجید کے بارے میں عقیدہ و رویّہ

اگر تو وسیع نفس رکھتا ہے تو قرآنِ عزیز کے سمندر میں غوطہ زنی کر اور اگر تو نے اس کے ظاہر کے لئے مفسرین کی کتابوں کے مطالعہ پر ہی اکتفاء کر لیا اور غوطہ نہ لگایا تو ہلاک ہو جائے گا، پس یقیناً قرآن مجید کا سمندر عمیق ہے، اگر ساحل کے قریبی مقامات کو مقصد بنا کر اِس سمندر میں غوطہ زنی نہیں کی جائے گی تو تمہارے لئے کبھی کچھ نہیں نکلے گا ، پس انبیائے کرام اور وراثتِ حفظ وہ لوگ ہیں جو عالم کے ساتھ ان مقاماتِ رحمت کا قصد رکھتے ہیں، ہاں وہ لوگ واقف ہیں اور پہنچ کر خاموش ہو جاتے ہیں اور واپس نہیں لوٹتے نہ ان کے ہاتھ کوئی نفع ہے اور نہ ہی وہ کوئی نفع حاصل کرتے ہیں، پس قصد کرتے ہیں بلکہ سمندر کے بڑے حصے میں اترنے کا قصد اُن کے ساتھ ہے تو وہ ابد تک غوطہ زن رہتے

ہیں اور کبھی نہیں نکلتے۔

ان چند اقتباسات سے شیخ اکبر کے خیالات کی پختگی اور نظریات کی حقانیت واضح ہے اور ادائے مطلب کے لئے ترجمے کی پختگی بھی نمایاں ہے۔ علم معرفت کا ہر متلاشی اور عقائد و نظریات کی راستی کا ہر متمنی شیخ علیہ الرحمۃ کی "الفتوحات المکیہ" کے ترجمے سے سکون پائے گا اور خواہش رکھے گا کہ یہ سلسلہ حسن و خوبی انجام کو پہنچے میں ان تمہیدی گذارشات کیساتھ جناب صائم چشتی کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک دیرینہ ضرورت کے ازالے کی سعی کی ہے۔ دعاگو ہوں کہ آپ اس میں یوں کامیاب ہوں کہ تکمیل کا حق بھی ادا ہو اور ترجمے کا بھی۔

اللہ تعالیٰ ان علمی آثار سے استفادہ کا شوق اور ہمت عطا فرمائے، آمین

مورخہ ۹۔ نومبر ۱۹۸۶ء

پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
گورنمنٹ کالج فیصل آباد

خطبہ

تمام تعریفیں اُس اللہ تعالیٰ کے لئے جو اشیاء کو وجود میں لایا اور اُسے معدوم کر دیا اور اِن اشیاء کا وُجود اپنے کلمات کی توجہ پر منحصر کر دیا، تاکہ اِس کے ساتھ ان اشیاء کے حُدوث و قدم کا راز اُس کے قِدم کے باعث ثابت ہو جائے اور ہم اُس کی سکھائی ہُوئی تحقیق کو پیشِ نظر رکھتے ہُوئے اُس کے قِدم کی صداقت پر وقُوف حاصِل کریں۔

پس اللہ سُبحانہ، تعالیٰ نے ظہُور فرمایا اور خود ظاہر ہو کر دوسروں کو ظاہر فرمایا، اور وُہ پوشیدہ نہیں اگر پوشیدہ ہُوا تو دُوسروں کو بھی چھپا دیا،

اسم اول نے عبد کی ذات کے وجُود کا اثبات کیا اور وُہ ثابت ہو گیا اور اُس کے لئے اِسم آخر نے فناء و فقدان کی تقدیر کا اثبات کر دیا اور یہ اِس سے پہلے ثابت تھا،

اگر عصر و معاصر اور جاہل و عالم نہ ہوتے تو کسی کو بھی اُس کے اوّل و آخر اور ظاہر و باطن کے معنی کا علم نہ ہوتا،

اگرچہ اُس کے اسمائے حسنیٰ اِس روشن طریق پر ہیں لیکن اِن کے درمیان منازل میں مباینت ہے، اور یہ بات اُس وقت ظاہر ہو گی جب کہ حلُولِ نوازل کے وسائل اختیار کئے جائیں،

پس کوئی عبد الحلیم عبد الکریم نہیں اور نہ ہی کوئی عبد الغفور عبد الشکور ہے، ہر عبد کا ایک اسم ہے اور وُہ اُس کا رب ہے، اور وُہ خود اُس اِسم کا

وجود اور قلب ہے،

وہی سُبحانہ تعالیٰ علیم ہے جس نے بذاتِ خود جانا اور دُوسروں کو سکھایا،
جو بذاتِ خود حاکم ہے اُس نے خود حُکم دیا اور حاکم بنایا، وُہ جو غالب ہُوا اور دُوسروں
کو غالب کیا.

وُہ قادر ہے اُس نے مقدر کیا اور کسب کو تقدیر نہ کیا.

وُہ باقی ہے اور اُس کے ساتھ بقاء کی صفت قائم نہیں

وُہ مشاہدہ کے وقت آمنے سامنے ہونے سے پاک ہے، بلکہ
عبد اِس مقدس ترین مقام پر مُنزّہ ہو جاتا ہے اور ایسا کبھی نہیں ہوتا
کہ اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ کو اِس عظیم موقع پر تشبیہ لاحق ہو جاتی ہو،

حضُوری کے اِس مقام پر عبد سے جہات زائل ہو جاتی ہیں
اور اس پر نظر قائم ہونے سے اِلتفات معدوم ہو جاتا ہے،

میں اُس ذاتِ حمید کی اِس حیثیت سے حمد بیان کرتا ہوں کہ
اللہ تعالیٰ سُبحانہ اپنی صِفات میں بلند تر ہے اور بلند فرماتا ہے"

اور وُہ اپنی ذات میں بہت ہی جلیل القدر اور عظیم تر ہے اور
عظمت عطا فرماتا ہے کیونکہ اُس کے سامنے عزت و عظمت کا پردہ
کھنچا ہُوا ہے، اور اُس کی ذات کی معرفت سے واقفیت حاصل کرنے
کا دروازہ پُورے طور پر بند ہے"

اگر وُہ اپنے بندے سے خطاب فرمائے تو وُہی سُننے اور سنانے
والا ہے اب اگر بندہ اُس کے حُکم کی تعمیل کرے تو وُہی مطیع و مطاع
ہے جب مجھے اِس حقیقت نے متحیّر کر دیا تو حکم طریقہ کیمطابق خلیفہ یعنی
انسان کے لئے یہ شعر پڑھے"

الرب حق والعبد حق　　یالیت شعری من المکلف
ان قلت عبد فذاك میت　　او قلت رب أنى یکلف

یعنی رب حق ہے اور بندہ حق ہے کاش مجھے معلوم ہوتا کہ مکلّف کون ہے،،
اگر تو کہے عبد تو وُہ مرنے والا ہے، اگر کہے او رب تو وُہ کیسے مکلّف ہو سکتا ہے۔

پس وُہ مقدّس ذات جب چاہے مخلوق سے اپنی اطاعت کرواتا ہے اور شعبن وجوبِ حق میں اُس کی ذات انصاف کرتی ہے، یہ محض خالی اشباح ہیں جو اپنی چھتوں پر گرے پڑے ہیں،

خَاوِیَۃٌ عَلیٰ عُرُوشِہَا[1]

اور پہاڑوں کی بازگشت میں ہمارا راز موجود ہے جس کی طرف ہم نے اُس شخص کے لئے اشارا کیا ہے جو ہدایت حاصل کرنا چاہتا ہے اور اُس شخص کی طرح شکر کرتا ہے، جیسے یہ ثابت ہے کہ مکلّف بنانے سے معبود کا نام ظاہر ہوتا ہے اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ کے حقیقی وجود کے باعث جُود ظاہر ہے۔
پس اگر تو جنت کو اعمال کی جزاء سمجھتا ہے تو وُہ جُود و کرم کہاں گیا جسے تو جانتا ہے؟

---

[1] الکہف آیت ۴۲

یہ بات تجھے معلوم ہے کہ تو اپنی ذات کے لئے موہوب ہے اور اپنے اصلِ نفس کی وجہ علم سے محجوب ہے، بایں ہمہ اگر تو اُس جزاء کا طالب ہے جو تیرے لئے نہیں تو تُو اپنے عمل کو کیسے دیکھ سکتا ہے،
پس تو اشیاء اور اُس کے خالق کو ترک کر، مرزوقات اور اُس کے رازق کو چھوڑ دے اب وُہ حق تعالیٰ بخشش فرمانے والا ہے جسے ملال نہیں آتا وُہ بلند و برتر بادشاہ اور اپنے بندوں کے لئے لطیف و خبیر ہے"

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

اُس کی مثل کوئی چیز نہیں اور وُہ سمیع و بصیر ہے"

درود و سلام ہو اُس ذات پر جو عالم کا راز اور اس کی تخلیق کا نقطہ ہے"

جو غایت و مقصودِ کائنات اور سیّدِ صادق ہے،

وُہ ذاتِ اقدس جن کے لئے ساتوں راستے کھل جاتے ہیں اور ذاتِ خداوندی انہیں رات کی سیر کراتی ہے تاکہ اُنہیں اُس کی تخلیق کی آیات و اسرار معلوم ہو جائیں"

وُہ جنہیں میں نے بھی حقائقِ امثال کے عالم میں یہ خطبہ ارشاد فرماتے وقت دیکھا"

میرا یہ مشاہدہ بارگاہِ خداوندی میں اور اُس کے غیب کی حضوری میں مکاشفۂ قلبی تھا جب میں نے اُس عالم میں حضورِ رسالتماب صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم کا مشاہدہ کیا تو آپ معصوم المقاصد، محفوظ المشاہد، نصرت دیئے گئے اور تائید کئے گئے سردار تھے، اور آپ کے سامنے تمام رسول اور چُنے ہوئے لوگ موجود تھے "

آپ کی خیر الامم اُمت آپ کی طرف متوجہ تھی اور ملائکہ تسخیر آپ کے عرش مقام کے اِرد گرد حلقہ بنائے کھڑے تھے، اور وُہ ملائکہ جو نیک اعمال سے پیدا ہوتے ہیں آپ کے سامنے اخلاص کے ساتھ ایستادہ تھے "

حضرت ابو بکر صدیق رضؓ آپ کے دائیں ہاتھ اور فاروق اعظم رضؓ بائیں مُقدّس ہاتھ کھڑے تھے اور ختم آپ کے سامنے حدیث اُنثیٰ سُنانے کے لئے دو زانو بیٹھا تھا، اور حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی زبان سے آپ کے ختم کی ترجمانی کر رہے تھے، اور جناب ذوالنورین رضؓ اپنی حیاء کی چادر زیب بدن کئے آپ کی شان کی طرف متوجہ تھے "

اب کشفِ اجلیٰ کے نور، چشمہ اعلیٰ کے مؤرد سردارِ اعلیٰ نے ختم کے پیچھے میری طرف توجہ فرمائی کیونکہ میرا ختم کے حُکم میں اشتراک تھا، پس اُسے سردار نے کہا یہ تیرا عدیل تیرا بیٹا اور تیرا خلیل ہے میرے سامنے اِس کا منبر نصب کر، پھر میری طرف اشارہ کیا اے محمد "ابن العربی" اُس پر کھڑا ہو جا جو میں نے بھیجا ہے اور جو مجھ پر ہے، بیشک تجھ میں مجھ سے شعور رہے مجھ سے اُس کے لئے صبر نہیں ہوتا، یہی تیری ذات میں سُلطان رہے، پس اپنی کُلّیات کے سوا میری طرف رُجوع نہ کر، اور رُجوع سے اُس کی طرف لازماً

لقاء ہے تو بے شک یہ عالم شقاء سے نہیں، پس میرے لئے اُٹھنے کے بعد بلندی کے علاوہ کوئی چیز نہ تھی، میں ملاءِ اعلیٰ میں حمد اور شکر کرتا تھا،

چنانچہ ختم نے اس عظیم مشہد میں منبر نصب کر دیا جس کی ایک طرف لکھا ہوا تھا یہی پاکیزہ مقام محمدی ہے جو اس پر چڑھ گیا وہ اس کا وارث ہو گیا۔

اللہ تعالےٰ نے اسے حرمت شریعت کے لئے بھیجا اور کھڑا کیا ہے اور اُسے اسی وقت حکم کے انعامات عطا کر دیئے ہیں گویا مجھے اب جوامع الکلم عطا ہو گئے تھے، میں نے اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا اور اُس منبر پر چڑھ گیا اور مجھے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ٹھہرنے اور استوا فرمانے کا مقام حاصل ہو گیا،

اور میں جس درجہ میں تھا وہاں مجھے سفید قمیص کی آستین بچھادی گئی جس پر میں نے وقوف کیا تاکہ میں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے احترام و اکرام کی بنا پر اُس جگہ کو استعمال نہ کر سکوں جسے آپ استعمال فرماتے تھے اور یہ امر مجھے اِس معاملہ میں خبردار کرنے کے لئے تھا۔

اِس کا مطلب یہ تھا کہ جس مقام پر حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے رب کا مشاہدہ کیا ہے وہاں آپؐ کے وارث چادر کے پس پردہ رہ کر ہی اُسے دیکھ سکتے ہیں اگر ایسا نہ ہوتا تو ہم بھی وہ چیز دیکھ لیتے جو آپؐ نے دیکھی تھی اور آپؐ ہی کیطرح معرفت حاصل کرتے،،

کیا تُو نہیں دیکھتا جو آپؐ کی اتباع کرتا ہے وُہ اُس کی خبر پا لیتا ہے لیکن آپؐ کے طریق پر چل کر اللہ تبارک وتعالیٰ کا اُس طرح مشاہدہ نہیں کر سکتا جس طرح آپؐ نے کیا تھا۔

اور تُو نہیں جان سکتا کہ آپؐ سلب اوصاف سے کس طرح خبر حاصل کرتے تھے مثال کے طور پر وُہ مٹی پر چلے اور اُس کا مشاہدہ کیا مگر تو صرف اُن کے نقشِ قدم دیکھ سکے گا اس کے سوا کچھ نہیں یہاں ایک پوشیدہ بھید ہے ہاں! تُو اگر اُسے تلاش کرے تو اُس کو معلوم کر سکتا ہے۔ اس لئے کہ وُہ امام ہے، جب کہ اُسے بھی امام حاصل ہے جو نہ تو کسی اثر کا مشاہدہ کرتا ہے اور نہ اُسے پہچانتا ہے اور اُس پر ایسی چیز مکشوف ہوگی جسے وُہ کثیف نہیں کرتا۔

اور یہ مقام مُوسیٰ صَلَی اللّٰہ علی سَیّدِ نَا مُحَمّدٍ وعلیہ وَعلی الخِضر کے انکار سے ظاہر ہوا جب میں نے اِس بلند مقام پر وقوف کیا تو میرے سامنے وُہ تمام نقشہ موجود تھا جو شبِ اَسریٰ میں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قَابَ قَوسَینِ اَوْ اَدْنیٰ میں دیکھا تھا۔

چُنانچہ میں شرمندہ ہو کر اور مُنہ ڈھانپ کر اُٹھ کھڑا ہوا پھر مجھے رُوح القدس کی تائید حاصل ہُوئی تو میں نے فی البدیہہ یہ شعر پڑھے۔

یامنزل الآیات والانباء	انزل علی معالم الاسماء
حتی اکون لحمد ذاتك جامعا	بمحامد السراء والضراء

اُسے آیات وانبیاء کے نازل فرمانے والے مجھ پر اسماء کے معالم نازل فرما۔

"تاکہ میں تیری حدِ ذات کا جامع ہو جاؤں جس میں راحت و کلفت دونوں تعریفیں موجود ہیں۔"

پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف اشارا کرتے ہوئے کہا!

ویکون ھذا السید العلم الذی　　جردتہ من دورۃ الخلفاء
وجعلتہ الاصل الکریم وآدم　　مابین طینۃ خلقہ والماء
ونقلتہ حتی استدار زمانہ　　وعطفت آخرہ علی الابداء
وأقتہ عبدا ذلیلا خاضعا　　دھرا یناجیکم بغار حراء
حتی أتاہ مبشرا من عندکم　　جبریل المخصوص بالانباء
قال السلام علیک أنت محمد　　سرّ العباد وخاتم النبآء
یاسیدی حقا أقول فقال لی　　صدّ نطقت فانت ظل ردائی
فاحمد وزدنی حمد ربک جاھدا　　فلقد وھبت حقائق الاشیاء
وانثر لنا من شأن ربک ما انجلی　　لفؤادک المحفوظ فی الظلماء
من کل حق قائم بحقیقۃ　　یأتیک مملوکا بغیر شراء

یہ علم کے وُہ سردار ہیں جنہیں دورۂ خُلفاء سے تجرّد حاصل ہے۔
جب آدم علیہ السلام مٹی اور پانی کے درمیان تھے انہیں اصلِ کریم سے بنایا گیا تھا۔
آپؐ ہمیشہ ادوارِ زمانہ میں مُنتقل ہوتے رہے یہاں تک کہ آخری زمانہ پر عطف ہُوئے۔
آپؐ نے خشُوع و خضُوعِ عبدیت کے ساتھ ایک عرصہ تک غارِ حِراء میں قیام فرمایا۔

یہاں تک کہ تمہارے پاس سے جبریل علیہ السلام مخصوص خبر دل کے ساتھ اُن کے پاس بشارت لے کر آئیں "

میں نے کہا! آپ پر سلام ہو آپ محمدؐ "تعریف کے گئے" خیر العباد اور خاتم النبیین ہیں"

اَے میرے سردار! کیا میں نے حق کہا ہے؟ آپ نے فرمایا! تُو نے سچ بولا ہے پس تُو میری رداء کے سائے میں ہے"

پس حمد بیان کر اور اپنے رب کی حمد بیان کرنے میں زیادہ کوشش کرے گا تو تجھے حقائق الاشیاء عطا کئے جائیں گے"

اپنے رب کی طرف سے تجھ پر جو ظاہر ہو اُسے ہمارے لئے بکھیرے گا تو تیرا دل اندھیروں سے محفوظ ہو جائے گا"

ہر حق سے بیان کر جو حقیقت سے قائم ہے تیرے پاس بغیر خریدنے کے غلام آئیں گے"

پھر میں نے لِسان علام سے آغاز کلام کیا اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی طرف اشارا کرتے ہوئے کہا!

میں اُس اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں جس نے آپ پر وہ کتاب مکنون نازل فرمائی جسے غیر طاہر اور ناپاک ہاتھ نہیں لگا سکتے"

لَا يَمَسُّهُ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ

یہ کتاب آپؐ کے عمدہ اخلاق و عادات کی تعریف و تقدیس بیان کرنے اور آپؐ کو ہر قسم کی آفات سے محفوظ رکھنے کے لئے اُتاری

---

۵ الواقعہ آیت ۷۹

گئی ہے جیساکہ سورۂ نون میں ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۚ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ[1]

نٓ اور قلم اور اُن کے لکھنے کی قسم آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں اور ضرور آپ کے لئے بے انتہا ثواب ہے اور بے شک آپ کی خو بو بڑی شان کی ہے، اب کوئی دم جاتا ہے کہ آپ بھی دیکھ لیں گے اور وُہ بھی دیکھ لیں گے ۔

پھر اُس نے ارادہ کا قلم علم کی روشنائی میں ڈبویا اور دستِ قُدرت سے جو تھا، جو ہونے والا ہے ۔

جو ہوگا یا نہ ہوگا جو اللہ تعالیٰ چاہے گا یا نہ چاہے گا کہ وُہ ہو لوحِ محفوظ و مصئون پہ تحریر کر دیا ۔

اور یہ سب کچھ ویسے ہی ہوگا جیسے اللہ تبارک و تعالےٰ کی موزون و معلوم قدر اور اُس کے مخزون و کریم علم کا اقتضاء ہوگا ۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ[2]

پس تیرا رب عزت والا پروردگار ان چیزوں سے پاک ہے ۔
یعنی وُہ اللہ تعالیٰ واحد و اَحد ہے اور مشرکوں کے شِرک سے بُلند ہے ۔

---

[1] نٓ والقلم آیت ۱ تا ۵ [2] صافات آیت ۱۸۰

سب سے پہلے لوح پر کیا تحریر ہوا

پس تمام تر اسماء میں سے سب سے پہلا اسم جو اُس قلم جلی نے لکھا یہ تھا یا محمدؐ میں چاہتا ہوں آپ کے لئے ایسا جہان پیدا کردں جو آپ کی ملکیت ہو چنانچہ میں نے پانی کا جوہر پیدا کیا۔

پس میں نے بغیر حجاب کے پانی پیدا فرمایا اور میں اُسے ہی مستور تھا کہ کوئی چیز اِس مقام غیب میں میرے ساتھ نہ تھی۔

پانی کیسے بنا

پس اللہ سبحانہ نے پانی کو ایک منجمد ٹھنڈک کی شکل میں پیدا فرمایا جو گولائی اور سفیدی میں موتی کی طرح تھی اور اُس میں اجسام و اعراض والی قوتیں ودیعت کیں۔

پھر عرش کو پیدا فرما کر اُس پر اپنے اِسم رحمٰن کو مُستوی فرمایا اور کرسی نصب کر کے "بلا تشبیہ و کیف" اُس پر اپنے پاؤں لٹکا دیئے پھر اپنی نگاہِ جلال سے منجمد جوہر کی طرف دیکھا تو وُہ شرم کے مارے پگھل گیا اور اُسکے کے اجزاء تحلیل ہو کر پانی کی طرح بہہ گئے۔

زمین و آسمان سے قبل اُس کا عرش پانی پر تھا۔

كَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ[1]

---

[1] ھود آیت ۷

پس اُس وقت سوائے محل استواء صاحبِ استواء اور محل استواء کے کچھ موجود نہ تھا

زمین کیسے بنی

پس اُس نے پھونکا تو اُس کے ارتعاش سے پانی میں تموّج پیدا ہُوا اور جھاگ اُڑنے لگی اور محمُود و حق حمد کی آواز دی جب وُہ ساحلِ عرش سے ٹکرائی تو عرش کے پائے ہلنے لگے اور آواز آئی انا احمد یعنی میں احمد ہوں"

پانی شرمندہ ہو کر اُنگلیوں کے بل چلتا ہُوا اُلٹے پاؤں واپس آ گیا اور جھاگ ساحل پر چھوڑ آیا جو اُس نے پیدا کی تھی"

اب وُہ جھاگ اس پانی کی تلچھٹ یا چھاچھ تھی جو اکثر اشیاء پر حادی تھی چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُس جھاگ سے زمین کو پیدا فرمایا جو گول اور طول و عرض والی تھی۔

آسمان کیسے بنے

پھر زمین پھٹتے وقت اُس کی رگڑ سے جو آگ پیدا ہُوئی اُس سے دھُواں پیدا کیا اور اُس میں سے بلند آسمان نکالے، پھر اِن آسمانوں کو نزولِ انوار کا مقام اور ملاءِ اعلیٰ کی منازل بنا دیا، اور اُنکی تزئین کے لئے اُن میں روشن ستارے جڑ دیئے جب کہ زمین کی تزئین و آرائش کے لئے اُسے نباتات اور پھل پھول عطا فرمائے"

خود خُدا کس کے لئے ہے؟

پھر ذاتِ حق تعالےٰ نے خود کو حضرت آدم علیہ السلام اور اُن

کی اولاد کے لئے وجود قدرت کیساتھ مخصوص و منفرد کر لیا۔

بعد ازاں ایک نئی پیدائش تیار کی اور اُس کو دو طریقوں سے راست کیا ایک درستی انقضاء مدت کی اور دوسری قبول ابدیت کی تھی اِس پیدائش کا مسکن نقطۂ کرہ وجود بنایا اور اُس کی ذات کو چھپا دیا۔

پھر اپنے بندوں کو بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا[1] آیت کریمہ کے ذریعہ خبردار کیا یعنی آسمان کو دیکھ رہے ہو کہ بغیر ستون کے قائم ہے۔

تو جب انسان دارِ حیات سے برزخ کی طرف منتقل ہوا تو آسمان زور زور سے ہلنے لگا اور پھٹ گیا اور بہتی ہوئی آگ کا ایک شعلہ بن گیا جیسا کہ سرخ چمڑہ ہوتا ہے

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ[2]

آسمان بغیر ستون کے کیسے قائم ہے

جس شخص نے حقائق اضافات کو سمجھ لیا وہ ہمارے اشارات کو پہچان لے گا اور وہ قطعی طور پر جان لیتا ہے کہ بغیر ستون کے قبہ قائم نہیں رہ سکتا جس طرح کوئی شخص والد نہیں ہو سکتا جب تک اُس کا بیٹا نہ ہو۔

پس ستون ماسک یعنی قوتِ ماسکہ ہیں اگر آپ پسند نہیں کرتے کہ یہ انسان سے منسوب ہو تو اسے مالک کی قدرت تصور کر لیں۔

پس ثابت ہوا کہ قبہ کو روکنے کے لئے ماسک ضروری ہے اور یہ

---

[1] الرعد آیت ۲

[2] الرحمٰن آیت ۳۷

ایک ایسی مملکت ہے جس کے لئے مالک کا ہونا ضروری ہے چنانچہ جس کی وجہ سے کوئی چیز رُک گئی وُہی اُس کا ماسک ہے اور جس کا وجود کسی سبب سے ہو وُہ سبب اُس کا مالک ہے۔

اہلِ سعادت اور اہلِ شقاوت کی تخلیق

جب میں نے سعیدوں اور شقیّوں کے حقائق کو عدم و وجود کے درمیان اُس کے قبضِ قُدرت یعنی حالتِ تخلیق کے وقت دیکھا تو جس کا انجام اچھا تھا اُس نے موافقت اور ہدایت حاصل کر لی تھی اور جس کا انجام بُرا تھا اُس نے گمراہی اور سرکشی کی راہ اختیار کر لی۔

سعید تخلیق تیزی سے وجود کی طرف منتقل ہوئی اور شقی تخلیق وہیں کی وہیں جمی رہی یا واپس ہو گئی۔

لہٰذا اللہ تبارک و تعالےٰ نے اہلِ سعادت کا حال بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

أُولَٰئِكَ يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُونَ [۱]

یہ لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور یہی سب سے پہلے اُنہیں پہنچے۔

یہ اسی سُرعت کی طرف اشارا ہے اور اشقیاء کے حق میں فرمایا۔

فَثَبَّطَهُمْ وَقِيلَ اقْعُدُوا مَعَ الْقَاعِدِينَ [۲]

تو ان میں کاہلی بھر دی اور فرمایا گیا بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ

---

[۱] المومنون آیت ۶۱ [۲] التوبہ آیت ۴۶

بیٹھ رہو"

اور یہ اُسی رجعت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اپنی ذات کی معرفت اپنے اسم سے حاصل کرو

اگر اجساد پر یہ جھونکے نہ چلتے تو اِس عالم میں گمراہی اور ہدایت کا وجود نہ ہوتا حضور رسالتمآب پر اللہ کی رحمت ہو آپ نے اِسی شرعت وجوُد کی خبر ہمیں اِس حدیث میں دی ہے۔

ان رحمۃ اللہ سبقت غضبہ (الحدیث)

یعنی بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی"

راوی نے اسی طرح یہ بات آپ سے منسوب کی ہے"

پھر اللہ سبحانہ تعالیٰ نے اپنے اسماءِ حقّہ کی تعداد کے مطابق حقائق کو ظہور پذیر کیا اور ملائکۂ تسخیر کو اپنی مخلوق کی تعداد کے مطابق پیدا کیا"

اُس کے اپنے اسماء سے ہر حقیقت کے لئے ایک نام مقرر ہے جو اُس کی عبادت کرتا ہے وُہ اِسے جانتا ہے"

ہر رازِ حقیقت کے لئے ایک فرشتہ مقرّر فرمایا جو اس کی خدمت کرتا ہے اور ہمیشہ اُس کے پاس رہتا ہے"

چُنانچہ یہ حقیقت ہے کہ جس شخص نے اپنی ذات کو اُسکے اِسم سے معلوم نہ کیا وُہ اس کا مکلف نہ رہا اور اُس کے حُکم سے خارج ہو کر مُنکرین میں شامل ہو گیا"

اللہ تبارک و تعالیٰ نے جن لوگوں کو ثابت قدم رکھا اُنہوں نے اُسکے اسم کو اپنا امام بنالیا اور اُس کے اور اپنے درمیان علامت کو مضبُوط کر لیا تو وُہ ساجدین سے ہو گئے۔

اقطاب و اوتاد کا ظہُور

بعد ازاں اُس نے مصدرِ اوّل سے اقطاب کے انوار نکالے اور یہ سُورج تھے جو مقامات کے افلاک میں تسبیحیں پڑھتے تھے۔ پھر نجباء کے انوار نکالے تو یہ ستارے تھے جو کرامات کے افلاک پر تسبیحیں پڑھتے تھے۔

اور ارکان اربعہ کے لئے چار اَوتاد ثابت کئے اور اُن کے ذریعہ جنوں اور انسانوں کو محفوظ کر دیا۔ اِن اوتاد نے زمین کے میلان و حرکات کو زائل کر دیا تو زمین ساکن ہو کر پھولوں کے زیور سے آراستہ ہو گئی۔ اور نباتات کو پیدا کیا اور اپنی برکتیں ظاہر فرمائیں۔ چنانچہ مخلوق کی آنکھیں اِن خوبصورت مناظر سے لُطف اندوز ہونے لگیں، اِن کے مشام ان کی معطّر خوشبوؤں سے اور اُن کے حلق اُن کی خوشگوار لذّات سے بہرہ ور ہونے لگے۔

سات ابدال

پھر اُس نے سات ابدال بھیجے اور ایک حکیم و علیم کی حیثیت سے اُنہیں سات مملکتوں کا بادشاہ بنایا اور ہر بدل یعنی ہر ابدال کو ایک اقلیم عنایت فرمائی۔

قطب کے لئے دو امام وزیر بنائے اور اُنہیں دو زمانوں پر امام بنا دیا جیسا کہ ابو حامد غزالی نے الامکان میں بیان کیا۔

دیکھنے کی چیز

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُس نے عیان کے لئے آپ کا جسدِ اطہر نمودار فرمایا اور راوی نے آپ سے روایت کی کہ ایک روز آپ نے اپنی مجلس میں فرمایا تھا۔

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ وَلَا شَیْیٔ مَعَہٗ بَلْ ھُوَ عَلٰی مَا عَلَیْہِ کَانَ

یعنی اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی بلکہ وُہ اسی پر تھا۔

اور اسی طرح آپ نے حقائقِ اکوان سے یہ تمام چیزیں بیان فرمائیں اللہ تعالیٰ کا آپ پر سلام ہو۔

اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں

پس یہ حقیقت جمیع حقائق پر زائد نہیں، سوائے اِس کے کہ یہ اکوان پر سابق ہے اور لواحق ہیں، کیونکہ جو کسی چیز کے ساتھ نہیں اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں اور جب دوسرے پر حقائق ظاہر ہوں گے تو اُس پر علم کے حکم میں ہونگے جب کہ حقیقت مُنزّہ اِس حکم میں نہیں۔

پس حقائق اِس وقت حکم میں اِس طرح ہیں جس طرح علم ہمیں کہنا چاہیئے کہ حقائق موجود ہیں اور اُن کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی

اور یہ اب بالکل اس طرح ہے جیطرح وُہ اپنے معبود کے علم میں تھے "

جناب نے یہ جو خبر حق پر بیان کی ہے وُہ تمام مخلوق کو شامل ہے چنانچہ: اسباب اور سبب کی تعداد کی زیادتی اس پر معترض نہیں ہو گی کیونکہ وُہ اسماء وصفات کے وُجود سے تم پر وارد ہو گا۔

نیز یہ کہ وُہ معانی جن پر مختلف خبریں دلالت کرتی ہیں "

اگر ابتداء و انتہاء کے مابین کوئی سبب رابطہ اور کسب ضابطہ نہ ہوتا تو اُن دونوں میں سے کوئی بھی ایک دُوسرے کے ذریعے سے نہ پہچان سکتا، اور یہ بات نہیں کہی جا سکتی ہے کہ پہلے کا حُکم دوسرے کو ثابت کر رہا ہے "

اپنے نفس کی پہچان

چُنانچہ بندے اور رب کے سوا اور کچھ نہیں اور یہ کافی ہے اس امر میں اُس شخص کے لئے جو عالم وجود میں اپنے نفس کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہے "

کیا آپ نہیں دیکھتے کہ خاتمہ بالکل سابقہ ہے اور یہ بات واجب وصادق ہے "

اِنسان کو کیا ہو گیا ہے کہ وُہ جاہل اور اندھا بن کر ایسے اندھیروں میں چل رہا ہے جہاں نہ پانی ہے نہ سایہ "

عالم ترکیب کا دُرست تجزیہ

سب سے دُرست چیز فلک محیط کا وجود اور عالم مُرکب وبسیط

کا موجود ہونا ہے جس کا نام ھباء یعنی بکھرے ہوئے ذرات ہے اور یہ خبر ہیں نے نبوت سے سُنی ہے اور اسے فہم کا ہُدہُد ملکِ سبا سے لایا ہے اور اس کے ساتھ زیادہ مشابہت رکھنے والی چیز پانی اور ہوا ہے اگرچہ وُہ بالکل وُہی صُورتیں ہیں جو اُن پر ظاہر ہے چونکہ یہ فلکِ وجود کی اصل ہے لہٰذا اُس کے ظہور کے لئے حضرتِ جُود سے نُور کا اِسم متجلّی ہو رہا ہے"

اِس فلک نے اس نُور کو حاصل کر کے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صُورت قبول کر لی "

اب ایک صُورتِ مثلیہ ظاہر ہو گئی جس کے مشاہدات عینی ہیں اور مشارٌ الیہ غیبی ہے"

اِس کی جنت عدنیہ اور اس کے معارف قلبیہ ہیں"

ہر نتیجے کے دو مقدمے ہیں

اُس کے علوم یمنی، اسرار مددی، ارواح نوحی اور طینت انسانی ہے پس جس طرح آپ کے اشارے کے مطابق اِس جمع میں آدم علیہ السلام ہمارے جسمانی باپ ہیں اسی طرح آپؐ ہمارے رُوحانی باپ ہیں، اور عناصر کے لئے ماں بھی ہے اور باپ بھی، جیسا کہ الھباء یعنی بکھرنے والے کی حقیقت کا اصل واحد کے ساتھ ہے، تو ایسا کوئی امر نہیں جو دو امروں سے نہ بنتا ہو اور نہ ہی ایسا نتیجہ ہے جس کے لئے دو مقدمے نہ ہوں"

کیا تیرا وجود حق سبحانہ تعالیٰ سے نہیں؟ اور اُس کا قادر ہونا

یقینی ہے، تیرے احکام اُس کے عالم ہونے پر موقوف ہیں"۔

تیرا کسی دُوسری چیز کے باوجود کسی امر کے ساتھ مخصوص ہونا اس کا مزید مخصوص ہونے سے تجھ پر جائز ہے، پس یکتا ذات سے کسی معدوم کا وجود درست نہیں"۔

جب ثابت ہوا کہ اَین کہاں سے سمجھا جا سکتا ہے تو ضروری ہو گیا کہ کسی چیز کی ذات کسی وجہ سے عین ہو، اور اِس بات کو وُہ شخص نہیں سمجھ سکتا جس کی آنکھ حقائق سے نابینا ہے"۔

آپؐ کی کسی حقیقت کو جان لینا

صفت اور موصوف کی معرفت میں اَین مصروف کی حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے ورنہ تُو حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اَین کا سوال کس طرح کر سکتا ہے اور مسئول سے ظرف کی فائ کس طرح قبول کی جا سکتی ہے"۔

پھر اُس کے لئے خالص ایمان کی گواہی دینا، تیری شہادت حقیقت ہے مجاز نہیں اور واجب ہے جواز نہیں"۔

اگر تو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کسی طرح کی حقیقت سے نہ سمجھتا تو تُو اُس چیز کا قول کبھی قبول نہ کرتا جو آسمانوں کی پُوری کائنات میں گونگی ہے"۔

مُدّت جہان کی

پھر جب اُس نے لطیف و کثیف عالم ایجاد کر لئے اور مملکت

کی بنیاد رکھ دی اور اعلیٰ مرتبہ تیار کر لیا تو سب سے پہلے دَور سے میں خلیفہ کو اُتارا. اِسی لئے اللہ سُبحانہ تعالیٰ نے دُنیا میں ہماری مدّت سات ہزار سال بنائی، اِس کے آخر میں ہم پر نیند اور اُونگھ کی حالت میں حالتِ فناء طاری ہو جائے گی اور پھر وُہ ایسے برزخ کی طرف مُنتقل ہو جائے گی جو تمام طرائق کا جامع ہے، اُس میں تمام مخلوقات پر طاری ہو جانے والے جمیع حقائق غلبہ حاصل کر لیتے ہیں، چنانچہ حکومت ارواح کی طرف پھر جاتی ہے اُس وقت چھ سَو پَروں والا طائر اُس کا خلیفہ ہوتا ہے اور صُورتیں ارواح کے تابع ہو جاتی ہیں،

بعدازاں اِنسان جس صُورت میں چاہتا ہے چلا جاتا ہے (پس) اُس کے لئے حقیقت قبروں سے اُٹھنے کے بعد درُست ظاہر ہوتی ہے اور یہ امر جنت اور لطائف و احسان کے بازار پر مُوقُوف ہے۔

ان اِشاروں کو دیکھیں

اللہ تبارک و تعالےٰ آپ پر رحم فرمائے اُس امر کو دیکھیں جس کا میں نے زُمردہ بیضاء میں حضرت آدم علیہ السلام کی طرف اشارا کیا جسے اللہ سُبحانہ نے پہلا باپ بنایا ہے پھر اُس نُورِ مبین کی طرف دیکھیں جس نے ہمارا نام مسلمان رکھا اور میں نے دُوسرے باپ کے نام سے اُس کی طرف اشارا کیا ہے،

پھر اُس جین (خالص چاندی) کی طرف دیکھیں جو اللہ تعالےٰ کے حُکم سے کوڑھی اور گنجے کو شفایاب کرتا تھا جیسا کہ نص کے ساتھ آیا ہے،

أُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِ اللَّهِ[1]

پھر اُس کے یاقوتِ نفس کی سُرخی کے جمال کو دیکھیں اِس سے میں نے اُس ذات کی طرف اشارا کیا ہے جسے حقیر پیسوں کے عوض فروخت کیا گیا تھا،

پھر ابریز کی سُرخی کی طرف دیکھیں اِس میں مَیں نے خلیفہ عزیز کی طرف اشارا کیا ہے۔

پھر ظلمتوں میں یاقوتِ زرد کی روشنی ملاحظہ فرمائیں اِس سے میں نے بذریعہ کلام فضیلت پانے والے کی طرف اشارا کیا ہے۔

جو شخص اِن انوار کی طرف کوشش کرے گا وہ اُن اسرار کی طرف پہنچ جائے گا جو راستے تیرے لئے کھولے گئے ہیں۔

جس نے اُس کا مرتبہ پہچان لیا اُسے مقام اولیٰ حاصل ہو گیا اور اُس کے سامنے سجدہ ریز ہو گیا کیونکہ وہ رب بھی ہے اور مربوب بھی، طالب بھی ہے اور مطلوب بھی۔

انظر الی بدء الوجود وکن به	فطنا تر الجود القدیم المحدثا
والشیٔ مثل الشیٔ الا انه	أبداه فی عین العوالم محدثا
ان أقسم الرائی بان وجوده	ازلا فبرّ صادق لن یحنثا
أو أقسم الرائی بانّ وجوده	عن فقده أحری وکان مثلثا

ابتدائے وجود کی طرف دیکھیں اور اسے سمجھنے کی کوشش

---

[1] آل عمران آیت ۴۹

کریں گے تو جُود و کرم کو قدیم اور مُحدَث پائیں گے "

اور شَے شَے کی مانند ہے مگر اِسے جہانِ عوالم میں حادث بنا کر ظاہر کیا گیا ہے "

اگر مشاہدہ کرنے والا قسم اُٹھائے کہ اُس کا وجود ازلی ہے تو یہ قسم بالکل سچی بات ہے جو کبھی ٹوٹ نہیں سکتی "

یا مشاہدہ کرنے والا قسم اُٹھائے کہ اُس کے گُم ہونے سے اُس کا وجود زیادہ مناسب اور مُثلّث بن گیا ہے تو وُہ بھی سچ کہتا ہے "

پھر میں نے کئی اسرار ظاہر کئے اور خبریں بیان کیں جن کے اِیراد کی فُرصت نہیں اور اکثر لوگ ایجادِ خلق کو نہیں سمجھتے اِس لئے ان اُمور کو خوفِ طوالت سے مہیع کے سر پر موقوف چھوڑ دیا اِس خوف سے کہ حکمت نامناسب جگہ پر نہ آ جائے۔ پھر میں خواب کے اِس مشہدِ اعلیٰ سے عالمِ سفلی کی طرف لوٹ آیا تو اِس حمد مقدّس کو کتاب کا خطبہ مُقرر کیا اور اس کو اِس کا دیباچہ بنایا۔ پھر اِس کے بعد کے کلام میں ترتیب ابواب پر اس کی شرح کی اور تمام تعریف اللہ غنیٰ وہاب کے لئے ہے پس اِس رسالہ کو اِسکے ساتھ لکھا اما بعد "

لما انتهى للكعبة الحسناء	جسمى وحصل رتبة الامناء
وسعى وطاف وثم عند مقامها	صلى وأبتسه من العتقاء
من قال هذا الفعل فرض واجب	ذاك المؤمّل خاتم النبآء
ورأى بها الملأ الكريم وآدما	قلبي فكان لهم من القرناء
ولآدم ولدا تقيا طائعا	منعم الدسيعة أكرم الكرماء
والكل بالبيت المكرم طائف	وقد اختفى فى الحلة السوداء
يرخى ذلاذل برده لبريك فى	ذاك التبختر نخوة الخيلاء
وأتى على الملأ الكريم مقدّم	يمشى باضعف مشية الزمناء

والعبد بين يدى أبيه مطرق   فعل الاديب وجبرئيل ازائى
يبدى العالم والمناسك خدمة   لابى ليسو رنها الى الابناء
فعجبت منهم كيف قال جميعهم   بفساد والدنا وسفك دماء
اذ كان يحجبهم بظلمة طينه   عما حوته من سنا الاسماء
وبدا بنور ليس فيه غيره   لكنهم فيه من الشهداء
ان كان والدنا محلا جامعا   للاولياء معا وللاعداء
ورأى المويهبة والنويرة جاءتا   كرها بغير هوى وغير صفاء
فينتقص ماقامت به أضداده   حكموا عليه بخلقة وبذاء
وأتى يقول أنا المسيح والذى   مازال عندكم صباح مساء
وأنا المقدس ذات نور جلالكم   وأتوا فى حق أبى بكل جفاء
لما رأوا جهة الشمال ولم يروا   منه يمين القبضة البيضاء
ورأوا نفوسهم عبيدا خشعا   ورأوه ربا طالب استيلاء
لحقيقة جمعت له اسماء من   خص الحبيب بليلة الاسراء
ورأوا منازعه اللعين بجنده   يرنو اليه بمقلة البغضاء
ربذات والدنا منافق فانه   حمل العصاة وشهونا حوّاء
علموا بان الحرب حتما واقع   منه بغير تردد واباء
فلذاك مانطقوا بما نطقوا به   فاعذرهم فهم من الصلحاء
فطروا على الخير الاعم جبلة   لايعرفون مواقع الشحناء
ومتى رأيت أبى وهم فى مجلس   كان الامام وهم من الخدماء
وأعلا قولهم عليهم ربنا   عدلا فانزلهم الى الاعداء
خزانة الملأ الكريم عقوبة   اقامهم فى أول الآباء
أوماترى فى يوم بدر حربهم   ونبينا فى نعمة ورخاء
بعريشه متعلقا متضرعا   لا لهم فى نصرة الضعفاء
لمارأى هذى الحقائق كلها   معصومة قلبى من الاهواء
نادى فاسمع كل طالب حكمة   يطوى لها بشملة وجناء
طى الذى يرجو لقاء مراده   فيجوب كل مفازة بيداء
يا راحلا يقص المهامه قاصدا   نحوى ليلحق رتبة السمراء

قل للذى تلقاه من شجرائى ... عنى مقالة أنصح النصحاء
واعلم بانك خاسر فى حيرة ... لما جهلت رسالتى وندائى
ان الذى مازلت أطلب شخصه ... ألفيته بالربوة الخضراء
البلدة الزهراء بلدة تونس ... الخضرة المزداناة الغراء
بمحله الاسنى المقدّس تربه ... بحلوله ذى القبلة الزوراء
فى عصبة مختصة مختارة ... من صفة النجباء والنقباء
يمشى بهم فى نور علم هداية ... من هديه بالسنة البيضاء
والله كرسيى والمعارف تنجلى ... فيه من الامساء للاصباء
بدر الاربعة وعشر لا يرى ... أبدا منوّر ليلة قمراء
وابن المرابط فيه واحد شانه ... جلت حقائقه عن الافشاء
و بنوه قد حفوا بعرش مكانه ... فهو الامام وهم من البدلاء
فكأنه وكأنهم فى مجلس ... بدر تحف به نجوم سماء
واذا أتاك بحكمة علوية ... فكانه يلبى عن العنقاء
فلزمته حتى اذا خلت به ... أنى لها نجل من الغرباء
حبر من الاحبار عاشق نفسه ... سر الجانة سيد الظرفاء
من عصبة النظار والفقهاء ... لكنه فيهم من الفضلاء
دافى وعندى للتنفل نية ... فى كل وقت من دجى وضحاء
فتركته ورحلت عنه وعنده ... متى كتغير غيرة الادباء
وبدا يخاطبنى بانك خنتنى ... فى تركى وعا بنى القدماء
وأخذت تائبنا التى قامت به ... دارى ولم تخبر به سجرائى
والله يعلم نيتى وطويتى ... فى أمر تائبه وصدق وفائى
فانا على العهد القديم ملازم ... فوداده صاف من الاقذاء
ومتى وقعت على مفتش حكمة ... مستورة فى النفحة الحورا
متحير متشوّف كلناله ... ياطالب الاسرار فى الاسراء
أسرع فقد ظفرت يداك بجامع ... لحقائق الاموات والاحياء
نظر الوجود فكان تحت نعاله ... من مستواه الى قرار الماء
مافوقه من غاية يخفوها ... الاهو فهو مصرف الاشياء

لبس الرداء تنزها وازاره ... لما أراد تكوّن الاشياء

فاذا أراد تمتعا بوجوده ... من غير ما نظر الى الرقباء

شال الرداء فلم يكن متكبرا ... وازار تعظيم على القرناء

فبدا وجود لا تقيده لنا ... صفة ولا اسم من الاسماء

ان قيل من هذا ومن تعني به ... قلنا المحقق آمر الامراء

شمس الحقيقة قطبها وامامها ... سر العباد وعالم العلماء

عبد تسود وجهه من همه ... نور البصائر خاتم الخلفاء

سهل الخلائق طيب عذب الجنى ... غوث الخلائق أرحم الرحماء

جلت صفات جلاله وجماله ... وبهاء عزته عن النظراء

يمضي المشيئة في البنان مقسما ... بين العبيد الصم والاجراء

مازال سائس أمة كانت به ... محفوظة الانحاء والارجاء

ثرى اذا نازعته في ملكه ... أرى اذا ما جئته لحباء

صلب ولكن لين لعفاته ... كالماء يجري من صفا صماء

يغني ويفقر من يشاء فامره ... يحيي الولاة ومهلك الاعداء

لا انس اذ قال الامام مقالة ... عنها يقصر أخطب الخطباء

كا بناو رداء وصلى جامع ... لنوا تنا فأنا بحيث ردائي

فانظر الى السر المكتم درة ... مجلوة في اللجة العمياء

حتى يحار الخلق في تكييفها ... عينا كبيرة عودة الابداء

عجبا لها لم تخفها اصدافها ... الشمس تنفي حندس الظلماء

فاذا أتى بالسر عبد هكذا ... قيل اكتبوا عبدي من الامناء

ان كان يبدي السر مستورا لما ... تدري به أرضي فكيف سمائي

لما أتيت ببعض وصف جلاله ... اذ كان عيني واقفا بحذائي

قالوا لقد لحقته بالمنا ... في الذات والاوصاف والاسماء

فبأي معنى تعرف الحق الذي ... سواك خلقا في دجى الاحشاء

قلنا صدقت وهل عرفت محققا ... من موجد الكون الاعم سوائي

فانا سلحت فانما في على ... نفسي فنفسي عين ذات ثنائي

لقالنا من أجله وظهورنا ... من أجلنا فسناء عين سنائي

ثم التفت بالعكس رمز اثانيا ... جلت عوارفه عن الاحصاء

واذا اردت تعرفا بوجوده — قسمت ماعندى على الغرماء
وعدمت من عينى فكان وجوده — لظهوره وقف على اخفائى
جل الاله الحق أن يبدو لنا — فردا وعينى ظاهر وبقائى
لوكان ذاك لكان فردا طالبا — متجسسا متجسسا لتنائى
هذا محال فليصح وجوده — فى غيبتى عن عينه وفنائى
فمتى ظهرت اليكم أخفيته — اخفاء عين الشمس فى الأنواء
فالناظرون يرون نصب عيونهم — سحبا تصرفها يد الاهواء
والشمس خلف الغيم تبدى نورها — للسحب والابصار فى الظلماء
فيقول قد بخلت على وانها — مشغولة بتحلل الاجزاء
لتجود بالمطر الغزير على الثرى — من غير ما نصب ولا اعياء
وكذاك عند شروقها فى نورها — تمحو طوالع نجم كل سماء
فاذا مضت بعد الغروب بساعة — ظهرت لعينك أنجم الجوزاء
هذا لميتها وذاك لحيها — فى ذاتها وتقول حسن رآء
فخفاؤه من أجلنا وظهوره — من أجله والرمز فى الافياء
فكأننا سيان فى أعياننا — كصفا الزجاجة فى صفا الصهباء
فالعلم يشهد مخلصين تألفا — والعين تعطى واحدا للرائى
فالروح ملتذ بمبدع ذاته — وبذاته من جانب الاكفاء
* والحس ملتذ برؤية ربه — فان عن الاحساس بالنعماء
فالله أكبر والكبير ردائى — والنور بدرى والضياء ذكائى
والشرق غربى والمغارب مشرقى — والبعد قربى والدنو تنائى
والنار غيبى والجنان شهادتى — وحقائق الخلق الجديد امائى
فاذا أردت تنزها فى روضتى — أبصرت كل الخلق فى مرائى
واذا انصرفت أنا الامام وليس لى — أحد أخلفه يكون ورائى
فالحمد لله الذى أنا جامع — لحقائق المثنى والانشاء *
هذا قريضى منبئ بعجائب — ضاقت مسالكها على الفصحاء
فاشكر معى عبد العزيز الهنا — ولتشكروا أيضا الى العذراء
شرعا فان الله قال اشكر لنا — ولوالديك وأنت عين قضائى

جب میرا جسم حسین و جمیل کعبہ تک جا پہنچا اور امین لوگوں کا رتبہ حاصل کر لیا۔

اور سعی و طواف کے بعد مقام خاص پر نماز پڑھی اور اپنے آپ کو کعبہ کے مقدس لوگوں میں سے ثابت کیا۔

جس شخص نے کہا تھا کہ یہ فعل فرض اور واجب ہے وہ امید وار تمام خبروں کا خاتم ہے۔

وہاں پر میں نے ملاء اعلیٰ کو دیکھا اور حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھیوں میں شامل ہو گیا۔

وہاں پر حضرت آدم علیہ السلام کا ایک بیٹا بھی دیکھا جو بڑے بڑے کریموں میں سے اکرم، وسیع بخشش کا مالک صاحبِ تقویٰ اور فرماں بردار تھا۔

یہ سب لوگ سیاہ پوش تھے اور بیتِ مکرم میں سرگرم طواف تھے۔

یہ لوگ رداؤں کے پلو اس طرح لٹکائے ہوئے چل رہے تھے کہ ان کے ناز و انداز میں اہل فخر و غرور کی نخوت پائی جاتی تھی۔

اور میرے باپ یعنی حضرت آدم علیہ السلام بزرگ ملائکہ کے آگے آگے کمزور رفتار سے آہستہ آہستہ چل رہے تھے۔

اور بندہ یعنی ابن العربی مؤدب شخص کی طرح خمیدہ گردن اپنے باپ کے سامنے کھڑا تھا اور جبریلؑ میرے سامنے تھے۔

اپنے باپ کی خدمت کے لئے میں نے ہاتھ میں معالم و مناسک لے رکھے تھے تاکہ وہ اپنے بیٹوں کے سپرد کر سکیں۔

مجھے اپنے باپ کا یہ جاہ و جلال دیکھ کر تمام فرشتوں پر، تعجب

ہوا کہ انہوں نے اس پر زمین میں فساد کرنے اور خون بہانے کا الزام کیسے لگایا تھا،

جب کہ وہ اپنی طین کی ظلمت کے باوجود اُس چیز کو چھپا رہا تھا جو اُن پر اسماء کی روشنی میں چھا گئی تھی،

اُس نے اب نور ظاہر کیا جس میں اُس کے سوا کوئی نہ تھا لیکن وہ لوگ اُس کے مشاہدین تھے،

جب کہ ہمارے والدِ گرامی اپنے دوستوں اور دشمنوں کو جمع کرنے والے مقام پر تھے،

اُس نے موہبہ اور نوبرہ کو دیکھا وہ بغیر خواہش اور دوستی کے مجبوراً ہمارے سامنے آگیا تھا،

چونکہ حضرت آدم علیہ السلام کا خمیر، ایسی چیز سے اُٹھا تھا جس میں مختلف اضداد قائم تھیں، اسلئے، انہوں نے اس کی سختی کا الزام دیا،

اور کہا! ہم صبح شام تیری تسبیح و تحمید کرتے رہتے ہیں،

اور کہا! ہم آپ کے نورِ جلال سے پاکیزہ ہیں اور میرے باپ کے بارے میں ہر قسم کی سختی کا اظہار کیا،

فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں جانب کو دیکھا اور دائیں طرف کو نہ دیکھا جو روشن اور منور تھی، یعنی تاریک پہلو دیکھا اور روشن پہلو سے صرفِ نظر کی،

اب فرشتوں نے خود کو غلام اور عاجز محسوس کیا اور حضرت آدم

علیہ السلام کو مالک اور آقا تصوّر کیا جو اُن پر تسلّط اور غلبہ حاصل کرنا چاہتا تھا۔

کیونکہ جس نے اپنے محبوب "صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" کو شبِ اسریٰ کے لئے مخصوص فرمایا تھا اُس نے حضرت آدم علیہ السلام میں تمام اسماء کو جمع فرما دیا تھا۔

اور فرشتوں نے شیطان لعین کا جھگڑا دیکھا جو حضرت آدم علیہ السلام کی طرف خشمگیں اور غضبناک نگاہوں سے دیکھ رہا تھا۔

اُس کی ہمارے والد کے ساتھ منافقت عصات و خواہشاتِ حواء کی "صورت میں ظاہر ہوئی"۔

فرشتوں نے جان لیا تھا کہ شیطان اور حضرت آدم علیہ السلام کی جنگ ناگزیر ہے اِس میں اِشتباہ و انکار کی گنجائش نہیں۔

اُنہوں نے جو کہا اِس وجہ سے کہا تھا اِس لئے اللہ تبارک و تعالےٰ نے اُن کو معاف فرما دیا اور وہ صالحین میں شامل ہو گئے۔

چونکہ فرشتوں کی فطرت و جبلّت خیر پر اُستوار کی گئی ہے اس لئے وُہ دشمنی اور عداوت کا تصوّر بھی نہیں کر سکتے۔

اب میں دیکھ رہا تھا کہ فرشتے اور میرے والدِ گرامی ایک ہی مجلس میں جلوہ افروز ہیں جب کہ میرے والد سردار اور ملائکہ اُن کے خادم تھے۔

گویا اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کے اعتراض کا اِعادہ بصُورتِ عدل کر دیا اور "اُن کو خادم بنا کر" بمنزلہ اِعادہ قرار دیا تھا۔

گویا فرشتوں کو پہلے دِن کے اعتراض کی سزا کے طور پر حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت پر مامُور کیا گیا تھا۔

تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ بدر کے دن حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محوِ استراحت تھے اور فرشتے اُن کی جگہ جنگ لڑ رہے تھے،
آپؐ اپنے عریشہ میں خشوع وخضوع اور تفرّع کے ساتھ کمزور اور بے بس لوگوں کے لئے "اللہ تعالیٰ سے" نصرت طلب کر رہے تھے"
جب میں نے یہ تمام حقائق ملاحظہ کئے تو میرا دل ہر قسم کے تصوّارت و تخلیات سے پاک ہو گیا،
وُہ زور سے پکارا تو اُس کی طرف جوش وخروش سے سفر کرنے والے ہر طالب حکمت نے سُن لیا"
جو اپنی مُراد حاصل کرنے کے لئے بڑے بڑے گھنے جنگلوں کی مسافتیں طے کرتا ہے اُس نے بھی سُن لیا"
(وُہ آواز یہ تھی) اے وُہ مسافر! جو میرے ہم نشینوں میں شامل ہونے کے لئے گھنے جنگلوں اور وادیوں کو عبُور کر کے میری طرف آ رہا ہے"
تو میرے نیاز مندوں میں سے جس کسی کو ملے اُسے میری بات بتا دے جو انتہائی نصیحت آموز ہے،
اُس کو یہ بتا دے کہ اگر تجھے میرا پیغام اور میری آواز معلوم نہیں تو تُو انتہائی خسارے اور حیرت کا شکار ہے۔
میں جس شخص کی تلاش وجستجو میں مدّتوں سرگرداں رہا اُسے میں نے ایک سرسبز وشاداب ٹیلے پر پا لیا۔
یہ شاداب وسرسبز زمین اور چمکتا ہُوا علاقہ تونسؔ ہے،

اس کے بزرگ ترین مقام پر جس کی مٹی بھی مقدس ہے اور جو
ایک بابرکت قبلہ کا حامل ہے"

ایک خاص قطعۂ زمین پر جو مخصوص اور پسندیدہ ہے اور اس کے
باشندے نجیب الاصل اور شریف ہیں"

وُہ اِن لوگوں کے ساتھ نورِ ہدایت کا علم لیکر چلتا ہے جو اُسے
سُنتِ بیضاء سے حاصل ہُوا"

اور اُس کا ذِکر وردِ زبان رہتا ہے جس سے صُبح شام ہر وقت
معارف تجلّی پذیر ہوتے ہیں"

وُہ چودھویں کا چاند ہے جو ہمیشہ روشن چاند کی طرح رات
کو منوّر کرتا ہے"

وُہ اُس شخص کا بیٹا ہے جس کی شان یکتا ہے اور جس کے حقائق
اظہار سے بلند ہیں"

اُس کے عالی قدر بیٹے اُس کے جاہ وجلال کے اردگرد گھومتے
رہتے ہیں وُہ خود امام ہے اور اُس کے بیٹے ابدال ہیں"

گویا وُہ خود چودھویں کا چاند ہے اور اُس کے بیٹے آسمان کے
ستارے ہیں جنہوں نے اُسے گھیرا ہُوا ہے"

جب وُہ کوئی آسمانی بلند حکمت بیان کرتا ہے تو گویا وہ عالم
عنقاء سے خبریں لاتا ہے"

میں اُن کی ملازمت میں تھا کہ ایک بزرگ خاتون باہر سے آکر
اُن کے پاس آکر قیام پذیر ہوگئیں"

وُہ اُحبار میں سے ایک دانا، اپنی ذات کے عاشق، مجانت

کے راز، داناؤں کے سردار"
گروہِ محققین و فقہا کے فردِ فرید مگر اُن سب سے زیادہ فاضل
شخصیت کے حامل تھے،
میں اُن کے پاس صبح شام رہ کر اُنکے قرب کا فیضان حاصل کرتا رہا"
بعد ازاں میں اُنہیں چھوڑ کر اُن سے رُخصت ہونے لگا تو اُنہیں
اِس بات کا شدید دُکھ ہُوا جیسے ایک ادیب کو ہوتا ہے"
اُنہوں نے مجھے مخاطب کرتے ہُوئے فرمایا! میرے خاندان اور
پرانے دوستوں میں سے تُونے مجھ سے خیانت کی ہے،
تونے ہمارے نائب کو اخذ کیا جس سے میرا گھر قائم تھا اور اُس
سے تُونے میرے ساتھیوں کو بے خبر رکھا"
اُن کے نائب اور میری وفاء کی سچائی کے بارے میں اللہ تبارک و
تعالیٰ میری نیت اور حالت کو خُوب جانتا ہے"
میں تو اَب بھی اپنے پُرانے عہد پر قائم ہُوں اور میرے دِل میں
اُن کی محبت ہر قسم کی کدُورت سے پاک صاف ہے"
جب میرا واسطہ کسی ایسے شخص سے پڑا جو حکمت کی کسی بات کو
انتہائی دقیق اور سنگلاخ وادیوں میں تلاش کرتا ہے تو میں حیرت کا
شکار ہو جاتا ہوں،
میں اُسے کہتا ہوں، اے طالب اسرار! جلدی کر لے تُو
ایسے شخص کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا ہے جو زندہ اور مُردہ
دونوں طبقوں کے حقائق کو جانتا ہے"
جب مَیں نے وجُودِ کائنات کو دیکھا تو اپنے مقام سے لیکر پانی کی

تہہ تک اُس کے قدموں میں تھا،

سوائے اُس کی ذات کے اُس کے اُوپر کوئی غایت نہیں جس کا وُہ قصد کرے کیونکہ وُہ اشیاء میں ہر قسم کا تصرف کر سکتا ہے،

جب اُس نے عالم تکوین کی پیدائش کا ارادہ فرمایا تو پاکیزگی کی چادر اوڑھ لی اور ازار سنبھال لیا،

پس جب اپنے وجود سے تمتع کا عزم کیا تو بغیر اپنے رقیبوں کی طرف غور و خوض کرنے کے تھا،

اُس کا ازار و رداء کو پاؤں کے نیچے تک گرانا اپنے ساتھیوں پر بڑائی اور بلندی ثابت کرنے کے لئے نہیں تھا،

ان اُمور کے بعد ہمارے سامنے ایک ایسا وجود نمودار ہوا جس کا احاطہ نہ کوئی اسم کر سکتا ہے اور نہ کوئی صفت اُس پر محیط ہو سکتی ہے، یعنی اُس کے لئے کسی اسم و صفت کا تعین ممکن نہیں،

اگر کوئی سوال کرے کہ وُہ کون ہے جس کی تو مدح و ثناء بیان کرتا ہے تو میں کہوں گا! میرے ممدوح امیر الامراء محقق ہیں،

وُہ جو حقیقت کے درخشاں سورج اور قطب دا امام ہیں، وُہ جو سر العباد اور عالم العلماء ہیں،

وُہ ایسے عبد ہیں جن پر اُن کی سرداری کے آثار نمایاں ہیں، وُہ آنکھوں کے نور اور خاتم الخلفاء ہیں،

وُہ پاکیزہ اور عمدہ سے اخلاق کے مالک، شیریں مقال، مخلوقِ خدا کی پناہ گاہ اور رحم و کرم والوں کے سردار ہیں،

اُن کے جلال و جمال کی صفات اور عزت و عظمت کی قدر و قیمت

عام دیکھنے والوں کی نظر سے بلند تر ہے،

وُہ مُستقل طور پر ایک قوم کے سردار ہیں جسکا ہر پہلو اور ہر گوشہ اُن کی وجہ سے محفوظ و مصُوّن ہے۔

اگر تُو اُن کے مُلک کے بارے اُن سے لڑائی جھگڑا کرے گا تو اُنہیں سخت دِل اور سخت مزاج پائے گا لیکن اگر تو اُن کے پاس کسی مطلب کے حصُول کے لئے جائے گا تو اُنہیں نہایت نرم دِل پائے گا،

وُہ سخت ہیں لیکن اپنے نیاز مندوں کے لئے نرم ہیں جیسے پانی سخت پتھر سے جاری ہو کر جسے چاہتا ہے غنی کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے فقیر بنا دیتا ہے۔

اُن کا امر دوستوں کو زندگی دیتا ہے اور دشمنوں کو ہلاکت آشنا کر دیتا ہے،

وُہ امام جب کوئی حُکم دے دیں تو بڑے سے بڑا خطیب بھی اُس کو بجا لانے میں کوتاہی نہیں کر سکتا،

وُہ ہمارے ساتھ چادر اوڑھے ہوُئے جمع ہو کر نماز پڑھتے ہیں اور ہماری ذوات کے لئے چادر کی حیثیت سے ہیں۔

پس اُس پوشیدہ بھید کی طرف دیکھ جو ایسے موتی کی طرح ہے جو گہرے دریا میں جلوہ افروز ہو،

یہاں تک کہ اُس کے صوُرت پذیر ہونے پر لوگ حیرت زدہ ہو جائیں، جیسے اُس شخص کی حیرت جو جہاں سے چلا ہو وہیں واپس آ جائے،

تعجب ہے کہ اُس موتی کو اُس کے صدف نے بھی نہیں چھپایا

"کیونکہ سُورج سخت اندھیری رات کی تاریکیوں کو ختم کر دیتا ہے"
اسی ہی اگر کوئی بندہ کسی راز کو ظاہر کرتا ہے تو اُسکے بارے میں کہا جاتا ہے اسے میرے امینوں میں لکھ لو"
اگر وُہ کسی پوشیدہ بھید کو کھولتا ہے تو اُسے زمین و آسمان بھی نہیں جان سکتے"

اگرچہ میری زبان کی لکنت میرے بیان میں حائل تھی یعنی میں بیان کرنے سے عاجز تھا پھر بھی میں نے اُس کے چند اوصاف بیان کر دیئے ہیں"

لوگوں نے کہا! تُو نے اُسے ذات، اسماء اور صفات میں ہمارے معبود سے مِلا دیا ہے اب تو حق تعالیٰ کی تعریف کیسے کرے گا جس نے تجھے عُمدہ طریقے پر پیدا فرمایا اور پیٹ کی تاریکیوں میں تیری تخلیق کی تکمیل فرمائی، (یا یہ کہ تو حق کو کیسے پہچانتا ہے جس نے تیری تخلیق انتڑیوں کے اندھیروں میں مکمل فرمائی)

ہم نے کہا! تُو نے سچ کہا! کیا تُو نے میرے اُمّ کے سوا کائنات کے مُوجد سے تحقیقی معرفت حاصل کر لی ہے۔

تو بیشک جب تو نے تعریف بیان کی تو وُہ دُوسرے پر میری ذات ہے تو میری ذات کی عین دُوسری ذات ہے۔
جب تُو اُس کے وجود کی معرفت چاہے گا جو میرے نزدیک ہے تو اُسے غُرماء پر تقسیم کرنا ہو گا"

پس جو میری عین سے عدم ہے وُہ اُس کا وجود ہے پس اُس کا ظہور میرے اِخفاء پر موقوف ہے۔

وُہ ظاہر ہے مگر اپنے حق کے لئے ہمارے لئے اکیلا ظاہر ہے اور
میری عین ظاہر اور میری بقاء ہے،
اگر وُہ اکیلے طالب کی جستجو کرتا تھا تو وُہ دوسرے کے لئے متجسّس تھا،
یہ محال ہے اور میرے اِخفاء وفناء میں اُسکی عین سے اُس کا وجود درست ہے،
پس تمہاری طرف اُسکا اِخفا کب ظاہر ہے سُورج کی ذات کا اخفاء انوار میں ہے،
ناظرین کا اپنے عیون نصب کا بادل دیکھنے میں خواہش کے ہاتھ کا تصرف ہے،
ابر آلود آسمان کے پیچھے بادل کے لئے آفتاب کا نور ظاہر ہوتا ہے
اور الصار اندھیرے میں ہیں،
پس کہتے ہیں کہ بے شک وُہ خلوت میں ہے اور وہ تحلیلِ اجزاء کے
ساتھ مشغول ہے،
تجرّد کے لئے زمین پر بارش برسنے کے ساتھ دُوسرے کے
لئے نہ نصب ہے اور نہ اعیاء ہے،
جیسا کہ آفتاب کے طلوع کے وقت اُس کی روشنی میں آسمان
کے تمام چمکتے ہوئے ستارے محو ہو جاتے ہیں،
پس جب غروب آفتاب کے بعد ایک ساعت گذرتی ہے تو
تیری آنکھ کے لئے ستارے آسمانی بُرج میں ظاہر ہو جاتے ہیں،
مُردہ اور زندہ دونوں کے لئے یہ امر اُس کی ذات میں ہے اور
کیا خُوب دیکھا ہے،
پس اُس کا اخفاء ہم سے ظاہر ہے اور اُس کا ظہور اُس سے
اور اُخفاء میں رمز ہے،

ہمارا اخفاء اس کی وجہ سے ہے اور ہمارا ظہور روشنی ہماری وجہ سے ہے چنانچہ اس کی روشنی ہماری عین ہے۔

پھر میں نے اس کے بالعکس دوسری رمز کی طرف توجہ دی تو معلوم ہوا کہ اُس کے معارف حد و شمار سے باہر ہیں۔

گویا کہ اعیان کے سلسلہ میں ہم دونوں برابر ہیں جس طرح مصفا شیشے میں مصفا شراب برابر ہے۔

علم تالّف کے اخلاص کی گواہی دیتا ہے اور آنکھ مشاہدین کو حرف واحد اکو پیش کرتی ہے۔

چنانچہ رُوح اپنے پیدا کرنے والے سے اور اپنے ہمجنسوں کو چھوڑ کر اپنی ذات سے لذت پذیر ہوتی ہے۔

اور حِس بھی اپنے رب تعالیٰ کی رؤیت سے لذت حاصل کرتی ہے اور نعمتوں کے احساس سے فنا پذیر ہے۔

پس اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے اور اُس کی کبریائی میری رداء ہے اور نُور میرا ابدر ہے اور ضیاء میری ذکا ہے۔

مشرق میرا مغرب اور مغرب میرا مشرق ہے بعد میرا قُرب اور قُرب میرا بُعد ہے۔

آگ میرا غیب ہے اور جنت میرا شہود ہے، خلقِ جدید کے حقائق میرے غلام ہیں۔

جب تو میرے گلستان میں سیر و تفریح کرنا چاہے گا تو میرے اندر تمام مخلوق کو موجود پائے گا۔

جب میں امامت سے مُنہ موڑ لوں گا تو ایسا کوئی شخص نہیں

ہوگا جو میرے بعد میری خلافت کو سنبھال سکے،

الحمد للہ کہ میں پیدا کرنے والے اور پیدا ہونے والوں دونوں کے حقائق کا جامع ہوں،

میرے یہ اشعار عجائب و غرائب کا مظہر ہیں جنہوں نے بڑے بڑے فُصحاء اور بُلغاء کا ناطقہ بند کر دیا ہے،

اَے عبد العزیز! ہم دونوں مل کر اپنے پروردگار کا شکریہ ادا کریں اور اِس کے ساتھ ہی عذرا کا بھی شکریہ ادا کریں"

کیونکہ شرعی طور پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہی حکم ہے کہ ہم اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکریہ ادا کریں اور اپنے والدین کا شکریہ ادا کریں اور یہی اُس کا فیصلہ ہے"

اشعار کا ترجمہ تمام ہوا

اللہ تعالیٰ کی اُس حمد کے بعد جس حمد سے کسی اور کی حمد نہیں کی جاسکتی اور اُس ذاتِ اقدس پر تمام صلواۃ وسلام کے بعد جسے وہ سیر کرانے کے لئے اپنے اِستوا پہ لے گیا،

اَے عقلمند ادیب، دوست، حبیب! جان لے کہ جب حکیم اپنے ساتھی سے بچھڑ جائے اور دونوں کے درمیان گردشِ زمانہ حائل ہو جائے تو اُس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے دوست کو اُن تمام باتوں سے آگاہ کرے جو اُس نے اُس سے علیحدگی کے دوران حاصل کی ہوں اور اُس کی عدم موجودگی میں حاصل ہونے والے سامانِ حکمت کے بارے میں بتائے، تاکہ اُس کے دوست کو اُن لطائف و معارف اور حکمتوں کے ملنے سے خوشی حاصل ہو جو خدائے محسن و رحیم نے اُسے عطا کئے اور جو کلمات اُسے سکھائے ہیں اور یُوں معلوم ہو کہ اُس کا دوست اُس سے الگ ہُوا ہی نہیں اِس لئے کہ اُس کا دوست اُس کی کچھ باتیں سُن چکا ہے، اللہ تعالیٰ اُس کے دوست کو باقی رکھے ایسی صورت میں یہ سب کچھ بتانا اور بھی ضروری ہو جاتا ہے جب اُس کے دوست کے دِل میں دوستی کا خلوص مکدّر ہو چکا ہو اور انقباض پیدا ہو گیا ہو"

بہر کیف! اُس کے دوست نے اُس سے تنقید کی آنکھیں بند کر لی ہیں اور دوست کے بارے میں اُسے اچھا عقیدہ حاصل ہو گیا ہے، کیونکہ تیرے بارے میں وُہی شخص اہتمام کرے گا جو تیرے متعلق سوال کر سکتا ہے۔

پس اللہ تعالیٰ دوست کو دوام بخشے اُسے مبارک ہو کہ قلب سلامت

ہے اور پہلو میں اُس کی محبت قائم و دائم ہے"

اللہ تعالیٰ اُسے باقی رکھے وُہ جانتا ہے کہ اُس کی محبت غرض و غایت اور خواہشات پر مبنی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور بغیر کسی علّت کے قدیمی طور پر اُس کے دِل میں موجود ہے، جس میں نہ تو اِضافہ ہوتا ہے اور نہ ہی وُہ کم ہوتی ہے، نہ کسی جزا کی تمنا ہے نہ سزا سے بچنے کی خواہش"

اللہ تعالیٰ میرے دوست کی حفاظت فرمائے میں نے پہلی مرتبہ اُن کی طرف ۵۹۰ھ میں سفر کیا تھا، جب کہ اُن کا میری طرف عدمِ التفات تھا اور وُہ میرے مقاصد و مذاہب پر چلنے سے مُتنفر تھے۔

کیونکہ وُہ اِس میں نقص دیکھتے تھے خُدا اُن سے راضی ہو اور میں اُنہیں اِس میں معذور پاتا تھا"

وُہ جو کچھ بھی سمجھتے تھے وُہ میرے ظاہری حال اور بیرونی احوال کے مشاہدہ سے تھا، کیونکہ مجھ پر جو حالت طاری تھی وُہ میں نے اُن سے اور اُن کے بیٹوں سے چھپا رکھی تھی اور اُن پر اپنی بدحالی اور شرِ حِس کا اظہار کیا کرتا تھا"

بسا اوقات میں اُن کو خبردار کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ ظاہر بھی کر دیتا تھا مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کو یہ منظور نہ تھا کہ اُن میں سے کوئی ایک بھی مجھے اچھی نظروں سے دیکھے"

ایک دِن وُہ دوست مجلس میں صدر نشین تھے تو میں نے اُن کے گوشِ سماعت کو کھٹکھٹانے کیلئے یہ شعر پڑھے۔

انا القرآن والسبع المثانی　　وروح الروح لا روح الاوانی
فؤادی عند معلومی مقیم　　یشاهده وعند کم لسانی
فلا تنظر بطرفك نحو جسمی　　وعدّ عن التنعم بالمغانی
وغص فی بحر ذات الذات تبصر　　عجائب ماتبدّت للعیان
واسرارا تراءت مبهمات　　مستّرة بأرواح المعانی

میں قرآن اور سبع مثانی ہوں، میں رُوحوں کی رُوح ہوں جسموں کی رُوح نہیں"

میرا دِل میرے معلوم کے پاس اقامت گزین ہے اور اُس کا مشاہدہ کرتا ہے تمہارے پاس میری زبان ہے"

تُو اپنی نظر سے میرے جسم کو نہ دیکھ اور مغانی سے نعمت حاصل کرنے سے گریز کر"

تُو ذات کی ذات کے سمندر میں غوطہ زن ہو گا تو ایسے عجائبات دیکھے گا جو واضح طور پر ظاہر ہونگے"

اور ایسے اسرار بھی دیکھے گا جو مُبہم نظر آتے ہیں اور معانی کی رُوحوں میں پوشیدہ ہیں"

خُدا کی قسم جب میں نے اِس قطعہ سے ایک شعر پڑھا تو مجھے معلوم ہوا جیسے میں کسی میّت کو سُنا رہا ہوں اور اِس کا باعث وہ حکمت تھی جس کی رضا مجھے مطلوب تھی اور نفس یعقوب میں ایک حاجت تھی جو اُس نے پُوری کر لی"

مجھے اِس اجتماع مکرّم میں اُن کے کلیم ظاہر اور مقدّم ابُو عبداللہ بن مرابط نے محسُوس کیا لیکن یہ احساس کامل نہیں تھا بلکہ اِس میں قدرے

شکوک و اشتباہ بھی شامل تھا، البتہ شیخ مُسن مرحوم جراح کے سامنے میں پُوری طرح کھُل گیا تھا، میں اُس کے پاس موجود رہا اور حضرت دوست کی مفارقت کے بعد اُسے نہیں چھوڑا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے ذکر اور اُس کے اپنے احوال پر شکر کرنے کے لئے اُسے باقی رکھے اور اُس نُطق کو بھی قائم رکھے جو اُس کے مناقب بیان کرتا ہے اور اُس کے آداب کا عاشق ہے۔

میں نے جب کبھی اُس دوست کے بارے کتابوں میں تحریر کیا تو سواروں کے ذریعہ مختلف شہروں میں اُس کی شہرت ہوگئی اور دوست بھی اِس امر سے واقف ہوگیا۔

یقیناً اُس سبب کے اقتضاء سے قبل میری محبت جلد یا بدیر اُس پر ثابت ہو گئی۔

تاہم وُہ اِسے اپنی ذات میں قائم بھی رکھتا ہے اور چھوڑ بھی دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ میرے دوست کو اپنا دوست بنائے رکھے اس واقعہ کے کئی سال بعد اُس کے مکان پر اُس سے مُلاقات ہوئی تو چند یوم کے علاوہ نو ماہ کا عرصہ عیش و راحت اور رُوح و بدن کی مسرتوں کے ساتھ اُس کے پاس گذارا اور ہم میں سے ہر ایک نے اپنے دوست کے لئے خلوص و سماحت کی کوشش کی۔

وُہ میرا بھی رفیق تھا اور اُس کا بھی رفیق تھا اور ہم دونوں کا دوست ابو عبداللہ بن مرابط تھا جو ایک عقلمند بزرگ، محصل و ضابط غیور النفس، پسندیدہ کردار و عادات اور پاکیزہ اعمال کا مالک اور ہمیشہ تسبیح و تلاوت قرآن میں وقت گذارنے والا شخص تھا۔

اور میرا دوست عبداللہ بدر حبشی تھا خدا اُسے گہن سے بچائے وہ خالص ضیاء اور نور محض تھا، وہ ہمیشہ پوشیدہ اور اعلانیہ ذکرِ خدا میں مشغول رہنے والا، میدانِ معاملات کا پہلوان، صاحبِ منازل، وِرد و منازلات سے واقف، اپنے حال میں منصف، حق و باطل میں تفریق کرنے والا، اپنے اہل کا حق پہچان کر اُسے ادا کرنے والا، حق لینے والوں سے مخالفت کی بجائے موافقت کرنے والا تھا، اُس نے درجۂ امتیاز حاصل کر لیا تھا اور وہ کٹھالی میں گلایا جانے کے بعد خالص سونا بن کر نمودار ہوا تھا۔ اُس کا کلام حق اور اُس کا وعدہ سچا تھا، پس ہم چار ارکان تھے اِن پر پورا جہان اور انسان قائم تھے، پھر وہاں پیدا ہونے والے چند حالات کی بنا پر ہم چاروں الگ الگ ہو گئے اور اب تک اِسی حالت پر قائم ہیں

چنانچہ میں نے حج اور عمرہ کی نیت کی اور تیزی کے ساتھ اِس مجلس کریم کی طرف چل پڑا۔ اور اُم القریٰ میں پہنچ کر اپنے خلیل علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوا جس نے میزبانی کو سنت کا درجہ دیا، پھر میں نے صخرہ اور اقصیٰ میں نماز ادا کی پھر اپنے اور اولادِ آدم کے سردار دیوانِ احاطہ واحصاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کیا،

بعد ازاں اللہ تبارک وتعالیٰ نے میرے دل میں ڈال دیا کہ معارف کے اُن فنون کو اپنے دوست کی خدمت میں پیش کروں جو میں نے اُس سے مخفی اور الگ رہ کر حاصل کئے اور علم کے اُن جواہرات کا ہدیہ اُس کی نذر کروں جو میں نے دورانِ سفر حاصل کئے،

چنانچہ میں نے یہ کتاب تیار کی جسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے جہالت سے منہ موڑنے کے لئے تعویذ بنا دیا ہے۔

اس دوست کے علاوہ، ہر مخلص دوست، محقق، صوفی اور میرے حبیب، ولی، ذہین و فہیم بھائی، نیک اخلاق برخوردار عبداللہ بدر حبشی یمنی، معتق ابی غنائم ابن ابی الفتوح حرانی کے لئے، اللہ تعالےٰ اِسے مفید بنائے۔

میں نے اِس کتاب کا نام "فتوحاتِ مکیہ فی معرفت اسرار المالکیہ والملکیہ" رکھا، اِس لئے کہ میں نے اِس کتاب میں اکثر وُہ باتیں بیان کی ہیں جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے مجھے بیتِ مکرّم کے طواف اور حرم شریف میں مراقبہ کے دوران عطا فرمائیں، میں نے اِس کے ابواب شریفہ مقرّر کئے اور اس میں لطیف معانی بھر دیئے۔

کیونکہ جب تک انسان اپنی انتہاء کو نہ پہچان لے اُس پر ابتداء کی مشکلیں آسان نہیں ہوتیں، بالخصوص جب وُہ اِس پھل کا ذائقہ چکھ لے یا اُسے اپنی غایت و تمنا بنالے۔

جب کسی کی بصارت کا دروازہ محصور ہوجاتا ہے تو بصیرت کی آنکھ وا ہوجاتی ہے اور وُہ شخص جواہرات اور موتی نکالنے لگتا ہے، یہ دروازہ اُسے اُس کی عقل و فہم اور قوّت ارادی کے مطابق رُوحانی حکمتیں اور رَبّانی نکات عطا کرتا ہے، اور اُس کے علم کے سمندروں کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہونے سے اُسے نفس کی وُسعت عطا کرتا ہے۔

لما لزمت قرع باب الله — كنت المراقب لم أكن باللاهي
حتى بدت للعين سبحة وجهه — والى هلم لم تكن الاهي
فاحطت علما بالوجود فمالنا — فى قلبنا علم بغير الله
لو يسلك الخلق الغريب محجتي — لم يسألوك عن الحقائق ماهي؟

جب میں نے اللہ تعالیٰ کے دروازے کو کھٹکھٹانے کا فیصلہ کیا
اُس وقت میں مراقبہ میں وقت ضائع کر رہا تھا "
یہاں تک کہ میری آنکھوں کے سامنے اُس کا چہرہ نمودار ہوا تو
میرے سامنے اُس کے سوا کوئی نہ تھا "
میں نے علم وجود کا احاطہ کر لیا اب میرے سینے میں اللہ تعالےٰ
کے بغیر کوئی علم نہیں اگر غریب مخلوق میرے طریق پہ چلے تو وُہ تجھ سے
کبھی نہ پوچھے کہ یہ کیا چیز ہے ؟ "

بعد ازاں اِس کتاب کے ابواب شروع کرنے سے پہلے میں نے
اِس کتاب کی فہرست کے ابواب کا باب مقرر کیا، پھر علوم اسرار الٰہیہ کے
ضمن میں تمہیدی مقدمہ بیان کیا انشا اللہ العزیز فہرست کے باب کے
مطابق اِس کے ابواب میں کلام کیا جائے گا، اور اللہ تعالیٰ ہی حق کہلاتا
اور سیدھے راستے پر چلاتا ہے "

الحمد للہ پہلی جزء تمام ہوئی انشا اللہ العزیز اُس پر دوسری[1] جزء
پڑھی جائے گی وصلی اللہ علیٰ محمد و علیٰ آلہ الطاہرین "

---

[1] شیخ اکبرؒ کی صراحت کے مطابق اِس کتاب کی دوسری جزء کتاب کی فہرست پر مشتمل ہے لہٰذا اب
مقدمہ کی صورت میں تیسری جزء کا آغاز کریں۔ مترجم

مُقدّمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بسا اوقات میرے خیال میں آیا کہ اِس کتاب کی پہلی فصل اُن عقائد پر مقرّر کردوں جن کی تائید اُدلّہ قاطعہ اور براہین ساطعہ سے ہوتی ہو، پھر میں نے دیکھا کہ یہ اُس شخص کیلئے مشکلات کا باعث ہوگا جو اسرارِ وجود کے زیادہ سے زیادہ عقائد کی تلاش پر آمادہ اور الطافِ جُود و سخی کے درپے ہو اگر طالب خلوت و ذکر کو لازم قرار دے کر اور فکر سے فارغ ہو کر فقیر بن کر بیٹھ جائے گا تو اُس کے لئے اُس کے پروردگار کے دروازے پر کچھ نہیں جب تک اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے وہ معارفِ ربانیہ اور اسرارِ الٰہیہ قلم سے نہ عطا فرمائے جو اُس نے اپنے بندے حضرت خضر علیہ السلام کو عطا کرکے فرمایا!

فَوَجَدَا عَبۡدًا مِّنۡ عِبَادِنَاۤ اٰتَیۡنٰہُ رَحۡمَۃً مِّنۡ عِنۡدِنَا وَ عَلَّمۡنٰہُ مِنۡ لَّدُنَّا عِلۡمًا[1]

ترجمہ: ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت عطا فرمائی اور علم اسرار سکھایا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے مزید فرمایا!

وَاتَّقُوا اللّٰہَ ؕ وَ یُعَلِّمُکُمُ اللّٰہُ[2]

ترجمہ: اور اللہ سے ڈرو، اور اللہ تمہیں علم سکھاتا ہے

---

[1] الکہف آیت ۶۵ [2] البقرہ آیۃ ۲۸۲

إِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَكُمْ فُرْقَانًا[1] ترجمہ: اگر تم اللہ سے ڈرتے رہے تو تمہارے لئے ایک قوتِ امتیاز پیدا کر دے گا

وَيَجْعَلْ لَكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ[2] ترجمہ: اور اللہ تمہارے لئے ایک نور بنائے گا جس کی روشنی میں تم چلو گے۔

کسی نے حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے پوچھا آپ نے جو پایا کیسے پایا؟ آپ نے فرمایا! میں اِس درجہ کے نیچے تیس سال ساتھ بیٹھا ہوں،

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں تم لوگوں نے اپنا علم مُردے سے مُردے نے سیکھا ہے جبکہ ہم نے اپنا علم اُس ذات سے حاصل کیا ہے جو حیّ لایموت ہے تو یہ علم صاحب ہمت کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خلوت میں حاصل ہوتا ہے اور اس کے ساتھ اُس کی جلالت رُعب اور عظمتِ احسان ہے علوم میں سے ظاہر طور پر مشکل کی کوئی چیز اُس سے غائب ہو بلکہ ہر صاحب نظر و برہان کو یہ کیفیت حاصل نہیں ہوتی اور یہ علم اُس کی نظرِ عقلی کے ماورٰی ہے جبکہ علوم کے تین مرتبے ہیں۔

پہلا علم عقلی علم ہے

یہ ہر علم تجھے فی البدیہہ یعنی بغیر غور و فکر کے حاصل ہو سکتا ہے یا دلائل جیسی کسی اور چیز میں غور و فکر کرنے سے بھی ہو سکتا ہے مگر اُس میں لغزش کا خطرہ ہے اور یہ امر علوم میں سے اِس فن کے لئے مجمع و مختص ہے، اِسی لئے نظر کے بارے میں کہتے ہیں کہ اِس سے صحیح بھی ہے اور فاسد بھی ہے،

---

[1] انفال آیت ۲۹ [2] الحدید آیت ۲۸

دوسرا علم علم الاحوال ہے

بلم الاحوال کی طرف سوائے اہلِ ذوق کے کوئی راستہ نہیں، عاقل نہ تو اِس کی حد پر قادر ہے اور نہ ہی اِس کی معرفت پر دلیل قائم کر سکتا ہے، جیسا کہ شہد کی مٹھاس، ایلوے کی تلخی، لذت جماع، عشق، وجد و شوق، اور اِس قسم کی دوسری شکلوں کا علم ہے۔

تو کسی شخص کا اِن علوم کو جان لینا محال ہے سوائے اِس کے وہ اُسکے ساتھ اور اُسکی جنس سے اہلِ ذوق میں اُسکے ذوق و شباہت سے متصف ہو جیسا کہ کسی نے کڑوا زرد رنگ کھایا اور ایک مرتبہ اُس نے شہد پایا جو اُس جیسا نہیں تو اگر وُہ شخص کھانے کے وقت کہے یہ وہی کڑوا زرد رنگ ہے،

تیسرا علم علم الاسرار

علوم اسرار وُہ علم ہے جو طورِ عقل کے اُوپر ہے اور یہ علم روح میں پاکیزہ رُوح پھونکنا ہے جو کہ نبی اور ولی کے لئے مختص ہے، اِس علم کی دو قسمیں ہیں،

پہلی قسم! عقل سے اِدراک کرنا جیسا کہ پہلا علم انہی اقسام سے ہے مگر اِس عالم کو یہ علم نظر سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ اُسے علم کا یہ مرتبہ عطا کر دیا جاتا ہے

دُوسری قسم! دو ضربوں پر مشتمل ہے اِن میں سے ایک ضرب دُوسرے علم سے ملتی ہے مگر اِس کا حال اُس سے اعلیٰ ہے،

اور دُوسری ضرب علوم اخبار پر مشتمل ہے اور اِس میں سچی اور جھوٹی دونوں قسم کی خبریں داخل ہیں۔

اِس صُورت میں اگر مخبر بہ کے نزدیک خبر دینے والا صادق اور صاحب عصمت

ہو اور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرح اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبریں دیتا ہو جیسا کہ اُنھوں نے جنت اور جو کچھ اُس میں ہے کی خبریں دی ہیں، مثلاً اُن کا جنت کی جگہ بتانا تو یہ علمِ خبر ہے، اور قیامت میں کہنا کہ وہاں حوض ہے اور وہ شہد سے میٹھا ہے تو یہ علمِ احوال ہے اور یہی علمِ ذوق ہے،

اور یہ ارشاد کہ خدا تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور اس کی مثل دُوسرے علوم ہیں جن کا ادراک عقل نظر سے کر سکتی ہے، تو یہ تیسری صنف ہے جسے علم الاسرار کہتے ہیں، اس علم کا جاننے والا تمام علوم کو جانتا ہے اور اُن میں ڈوبا ہوتا ہے، دُوسرے کسی علم کو جاننے والا اس جیسا نہیں اور نہ ہی کوئی علم اِس علم سے اشرف اور اعلیٰ ہے،

اور یہ علم بقیہ تمام معلومات پر حاوی اور محیط ہے،

اندریں صورت مُخبر بہ کا سامعین کے نزدیک صادق اور معصوم ہونا ہے جبکہ اُس کی یہ شرط عوام کے نزدیک ہے،

رہا وہ عاقل و زیرک جس کا نفس پاک طینت ہے لیکن وہ کہتا ہے کہ فلاں چیز میرے نزدیک جائز ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ یہ سچ ہے یا جھوٹ تو اس کا قول میرے نزدیک جائز ہے،

جیسا کہ ہر عاقل کو پتہ ہے کہ اُسے یہ علوم غیر معصوم سے پہنچے ہیں اور وہ نفس الامر میں ان خبروں کے دینے میں سچا ہو" لیکن اس سے سُننے والے پر لازم نہیں آتا کہ وہ اُس کی تصدیق یا تکذیب کرے مگر اُس کی صداقت میں تامّل کرے اور اس میں کچھ اُسے نقصان نہیں کیونکہ اُس کی خبر میں جو آیا ہے اُس میں عقلوں کا حیلہ نہیں بلکہ اُس کا جواز موجود ہے یا پھر اُس کے نزدیک توقف ہے

پس جب ایسا امر آجائے جو عقلاً جائز ہے اور شارع اُس سے خاموش ہے تو ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ اُسے بالکل ہی رَد کر دیں اور ہمیں اُسے قبول کر لینے میں

اختیار ہے۔

پس اگر مخبر بہ کا حال اُس کے عادل ہونے کا مقتضی ہے تو ہمیں اُسے قبول کرنے میں نقصان نہیں جیساکہ اُس کی گواہی قبول کرنا اور اُس کے ساتھ اموال و ارواح میں حکم دینا اور اگر وہ شخص ہمارے علم میں عادل نہیں تو اُس پر غور کریں اگر اُس کی خبر ہمارے نزدیک دوسری صحیح وجوہات پر جائزات کے باب میں سچی ہے تو اُسے قبول کرلیں ورنہ چھوڑ دیں، اور اُس کے قائل کے بارے میں کسی چیز پر کلام نہ کریں کیونکہ یہ شہادت مکتوبہ ہے جس کے بارے میں اُس سے پوچھا جائے گا،

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُونَ[1] ترجمہ اب اُن کی گواہی لکھ لی جائے گی اور ان سے جواب طلب کیا جائے گا۔

اور ہم اِس میں اخلاصِ نفس کے زیادہ حق دار ہیں، اور اگر یہ مخبر معصوم کی لائی ہوئی خبر کے سوا خبر نہیں دیتا تو ہم اُس کی اُس روایت سے مقابلہ کریں گے جو ہمارے پاس ہے تو ہمارا اُس کی خبر کے ساتھ زیادہ کرنا بے فائدہ ہے

اور بے شک صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اسرارِ شریعہ سے اسرار و حکم کے ساتھ ایسی خبر لائے ہیں جو کہ (انسان کی) قوتِ فکر و کسب سے خارج ہے اور سوائے مشاہدہ اور اِلہام کے اس تک کبھی نہیں پہنچا جاسکتا،

---

[1] الزخرف آیت ۱۹

علمِ اسرار کا ثبوت

بقول علیہ السلام ان یکن فی امتی محدثون منهم عمر

وقوله فی ابی بکر فی فضلہ بالسر غیرہ،

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری اُمت میں محدثین ہونگے جن میں ایک عمرؓ ہیں اور آپ کا ارشاد ہے کہ ابو بکرؓ سِر کے ساتھ دوسروں سے افضل ہیں،

اور اگر ان علوم سے وجود میں انکار واقع نہیں ہوتا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قول کچھ فائدہ نہیں دیتا

عن ابی هریرة رضی الله عنهُ حفظت من رسول الله علیه وآله وسلم وعاءین فاما احدهما فبثثته واما الآخر فلو بثثته قطع منی هذا البلعوم

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم کے دو تھیلے سیکھے یعنی دو قسم کا علم حاصل کیا ایک کو میں نے لوگوں میں پھیلا دیا ہے اور اگر میں دوسرے علم کو پھیلاؤں تو میرا یہ نرخرا کاٹ دیا جائے "

راویانِ حدیث

۵۸۹ھ میں فقیہ ابو عبداللہ محمد بن عبیداللہ حجری نے مجھ سے اپنے گھر میں اس کے ساتھ کی حدیث بیان کی اور ایسے ہی دوسری حدیث ۵۹۲ھ میں ابو ولید احمد بن محمد بن عربی نے اپنے گھر اشبیلیہ میں مجھ سے بیان کی سبھی کہتے ہیں ابو ولید

لہ بخاری کتاب العلم

ابن عربی کے علاوہ بھی ہم سے یہ حدیث بیان کی گئی ہے، تو بے شک اُس نے کہا
مَیں نے اباحسن شریح بن رعینی سے سُنا اُنہوں نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے
ابی ابو عبداللہ اور ابو عبداللہ محمد بن احمد بن منظور القیسی نے دونوں پر کر سنا حضرت
ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابی محمد عبداللہ بن احمد بن حمویہ سرخسی حموی و ابی
اسحٰق مستملی اور ابی الہثیم محمد بن مکی الکشمیہنی سے اِس حدیث پر دونوں نے سنا،
انہوں نے کہا ابو عبداللہ محمد بن یوسف بن مطر فربری نے ہم سے اور اُن سے
ابو عبداللہ بخاری نے حدیث بیان کی ایسے ہی مجھ سے ابو محمد یونس بن یحییٰ
بن ابی الحسین بن البرکات ہاشمی عباسی نے مکہ معظمہ حرم شریف میں کعبہ معظمہ کے
رُکن یمانی کے پاس ۵۹۹ھ جمادی الاول میں ابی الوقت عبدالاول بن عیسٰی سجزی
ہروی سے حدیث بیان کی اُنہوں نے ابی الحسن عبدالرحمٰن بن مظفر الداودی سے
اُنہوں نے ابی محمد عبداللہ بن حمویہ سرخسی سے اُنہوں نے ابی عبداللہ الفربری
سے اُنہوں نے بخاری سے بخاری نے صحیح بخاری میں کہا: حدیث بیان کی
مجھ سے اسمٰعیل نے اُنہوں نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے میرے بھائی نے
ابن ابی ذئب سے اُنہوں نے سعید مقبری سے اُنہوں نے حضرت ابو ہریرہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے"

(اِس حدیث شریف اور بلعوم کی شرح ابی عبداللہ بخاری نے کتاب العلم
میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کے ضمن میں کی ہے اور
بیان کرتے ہیں کہ بلعوم گذرگاہِ طعام ہے) مترجم

اللہ عزوجل کا ارشاد ہے،

اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَھُنَّ یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَھُنَّ

اللہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور ان کے برابر زمینیں بنائیں اُن کے درمیان حکم اترتا

لِتَعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ[1] ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے

تو اس آیت کریمہ کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا یہ قول فائدہ نہیں دے گا کہ!

اگر اس کی تفسیر بیان کروں تو مجھے سنگسار کر دیتے اور ایک روایت میں ہے تم کہتے میں کافر ہوں۔

مجھ سے یہ حدیث ابُو عبداللہ محمد بن عیشون نے ابی بکر قاضی سے محمد بن عبداللہ بن عربی معافری سے اُنھوں نے ابی حامد محمد بن محمد طوسی غزالی سے بیان کی ہے اور حضرت علی ابن ابی طالب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نواسے جناب رضی کے اس قول کا کیا مطلب ہو گا جو اُنہوں نے فرمایا ہے کہ

یارب جوهر علم لو أبوح به لقیل لی أنت ممن یعبد الوثنا
ولاستحل رجال مسلمون دمی یرون اقبح ما یأتونه حسنا

اے پروردگار اگر میں علم کے جوہر ظاہر کر دوں تو مجھے کہا جائے گا کہ تو صنم پرستوں میں سے ہے"

اور مسلمان میرا خون حلال قرار دے دیں گے جبکہ "میرا خون بہانا، بہت ہی بُرا کام ہو گا مگر وہ اِسے اچھا سمجھیں گے"

پس یہ تمام حضرات نیکوں کے سردار اور اِس علم کے جاننے والے ہیں انہی سے یہ علم مشتہر ہوا ان میں بہت سے اِس علم کے عالم اور اِس کے مرتبے اور منزلت کو جانتے ہیں جب کہ بہت سے لوگ اس کا انکار کرتے ہیں، عاقل و عارف کو چاہیئے کہ اُن کے انکار میں اُن پر مواخذہ نہ کرے بیشک حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ حضرت خضر علیہ السلام کے قصے میں اُن کے لئے گشادگی ہے اور

---

[1] الطلاق آیت ۱۲

دونوں گروہوں کے لئے محبت ہے، اگرچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا انکار اُن کی شرط کے مطابق نسیان سے تھا اور اللہ تعالیٰ نے اُسکی تعدیل کردی یہ بعینہ منکرین پر حجت ہے لیکن اس میں ان سے جھگڑنے کی ضرورت نہیں بلکہ ! ہم یہ کہتے ہیں جیسا کہ نیک بندے نے کہا ہذا فراق بینک وبینی یعنی یہ میرے اور تیرے درمیان جدائی ہے،

فلسفی کے مذہب کے بارے میں

وصل! اے ناظر تجھ سے یہ صنف پوشیدہ نہیں یہی وُہ علم ہے جو انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا علم ہے اور اُن کی وراثت ہے۔

جب تو مسائل میں سے کسی مسئلہ سے یعنی اِس علم کے بارے میں واقفیت حاصل کرلے جس کا تذکرہ فیلسوف متکلم یا اہل نظر کرتے ہیں تو تُو یہ کہے گا !

کہ یہ بات کہنے والا محقق صُوفی ہے اور وُہ فلسفی بھی ہے چونکہ فلسفی نے اِس کا ذکر کیا ہے تو وُہ اِس کا معتقد بھی ہوگا اور فلسفیوں سے ہی نقل کیا اور یہ اُسکا دین ہے تو بے شک فلسفی کے ساتھ کہا گیا کہ اُس کا دین نہیں، تو اے بھائی اُس بات سے کام نہ رکھ جس بات سے کچھ حاصل نہ ہو، فلسفی کا سارے کا سارا علم باطل نہیں،

پس تُو اُس کے اُس علم کے قریب ہو جو اُس کے پاس حق میں سے ہے بالخصوص وُہ جو ہم نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پایا خاص طور پر وُہ جسے وُہ شہوات اور نفس کی مکاریوں سے بریت کے حکم کے لئے وضع کرتا ہے اور اس پر برے ضمائر نہیں پہنچتے،

تو اگر ہم عرفانِ حقائق نہیں رکھتے تو ہمیں چاہیئے کہ اس مُتعینہ مسئلہ میں فلسفی کے قول کا اثبات کریں اور بے شک یہ حق ہے، جب کہ وُہ اِس میں رسُول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان یا صحابی یا امام مالک یا امام شافعی یا حضرت سفیان ثوری رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا قول بیان کرے۔

مگر تیرا یہ کہنا کہ میں نے یہ فلسفی سے سُنا ہے یا اُن کی کتابوں میں پڑھا ہے تو بے شک یہ تجھے اکثر طور پر کذب وجہل میں لے جائے گا، کذب یُوں کہ تو نے اُس کی بات سُنی یا پڑھی مگر اُس کا مشاہدہ نہیں کیا اور جہل یُوں کہ تو اِس مسئلہ میں حق و باطل کے درمیان فرق نہ کر سکے۔ مگر تیرا یہ قول کہ فلسفی بے دین ہے تو اِس پر دلیل قائم نہیں ہو سکتی کہ وُہ بے دین ہے اگرچہ اُس کے پاس باطل ہی باطل ہو اور ہر عاقل اِس کا پہلے عقل کے ساتھ ادراک کر سکتا ہے"

پس اِس قسم کے مسائل میں صوفی پر اعتراض کرنے سے تُو علم و صدق اور دین سے باہر نکل گیا اور جاہلوں، جھوٹوں، بہتان تراشی کرنے والوں، دین و عقل کی کمی والوں، فساد نظر اور انحراف کرنے والوں کے ساتھ منسلک ہو گیا۔

کیا تو نے دیکھا اگر خواب میں تجھے کچھ دیا جانے تو سوائے تعبیر اور تلاش معنی کے کیا تھا، تو ایسے ہی جو تجھے اس صُوفی سے ملے، لے لے اور اپنے نفس پر تھوڑی سی ہدایت دے کر فارغ ہو جا جب کہ تیرے مقام کے ساتھ عطا کرے یہاں تک کہ تجھ پر اُس کے اچھے معنے ظاہر ہوں اور یہ اِس سے بہتر ہے کہ تو قیامت کے دن کہے کہ ہم اِس سے غافلوں میں تھے بلکہ ظالموں میں تھے" الآیۃ

عقلِ نظری کا علم

ہر علم کی عبارت جب اپنے حسن و فہم کے معنوں میں کھُلتی ہے یا سامع کے فہم کے قریب و بعید ہوتی ہے تو وُہ عقلِ نظری کا علم ہے کیونکہ وُہ ادراک کے تحت ہے اور اگر نظر ہے تو سوائے علم اسرار کے اِس کے ساتھ مستقل ہے۔

تو جب اُس عبارت کا اخذ کرنا فہم و ادراک پر سخت اور ناگوار ہو اور اکثر اوقات کمزور اور متعصب عقلیں اس کی حقیقت جاننے سے گریزاں ہو جاتی ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے نظر و بحث کی صُورت اس میں رکھی ہیں، اس لئے بہت زیادہ علم رکھنے والا فہموں کے قریب تر پہنچنے کے لئے ضرب المثلوں اور اشعار سے کام لیتا ہے۔

علم احوال علم اسرار کے قریب ہے

علم اسرار اور علم عقول کے درمیان علم احوال ہے جس پر اکثر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جو اہل تجربہ ہوں اور یہ علم عقلی اور نظری علم کی نسبت علم الاسرار سے زیادہ قریب ہے لیکن علم عقلی ضروریہ کی صنف سے قریب تر ہے بلکہ اصل میں یہ وہی علم ہے، جب کہ عقول اس تک سوائے اس علم کی خبروں کے نہ پہنچ پائیں یا اس کی نبی یا ولی سے گواہی نہ ملے۔ اس لئے علم بدیہی کی تمیز ہے بشرطیکہ وہ اس کے شاہد کے نزدیک ضروری ہو

جان لے کہ جب تیرے نزدیک یہ اچھا ہو اور تو اُسے قبول کرے اور اس پر ایمان لے آئے تو پھر تجھے اس سے کشف بدیہہ کی بشارت دی جاتی ہے اور تو نہیں جانتا اور سوائے سینے کی ٹھنڈک کے اس دلیل کو کوئی راستہ نہیں مگر ساتھ اس کے کہ یہ اپنی صحت کے ساتھ قطع ہو اور عقل اس میں داخل ہو کیونکہ یہ اُس کے ادراک میں نہیں سوائے اس کے کہ یہ خبر لانے والا معصوم ہو اُس وقت عاقل کا سینہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اگر خبر لانے والا غیر معصوم ہے تو اُس کے کلام سے سوائے اہل ذوق کے لذت حاصل نہیں کر سکتا۔"

اگر تو کہے کہ میرے لئے مدّعی اس طریق کا خلاصہ پیش کرے تو بے شک یہ بہ طریقہ شریفہ سالک کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف واصل کرتا ہے اس پر یہ

کہ اِسے حقائق سے مقامات کے لئے قریب تر عبارت اور مختصر الفاظ کے ساتھ پیٹا نہیں جا سکتا یہاں تک کہ تو اِس پر عمل کرے اور بلانے والے تک پہنچ جائے بیشک تو اُس کی طرف داصل ہو گا اور مجھے خدا کی قسم وُہ تجھ سے تجربہ اور خبروں کی بنا پر نہیں لے گا بلکہ وُہ تجھ سے صدق پر اخذ کرے گا، میرا تیرے ساتھ نیک گمان ہے کیونکہ یہ خبر مجھے عقل کے عطا کردہ حصّہ سے ملی ہے اور بے شک یہ اُس سے ہے جس کے جواز و امکان کو عقل کاٹ دیتی ہے یا دُوسرے حُکمِ معیّن سے وہاں ٹھہر جاتی ہے "

پس اِس پر تُو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر اور تجھے تیرا آمال و نفع اور تیرے ساتھ نفع پہنچ چکا ہے،

یہ راستہ کس کے لئے ہے

جان لے کہ یہ طریق اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف اُس شخص کے لئے ہے جو مومنین اور نجات کے طالبوں میں سے خاص طور پر اِس راستہ پر چلتا ہے علاوہ اُن لوگوں کے جو اپنے نفسوں میں مشغول رہتے ہیں سوائے اس کے کہ اس کے لئے چار شعب بواعث، دوائع، اخلاق اور حقائق پیدا کئے گئے ہیں اور کوئی شخص اُنہیں اِس دوائی و بواعث اور اخلاق و حقائق کی طرف بلائے تو اُن پر یہ تین حقوق فرض ہو جاتے ہیں "۱۔ اللہ کا حق، ۲۔ اُن کی جانوں کا حق ۳۔ مخلوق کا حق۔

اللہ تعالیٰ کا اُن پر یہ حق ہے کہ وہ اُس کی عبادت کریں اور کسی چیز کو اُس کا شریک نہ ٹھہرائیں۔

مخلوقات کا اُن پر یہ حق ہے کہ اُنہیں کسی بھی قسم کی ایذا دینے سے باز رہیں

سوائے اس کے کہ اُس کے ساتھ حد قائم کرنے کا شریعت نے حکم دیا ہو،

حسب استطاعت و ایثار اس نیکی اور حد کے ساتھ رہے جن سے شریعت نے منع نہ کیا ہو کیونکہ موافقتِ غرض کی طرف سوائے شریعت کی زبان کے کوئی راستہ نہیں۔"

اپنی جانوں کا حق

اُن پر اپنی جانوں کا یہ حق ہے کہ سوائے سعادت و نجات کے کسی رستہ پر نہ چلیں اگر نفس اس سعادت و نجات کے راستہ کو اختیار کرنے سے انکار کرے تو اس کا باعث جہالت ہوگی جو اس پر مسلط ہے یا طبعی خرابی کیونکہ نفس کی خرابی کو دین اور مروّت دو چیزیں اخلاق فاضلہ میں تبدیل کرتی ہیں تو جہالت دین کی ضد ہے کیونکہ وُہ علوم سے ایک علم ہے اور خرابیٔ طبعیت مروّت کی ضد ہے۔

پھر چوتھی شعب کی طرف لوٹیں جسے دواعی کہتے ہیں جب کہ پانچویں شعب یا جس یہی ہے جس کا نام نفرالخاطر ہے، پھر ارادہ پھر ہمت اور پھر نیت ہے بواعث کے لئے دواعی میں سے تین اشیاء ہیں اول رغبت دوم رہبت سوم تعظیم،

رغبت، دو رغبتوں پر مشتمل ہے ۱ رغبت فی المجاورۃ ۲۔ رغبت فی المعائنہ یعنی قربت میں رغبت اور معاینہ میں رغبت،

اگر تو چاہے تو! کہہ دے کہ اِس میں اُس کے پاس جو کچھ ہے اُس میں رغبت ہے۔

رہبت، دو راہبتوں پر مشتمل ہے، رہبت من العذاب اور رہبت من الحجاب یعنی عذاب سے ڈرنا اور حجاب سے ڈرنا۔

تعظیم یہ ہے کہ تو خود کو ان سے الگ کر دے اور تو اس کے ساتھ تبع کر دے

اخلاق کی تین قسمیں ہیں ۱۔ خُلقِ متعدی ۲۔ خُلقِ غیر متعدی ۳۔ خُلقِ مشترک۔

خُلقِ متعدی دو قسموں پر مشتمل ہے۔

۱۔ منفعت کے ساتھ متعدی جیسا کہ بخشش و فتوت

۲۔ نقصان دُور کرنے سے متعدی جیسا کہ جزاء و تمکنت کی قدرت رکھنے کے باوجود ایذا نہ دینا اور عفو و درگذر سے کام لینا

خُلقِ غیر متعدی: جیسا کہ تقویٰ و زہد اور توکل۔

خُلقِ مشترک: بسطِ وجہ اور خلقت کی طرف سے ایذاء پر صبر کرنے کی مانند ہے۔

حقائق چار ہیں

۱۔ ذاتِ مقدسہ کی طرف لوٹنے والے حقائق

۲۔ صفاتِ منزہ کی طرف لوٹنے والے حقائق اور یہ نسب ہے۔

۳۔ افعال کی طرف لوٹنے والے حقائق اور یہ کُن اور اُس کے قبیل سے ہیں

۴۔ مفعولات کی طرف لوٹنے والے حقائق اور یہ اکوان و مکوّنات ہیں اور اِن حقائق کونیہ کے تین مرتبے ہیں:

۱۔ علویہ اور یہ معقولات ہیں۔

۲۔ سفلیہ اور یہ محسوسات ہیں

۳۔ برزخیہ اور یہ تخیلات ہیں۔

حقائقِ ذاتیہ: ہر وہ مشاہد جو تجھے حق پر قائم رکھے اور یہ تشبیہ و کیفیت سے پاک ہیں، نہ ان کے لئے وُسعتِ عبارت ہے اور نہ ہی ان کی طرف اشارا

کیا جا سکتا ہے۔

حقائقِ صفاتیہ! ہر وہ مشہد جو تجھے حق پر قائم رکھے اور ان میں اللہ سبحانہ! قادر و عالم، مرید و حیّ صفات کے علاوہ اسماء و صفات مختلفہ، متقابلہ اور متماثلہ کے ہونے کی اطلاع ہے۔

حقائقِ کونیہ! ہر وہ مشہد ہے جو تجھے حق پر قائم رکھے اور ان میں ارواح و بسائط، مرکبات و اجسام اور اتصال و انفصال کی معرفت کی اطلاع حاصل کرے۔

حقائقِ فعلیہ! یہ تمام مشہد تجھے کُن اور قدرت کے ساتھ مقدور کے تعلق کی اطلاع دیتے ہیں اِس ضرب خاص کے ساتھ کہ بندے کے کون کے لئے فعل نہیں اور نہ اُس کی قدرت کے لئے موصوف بہا کا اثر ہے۔

حال اور مقام کا فرق

یہ تمام اُمور جو ہم نے ذکر کئے ان کا نام احوال و مقامات ہے۔ مقام وہ صفت ہے جس کا راسخ ہونا ضروری ہے اور اس کا منتقل ہونا درست نہیں جیسا کہ توبہ اور حال وہ صفت ہے جو بغیر وقت کے وقت میں ہو جیسا کہ سکر و محویت اور غیبت و رضا۔

اِن اُمور کی دو قسمیں ہیں۔

قسمِ اول! جیسا کہ بظاہر انسان اور اُس کا باطن اور جیسا کہ تقویٰ اور توبہ،

قسمِ دوم! جیسا کہ بباطن انسان تو پھر اگر اُس کی ظاہری اتباع ہو تو کچھ حرج نہیں جیسا کہ زہد و توکل اور پھر اللہ تعالیٰ کے طریق مقام یکون باطن

کے علاوہ ظاہر میں نہیں۔

پھر ان مقامات سے ایک وُہ مقام ہے جس کے ساتھ انسان دنیا و آخرت میں متصف ہوتا ہے جیسا کہ مشاہدہ۔ جلال و جمال اُنس، و ہیبت، اور بسط ہے

تین مقامات

ان مقامات میں سے ایک مقام وُہ ہے جس سے انسان موت سے قیامت تک اور جنت میں پہلا قدم رکھنے تک متصف ہوتا ہے اور وُہ یہ کہ اس سے خوف و قبض اور حزن و رجا زائل ہو جاتا ہے۔

ان مقامات میں سے ایک مقام وُہ ہے جس سے انسان موت کے وقت طریق قربت پر متصف ہوتا ہے جیسا کہ زہد، توبہ، تقویٰ، مجاہدہ اور تخلی و تحلی ہے۔

ان میں سے ایک مقام کی شرط ہمیشہ زوال و رجوع کی طرف لوٹتا ہے جیسا کہ صبر، شکر اور تقویٰ و ورع ہے اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے بے شک یہ آپ کے لئے حقائق و معانی کے مرتبہ و منازل کا انتہائی مختصر ترین اور درمیانی راستہ ہے اگر تو اس راستے پر گامزن ہوگا تو واصل باللہ ہو جائے گا اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں اور تجھے ہدایت نصیب فرمائے

معرفت کے سات مقام

فصل: علم کا وُہ مدار جو اہل اللہ کے ساتھ مخصوص و مختص ہے سات مسئلوں پر ہے جو انہیں پہچان لیتا ہے وُہ علمِ حقائق میں سے کسی چیز کا انکار نہیں کرتا۔ اور یہ علم ان معرفتوں پر مشتمل ہے۔

۱. اللہ تبارک و تعالیٰ کے اسماء کی معرفت

۲. تجلیات کی معرفت

۳. زبانِ شریعت سے اُس کے بندوں کے خطابِ حق کی معرفت

۴. وجود کے کمال اور نقص کی معرفت

۵. انسان کی اُس کے حقائق کی جہت سے معرفت

۶. کشفِ خیالی کی معرفت

۷. علل و اسباب کی معرفت

ہم نے اِن مسائل کا ذکر اِس کتاب میں معرفت کے باب میں کیا ہے جو انشاءاللہ تعالیٰ سامنے آجائے گا۔

عامۃ المسلمین کا راستہ درست ہے

تتمہ: پھر آپ اُس سبب کی طرف متوجہ ہوں جو ہم نے صحتِ عقائد میں علم کلام کی جہت سے مذاہب کے دِل پر بذریعہ نظر تجلّیٔ حق کے بارے میں بیان کیا ہے تو یہ بلا اختلاف تمام صحیح العقل متشرع اور عقائد سلیمہ رکھنے والے وہ عام مسلمان ہیں جنہوں نے نہ تو علم کلام کا مطالعہ کیا اور نہ ہی وہ لڑائی جھگڑے والے مذاہب کو پہچانتے ہیں، بلکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں صحتِ فطرت پر باقی رکھا ہے اور وُہ وجودِ باری تعالیٰ کا علم ہے جو اُنہیں متشرع باپ کی تلقین و تربیت سے حاصل ہوتا ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ کی معرفت اور تنزیہہ جو قرآن مبین میں تنزیہہ و معرفت کے حلم میں وارد ہے ان لوگوں پر ظاہر ہے اور بحمدِاللہ یہ لوگ اِس مسئلہ میں صحت و صواب پر ہیں اور ان میں سے کوئی شخص بھی تاویل کا راستہ نہیں اپناتا اور

اگر کوئی شخص تاویل کے راستے پر چلتا ہے تو وہ عام مسلمانوں کے حکم سے خارج ہے اور اہل نظر و تاویل کی صنف سے ملا ہوا ہے۔ اگر یہ تاویل اللہ تعالیٰ کی طرف سے القا ہوئی ہے تو وہ صواب پر ہے ورنہ خود شریعہ میں تناقض ظاہری کے ساتھ نظر سے غلطی کا امکان موجود ہے۔

پس، بحمد اللہ تعالیٰ عامۃ المسلمین کے عقائد سلامتی والے ہیں وہ جیسا کہ ہم نے اس کا ذکر ظاہر کتاب عزیز سے کیا

علم قرآن اصلِ علم ہے

اور یہ اتصال علم کا متواتر راستہ ہے اور سوائے علوم پر قطعیت کے علم کا کوئی مقصد نہیں تو یہ یقیناً ہمارے اُس علم پر حد ہے جس میں شک و ریب ہے جب کہ قرآن عزیز یقیناً ہمارے نزدیک تواتر سے ثابت ہے کیونکہ اسے لانے والے اللہ کی طرف سے رسول ہونے کے مدعی ہیں اور یقیناً یہ قرآن مجید کی صداقت کی دلیل ہے اور اس میں کسی بھی شخص کو معارضہ پیدا کرنے کی ہرگز ہرگز استطاعت نہیں، بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس قرآن عزیز کے ساتھ ایک روز ہمارے پاس تشریف لائے اور اُنہوں نے بتایا کہ بے شک یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا کلام ہے۔

تو یہ سب کچھ ہمارے نزدیک تواتر سے ثابت ہے اور بیشک قول وفصل اور سمعیہ عقلیہ دلائل کے ساتھ اس علم کا خبر حق ہونا ثابت ہے اور جب حکم کے ساتھ کسی امر پر حکم ہو تو اُس حکم پر شک کی کوئی گنجائش نہیں اور جب حکم اس امر پر ہوگا جو ہم کہتے ہیں تو متابعت کو چاہیئے کہ وہ اپنا عقیدہ قرآن عزیز سے اخذ کرے کیونکہ وہ دلالت کے طور پر بمنزلہ دلیل عقلی کے ہے اور سچ ہے اُس کے سامنے

یا حکیم حمید کے نازل کئے گئے ہے ماوری تو وہ اِس اصل ثبوت کی موجودگی میں دلائلِ عقلیہ کا محتاج نہیں جو اُس کے نزدیک متحقق اور اُس پر سیف معلق و اصغاق ہے۔

یہودیوں کے سوال کا جواب

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں یہودیوں نے عرض کی ہم آپ کے رب کا کیا تصور کریں؟

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کے جواب میں سورہ اخلاص نازل فرمائی اور اُن کے دلائل سے ایک بھی دلیلِ نظری قائم نہیں فرمائی بلکہ فرمایا!

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ آپ فرما دیں کہ اللہ ایک ہے۔ اس جملے سے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ایک وجود ثابت ہو گیا اور تعداد کی نفی ہو کر اللہ سبحانہ کے لئے احدیت کا اثبات ہو گیا۔

اللّٰهُ الصَّمَدُ، یعنی اللہ بے نیاز ہے تو اس سے اللہ تعالےٰ کے جسم کی نفی ہو گئی،

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، یعنی نہ اُس نے کسی کو جنا اور نہ اُس کو کسی نے جنا تو اِس سے اُس کے باپ ہونے اور بیٹا ہونے کی نفی ہو گئی۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، اور نہ اُس کا کوئی کفو ہے۔ تو اس سے اللہ تعالیٰ کی بیوی ہونے کی نفی ہو گئی جیسا کہ اُس کا شریک نہ ہونے کے بارے میں اُس کا ارشاد ہے،

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا   اگر آسمان و زمین میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو دونوں یعنی زمین و آسمان ضرور تباہ ہو جاتے

لہ الانبیاء آیت ۲۲

پس عقلی دلیل رکھنے والا اِس کے معنوں کی صحت پر عقل کے ساتھ بُرہان طلب کرے گا اور بیشک اِس کی صحت پر یہ لفظ دلالت کرتا ہے۔

کیا وُہ مُسلمان ہے

کاش مجھے معلوم ہوتا کہ یہ شخص دلیل کی جہت سے اللہ تعالیٰ کو پہچانتا ہے اور جو نظر نہ آئے اُس کا انکار کرتا ہے اور اُس کی نظر سے پہلے کیا حالت تھی اور حالِ نظر میں کیا وُہ مُسلمان ہے یا نہیں؟ اور کیا وُہ نماز روزے کا پابند ہے یا اُس کے نزدیک محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اُس کی طرف آنا ثابت ہے یا اللہ تعالیٰ موجود ہے؟

اگر وُہ اِن تمام اُمور پر اعتقاد رکھتا ہے تو یہ عوام کی حالت ہے اور اُن کو اِس حال پر چھوڑ دیں اور اِن میں سے کسی کی تکفیر نہ کریں،

اور اگر وُہ بغیر دیکھنے کے اِن اُمور پر اعتقاد نہیں رکھتا اور علم کلام پڑھتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں ایسے مذاہب سے پناہ میں رکھے اُس کی یہ نامعقول وناپسندیدہ بات اور بدنظری اُسے ایمان سے خارج کر دیتی ہے۔

عِلم کلام کیوں وضع کیا گیا

علم کلام کو جاننے والے عُلماء کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اِس علم کو وضع کیا اور اِس میں کتابیں تصنیف کیں اور وُہ اِس سے اپنے لئے علم باللہ کا اثبات کرتے ہیں اور بے شک اُنھوں نے اِس علم کو لڑائی جھگڑے کو روکنے کے لئے وضع کیا ہے۔

مگر جو لوگ اِس علم سے اللہ تعالیٰ کا یا اُس کی صفات کا یا اُسکی بعض صفات

کا یا رسالت کا یا رسالت محمدیہ علیٰ صاحبہا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یا حدوث عالم کا اور موت کے بعد روحوں کے جسموں میں لوٹنے کا یا حشر و نشر اور اس صنف سے اُس کے متعلقات کا انکار کرتے ہیں تو وُہ کافر ہیں اور وُہ قرآن مجید کی تکذیب کرتے ہیں، پس منکرین اس کے لئے علمائِ علم کلام کو تلاش کرتے ہیں اور اُن پر اپنے مزعومہ طریقہ پر دلیل قائم نہیں کر سکتے۔ بے شک یہ لوگ ناپسندیدہ اور باطل نواز ہیں جبکہ ہم اُس کی صحت خاص کے مدعی ہیں یہاں تک کہ عوام پر اُن کے عقائد سے کچھ تشویش نہیں، کیونکہ یہ دونوں گروہ میدانِ مجادلہ میں برسر پیکار ہیں ان کے مقابلہ میں اشعری یا دُہ لوگ ہیں جو صاحب علم و نظر ہیں اور اُن میں سیف رغبت پر کوئی کمی واقع نہیں ہوتی، اور وُہ حرص کرتے ہیں کہ اس بُرہان کے ساتھ ان میں سے ایک شخص ہی اُمت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لڑی میں ایمان و انتظام کی طرف لوٹ آئے جب کہ ایک شخص امرِ معجز کے ساتھ اور سچائی کے دعوے کے ساتھ آیا ہے تو بیشک یہ دعوےٰ کرنے والے اللہ کے رسُول علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں ان کے حق میں جو کچھ اُن لوگوں نے پہچانا اُن کے پاس اس معجزہ کے قائم مقام برہان ہے تو جو شخص اس برہان کی طرف رجوع کرتا ہے اُس کا اسلام بہترین ہے اور جو شخص تلوار سے خوفزدہ ہو کر رجوع کرتا ہے تو اُس کی منافقت کے احتمال کا امکان ہے پس یہ شخص صاحب برہان جیسا نہیں ہو سکتا،

بلا تاویل قرآن مجید سے اخذ کریں

علمائے کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے سوائے دوسرے کے علم جوہر و عرض وضع کیا اس سے شہر میں ایک ہی عالم کافی ہے، پس جب کوئی شخص قرآن کے ساتھ ایمان لایا کہ یہ قطعی طور پہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے تو وُہ بغیر تاویل اور

ملاوٹ کے اسی سے عقیدہ اخذ کرے گا اللہ تعالیٰ سُبحانہ، بنفسہ منزہ ہے مخلوقات میں سے کوئی چیز اُس کے مشابہ نہیں یا وہ کسی چیز کے مشابہ نہیں جیسا کہ اُس کا فرمان ہے:

۱- لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ[۱] — اُس کی مثل کوئی چیز نہیں اور وہ دیکھتا سُنتا ہے

۲- سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ[۲] — پاکیزگی ہے تمہارے رب کو عزت والے رب کو ان باتوں سے

اور قیامت کے دن ظاہر طور پر رویتِ باری تعالیٰ کا اُس کے اِس فرمان سے اثبات ہوتا ہے

۱- وُجُوْہٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَۃٌ اِلٰی رَبِّھَا نَاظِرَۃٌ[۳] — اُس روز اپنے رب کو دیکھتے کچھ منہ تروتازہ ہوں گے

۲- کَلَّآ اِنَّھُمْ عَنْ رَّبِّھِمْ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ[۴] — ہاں بے شک وہ اُس دن اپنے رب کے دیدار سے محروم و محجوب ہیں۔

اور اُس کے ادراک کا احاطہ نہ کر سکنے کے بارے میں اُس کا یہ فرمان ہے،

لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ[۵] — آنکھیں اُسے احاطہ نہیں کر سکتیں اور سب آنکھیں اُس کے احاطہ میں ہیں،

اور اللہ تعالیٰ کا اپنی کائنات پر صاحبِ اقتدار ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہے،

وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ[۶] — اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

اور اُس کا اپنی کائنات کا عالم ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہے

---

[۱] الشوریٰ آیت ۱۱ [۲] الصافات آیت ۱۸۰ [۳] القیامۃ آیت ۲۲ [۴] المطففین آیت ۱۵ [۵] الانعام آیت ۱۰۳
[۶] ھود آیت ۴

وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا[۱] اور اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہے

اور اُس کی کائنات میں اُس کے ارادے کا اثبات اُس کے اِس فرمان سے ہوتا ہے،

فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ[۲] ہمیشہ جو چاہے کرنے والا ہے

اور اُس کا اپنی کائنات کا سمیع ہونا اُس کے اِس ارشاد سے ثابت ہے

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا[۳] بیشک اللہ نے اُن لوگوں کی بات سن جو کہتے تھے

اور اُس کا اپنی کون میں بصیر ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہے.

اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی[۴] تو کیا حال ہوگا نہ جانا کہ اللہ دیکھ رہا ہے،

اور اُس کا اپنی کائنات میں مُتکلّم ہونا اُس کے اِس ارشاد سے ثابت ہے،

وَکَلَّمَ اللّٰہُ مُوْسٰی تَکْلِیْمًا[۵] اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے حقیقتاً کلام فرمایا،

اور اُس کا صاحبِ حیات ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہوتا ہے

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ[۶] اللہ ہے جس کے سوا کسی کی عبادت نہیں آپ زندہ اور اوروں کو قائم رکھنے والا ہے

اور اُس کی طرف سے رسولوں کو بھیجنے کا اثبات اُسکے اِس ارشاد سے ہوتا ہے

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْھِمْ[۷] اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب ہی مرد تھے جنہیں ہم وحی کرتے

---

[۱] یوسف آیت ۱۰۹ [۲] الطارق آیت ۱۶ [۳] آل عمران آیت ۱۸۱ [۴] العلق آیت ۱۴ [۵] النسآ آیت ۱۶۳
[۶] آل عمران آیت ۱ [۷] یوسف آیت ۱۰۹

اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا اثبات فرامین خداوندی
اِنہٗ آخر الانبیاء و خاتم النبیینؐ سے ہوتا ہے۔

اور اُس کے سوا تمام خلقت کا تخلیق ہونا اللہ تبارک و تعالےٰ کے اِس
فرمان سے ثابت ہوتا ہے۔

اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ [1] — یعنی اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز کا مختار ہے

اور جنوں کا تخلیق ہونا اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہے

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ [2] — اور اللہ نے جنوں اور انسانوں کو عبادت کے لئے پیدا کیا ہے

اور اجسام کا نشر اُس کے اِس فرمان سے ثابت ہوتا ہے،

مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْھَا نُعِیْدُکُمْ وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی [3] — ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اِسی میں تمہیں پھر لے جائیں گے اور اِسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے

چنانچہ حشر و نشر، قضا و قدر، جنت و دوزخ، قبر و میزان، حوض و صراط
اور دیگر عقائد ضروریہ کا اعتقاد رکھنے والے کے لئے یہ مثالیں محتاج الیہ ہیں،
اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے

مَا فَرَّطْنَا فِی الْکِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ اِلٰی رَبِّھِمْ یُحْشَرُوْنَ [4] — ہم نے اِس کتاب میں کچھ اُٹھا نہ رکھا پھر اپنے رب کی طرف اُٹھائے جائیں گے

---

[1] زمر آیت ۶۲ [2] الذاریات آیت ۵۱ [3] طٰہٰ آیت ۵۵

[4] الانعام آیت ۳۸

قرآن پاک نبی کریم کا معجزہ

اور یہ قرآن مجید حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا معجزہ ہے اس میں معارضہ تلاش کرنے والا عاجز آجاتا ہے فرمان خداوندی ہے۔

قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ[1]

آپ فرمائیں تو اس جیسی ایک سورۃ لے آؤ اور اللہ کو چھوڑ کر جو مل سکیں سب کو بلالو۔

پھر یہ کہ اس میں کبھی معارضہ نہیں ہو سکتا فرمان الٰہی ہے!

قُل لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَن يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ[2]

آپ فرمادیں اگر آدمی اور جن سب اس پر متفق ہو جائیں کہ اس قرآن کی مانند لے آئیں تو اس کا مثل نہ لا سکیں گے اگرچہ ان میں ایک دوسرے کا مددگار ہو

پھر ان لوگوں کے عاجز آنے کی خبر دی گئی جو اس میں معارضہ تلاش کرنے کا عزم کئے ہوئے تھے تو ان لوگوں کا اقرار عجز اس میں امر عظیم ہے بقول اللہ تعالیٰ کے کہ انہوں نے خوب سوچنے اور پورا زور صرف کرنے کے بعد کہا کہ یہ جادو ہے، تو قرآن مجید میں صاحب عقل کے لئے بہت بڑا خزانہ ہے شدید بیمار کے لئے دوا اور شفاء ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ[3]

اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لئے شفا اور رحمت ہیں۔

یہ قرآن مجید ایسے شخص کے لئے کافی اور شافی ہے جو نجات کے راستے کا

---

[1] یونس آیت ۳۸ [2] الاسرا آیت ۸۸ [3] الاسرا آیت ۸۲

عزم رکھتا ہے اور بلندئ درجات میں رغبت رکھتا ہے، اور ایسے علوم کو ترک کر دیتا ہے جن میں شکوک و شبہات وارد ہوتے ہیں اور تضیع اوقات اور دشمنی کا باعث ہیں،

جب یہ راستہ کشادہ ہوتا ہے تو تشغیب و فساد اور ریاضت تہذیب نفس کے شغل سے نجات مل جاتی ہے، کیونکہ اس میں لڑائی جھگڑے سے باز رکھنے میں جن لوگوں کے لئے عین نہیں پائی جاتی، استغراق اوقات ہے اگر جھگڑا کرنے والے کے لئے شبہ واقع ہو تو اس کا دور کرنا ممکن ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ نہ واقع ہو تو یقیناً واقع ہوگا اور یقیناً نہ واقع ہوگا اور جب واقع ہوگا تو شریعت کی تلوار اسے روک دے گی اور اُسے کاٹ دے گی۔

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لوگوں سے جنگ کرو یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کہدیں اور مجھ پر اور جو میرے ساتھ آیا ہے اُس پر ایمان لائیں،

اور ہم اُن کی جنگ کی مدافعت نہیں کر سکتے جب تک عناد رکھنے والے کیلئے اس میں جو کہا گیا ہے یعنی جہاد اور تلوار سے کام نہ لیں تو متوہم جھگڑا کرنے والے کے ساتھ زمانے کو کیسے قطع کریں گے جب کہ نہ تو ہم اُس کے لئے عین دیکھتے ہیں اور نہ ہی اُس نے ہمارے لئے کوئی چیز کہی ہے اور بے شک ہم صرف اُس کے ساتھ ہیں جو ہمارے لئے اور ہماری جانوں کے لئے واقع ہو چنانچہ ہمارا اپنے سوا دُوسروں کے ساتھ اور اس شخص کے ساتھ اُلجھنا خیالی بات ہے۔

پس اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے راضی ہو جنہوں نے سامان تیار کیا اور بہتری کا ارادہ کیا اور اگر یہ لوگ ایسے شخص کو چھوڑ دیتے ہیں تو ان کے لئے

ضروری ہے کہ اس کے ساتھ اپنے آپ میں مشغول ہوں خدا کی قسم اُس کے ارادے سے کامل نفع ہے اگر خوفِ طوالت نہ ہوتا تو علوم کے مقامات و مراتب پر مزید گفتگو کی جاتی اور اگر علمِ کلام اِس شرف کے ساتھ ہے تو بہت سے لوگوں کو اُس کی ضرورت نہیں بلکہ شہر میں طبیب کی طرح ایک ہی شخص کافی ہے۔"

مقامِ شریعت

فقہاء و علماء فروعِ دین کے ساتھ ہیں اور اُس جیسے نہیں بلکہ لوگوں کی اکثریت عُلمائے شریعت کی مُحتاج ہے اور بحمداللہ شریعت میں غُنیہ اور کِفایت ہے۔

چنانچہ اگر انسان فوت ہو جائے اور وہ علم نظری مثلاً جوہر و عرض، جسم و جسمانی، رُوح و روحانی کے قائلین کی اصطلاح کو نہیں جانتا تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُس سے یہ نہیں پُوچھے گا اور بے شک لوگوں سے وہی پُوچھے گا جو اُن پر خاص تکلفات سے واجب ہے اور اللہ تعالیٰ ہم زندوں کو اُس سے رزق عطا فرمائے۔"

اسلام کا بنیادی عقیدہ اور گواہی

وصل اِس ضمن میں کہ جو عقیدہ عموم میں پہنچا ہے، تو وہ بغیر دلیل و بُرہان کی طرف نظر کرنے کے مسلمانوں کا مُسلمہ عقیدہ ہے۔"

تو اے میرے مومن بھائیو! اللہ تعالیٰ ہمارا اور تمہارا خاتمہ بالخیر فرمائے

"اِس سے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے ارشاد میں اُس کے نبی حضرت ہُود علیہ السلام سے سُنا وہ یہ ہے کہ جب اُنہوں نے اپنی اور اپنی رسالت

کی تکذیب کرنے والی اپنی قوم سے فرمایا!

قَالَ اِنِّیْۤ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْۤا اَنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ

کہا میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم سب گواہ ہو جاؤ کہ میں سب سے بیزار ہوں جنہیں تم اللہ کے سوا اس کا شریک ٹھہراتے،

تو حضرت ہود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی اَحدیت کا اقرار کرنے اور اُس کے ساتھ اپنی شرک سے علیحدگی کے بارے میں جسے آپ جانتے تھے اپنی قوم کو جو تکذیب کرنے والوں کے گواہ بنایا،

تو بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں کو اپنے سامنے کھڑا کرکے اُن کے لئے یا اُن پر حجت قائم کرنے کے لئے پوچھے گا جب کہ وہ سب کچھ جانتا ہے یہاں تک کہ ہر گواہ پر اُس کی گواہی لوٹائی جائے گی.

اور حدیث میں مؤذن کے لئے آیا ہے کہ اُس کی آواز پر خشک و تر سے اور ہر سننے والے سے گواہی ہے اِس لئے شیطان اذان کے وقت پشت پھیر لیتا ہے اور اُس کے لئے حصاص ہے اور ایک روایت میں ضراط ہے یہاں تک کہ وہ گواہی کے ساتھ مؤذن کی اذان نہیں سُنتا اُس کے لئے ضروری ہے کہ اس گواہی کی گواہی دے من جملہ جو سعادت مشہود لہ، میں کوشش کرتا ہے اور وہ شیطان محض دُشمن ہے اُس کے لئے ہماری طرف خیر نہیں البتہ اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے، اور جب کہ وہ دشمن ہے تو لازماً وہ تیرے ساتھ بھی گواہی دے گا جو اپنے لئے دے گا، تو وہ تیرے لئے اور تیرے دوست اور حبیب کے لئے گواہی کم کرے گا اور اُس کی بھی جو تیرے دین اور ملت پر ہو گا،

اور تو اپنے آپ پر دُنیا میں وحدانیت اور ایمان کے ساتھ اُس کی گواہی

ھود آیت ۵۴

کم کرے گا"

اللہ تعالیٰ کے بارے میں عقیدہ

تو اے میرے بھائی اور دوست! اللہ تعالیٰ تم پر راضی ہو تم ہر لحظ اور ہر پل اللہ تعالیٰ کی طرف فقیر، کمزور اور مسکین بنے یعنی اس کتاب کے مؤلف شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں گواہی دو اور یہ تمہیں اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کے بعد اپنے آپ پر گواہ بناتا ہے" اور جو مومنین سے حاضر ہے اور جو اسے سنے اس قول کی گواہی دے اور عقیدہ سیکھے کہ!

اللہ تبارک و تعالیٰ واحد معبود ہے، الوہیت میں اُس کا کوئی ثانی نہیں

وُہ بیوی اور اولاد سے منزّہ اور پاک ہے۔

وُہ بلا شرکت غیرے مالک ہے اُس کے لئے بادشاہی ہے اور اُس کا کوئی وزیر نہیں۔

وُہ صانع ہے اور اُس کے ساتھ کوئی مُدبّر نہیں۔

وُہ بذاتہٖ موجود ہے اور اُس کا وجود مُوجد کی طرف احتیاج کے بغیر ہے، اُسے دِل سے اور آنکھوں سے دیکھا جا سکتا ہے۔

وُہ جب چاہے عرش پر غلبہ فرماتا ہے جیسا کہ اُس کا ارشاد ہے اور اس معنے میں اُس کا ارادہ ہے، جیسا کہ عرش اور اس کے ماسوا کے ساتھ اِستوا یعنی غلبہ فرماتا ہے"

اوّل و آخر اُسی کے لئے ہے نہ اُس کے لئے مثل معقول ہے اور نہ ہی اس پر عقول دلالت کر سکتے ہیں۔

اُس کے لئے نہ زمان کی حد قائم کی جا سکتی ہے اور نہ انتقال مکانی کی بلکہ

وُہ تھا اور مکان نہ تھا،

وُہ مکان و مکین اور زمین کو بنانے والا ہے،

اُس نے فرمایا میں واحد حیّ ہُوں اُس کے لئے مخلوقات کی حفاظت گراں نہیں،

اور اُسکی طرف صفت رُجعت نہیں کرتی نہ ہی اللہ تعالیٰ کی مصنوعات سے کوئی صفت اس پہ ہے بیشک صنعت پہ حوادث ہے اور حوادث ہر صنعت یا اُسکے بعد یا اس سے پہلے جائز ہوگا،

بلکہ کہتے ہیں وُہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی پس وُہ بعد زمان کے صیغے سے ہے وُہ اسے بنانے والا ہے،

وُہ قیّوم ہے اُس کے لئے نیند نہیں وُہ قہار ہے اسکی بارگاہ میں مجال دم زدنی نہیں

اُس کی مثل کوئی چیز نہیں اُس نے عرش کو پیدا کیا اور اُس کے لئے حدِ استواء قائم فرمائی،

اُس نے کرسی کو بنایا اور اُسے زمین اور بلند آسمانوں پر وسعت دی،

اُس نے لوح اور اعلیٰ قلم کی اختراع فرمائی اور فصل و قضا کے دن تک خلقت میں اُس کے علم کے ساتھ اجراءِ کتابت فرمایا،

اُس نے تمام خلقت کو پہلے مثال موجود ہونے کے علاوہ پیدا فرمایا،

اُس نے خلقت کو پیدا فرمایا،

اُس نے رُوحوں کو اجسام میں اتارا اور اجسام کو ارواح کی منزل بنایا،

زمین میں خلفاء بنائے اور ہمارے لئے زمین و آسمانوں کی ہر چیز کو مسخر کیا، اس کے حُکم اور اُس کی طرف کے سوا کوئی ذرّہ حرکت نہیں کرتا،

اُس نے بغیر خلقت کی طرف حاجت کے خلقت کو پیدا فرمایا اور یہ اس پر موجب واجب نہیں مگر اس کے پہلے علم کے مطابق پیدا ہُوا جو پیدا ہُوا،

وُہ اول و آخر اور ظاہر و باطن ہے اور وُہ ہر چیز پر قادر ہے،

اُس کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے اور ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے۔

اُسے پوشیدہ اور اخفار کا علم ہے اور وُہ آنکھوں کی خیانت اور سینے میں چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے اور اُسے اُس چیز کا علم کیسے نہ ہو جسے اُس نے پیدا فرمایا ہے۔

وُہ مخلوق کو جانتا ہے اور وُہ لطیف و خبیر ہے۔

وُہ چیزوں کو اُن کے وجود میں آنے سے پہلے جانتا ہے پھر اُس نے انہیں اُن کے علم کی حد پر وجود عطا فرمایا،

وُہ ہمیشہ سے تمام اشیار کا علم رکھتا ہے اور نئی چیز کو پیدا کرتے وقت اُس کے لئے اُس چیز کا علم نیا نہیں،

وُہ اشیار کو حکم کرتا ہے اور اُن کا حاکم ہے ساتھ اِس کے وُہ اُنہیں جو چاہے حکم کرے،

اہل نظر کے صحیح اور متفق علیہ اجماع کے مطابق اُسے علی الاطلاق کلیات کا ویسے ہی علم ہے جیسے جزئیات کا وُہ ہر نہاں و عیاں کو جاننے والا ہے تو اُسے اُن کے شرک سے بلندی ہے[1]۔

وُہ جو چاہتا ہے کرتا ہے پس وہ زمین و آسمان کے عالم میں کائنات کا ارادہ فرمانے والا ہے،

اُس کی قدرت کے ساتھ کسی چیز کا تعلق نہیں یہاں تک کہ اُس کا ارادہ جیسا کہ وُہ نہیں ہوتا یہاں تک کہ اُس کے علم میں ہوتا ہے، جبکہ عقل میں محال ہے،

---

[1] المومنون آیت ۹۲

کہ اُس چیز کا ارادہ کرے جس کا علم نہ ہو یا کسی کام کا اختیار و تمکین رکھنے والا اس کام کو چھوڑ دے جس کا ارادہ نہ رکھتا ہو۔ جیسا کہ ان حقائق کا بغیر حق میں پایا جانا محال ہے۔ جیسا کہ اُن صفات کا بغیر اُس ذات کے قائم رہنا محال جو ان صفات سے موصوف ہے، تو جو کچھ وجود میں ہے اطاعت اور نافرمانی، نہ نفع نہ خسارہ نہ غلام نہ آزاد، نہ ٹھنڈک نہ گرمی، نہ حیات نہ موت، نہ حصول نہ ضیاع، نہ دن نہ رات، نہ اعتدال نہ جھکاؤ، نہ خشکی نہ سمندر، نہ جوڑا نہ اکیلا، نہ جوہر نہ عرض، نہ صحت نہ بیماری، نہ خوشی نہ غم، نہ رُوح نہ جسم، نہ ظلمت نہ روشنی نہ زمین نہ آسمان نہ ترکیب نہ تحلیل، نہ کثیر نہ قلیل، نہ صبح نہ شام، نہ سفید نہ سیاہ۔ نہ نیند نہ بیداری، نہ ظاہر نہ باطن، نہ متحرک نہ ساکن، نہ خشک نہ تر، نہ چھلکا نہ مغز یا انکے خلاف یا انکی مثل کوئی نسبت ایسی نہیں جسکا مقصود اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی ذات نہ ہو اور وہ کیوں مقصود نہ ہو جب کہ اُسے اُس نے ایجاد فرمایا ہے اور مختار کے نہ چاہنے سے وہ کیسے وجود پاتی نہ اُس کے امر کو کوئی رد کر سکتا ہے اور نہ اُس کے حکم کو روک سکتا ہے وہ جسے چاہے بادشاہی عطا فرمائے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے جسے چاہے ذلت دے جو چاہے کرے اور جسے چاہے ہدایت دے جسے چاہے گمراہ کرے جسے چاہے راستہ دکھائے، اُس نے جو چاہا وہ ہو گیا اور جو نہ چاہا نہ ہُوا اگر تمام مخلوق جمع ہو کر کسی چیز کا ارادہ کرے تو وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ارادے کے خلاف نہیں کر سکتی یا مل کر ایسا کام کرے جو اس کے ارادے میں نہ ہو تو نہیں کر سکے گی، مخلوق اُس کے ارادے کے سوا کسی ارادے اور کسی فعل کی استطاعت نہیں رکھتی اور نہ ہی اُسے سوائے اُس کی مشیت حکم اور ارادے کے کفر و ایمان اور اطاعت و نافرمانی میں قدرت حاصل ہے،

اللہ سبحانہ تعالیٰ ہمیشہ سے اپنے ارادے کی صفت سے موصوف ہے

اور عدم و غیر موجود کو جانتا ہے اور اُس کے علم اور نگاہ میں معدوم غیر موجود ثابت تھا، پھر وُہ بغیر تفکر و تدبر کے عالم کو جہل یا عدم علم سے وجود میں لایا اور اُسے تفکر و تدبر کا علم عطا فرمایا"

زمان و مکان اور اکوان و الوان میں سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے جو کچھ بھی پیدا فرمایا ہے اِس سے وُہ ناواقف نہیں تھا بلکہ اُس نے اُسے اپنے سابق علم کے مطابق اپنے ازلی فیصلہ شدہ ارادۂ پاک کے تعین سے وجود عطا فرمایا ہے، تو وجود میں حقیقتاً اُس کے ارادے کے سوا کوئی چیز نہیں، اور جب وُہ اللہ سبحانہٗ کے قائل ہوئے تو وُہ وہی چاہیں گے جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔ اور بیشک اللہ سبحانہٗ اپنے علمِ خاص کے مطابق حکم و ارادہ فرماتا ہے اور اپنی قدرت سے پیدا فرماتا ہے جیسا کہ دیکھنا اور سُننا جو حرکت کرتا ہے یا ساکن ہے یا عالم اسفل و اعلیٰ کے پیچھے بولنا اُس کے لئے دُور سے سُننا حجاب میں نہیں تو وُہ قریب ہے اور نہ قریب سے دیکھنا اُس کے لئے حجاب میں ہے تو وُہ دور ہے، وُہ کلام نفس کو نفس میں سُنتا ہے اور مَس کرتے وقت مس کی پوشیدہ آواز کو سُنتا ہے، وُہ اندھیرے میں سیاہی کو اور پانی کو پانی میں دیکھتا ہے، اُس کے لئے ملی جُلی چیزیں پردے میں نہیں اور نہ روشنی اور اندھیرا اُس کے لئے حجاب میں ہے اور وُہ سُننے والا دیکھنے والا ہے۔"

اللہ تبارک و تعالیٰ ازلی اور قدیم کلام کے ساتھ گفتگو فرماتا ہے نہ کہ پہلی خاموشی اور نہ سکوتِ واہمہ ہے"

جیسا کہ اُس کے علم و ارادہ اور قدرت کی تمام صفات ہیں،، اُس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ گفتگو فرمائی اُس کی گفتگو کا نام تنزیل، زبور، توراۃ اور انجیل ہے نہ اُس کے لئے حروف ہیں نہ آوازیں اور نہ ہی نغم و نغمات

ہے۔ بلکہ وُہ آوازوں، حرفوں اور لُغات یعنی زبانوں کا خالق ہے۔

تو اُس اللہ سبحانہ تعالیٰ کا کلام بغیر حرُوف و لسان کے ہے ایسے ہی اُس کی سماعت بغیر کانوں اور اذان کے ہے ایسے ہی اُس کی آنکھ بغیر آنکھ کی سیاہی اور پلکوں کے ہے، ایسے ہی اُس کا ارادہ بغیر قلب اور جان کے ہے۔ ایسے ہی اُس کا علم بغیر اضطرار کے ہے اور بُرہان میں نظر نہیں، ایسے ہی اُس کی حیات دِل کے اندر کی گرمی اور امتزاجِ ارکان کے بغیر ہے، ایسے ہی اُس کی ذاتِ اقدس زیادتی اور کمی کو قبول نہیں کرتی یعنی زیادہ یا کم ہونے سے پاک ہے، پس وُہ سُبحانہ تعالیٰ قُرب و بُعد سے پاک بہت بڑا بادشاہ احسان فرمانے والا اور اپنے تمام ماسوا سے جسیم الامتنان ہے اُس کا جُود فیض دینے والا ہے اُس کا فضل اور عدل اُس کے لئے باسط اور قابض ہے۔

جب اُس نے دُنیا کی اختراع و تخلیق کی تو کمال تر صنعت گری ظاہر فرمائی اُس کی بادشاہی میں کوئی اُس کا شریک نہیں اور نہ ہی اُس کی سلطنت میں کوئی اُس کے ساتھ تدبیر کرنے والا ہے وُہ کسی کو نعمتوں کے ساتھ نوازتا ہے تو یہ اُس کا فضل ہے۔

اگر وُہ کسی پر عذاب کرتا ہے تو یہ اُس کا عدل ہے۔

اِس کے سوا اُس کی مملکت میں کوئی تصرّف نہیں کر سکتا۔

پس جو وحیف کی طرف منسوب کرتا اور نہیں توجہ کی جائے گی اُس کے سوا کے لئے حُکم کی تو وُہ ڈر اور خوف سے متصّف ہوگا۔

اُس کے ماسوا سب کچھ اُس کے غلبۂ سلطانی کے تحت ہے اور اُس کے ارادہ و حُکم کے زیرِ تصرّف ہے۔

وُہی لوگوں کے دِلوں میں پرہیزگاری اور بدکاری الہام فرماتا ہے۔

وُہ چاہے تو اَب اور قیامت کے دِن در گذر فرمائے اور چاہے تو گرفت فرمائے۔

اُس کے فضل میں عدل اور اُس کے عدل میں فضل حُکم نہیں کرتا۔

اُس نے کائنات کو دو مٹھیوں سے پیدا فرمایا اور اُس کے لئے دو منزلیں بنائیں تو فرمایا یہ جنت کے لئے ہے اور مجھے اِس کی پرواہ نہیں اور یہ دوزخ کے لئے ہے اور مجھے اس کی پرواہ نہیں، اور اِس امر پر کوئی معترض اعتراض نہیں کر سکتا جب کہ وُہ اِس کے سِوا لاموجود تھا پس سب کچھ اُس کے اَسمار کے تحت گردانے۔

اُس کے اَسماء کی ایک مُٹھی کے تحت مصیبتیں اور اسمار کی ایک مٹھی کے تحت نعمتیں ہیں۔

اگر وُہ پاک اور سُبحان چاہتا کہ تمام عالم سعید ہو تو تمام عالم سعید ہوتا اور اگر وُہ چاہتا سب دُنیا شقی ہو تو سب دُنیا شقی ہوتی لیکن اُس نے ایسا نہیں چاہا اور وُہی ہوا جو اُس نے چاہا تھا۔

اب بھی اور قیامت کے دِن بھی اِن میں سعید اور شقی دونوں قسم کے لوگ ہوں گے پس اُس کے امرِ قدیم میں تبدیلی کا کوئی راستہ نہیں۔

اُس نے فرمایا کہ نمازیں پانچ ہیں اور فرمایا نمازیں پچاس ہیں تو ہم اُس کا فرمان تبدیل نہیں کر سکتے اور نہ ہی ہم اپنے مُلک میں اپنی خواہش کا نفاذ کرنے کے سِلسلے میں سرکشوں کے ساتھ اندھیروں میں رہیں۔

اِس حقیقت کو جاننے کے لئے ابصار و بصائر نابینا ہیں اور سوائے عطائے الٰہی اور جُودِ رحمانی کے اِس پر افکار و ضمائر مُطلع اور خبردار نہیں ہو سکتے البتہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بعض بندوں کو اِس حقیقت سے رُوشناس کرواتا ہے

اور یہ اُس کے لئے حاضری کے ساتھ پہلی گواہی ہے، پس جب یہ علم جان لیا تو فہم تسم عطا ہوا ہے اور بیشک قدیم رمزوں سے ہے پس اللہ سبحانہ کے سوا کوئی فاعل نہیں اور نہ ہی اُس کے سوا کوئی بنفسہ موجود ہے۔

پس اللہ تعالیٰ نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا فرمایا ہے۔ وہ جو بھی کرتا ہے اُس کے بارے میں اُس سے سوال نہ کیا جائے گا اور اُن سے پوچھا جائے گا، پس یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے حُجت بالغہ ہے تو اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت نصیب فرماتا۔

حضور رسالتمآبؐ کے متعلق عقیدہ

دُوسری گواہی! جیسا کہ مَیں نے اللہ تبارک و تعالیٰ کی توحید کے بارے میں اپنے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کی اور اُس کے فرشتوں کی تمام مخلوق کی آپ لوگوں کی گواہی طلب کی ہے ایسے ہی میں اللہ تعالیٰ سبحانہ کو اُس کے فرشتوں کو تمام مخلوق کو اور آپ کو اپنے ایمان کے لئے گواہ بناتا ہوں کہ جنہیں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُن کے موجود سے چُنا اور پسند کیا اور برگزیدہ فرمایا وہ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں، اللہ تبارک و تعالیٰ نے اُنہیں تمام لوگوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا اور آپ اُس کے حُکم سے اللہ کی طرف بلانے والے اور سراجِ مُنیر ہیں تو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو اُن کے پروردگار کی طرف سے نازل ہوا تھا پہنچا دیا اور اُس کی امانت لوٹا دی، اور اپنی اُمت کو نصیحت فرمائی،

حجۃ الوداع کے موقع پر آپ نے اپنی اتباع کرنے والے تمام حاضرین کو خطاب فرماتے ہوئے خوف و حذر تبشیر و انذار، وعدہ و وعید اور تحدید فرمائی

اور اذنِ خداوندی سے اِس وعظ و تذکیر کو کسی ایک کے ساتھ مخصوص نہیں فرمایا، پھر اہلِ اجتماع سے کہا کیا میں نے تمہیں پہنچا دیا؟ لوگوں نے کہا! ہاں یا رسول اللہ تو آپ نے فرمایا! یا اللہ اِس پر گواہ ہو جا۔

مزید شرائط ایمان

چنانچہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کچھ بھی لائے ہیں اُس پر یمان رکھتا ہوں، آپ جس چیز کے ساتھ آئے اُس میں سے جسے میں جانتا ہوں اُس پر ایمان رکھتا ہوں اور جسے نہیں جانتا اُسے بھی تسلیم کرتا ہوں،

اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں موت کا وقت مقرر ہے جب وہ آتی ہے تو موخر نہیں ہوتی،

پس ہم اِس ایمان کے ساتھ مومن ہیں اور اِس میں کوئی شک وریب نہیں ایسے ہی میں ایمان لایا اور اقرار کرتا ہوں کہ قبر میں حساب کتاب پوچھا جائے گا اور یہ حق ہے،

عذابِ قبر اور قبروں سے جسموں کا اُٹھایا جانا حق ہے،

اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف لوٹنا اور حوضِ کوثر حق ہے،

میزان اور اعمال ناموں کا مِلنا اور پُل صراط حق ہے،

جنت اور دوزخ حق ہے، ایک فریق کا جنت میں اور ایک فریق کا دوزخ میں جانا حق ہے،

قیامت کے دِن ایک گروہ کے لئے کرب اور ایک گروہ کو حزن وملال نہ ہونا حق ہے،

ملائکہ وانبیاء کرام اور مومنین کی شفاعت حق ہے،

اور وُہ ارحم الرحمین جسے چاہے گا شفاعت کے بعد دوزخ سے نکالے گا، حق ہے،

کبیرہ گناہ کرنے والے مومنوں کا جہنم میں داخل ہونا اور پھر اُنہیں شفاعت واحسان کے ساتھ اُس سے نکالا جانا حق ہے،

مومنین وموحدین کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے باغ نعیم اور جنت میں قیام حق ہے

اہل جہنم کا ہمیشہ ہمیشہ آگ میں رہنا حق ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں سے علم یا جہل کی صُورت میں جو بھی اُس کے رسُولوں اور کتابوں کے ساتھ آیا حق ہے،

پس یہ میری ذات پر ہر اُس شخص کی گواہی اور امانت ہے جس کے پاس یہ پُہنچے جب بھی اُس سے پُوچھا جائے وُہ یہ امانت واپس کرے اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں اور آپ کو اِس ایمان کے ساتھ نفع عطا فرمائے اور اِس دُنیا سے دارِ حیات کی طرف انتقال کرتے وقت ہمیں اِس پر ثابت قدم رکھے، اور اِس سے دارِ کرامت ورضوان ہمارے لئے نازل فرمائے،

ہمارے اور اُن کے گھر کے درمیان پردہ ہو جن کے کُرتے بدبودار روغن یا رال کے ہونگے یعنی ہمارے اور جہنمیوں کے درمیان فاصلہ رکھے اور ہمیں ایمان کے ساتھ کتابوں سے اخذ کرنے کی دستاریں پہنائے اور ہمیں حوضِ کوثر سے تر وتازہ اور سیراب کرکے لوٹائے اور اُس کے ساتھ میزان کا

بھاری فرمائے اور اُس کے لئے پلصراط پر دونوں پاؤں کو مضبوط فرمائے بیشک وُہ نعمتیں عطا کرنے والا اور احسان فرمانے والا ہے، تو شکر ہے اُس ذات کا جس نے ہمیں ہدایت نصیب فرمائی اِس لئے کہ اگر اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں ہدایت نصیب نہ فرماتا تو ہمیں ہدایت نہ ملتی، بے شک ہمارے پروردگار کی

طرف سے حق کے ساتھ رسول تشریف لائے۔

تو یہ عوام اہل تقلید اور اہلِ نظر مسلمانوں کے عقیدے کا خلاصہ اور اختصار ہے۔

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے چاہا تو میں نے مختصراً عقیدہ ناشیہ شادیہ یعنی حیران کن ظاہر ہونے والے عقیدہ کے بارے میں ایک رسالہ لکھا جس میں اس ملت کیلئے دلیل سے اخذ کیا گیا ہے، اسکا نام "رسالۃ المعلوم من عقائد اہل الرسوم"۔ اسکا حفظ کر لینا طالب علم کے لئے آسان ہے پھر اللہ تعالےٰ کے راستے پر چلنے والے اہل اللہ اور اہل کشف ووجود محققین کا عقیدہ بیان ہوگا اور پھر اسے دوبارہ آخری جزء میں جس کا نام ہم نے معرفت رکھا ہے بیان کیا جائے گا اور اس کے ساتھ کتاب کا مقدمہ اپنی نہایت کو پہنچ جائے گا، ہاں عقیدے کے خلاصہ کی صورت میں تعین پر تفرد کی صراحت میں مشکلیں اور پیچیدگیاں ہیں۔

لیکن ہم نے اسے تشنہ نہیں چھوڑا بلکہ اس کتاب کے ابواب میں پورا کر دیا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں جو فہم عطا فرمایا ہے اور اس امر کی معرفت اور اُس کے غیر میں تمیز سکھائی ہے، پس یہ علم حق اور سچی بات ہے علاوہ ازیں میرا کوئی مقصد نہیں یعنی ہر تہمت سے بری ہے، اس میں بینا اور نابینا دونوں کے لئے راہنمائی ہے، یہ عقیدہ بعید کو قریب سے ملاتا ہے اور اسفل کو اعلیٰ سے جوڑتا ہے اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے اور اُس کے سوا کوئی پالنے والا نہیں۔"

ناشیہ وشادیہ عقائد کے بارے میں

وصل اشادیہ نے کہا: خطِ استوا کے نیچے قبۂ ارین میں چار عالم جمع

ہوئے۔"

اُن میں مشرقی، ایک مغربی، ایک یمنی اور ایک شامی تھا۔ انہوں نے علوم و اسماء اور رسوم کے فرق کے بارے میں گفتگو شروع کر دی، اور اُن میں سے ہر ایک نے ایک دوسرے کو کہا اُس علم میں خیر نہیں جو اپنے ساتھی کو ابدی سعادت اور دائمی تاثیر کا تقدس نہ عطا کرے۔"

چنانچہ ہمارے سامنے اُن علوم میں بحث ہونا چاہیئے جن کا حصول باعثِ عزت اور جس کا اکتساب افضل، روشن اور زیادہ لائق افتخار ہو

مغربی نے کہا! میرے پاس اِس علم سے وہ علم ہے جو حاملِ قائم کے ساتھ ہے،

مشرقی نے کہا! میرے پاس وہ علم ہے جو حامل محمول لازم کے ساتھ ہے،

شامی نے کہا! ان علوم سے میرے پاس ابداع و ترکیب کا علم ہے

یمنی نے کہا! اِس علم سے میرے پاس تلخیص و ترتیب کا علم ہے

پھر اُن میں سے ہر ایک نے کہا یہ سب کچھ ہمیں خواب میں نظر آیا ہے، تو اِس سے مدعی اپنے دعوے کی حقیقت پیش کرے۔

پہلی فصل

عربی کی زبان سے معرفتِ حامل قائم

مغربی امام کھڑا ہوا اور مجھے کہا! چونکہ میرا علمی مرتبہ بڑا ہے اس لئے پہلے میں حکم کروں"

حاضرین نے اُسے کہا! مختصر اور بلیغ و معجز کلام کر"

حادث کے لئے سبب

اُس نے یعنی مغربی نے کہا! جان لو کہ کچھ نہ تھا پھر ہوگیا اور اُسکے حق میں زمانے قائم ہوئے چنانچہ دونوں حال، برابر ہیں تو اس وقت اُس کا پیدا کیا جانا لازم آئے گا"

حوادث سے نہ نکلنے والا

پھر کہا جو کسی امر سے مستغنی نہیں یعنی جسے احتیاجِ امر ہے اُس کا حکم اُس امر کے حکم میں ہے مگر یہ حکم اُس وقت ہوگا جب وہ خلق دامر کے عالم میں تھا تو طالب کو اس کی طرف نگاہ رکھنا چاہیئے اور تلاش کرنے والا اس پر اعتماد کرے"

اثبات بقا اور استحالہ عدم قدیم

پھر کہا! جس کا وجود اُس کے لئے لازم ہے تو بے شک اُس کا عدم محال ہے اور جو موجود ہے اور نہ تھا اُس کا قدم محال ہے، اور جب اُس پر عدم محال نہیں تو قدم میں اپنے ساتھی کے مقابل رہے، پس اگر مقابل نہ تھا تو یہ صاحب سکونت مقابل میں عجز سے ہے اور اگر تھا تو اِس پر دُوسرے کا ہونا محال ہے اصحت ختر وادہ دبطِ احکام کے لئے بذاتہٖ زوال محال ہے۔

اخفاء و ظہور

پھر کہا! یہ سب کچھ جو بعینہٖ ظاہر ہے اور اس کا حکم بدیہی نہیں تو اِس کا ظاہر ہونا محال اِس لئے اِس کا علم فائدہ نہیں دیتا،

ابطالِ انتقال عرض اور اُس کا عدم

پھر کہا! اس پر رہائش گاہوں کی تعمیر محال سے ہے کیونکہ اُس نے اپنی وفات کے وجود کے زمانوں میں سے دُوسرے زمانے میں رحلت کرتا ہے اور رہائش گاہ کو بقا نہیں اور اگر بنفسہٖ قیام کے لئے انتقال جائز اور مقام و محل سے مستغنی ہو اور صفات کے لئے گم ہونے اور فاعل کے ساتھ عدم ضد نہیں، پس اگر تیرا قول یہ ہے کہ فعل کوئی چیز نہیں تو یہ بات عقلمند نہیں کہتا،

حوادث کے لئے اوّلیت نہیں

پھر کہا! جس چیز کی فنا پر اُس کا وجود متوقف ہو تو اُس کا وجود نہیں یہاں

تک کہ وہ فنا ہو جائے پس اگر اس چیز کو فنا میں گم پائے تو اُس پر توقف کرے اور اُس چیز کے تقدم سے معنیٰ حاصل کرے تو بے شک اُس کے سوا پر قید اور حصر ہے اور اُس کے لئے یہ وصف ضروری ہے، اور اگر ہمیشگی ہے تو بغیر جھوٹ کے عین ثابت ہے۔

بابُ القدم

پھر کہا! اگرچہ خبر کے مُبتداء کی طرف خبر کا حکم ہے تاہم اُس کے لئے انتہائے عدد نہیں اور نہ وجد سے وجود درست ہے۔

جوہر کے ساتھ نہیں

پھر کہا! اگر ہم اُسے خالی اور بھرا ہُوا ثابت نہ کریں تو وہ پرانا ہو گا جبکہ وہ پُرانا نہیں۔

جسم کے ساتھ نہیں

پھر کہا! اگر ترکیب کو قبول کرے گا تو اُس میں تحلیل بھی ہو سکتی ہے اگر تالیف کو قبول کرے گا تو مضمحل ہو گا اور جب مماثلت واقع ہو گی تو فضیلت ساقط ہو جائے گی

عرض کے ساتھ نہیں

پھر کہا! اگر اُس کا وُجود اپنے سوا کے ساتھ قیام کا خواہشمند تھا تو یہ منسوب الیہ کے برابر نہ تھا اور اُس کی طرف نسبت درست ہے تو اُس کے وجود پر موافقت باطل ہے اور بے شک اُس کی قید اور ایجاد ہے پھر یقیناً اُس کا وصف الوصف محال ہے تو اس جوڑ کے حال کی طرف کوئی راستہ نہیں۔

باب نفی الجہات

پھر کہا! اگر کرّہ فانی ہے تو اُس کے لئے کنارہ نہیں جب اُس کی طرف جہات ہیں تو وہ اُس کے حکم پر ہیں اور ہم اُس سے خارج ہیں اور اگر ہم نہ تھے تو مشکلات و مصائب اور رنج و بلا کا کیا معنیٰ ہے۔"

باب الاستوا

پھر کہا! ہر رہائش گاہ رکھنے والے کی اُس مکان سے رحلت جائز ہے اور اُس کا انتقال یعنی نقل مکانی ثابت ہو جو بذاتہٖ کسی چیز پر حاوی ہے پس اگر تثلیث ہو گی تو اُسے محدود و مقدور کر دے گی اور یہ عقل کی پہلی تقریر کی نقیض ہو جائے گی

باب الاحدیت

پھر کہا!

یہ حقیقت ہے کہ کوئی چیز نہیں پائی جاتی جو ان مسلّمات سے نہ ہو تو یہ اتفاق ہو گا یا اختلاف اگر یہ بات درست ہے تو ہم وجود میں اتفاق و اختلاف کیوں نہیں پاتے مقدر کا حکم حکمِ حقیقی ہے

باب فی الرؤیت

پھر کہا! جب عین میں کسی چیز کو پایا تو جائز ہے کہ ظاہر چہرے کے ساتھ اُسے بعینہٖ قید میں دیکھے اور اکثر اشعریہ کے مذہب میں وجوب رؤیت پر علت گناہ ہے، سوائے ساتھ وجود بنیادی اور غیر بنیادی کے اور بنیادی سے لازمی ہے،

اور اگر رؤیت مرئی میں اختیار کی گئی تھی تو ہمارے لئے جائز نہیں تو بے شک اِن مطالب کے لئے دلائل ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا،

پھر اُس مغربی نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام پڑھا اور بیٹھ گیا "

حاضرین نے اُس کے اختصارِ عبارت اور استیفاءِ معانی اور دقیق اشاروں کا شکریہ ادا کیا،

دوسری فصل

حامل و محمول لازم کی معرفت میں مشرقی کی زبان سے

باب القدرت

پھر مشرقی اٹھا اور اُس نے کہا! کسی چیز کا کسی چیز سے وجود میں آنا بوجہ میلان ہے اور کوئی مادہ چیز سے نہیں اقتدار ازلی سے ہے، تو وُہ چیز جسے روک نہیں سکتا اُس پر غالب آجائے گا اور وُہ ہمیشہ رہے گی،

باب العلم

پھر کہا! مُحکم میں احکام کا ایجاد ہونا علم مُحکم کے وجود کے ساتھ اُس کے حُکم سے ثابت ہے،

باب الحیات

پھر کہا! اور حیاتِ عالم میں ایک شرطِ لازم اور وصفِ قائم ہے۔

باب الارادت

پھر کہا! جب کوئی چیز تقدم و مناص کو قبول کرے تو لازمی ہے کہ وُہ

وقوع اختصاص کے لئے خاص کی گئی ہو اور عقل و عادت کے حکم میں یہی عین ارادہ ہے۔

باب ارادۃ الحادث

پھر کہا! اگر ارادہ کرنے والے کے ساتھ ارادہ نہ تھا البتہ وُہ تھا اور مراد نہ تھی تو وُہ نہ تھا۔

ارادہ مقام میں نہیں

پھر کہا! خبر دینے والے کے ساتھ اقامت کئے بغیر اُس خبر کے احکام کے معانی کا واجب یعنی یقینی یا ضروری ہونا محالات میں سے ہے۔

باب الکلام

پھر کہا! جو شخص اپنے ساتھ گذرنے والی بات خود ہی بیان کرتا ہے تو یہ بات اُس کے ارادے سے نہیں اِس کے ساتھ کلام و قضا پر حکم دلیل ہے

قدم عالم

پھر کہا! قدیم جدید کو قبول نہیں کرتا اِس میں شک نہ کر اور اگر کوئی بنفسہٖ حادث ہے تو وُہ اس میں سے نہیں البتہ وُہ عدم عدم کے ساتھ ہے کیونکہ یہ صفت ناقصہ اُس سے ہے، اور قدیم کے لئے جو کمال عقل اور نقل سے ثابت ہے وُہ اِس نقص سے منسوب نہیں ہو سکتا،

باب سمع و بصر

پھر کہا! اگر تو جہل کی وجہ سے نہ دیکھ سکے اور نہ سُن سکے تو یہ امر تجھ سے اکثر طور ظہور میں آتا ہے۔

اور اس کی طرف جہل کی نسبت محال ہے تو سوائے اِن صفتوں کی حال کے ساتھ نفی کرنے کے کوئی راستہ نہیں،

اور جو اپنی بات سے اِن دونوں کی نفی کا ارتکاب کرتا ہے تو وُہ معمول کو ڈرانے کیلئے کرتا ہے،

جو ایفائے عہد کے لئے اُس کی کون کی طرف لوٹتا تھا،

اثباتِ صفات کے باب میں

پھر کہا! حکم کیلئے معنیٰ ضروری ہے اور معنیٰ کیلئے اُس چیز کی ضرورت ہے جس سے وُہ قائم ہو سکے تو اُے جھگڑا کرنے والے تو کب تک مشقت برداشت کرے گا یہ تو کچھ بھی نہیں سوائے تیرے گنتی کے خوف کے اور یہ واحد واحد کی حقیقت کا بطلان نہیں کر سکتا اور اگر تو جان لے عدد اَحد ہے تو تجھے کسی سے جھگڑا کرنے کی ضرورت نہیں پس یہ ان معالم کی تقاسیم میں حامل و محمول عارض و لازم سے ظاہر ہے پھر وُہ بیٹھ گیا۔

تیسری فصل

شامی کی زبان سے ابداع و ترکیب کی معرفت

عالم خلق اللہ

پھر شامی کھڑا ہوا اور اُس نے کہا! جب محدثات میں مماثلت ہے اور قدرت کا تعلق انکی ذات کے ساتھ ہے تو اس سے بعض ممکنات کو کون سی دلیل خارج کرے گی "

باب الکسب

پھر کہا! امر او حقیقت کے ساتھ جو کچھ تعلق تھا اگر حادثے کی قدرت نہیں رکھتا اُس کی مثل طریقہ میں خلل ہے، تو یہ وُہ کسب ہے جو بندے اور تقدیر الٰہی کا کسب ہے یہ حرکت اختیاریہ اور رعدِ اضطراریہ کے ساتھ واضح ہوتی ہے

باب کسب مراد اللہ

پھر کہا! قدرت کی شرطِ ایجاد ہے جب اُسکے ساتھ علم وارادہ کا تعاون ہو اب تو اپنے آپکو اس عادت سے بچا تو جو چیز نقصِ اُلوہیت کی طرف لوٹے وُہ مردود ہے

اور وُہ چیز وجُودِ حادث میں مؤثر کرے جو اللہ کی مراد نہیں تو وُہ معرفت کے معاملے میں مردود ہے اور اُس کی وجہ میں توحید کا دروازہ بند ہے، اور کبھی اس کا ارادہ ہوتا ہے اور مامور بہ اُس سے مقصود نہیں ہوتا یہی دُرست ہے اور یہی اِس صراحت کی غرض ہے۔"

خلقِ عالم واجب نہیں

اور یہ صحیح مذاہب میں اللہ تعالیٰ پر محال ہے، اور جو کہتا ہے علم سابق کے بنے وجُوب ہے، تو وُہ واجب میں عُلماء کے ہاں معرُوف حُکم سے نکل گیا اور یہی صحیح حُکم ہے"

طاقت نہ رکھنے پر تکلیف

پھر کہا! جس کی طاقت نہ ہو اُس سے مُکلّف ہونا عقلاً جائز ہے اور یہ امر مشاہدہ اور نقل میں بھی دیکھا گیا ہے۔"

ایلام بری اللہ تعالیٰ کے حق میں ظُلم نہیں

پھر کہا! کوئی چیز حقیقتاً اُس کی ملکیت سے خارج نہیں تو جو کچھ اُس کے مُلک میں اُس کے حُکم سے جاری ہے اُس میں وُہ ظُلم و جور سے متصف نہیں"

اچھائی اور بُرائی

پھر کہا! جو صاحبِ اختیار ہو اُس پر رعایتِ اصلاح واجب نہیں اور بیشک

قباحت و حُسن شرع اور غرض کے ساتھ ثابت ہے، اور جو کہتا ہے حُسن و قبح ذاتِ حسین و قبیح کے لئے ہے اُسے غرض کا علم نہیں"

وجوب معرفت خداوندی

پھر کہا! جب اللہ تبارک و تعالیٰ اور اُس کے سوا معرفت اُس کی شرط ارتباطِ ضرر سے واجب ہے جو مستقبل میں اُسے چھوڑ دے گا تو یہ وجُوب عقلاً درست نہیں کیونکہ یہ عقل میں نہیں آتا"

رسُولوںؑ کی بعثت

پھر کہا! جب عقل بنفسہٖ ایک امر میں مُستقل اور ایک امر میں غیر مستقل ہے تو لازماً مُستقل کی طرف ملانے والوں میں سے ہے پس رسُولوں کی بعثت محال نہیں اور وُہ علیہم الصلوٰۃ والسلام غایتوں اور راستوں کو تمام خلقت سے زیادہ جانتے ہیں"

اثبات رسالتِ رسُول بعینہٖ

پھر کہا! اگر جھُوٹے کا اُسی چیز کو لیکر آنا جائز ہوتا جس کے ساتھ سچا آیا ہے تو یہ قدرت کو عجز میں بدل دینا ہے اور جھُوٹ حضرتِ عزت کی طرف منسوب ہو جاتا ہے اور یہ سب محال اور انتہائی گمراہی ہے۔

جو کچھ پہلے ایک شخص نے ثابت کیا تمام وجوہ و معانی سے دُوسرے نے ثابت کیا ہے"

چوتھی فصل

یمنی کی زبان سے ترتیب و تلخیص کی معرفت

باب الاعادہ

پھر یمنی یعنی جنوب والا کھڑا ہوا اور اُس نے کہا! جس نے بنا کر بکھیرا ہے اُسے حق ہے کہ دوبارہ اُس شکل میں بنا دے

سوال و عذاب قبر

پھر کہا! جب انسان کی کسی چیز میں سے لطیفۂ روحانیہ قائم ہو جاتا ہے تو اُس پر ایسے زندہ کا نام درست ہوگا جو سو رہا ہو، وُہ خواب میں ایسا کچھ دیکھتا ہے جو بیداری میں نہیں دیکھتا تو ایسا شخص مختلف مذاہب کے لئے زندوں میں شمار ہوگا اور اُس پر لذت و الم کا احساس درست ہے اور وُہ مرقدی نہیں جو تیرے لئے ہے،

باب المیزان

پھر کہا! کسی چیز کے اپنی اقامت گاہ سے دوسری جگہ تبدیل ہو جانے

ن اُس کے لئے احکام واجب رہتے ہیں

بابِ صراط

پھر کہا جو ذات پرندوں کو اجسام کی صورت میں ہوا میں ٹھہرانے پر قادر ہے تو ایسے ہی دُہ تمام اجرام کو ٹھہرانے کی قدرت رکھتی ہے

جنت و دوزخ کی تخلیق

پھر کہا حلول دائرہ سے پہلے تکمیلِ نشاۃ اور اطراف دائرہ کا جمع ہو جانا"

وجُوبِ امامت

پھر کہا! اقامت دین مطلوب ہے اور یہ بغیر امام کے دُرست نہیں پس ہر زمانے میں اتخاذِ امام واجب ہے یعنی امام کو حاصل کرنا ضروری ہے"

شرائط امام

پھر کہا! جب امامت کی شرائط پوری ہو گئیں اور انعقادِ بیعت دُرست ہو گیا اور دُنیا کو اس کا عہد پورا کرنا لازمی ہو گا، اور امام وُہ مرد ہو سکتا ہے جو عقل و علم حریت و ورع اور قوت و کفایت کی صفات سے متصف ہو اور قریشی نسب ہو اور اُس کے دیکھنے سننے کے حواس سلامت ہوں، اور یہ بعض اہل علم اور اہلِ نظر حضرات کا قول ہے"

پھر کہا! جب دو اماموں میں عارضہ پیدا ہو جائے تو اُس سے عقدِ بیعت کریں جس کے متبعین کی تعداد زیادہ ہو اور جب عُذر کی صُورت پیدا

تو اگر کبھی ناقص امام کو علیحدہ کرنا مشکل ہو جائے تو وقوع عدم یقینی ہے چنانچہ بیعت کا باقی رکھنا ضروری ہے اور اُس سے الگ ہو نا جائز نہیں

شادیہ کے علاوہ اِن چاروں میں سے ہر ایک نے اسی شرط و نظم اور ربط کا بیان کیا ہے"

اہلِ کشف و نظر اہل اللہ کے مخصوص عقائد

حق و خلق اور واجب و ممکن

وصل ، تمام تعریفیں اُس اللہ کے لئے ہیں جو ہمتوں کے نتائج میں محیر العقول ہے اور حضرت محمد مصطفےٰ اور آپ کی آل پاک پر درود و سلام ہو ،

مسئلہ! اما بعد! بے شک عقلوں کے لئے ماہیتِ مُفکرہ کی حیثیت سے حد قائم ہوتی ہے ماہیتِ قابلہ کی حیثیت سے نہیں، پس اس امر میں کہا گیا کہ جو چیز نسبتِ الٰہیہ سے محال نہیں عقل کے لئے محال ہے ایسے ہی کہا گیا! جو کچھ عقل میں جائز ہے، نسبتِ الٰہیہ میں محال ہے

مسئلہ! حق واجب الوجود کی ذات اور ممکن کے درمیان کون سی چیز مناسبت رکھتی ہے،

اور اگر اُس کے نزدیک واجب ہے جو یہ کہتا ہے کہ اس کے ساتھ اقتضائے ذات کے لئے اقتضائے علم اور مآخذِ فکر یہ پہلے ہے بے شک اس کا براہین وجودیہ سے اِس پر قائم ہونا درست ہے اور یہ لازماً دلیل و مدلول اور بُرہان و مُبرہن کے درمیان دلیل اور مدلول علیہ کی طرف اُس دلیل پر تعلق مناسبت کی وجہ سے ہوگا اور اگر یہ وجہ نہیں تو اُس کی دلیل دلالتِ مدلول تک کبھی نہیں پہنچے گی پس مخلوق اور حق کا ذات کی حیثیت سے بایں وجہ جمع ہونا کبھی درست

لیکن اُس تعریف کی گئی ذاتِ خداوندی کی حیثیت سے ہے ؟ تو

یہ دُوسرا حُکم ہے کہ جس کے ادراک پر عقول مستقل ہو جاتی ہیں اور ہر وہ چیز جس پر عقل مستقر ہو جائے ممکن ہے کہ علم اُس کے شہود پر تقدم حاصل کر لے اور حق تعالیٰ کی ذات اِس حکم سے علیحدہ ہے۔

پس اُس کا شہود اِس کے ساتھ علم پر مقدم ہے بلکہ گواہی دیتا ہے اور جانتا نہیں ایسے ہی خدا کو جانتا ہے اور گواہ نہیں اور ذات اُس کے مقابل ہے اور عُلماء میں سے کون ایسا ہے جو سنجیدہ عقل کے ساتھ اِس امر کا مدعی ہو۔

سلب واثبات

کہا کہ جسے فکری نظر سے ذات کی معرفت حاصل ہے اس میں اُسے مغالطہ ہے کیونکہ یہ سلب واثبات کے درمیان اُس کے فکر سے تردد ہے، پس اثبات اُس کی طرف راجع ہے تو یقیناً یہ بات ناظر کے حق میں ثابت نہیں، مگر وہ ناظر جو اس پر اس کے ہونے سے جمیع اسماء کی طرف عالم وقادر اور ارادہ رکھنے والا ہو۔

اور سلب عدم اور نفی کی طرف راجع ہے اور نفی ذاتی صفت نہیں ہو سکتی کیونکہ صفات ذاتیہ موجودات کے لئے ہیں تو اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات اقدس کے ساتھ اثبات وسلب کے درمیان کسی چیز سے فکر وتردد کو جو ثبوت حاصل ہوتا ہے وہ یہی ہے۔

واجب وممکن کی مناسبت

"[illegible]"

مسئلہ کیا اِمقید کے لئے مُطلق اور اُس کی ذات کیساتھ معرفت کا اِقتضاء

ہوسکتا ہے اور کیسے ممکن ہے کہ ممکن واجب بالذات کی معرفت تک پہنچ جائے۔ اور سوائے اِس کے ممکن کے لئے کوئی وجہ نہیں کہ اُس پر عدم نسیان و احتیاج کو جائز سمجھا جائے، تو اگر واجب بذاتہٖ اور ممکن کے درمیان جمع ہونے کی یہ وجہ ہوتی تو واجب کے لئے بھی نسیان و احتیاج وغیرہ اُسی طرح جائز ہوتا جس طرح ممکن کے لئے ہے اور یہ امر واجب کے حق میں محال ہے پس واجب اور ممکن کے درمیان اجتماعیت کے اثبات کی وجہ محال ہے۔ پھر اگر وجوہِ ممکن اُس کے تابع ہیں تو یہ فی نفسہٖ اُس کے عدم پر جائز ہیں تو وہ اس حکم سے اُس کے توابع کا زیادہ مستحق ہے، اِس جامع وجہ سے جو کچھ ممکن کے لئے ثابت ہے وہ واجب بالذات کے لئے ثابت نہیں، اور گناہ کی جو چیز ممکن کے لئے ثابت ہے وہ ذات واجب الوجود کے لئے ثابت نہیں، تو ممکن اور واجب ذات کی جامع وجہ کا وجود محال ہے

میں کہتا ہوں کہ بے شک ذاتِ خداوندی کے لئے احکام ہیں جب کہ وہ حکم دینے والا ہے اور صورتوں میں یہی احکام ہیں اور دارِ آخرت میں ہر جگہ تجلّی واقع ہوگی تو اس میں حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اپنے رب کو دیکھنا مختلف ہے جیسا کہ بیان ہوا اور بے شک رفرف اور دُرّہ یاقوت وغیرہ کے بارے میں حدیثِ نورِ اعظم آئی ہے،

مَیں حکم ارادہ سے کہتا ہوں لیکن مَیں اختیار کے ساتھ نہیں کہتا تو اگر یہ خطاب بالاختیار وارد ہوا ہے تو بے شک جو خطاب اختیار و ارادہ کے ساتھ ہے وہ ممکن کی طرف نظر کرنے کی وجہ سے ہے،

مسئلہ: اللہ تبارک و تعالیٰ نے مجھے جو کشفِ اعتصامی عطا فرمایا ہے اُس کے ساتھ کہتا ہوں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور اب بھی اُس کے ساتھ کوئی چیز نہیں ہے، انتہیٰ لفظہٖ علیہ السلام۔ اھ

جو اس کے بعد آیا وُہ اس میں الحاق اور اُن کا پنا تو دل ہے وُہ اب بھی اُسی حالت پر قائم ہے جس پر وُہ تھا اُن کے حُکم کی مُراد یہ ہے آلآن کما کان، ہم پر وہ حکم عائد ہیں جب کہ دونوں ہمارے ساتھ ظاہر و اُمثال ہیں، اور بے شک اِس میں مناسبت کی نفی ہے اور اِس پر یہ قول شاہد ہے کان اللہ ولا شئی معہ۔ یعنی اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی،، اور بے شک یہ الُوہیت ہے ذات نہیں اور ذات کے لیے جو تمام حکم باب علم الٰہی میں ثابت ہیں بے شک وُہ اُلوہیت کے لئے ہیں اور یہی احکام نسبت و اضافات اور سلوب عین میں نہیں کثرت میں منسُوب ہیں،، یہاں آکر اُن لوگوں کے قدم لڑکھڑا گئے ہیں جو تشبیہ کو قبول کرنے والے اور قبول نہ کرنے والوں کو ملا دیا،

اور اُنھوں نے اِس پر اُن جامع امُور سے اعتماد کیا ہے جن کے لئے دلیلِ حقیقت، علت اور شرط موجود ہے،

اِس کے ساتھ اُنھوں نے غایب و حاضر پر ایک ہی حُکم دیا ہے، اور اگر حاضر ہے تو وُہ مُسلّم ہے اور اگر غایب ہے تو وُہ غیر مُسلّم

حق و خلق کے درمیان برزخ

مسئلہ حق اور خلق کے درمیان اندھا سمندر برزخ ہے اِس سمندر میں ممکن، عالم و قادر اور ہمارے سامنے جو جمیع اسمائے الٰہیہ میں سے متصف ہے، اور حیرت و بشاشت اور مسکراہٹ و فرحت کے ساتھ مُتصف الحق ہے اور موجودات کی اکثر صفات اُس اکیلے کے لئے ہیں اور تو اُس سے وُہ چیز لے جو اُس کے لئے نزول اور ہمارے لئے عُروج ہے۔

مسئلہ تو جو اُس سے واصل ہونا چاہتا ہے وُہ کبھی اُس سے واصل نہیں

ہو سکتا مگر اس کے ساتھ ! تیرے ساتھ وہ چیز ہے جس نے تجھے طلب کیا ہے کیونکہ تیرے مقصود کا مقام تو الوہیت ہے اُسے طلب کر اور ذات کو طلب نہ کر۔

الوہیت کیا ہے؟

مسئلہ ! تمام تر ایجادات ماسوی اللہ پر جس کی توجہ ہے وہ احکام اور نسبت و اضافات کے ساتھ الوہیت ہے اور یہی آثار کی خواہش کرتی ہے، تو یہ صلاحیت قاہر بلا مقہور اور قادر بلا مقدور ہے اور وجود و قوت و فعل محال ہے

مسئلہ ! الوہیت کی اخص الخاص تعریف اپنے کون پر قدرت کی انفرادیت ہے جب کہ ممکن کو یہ قدرت ہرگز ہرگز حاصل نہیں اور یقیناً اُس کے لئے اثر الٰہی کے تعلق کے ساتھ قبول کرنا ہے۔

مسئلہ ! چونکہ کسب کا تعلق ممکن کے لئے ارادہ سے ہے تو اِس تعلق کے نزدیک اُس کا اقتدار الٰہی کو پانا ہے پس ممکن کے لئے اِس کا نام کسب ہے۔

مسئلہ جبر

محقق کے نزدیک اُس کے کون میں عبد کے لئے جبر صحت کے منافی نہیں تو یقیناً جبر کو ممکن سے وجود الابایت کے ساتھ فعل پر حمل کرنا ممکن ہوگا، پس جمادات مجبور نہیں کیونکہ نہ تو جمادات سے فعل کا تصور ہے اور نہ ہی اُس کے لئے عقل عادی ہے، تو ممکن مجبور نہ ٹھہرا کیونکہ نہ تو اُس سے تصورِ فعل ہے اور نہ ہی اُس کے ساتھ ظہورِ آثار کے ساتھ عقل محقق ہے۔

مسئلہ ! اقتضائے الوہیت یہ ہے کہ دنیا میں مصیبت، و عافیت ہو

پس مُنتقم کا ازالہ بخشش و درگذر کرنے والے اور مُنعم کے ازالہ سے اولیٰ نہیں، اور باقی اسماء میں حُکم نہیں تعطّل ہے جب کہ الوہیت میں تعطّل محال ہے تو اسماء کا ثمرہ نہ ہونا محال ہو گا،

مُدرِک اور مُدرَک

مسئلہ، مُدرِک، صاحبِ ادراک، مُدرَک، ادراک کیا گیا ہر دو کے لئے دو ضربیں ہیں"

مُدرِک "صاحبِ ادراک" کے لئے یہ دو ضربیں ہیں،

۱۔ وُہ جانتا بھی ہے اور اُس کے پاس قوّتِ خیال بھی ہے

۲۔ وُہ جانتا ہے مگر اُس کے پاس قوّتِ تخیّل نہیں"

مدرَک، ادراک کئے گئے کیلئے یہ ضربیں ہیں،

۱، مدرک لہ اُسے اُس کی صُورت سے صُورتاً جانتا ہے نہ اُس کے لئے تصوّر ہے نہ قوّتِ خیال"

۲، اُسے جانتا ہے اور قوّتِ خیال سے اُس کا تصوّر کرتا ہے اور اُس کے لئے جو صُورتِ علمیہ ہے اُس سے اُس کا ادراک کرتا ہے۔ فقط

علم۔ معلوم۔ تصوّر

مسئلہ، علم نہ تو تصوّرِ معلوم ہے اور نہ ہی اس کے معنے تصوّرِ معلوم ہیں، تو یقیناً جو سب کچھ معلوم ہے وُہ اُس کا تصوّر ہو گا جب کہ تمام عالم کا تصوّر نہیں، پس اگر عالم کے لئے تصوّر ہے تو بے شک وُہ معلوم کے لئے صُورت اور اپنے تخیّل سے خیال ٹھہرنے کی حالت پر ہو گا۔ اور پھر معلومات تو خیال

پر ہر گز نہیں رک سکتیں، پس ثابت ہوا کہ اُن کے لئے یقیناً صُورت ہے۔

مُمکن فاعل نہیں

مسئلہ: اگر مُمکن سے فعل درست ہے تو اُس کا قادر ہونا درست ہوگا چنانچہ نہ اُس کے لئے فعل ہے اور نہ اُس کے لئے قُدرت ہے پس مُمکن کے لئے قدرت کا اثبات بے دلیل دعویٰ ہے اور اس فصل میں مع اشاعرہ کے ہمارا کلام ہے جو مُمکن سے فعل کی نفی کا اثبات کرتا ہے۔

ایجادات و مُوجد کے بارے میں

مسئلہ: واحد سے سوائے واحد کے ہر کام کا صدور نہیں اور کیا پھر وُہ کوئی ذات ہے؟

اس پر منصف کو اعتراض ہے کیا تو نے اشاعرہ کو نہیں دیکھا کہ اُنہوں نے حق کیلئے ایجاد کو اس لئے تسلیم کیا ہے کہ وُہ قادر اور مختص ہے۔ اس لئے کہ وُہ مراد ہے اور احکام اس لئے کہ وُہ عالم اور کسی چیز کا مرید اُس کے قادر ہونے کی طرح ہو،

بات نہیں بنتی

تو اس کے بعد اُن کی یہ بات نہیں بنتی کہ تعلق عام ہیں اُس کا ہر وجہ سے اکیلا ہونا صحیح ہے اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ صفات کو ذات پر زائد تسلیم کرتے ہیں

یہ حالت اُنکی ہے جو نسبتوں کو اضافی صُورت دیتے ہیں

اور ہر فرقہ نے وحدت کو تمام وجوہ سے علیحدہ نہیں کیا کیونکہ وہ اُس کے قائلین اور نہ ماننے والوں کے درمیان لٹکے ہوئے ہیں۔

تو یہ الوہیت میں وحدانیت کا اثبات ہے یعنی کوئی معبود نہیں مگر وہ اور یہ اس پر صحیح مدلول ہے۔

مسئلہ! اللہ تبارک و تعالیٰ کا عالم، حیی، قادر ہونا تمام صفات نسبت و اضافت کی طرف ہے، اُس کے لئے اعیانِ زائدہ نہیں جب کہ اُس کی تعریف نقص کے ساتھ ادا ہو اور جب کامل زائد کے ساتھ اُس کے زائد کمال سے ناقص یا کم بالذات ہے۔

اور وہ اپنی ذات کے لئے کامل ہے تو ذات پر زائد بالذات محال ہے اور نسبت و اضافت محال نہیں

رہا قائل کا یہ قول کہ: نہ یہ وہ ہے اور نہ یہ اُس کے لئے غیر ہے تو یہ انتہائی بعید کلام ہے، بے شک اس مذہب والا زائد کے اثبات پر دلیل دیتا ہے اور وہ زائد بلا شک و ریب غیر ہے کیا وہ نہیں دیکھتا کہ یہ لاغیر کے اطلاق کا انکار ہے۔

پھر یہ اُسکی حد درجے کی زبردستی ہے جو کہتا ہے کہ یہ دونوں غیر ہیں تو یہ تب ہوگا جب ایک کی دوسرے سے مکان و زمان اور وجود و عدم میں مفارقت ہو، پس جمیع عُلمائے کرام کے نزدیک دو غیروں کیلئے حد نہیں۔

مسئلہ! کونِ واحد میں فی نفسہٖ متعلق سے تعلقات کی تعداد اثر انداز نہیں

ہوتی جیسا کہ ایک کلام کے ساتھ متکلم کی تقسیم اثر انداز نہیں ہوتی۔

مسئلہ ! موصوف کے لئے اُس کی صفات ذاتیہ اُس کے ساتھ ہیں اُن کی تعداد فی نفسہ موصوف کی تعداد پر دلالت نہیں کرتی اس لئے کہ اُس کی ذات مجموع ہے اور اگرچہ ایک دُوسری کی تمیز میں معقول تھی۔

مسئلہ ! عالم میں تمام صُورتیں جوہر میں عرض ہیں اور یہی اس پر خلع و سلخ اور جوہر واحد واقع ہے اور صورتوں میں تقسیم ہے جوہر میں نہیں

مسئلہ۔ قائل کا یہ قول ! کہ بیشک معلولِ اوّل سے کثرت نے وجود پایا ہے، اور اگر یہ ایک ہے تو اِس میں تین اعتبارات پائے جاتے ہیں اور یہ اعتبارات اُس کی علت، اُس کی ذات اور اُس کا امکان ہیں، تو ہم اُنہیں کہتے ہیں تمہاری دلیل علت اُولیٰ میں لازم ہے یعنی اس میں اعتبارات کا وجود ہے اور وُہ واحد ہے تو یہ تمہیں اس سے منع نہیں کرتا کہ سوائے واحد کے اُس سے سارے کام پورے نہ ہوں۔

ہاں ! اگر تم علتِ اُولیٰ سے کثرت کا صُدور یا معلول اول سے صُدورِ واحد قرار دیتے مگر تم اِن دونوں باتوں کے قائل نہیں ہو۔

مسئلہ ! جس کے لئے کمال و استغنائے ذاتی واجب ہو اُس کے لئے کوئی چیز علت نہیں ہوگی کیونکہ علت کا اُس کے ہونے کی طرف لوٹنا معلول پر توقف قرار پائے گا جب کہ ذات کسی چیز پر توقف کرنے سے پاک ہے پس اُس کے ہونے پر علت محال ہے لیکن الوہیت یقیناً اضافت کو قبول کرتی ہے

تو اگر کہا جائے کہ اِس کا اطلاق اُس ذات کے علاوہ پر جو کامل اور غنی ذات ہے، اور وُہ نسبت و اضافت نہیں چاہتی تو ہم کہتے ہیں کہ علت کی برعکس لفظ میں مشاحت نہیں پس یقیناً اصل میں یہ وضع کی گئی ہے اور اِس کا معنیٰ

معلول کو چاہتا ہے، پس علت کی یہ مُراد ہے تو یہ تسلیم ہے اور اس امر میں شریعت کی جہت سے کوئی نزاع نہیں کہ کیا شریعت نے اس سے منع کیا ہے یا جائز کیا ہے یا خاموش ہے،،

الُوہیت اللہ تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے

مسئلہ! الُوہیت مرتبۂ ذات ہے جس کا استحقاق سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے کسی کو نہیں تو جو اِس کا مُستحق ہے وُہ اُس سے جو چاہے طلب کرے

اور یہی اُس کی طلب ہے اور ذاتِ حق تعالیٰ ہر شے سے مُستغنی ہے،

جو کچھ ہم نے بیان کیا یہ سِرِ رابطِ الُوہیت کا بطلان ظاہر کرتا ہے جب کہ کمال ذات کا بطلان نہیں اور اِس سے زوال کے معنی آشکار ہوتے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں شہر سے ظاہر ہوئے یعنی اُس سے بلند ہوئے، الوہیت کے لئے یہ امام کا قول ہے کہ الُوہیت کے لئے سِر ہے اگر ظاہر ہو تو الُوہیت کا بطلان ہے

علم اور معلوم

مسئلہ علم کو معلوم کے تغیّر سے تغیر نہیں لیکن معلوم کی طرف نسبت اور اُس کے تغیّر کے ساتھ تعلق ہے،

علم کے تعلق کی مثال یہ ہے کہ کوئی کہتا ہے زید آگیا اور وُہ آگیا تو اس کے متعلق علم ہو گیا کہ وُہ اِس حال میں موجود ہے۔ اور علم کا تعلق اُس کے ہونے کے آغاز سے زائل ہو گا۔

تغیّر لازم نہیں

اور تغیّر تعلق سے تغیّرِ علم لازم نہیں آتا اور ایسے ہی مسموع و مرئی

کے تغیر سے خواب اور سمع کا تغیر لازم نہیں آتا۔

مسئلہ ! ثابت ہُوا کہ علم کو تغیر نہیں ایسے ہی معلوم کو تغیر نہیں تو بے شک علم کا معدوم ہے اور یقیناً اس کی نسبت دو معلوم محقق امروں کے لئے ہے پس جسم معلوم ہے اُس کو تغیر نہیں اور جسم کے ساتھ اس کا قیام ملحق ہوگا ، اور نسبت کو بھی تغیر نہیں اور یہ شخصی نسبت ہے اُس شخص کے سوا کے لئے تو اس میں تغیر نہیں۔

اس مقام پر اصل میں ان چاروں کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں اور یہ تین اُمور متحقق ہیں۔

۱، نسبت ۲، منسُوب ۳، منسُوب الیہ

پس اگر کہا جائے کہ ہم تغیر کو منسُوب الیہ سے کیوں ملاتے ہیں۔
ہم کہتے ہیں جب کوئی امر اس کی طرف منسُوب دیکھتے ہیں تو بے شک اُس کی حقیقت کی حیثیت سے نہیں دیکھتے پس حقیقت غیر متغیر ہے، اور نہ ہی اس حیثیت سے دیکھتے ہیں جس سے وہ اُس کی طرف منسوب ہے پس ایسے ہی اس حقیقت کو بھی تغیر نہیں، اور بے شک اُس کی طرف اُس حیثیت سے دیکھتے ہیں جو اس کے حال کی طرف منسُوب ہے، پس اس کے علاوہ کو معلوم نہیں کہ وہ اس حالت میں اُس کی طرف منسوب ہو

میں کہتا ہوں یقیناً یہ زائل ہے پس اس کی اپنے منسوب سے جدائی نہیں اور یہ دوسرا دوسری نسبت سے منسوب ہے تو اس سے نہ علم کو تغیر ہے نہ معلوم کو، اور بے شک علم کے معلومات سے تعلقات ہیں یا معلومات

سے تعلق ہے جیسا چاہیں سمجھ لیں۔

علم تصورات واکتساب

مسئلہ: نظر فکری سے اکتساب کرنے والے کے لئے علم تصورات سے کوئی چیز نہیں پس اکتسابی علوم معلوم تصوری کا معلوم تصوری کی طرف نسبت کے سوا کچھ نہیں اور نسبت مطلقہ بھی علم تصورات سے ہے، تو جب اکتساب کی نسبت علم تصورات کی طرف ہو گی، تو یہ تیرے کون سے سُنے ہُوئے لفظ کے سوا کچھ نہیں بے شک اس پہ اُس طائفہ کی مدح صادق آتی ہے جس میں سے ہر ایک اُس کے معنی کو پہچانتا ہے لیکن ہر ایک اُس لفظ کو نہیں پہچانتا، اس پہ دلیل ہے پس اس کے لئے اِس لفظ پر اطلاق کرنے والے معنیٰ کے بارے میں پُوچھا جائے یعنی وُہ معنی جسے مسئول بہ پہچانتا ہے، تو اگر سائل کے پاس اِس معنیٰ کا علم اُس کی معنوی حیثیت سے نہ تھا اور اُس شخص کی مُراد کی معرفت کی طرف ملانے پر دلالت کرتا تھا اس کے لئے اس معنی کی اصطلاح وُہی ہو گی جسے وہ پہلے پہچانتا تھا اور کہتا تھا تو لا زمایہ تمام معنے اُس کی ذات میں مُرتکز ہو نگے جو پھر ایک حال کے بعد دُوسرے حال میں انانیت کے ساتھ منکشف ہوتے۔

مسئلہ: معلومات پر محیط علم کا وصف تناہی کا اِقتضا کرتا ہے جبکہ متناہی اِس میں محال ہے تو احاطہ محال ہے لیکن کہتے ہیں حقیقتاً علم معلوم پر محیط ہے۔ مگر معلوم احاطہ طریق کے ساتھ نہیں، تو بیشک علم یہاں ایک وجہ سے ہے اور من کل الوجوہ محیط نہیں

بصیرت و بصارت

مسئلہ: رؤیت بصیرت علم ہے اور رویت بصر حصُولِ علم کا راستہ تو اس

کیلئے الٰہ کا سمیع و بصیر ہونا تفصیلی ہے پس اس میں علم کیلئے دو حکم ہیں اور اس میں جو وقوعِ تثنیہ ہے وُہ مسموع و مبصر میں ہے۔"

ازل اور اوّل

مسئلہ: ازل تعریف سلبی صرف ہے اور یہ اولیت کی نفی ہے، پس جب ہم کہتے ہیں کہ اوّل الوہیت کا حق ہے تو یہ صرف مرتبہً ہے۔

مسئلہ: اشاعرہ نے تمام ماسوی اللہ کے حدوث پر دلیل بیان کی ہے اور ہم اس حدوث کو تسلیم کرتے ہیں جس حدوث کا وُہ ذکر کرتے ہیں۔

ممکن کا وجود

مسئلہ: ہر وُہ موجود ممکن جو بغیر ٹھکانے کے بنفسہ قائم ہے اُس کے وجود کے ساتھ نہ تو زمانے کا اجراء ہوتا ہے اور نہ ہی وُہ مکان طلب کرتا ہے۔

مسئلہ: ممکن کے اوّل ہونے میں اشعری دلیل دیتے ہیں بے شک وُہ اُس کے وجود کے زمانہ تقدّم و تاخر کی صورت میں جائز ہے، اِس مسئلہ مقدّر میں موجود نہیں پس اختصاص دلیل مختص پر ہے، پس یہ دلیل عدم زمان کے لئے فاسد ہے تو اِس دلیل سے اُس کا موجود ہونا باطل ٹھہرا۔

اگر کہا کہ: ممکنات کی وجود کی طرف نسبت یا وجود کی ممکنات کی طرف نسبت ماہیت کے اعتبار سے ایک ہی نسبت ہے اور ممکن کی حیثیت سے نہیں تو وجود کے ساتھ یہ بعض ممکنات کے ساتھ اختصاص سوائے اُن کے علاوہ ممکنات کے ہے اور اس پر اُن کی تخصیص کی دلیل ہے تو یہ تمام ماسوا اللہ حدوث ہے

مسئلہ: قائل کا قول کہ بے شک زمانے کی مدت متوہمہ حرکتِ فلک کو

قطع کرتی ہے ہمارے کلام کے خلاف ہے کیونکہ متوہم کا وُجود تحقیقی نہیں تو یہ اشاعرہ پر
مُمکنِ اوّل میں تقدیرِ زمان کا انکار کرتے ہیں، پس حرکتِ فلک لاشئ میں منقطع
ہے پس اگر دُوسرے نے کہا یہ فلک کی حرکت کا زمانہ ہے اور فلک متحیز ہے
تو سوائے متحیز کے حرکت قطع نہیں ہوتی ۔"

تشبیہاتِ مُمکنات

مسئلہ اشاعرہ کے دو بڑے گروہوں پر تعجب ہے اور یہ دونوں لفظِ
اشتراک میں غلطیوں کا مجسمہ ہیں وُہ اُسے تشبیہ کے لئے کیسے مقرر کرتے ہیں
اور تشبیہ نہیں ہوگی سوائے اُس کی مثل لفظ کے یا حرف کے دو امروں کے
درمیان صفت کافی ہے اور یہ نادرالوجود ہے ہر اُس تشبیہ سے جو کسی آیت اور
خبر میں قائم کی گئی،
پھر اشاعرہ نے تصوّر کر لیا کہ جسکی تاویل ہو سکے وُہ تشبیہ کے دائرہ سے خارج ہے اور یہ تشبیہ اجسام
سے تشبیہ معانی مُحدثہ سے الگ کے ساتھ منتقل کرنا ہے اِس کے سوا حقیقت محدث
میں نعوتِ قدیمہ کے لئے کچھ فرق نہیں، تو اسے ہرگز ہرگز تشبیہ سے مُحدثات
کے ساتھ مُنتقل نہیں کر سکتے۔

اِستواء کیسے ہے

اگر ہم اُنکی بات مان لیں تو استواء سے اعراض نہیں کر سکتے،
اور اُسے استواء کی طرف استقرار ہے کیونکہ وُہ اُس پر غالب ہے جیسا کہ وُہ
سیدھے ہیں اور بالخصوص عرش کا اسی نسبتِ استواء سے ذکر کیا گیا ہے،
اور تخت و مکان کے ذکر کے ساتھ غالب آنے کے معنی باطل ہو جاتے

ہیں پس ہم اُس کے استقرار کے معنوں میں تصرف

تشبیہ و تجسیم

ہم کہتے ہیں تشبیہ اُس کی مثل ہے جو استواء کے ساتھ واقع ہو استواء کے معنی وہ مستوی نہیں جو جسم ہو، اور استوا معقول و معنوی حقیقت تمام نسبت ہے جو اُسے ذات کی حقیقت سے عطا کئے گئے کے مطابق ہو اور ہمیں اِس کے ظاہر سے استواء میں تصرف کے تکلف کی ضرورت نہیں تو یہ واضح غلطی ہے جو پوشیدہ نہیں،

رہا ذات کی تجسیم کا سوال تو اُنہیں اہل ایمان اور اہل عقل ہونے کی صورت میں یہ حق نہیں پہنچتا کہ کسی ایک لفظ کے احتمال پر اس حد تک تجاوز کریں جبکہ اُس کا فرمان ہے لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ،

مسئلہ! جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فحشاء کے ساتھ حکم نہیں دیا ایسے ہی یہ اُس کی خواہش نہیں بلکہ قضاء و قدر سے کون مراد نہیں کیونکہ اُس کا فاحش یا بُرا ہونا اُس کے عین کے حکم میں نہیں بلکہ اِس میں اللہ کا حکم ہے اور اللہ کا حکم اشیاء میں غیر مخلوق ہے اور جو کچھ خلقت پر جاری نہیں ہو گا وہ مراد نہیں ہو گا تو یقیناً ہمیں اُس کی اطاعت لازم ہے اور ہم کہتے ہیں اطاعت کیلئے ارادہ سمع سے ثابت ہے عقل سے نہیں،

پس وہ فحشاء میں بھی ثابت ہے اور ہم نے اُسے قبول کیا ہے اور اُس پر ایمان لائے ہیں، جیسا کہ ہم اعمال کا وزن ہونا اور اُس کی صورتوں کو کسن و اعراض کے ساتھ کہتے ہیں، تو اس میں کوئی جھگڑا نہیں جس میں ہم اقتضائے دلیل پورا کرتے ہوئے اس کی طرف گئے ہیں،

امکان و وجوب

مسئلہ: عدم ممکن کے لئے اُس کے وُجود کے اعتبار سے ہمارا مقصود نہیں۔ لیکن عدم اُس کے وُجود حال سے حکماً ملا ہوا ہے اگرچہ وُجود نہ تھا اس لئے یہ عدم اس پر منطبق ہوگا اور نہ یہ مراد ہے لیکن وہ عدم جس کے وُجود کی حالت میں حکم ملا ہوا ہو اور عدم ممکن اُس کی ذات واجب الوجود کے مقابلہ میں مراد نہیں ہو سکتا اس لئے کہ مطلق عدم جو کہ ممکن ہے کے مقابلہ میں مرتبہ وجود مطلق کے لانا جائز نہیں اور یہ امر وُجود الوہیت کے لئے ہے دُوسرے کے لئے نہیں

مسئلہ: عقل میں وُجود قدیم کا گذر محال ہے پس اگر نہیں ہوگا تو سمع اور دُوسرے طریق سے نہیں ہوگا۔

وجود ممکن کے لئے تخصیص وجود کے لئے مقصود ممکن ہے لیکن یہ اُس کی نسبت کی حیثیت سے ہے جو دُوسرے ممکن سے جائز ہے تو یہ امر وجود ممکن کی حیثیت سے نہیں بلکہ ممکن مطلق کی حیثیت سے ہے جو مراد کے ساتھ ہے اور نہ اصل واقع کے ساتھ ہے سوائے ممکن کے ساتھ ہونے کے تو جب ممکن کے ساتھ ہے تو اُس کی حیثیت ممکن سے نہیں بلکہ اس کی نسبت کی حیثیت سے مراد ہوگا جو غیر نہیں۔

وُجود ہی ذات ہے ذات کا غیر نہیں

دلیل سبب مختص کے ثبوت پر دلالت کرے اور مثلاً اس میں اس مختص کی طرف نفی یا اثبات سے علی التوقیف منسوب ہونے پر دلالت ہو جیسا کہ ہمیں بعض دیکھنے والوں نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا جو ہمارے اور اُن کے درمیان

جاری تھی تو ہم نے اُس پر اپنے گمان کے مطابق توقف کر لیا لیکن وُہ دلیل جو مُرسل کی طرف سے رسُول کے ثبوت پر دلالت کرے وُہ ہم رسُول سے نسبتِ الٰہیہ کو پکڑ بیں گے تو اس کے ساتھ ہم کیسے حُکم دے سکتے ہیں کہ ایسا ہے اور ایسا نہیں۔
اور اُس کے وُجود پر روشن دلیل ہے اور اُس کا وجود عین اُس کی ذات ہے اور اُس کی ذات کے اثبات کیلئے کسی چیز کیلئے دلیل کی ضرورت نہیں جبکہ اسکے علاوہ کسی چیز کیلئے دلیل کی ضرورت ہوتی ہے۔ بس وُہ موجود ہے اور اُسکے وُجود ذات کے علاوہ کچھ نہیں۔ مُمکن واجب بالذات کا محتاج ہے اور واجب کے لیے مُمکن کے علاوہ استغنائے ذاتی ہے۔ اُس کا نام اِلٰہ ہے اور اِس کا تعلق اُس کی ذات سے ہے اور تمام محقق حقائق سے ہے خواہ اُن کا وجُود ہو یا عدم۔

علم اسس کا تعلق ممکنات کے ساتھ اس حیثیت سے ہے جو اِن ممکنات پر ہے۔

اختیار! اس کا تعلق مُمکن کے ساتھ مُمکن کے ہونے سے پہلے علم کی حیثیت سے ہے۔

مشیئت! اِس کا تعلق ممکن کے تعیّن پر کسی جائز تخصیص کے ساتھ ہے۔

ارادہ! اِس کا تعلق ایجادِ کائنات سے ہے۔

قدرت! اس کا تعلق اُس کی کون کے لئے مکوّنِ پیدا کئے گئے، کی سماعت سے ہے۔

امر! اِس کی دو قسمیں ہیں بالواسطہ اور بلا واسطہ تو واسطوں کے ساتھ اُٹھنا لازماً نافذ الامر ہے اور بالواسطہ کے لئے نفوذ ضروری نہیں اور جب تک اللہ تبارک و تعالیٰ امر کے ساتھ کوئی چیز متوقف نہ کرے امر کے ساتھ عین حقیقت میں نہیں۔
اِس کا تعلق اسمارِ مکوّن کے ساتھ اُس کے کون سے لُوٹنے یا اُس کے ٹھہرتے

سے جو اُس سے صادر ہو ساتھ ہے۔

نہی ! اُس کی صُورت صُورتِ امر کی تقسیم میں ہے ! اس کا تعلق اُس تحصیل کے ساتھ ہے جس پہ وُہ ہے یا کائنات سے اُس کے سوا دُوسرا یا اُس کی اپنی ذات ہے۔

اخبار ! بے شک اِن کا تعلق کون کے ساتھ طریق یعنی چیز پر ہے۔

استفہام ! اس کا تعلق اُس کی طرف نزدل کی جہت پر صیغۂ امر کے ساتھ ہے۔

دُعاء ! اس کی طرف امر کے باب سے تعلّق ہے۔

کلام ! اس کا تعلق کلام کے ساتھ بغیر شرطِ علم کے ہے۔

سمع ! تو بے شک یہ سُننے والے کے تبع تعلّق فہم کے ساتھ متعلّق ہے۔

فہم ! اس کا تعلق کیفیتِ نوُر سے ہے اور جو اُس نے مرتبات سے حل کیا ہے !

بصر و رویّت ! اس کا تعلق ہر مُدرک کے ادراک کے ساتھ ہے اور سوائے اس کے ان تمام تر متعلقات کے ساتھ اس کا تعلق دُرست نہیں۔

حیات اور علین ! ان میں سے ہر ایک کا حقائق متعلقات اور اسمائے مُسمّیات سے تعدّدِ تعلّقات ہے۔

نورِ عقل اور نورِ ایمان

عقل کے لئے نوُر ہے جس سے وُہ مخصُوص امور کا اِدراک کرتی ہے اور ایمان کے لئے نوُر ہے جس کے ساتھ وُہ ہر اُس چیز کا ادراک کرتا ہے جس کا مانع قائم نہیں تو نورِ عقل کے ساتھ معرفتِ الُوہیت کی طرف اِتصال ہے جو اس کے ساتھ واجب اور جائز ہے اور جو اِس سے جائز نہیں وُہ حلال اور واجب نہیں

اور نورِ ایمان کے ساتھ عقل معرفتِ ذات کا ادراک کرتی ہے اور اُن تعریفوں کا ادراک کرتی ہے جو اُس کی ذات کی طرف حق منسوب ہیں ۔

کیفیات کی معرفت

مسئلہ ! ہمارے نزدیک وُہ معرفتِ کیفیت ممکن نہیں جو احکام ہیں سے ذات کی طرف منسوب ہے مگر منسوب اور منسوب الیہ ذاتوں کی معرفت کے بعد اور جس وقت اُس ذاتِ مخصوص کے لئے نسبتِ خاص کی کیفیت کی پہچان ہو جائے ممکن ہو سکتی ہے جیسا کہ اِستوا معیّت ، ہاتھ ، آنکھ اور اِن کے علاوہ ۔

مسئلہ ! نہ اعیان پھرتے ہیں نہ حقائق تبدیل ہوتے ہیں آگ کا کام حقیقتاً جلانا ہے صُورتاً نہیں ۔ پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ! اے آگ سلامتی کے ساتھ ٹھنڈی ہو جا ، تو یہ خطاب صُورت کو ہے ، اور یہ پتھر اور سنگریزے آگ کے ساتھ جلتے ہیں اور جب آگ اِن پر قائم ہو تو اِن کا نام آگ ہو گا اور یہ بُرودت کو بھی اُسی طرح قبول کرتے ہیں جس طرح حرارت کو قبول کرتے ہیں ۔

بقا حق تعالیٰ کے لئے ہے

مسئلہ ! بقا کا معنیٰ استقرار وجودی کا نام ہے دُوسرے پر نہیں اور نہ ہی یہ صفتِ زائدہ ہے جسے بقا کی احتیاج ہو اور یہ سوائے اشاعرہ کے مذہب کے مسلسل بیان کی گئی ہے ۔ تو اگر بقائے عرض ہے تو بقا کی محتاج نہیں اور یقیناً یہ امر بقائے حق تعالیٰ میں موجود ہے ۔

مسئلہ ! کلام کی یہ حیثیت کہ وُہ ایک ہو اور اس کے ساتھ مُتکلم میں تقسیم کرے کلام نہیں ، پس امر و نہی ، خبر و استخبار اور طلبِ کلام میں سب ایک ہیں ۔

اسم اور مسمّیٰ

مسئلہ! اسم، مسمّیٰ اور تسمیہ میں اختلاف لفظی ہے۔ رہا اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ فرمان کہ تیرے رب کا نام برکت والا ہے اور تیرے رب کے نام کی تسبیح ہے تو یہ دشمن کی سرزمین کی طرف مصحف کے ساتھ سفر کرنے کے لئے ہے، اور اسماء کے ساتھ مسمّیٰ کی حجت میں قول مسمّیٰ کا اسم ہونے پر ہے پس لوگوں کے معبود اور بندوں سے نسبت الوہیت اس پر حجت نہیں کہ اسم ہی مسمّیٰ ہے اگر ہوگا تو وہ لغت اور وضع کے حکم میں ہوگا معنے کے حکم میں نہیں۔

مسئلہ! ممکنات کا وجود ذاتی اور عرفانی کمال کے مرتبوں کے لئے ہے غیر نہیں

معلومات کا انحصار

ظاہر و باطن کے حسن میں معلومات کا انحصار ادراک کی حیثیت سے ہے اور یہ ادراک ذاتی بدیہی ہے اس سے عقل مرکب نہیں خواہ معنیٰ خیال میں ہو خواہ صورت خیال میں سوائے خاص صورت کے مرکب نہیں، پس عقل اس کا ادراک کرے گی جو قوتِ خیال کی بجائے مرکبِ خیال میں ہو، اگر اس کے بعض کا تصور کیا جائے جو عقل اور قدرتِ خداوندی کے راز سے مرکب ہے تو یہ ان تمام سے خارج ہے پس یہاں توقف کرو۔

حسن و قباحت ذاتی کیا ہے

حسین و قبیح کیلئے ذاتی چیز ہے مگر اس میں سے ذاتی اچھائی برائی کیلئے جس کا نظر کے ساتھ ادراک کیا جاسکے، اور یہ اچھائی یا برائی اس کے کمال یا نقص،

غرض اور نرمیٔ طبع، یا اُس کی منافرت و وضع کی بنا پر دیکھے جائے گی اور ایک اچھائی یا بُرائی کا اِدراک سوائے منجانب حق کے لئے نہیں کیا جاسکتا وہ شریعت ہے۔"

اور جب کسی چیز کو اچھی یا بُری کہتے ہیں تو شریعت میں یہ خبر ہے حکم نہیں اور اِس میں جو بات کہتے ہیں زمانے اور حال اور شخص کی شرط پر کہتے ہیں، تو اِس میں ہماری شرط اِس حکم سے ہے جو قتل کے سِلسلہ میں کہتے کہ اِس کے لئے دیت یا قصاص یا حسنہ ہے، یا سفاح و نکاح کی صُورت میں ذکر کا فرج میں داخل کرنا پس ایلاج یعنی ایک دُوسرے سے ملاپ کی حیثیت ایک جیسی ہو گی تو اگر اختلافِ زمان ہے اور لوازمِ نکاح موجود نہیں تو یہ امر سفاح میں داخل ہے اور کسی چیز کی حلالیت کا زمانہ اُس کی حُرمت کا زمانہ نہیں اگرچہ ایک زمانے میں زید کی حرکت عین حرام تھی مگر دُوسرے زمانے میں اُس سے یہ حرکت نہیں ہوتی اور نہ ہی عمرو کی یہ حرکت وہ حرکت ہے جو زید سے سرزد ہوئی تو قبیح وُہ ہے جو کبھی حُسن نہیں ہوا کیونکہ یہ حرکت یا اچھائی سے موصوف ہوگی یا بُرائی سے جو کبھی اعادہ نہیں کرتی، تو بیشک اِس کا حق تعالیٰ کو علم ہے کہ اچھا کیا ہے اور بُرا کیا ہے اور ہم نہیں جانتے، پھر کسی چیز کا قبیح ہونا اُس کے اثرات کے قبیح ہونے سے ہے اور کسی چیز کا اچھا ہونا بھی اُس کے اثرات کی اچھائی سے ہے، جیسا کہ صداقت اچھی چیز ہے مگر کسی موقعہ پر اُس کے اثرات بُرے مُرتب ہوتے ہیں ایسے ہی جھُوٹ جو بُری چیز ہے مگر کسی موقعہ پر اُس کے اثرات اچھے ہوتے ہیں، تو تحقیق سے جو تجھے ہم نے پہنچایا اس پر حق پالے۔"

دلیل کی نفی مدلول کی نفی نہیں

مسئلہ: دلیل کی نفی مدلول کی نفی کو مستلزم نہیں تو اِس پر حلولی کا قول

درست نہیں کہ اگر اللہ کسی شے میں تھا جیسا کہ عیسٰے علیہ السلام میں احیاء موتیٰ کیلئے۔

قضا اللہ کا حکم ہے

مسئلہ ۱ قضاء پر راضی ہونے والے کا فیصلہ قضا پر راضی ہو اور ہمیں اس کا حکم دیا ہے کہ اس پر راضی ہو لاجو قضا عمل میں آچکی ہے اس پر راضی ہونا ضروری ہے۔

اختراع اور مخترع

مسئلہ ۱ اگر اختراع حدوث کے ساتھ ارادہ کیا گیا اختراع کرنے والے کی ذات کے معنوں میں ہے اور وہ اختراع کی حقیقت ہے تو یہ اللہ تبارک و تعالیٰ پر محال ہے، اور اگر اختراع حدوث کے ساتھ ارادہ کیا گیا وجود میں اس کی پہلی مثال کے بغیر ہے جو اس میں ظاہر ہے تو بے شک اختراع کے ساتھ اس کا وصف بیان ہو سکتا ہے۔

واجب اور ممکن کا ارتباط

مسئلہ ۱ اللہ تبارک و تعالیٰ کا عالم کے ساتھ ربط واجب کے ساتھ ممکن کا اور صانع کے ساتھ مصنوع کا ارتباط ہے، تو عالم کے لئے یہ مرتبہ ازل سے نہیں یقیناً یہ مرتبہ ذات کے لئے واجب ہے اور ذات اللہ تبارک و تعالیٰ ہے اور اس کے ساتھ کوئی چیز نہیں خواہ عالم موجود ہو خواہ معدوم، اللہ تبارک و تعالیٰ اور عالم کے درمیان جو وہم ہے وجود ممکن اس میں تقدم و تاخر کی قدرت نہیں رکھتا پس وہم باطل ہے اور اس کی کچھ حقیقت نہیں، اس لئے ہی ہم میں

حدوثِ عالم کی دلالت کے بارے میں نزاع ہے برخلاف اس کے اس کی طرف اشارہ میں کوئی نزاع نہیں جیساکہ ہم نے اس کے متعلقات میں ذکر کیا ہے۔

عِلم، عالم اور معلوم

علم کا تعلق معلوم کے ساتھ اس امر میں لازم نہیں کہ نفسِ عالم معلوم حاصل ہو جائے اور یقیناً علم کا معلومات کے ساتھ تعلق معلومات کے وجود و عدم کی حیثیت سے ہے اور کہنے والے نے کہا اس کے لئے بعض معلومات کے وجود میں چار مرتبے ہیں، ذہنی، عینی، لفظی اور خطی اگر ذہن سے علم مراد ہے تو غیر مسلّم ہے اور اگر ذہن سے مراد خیال ہے تو مسلّم ہے، لیکن ہر معلوم میں تخیلِ خاص ہے اور ہر عالم میں تخیل ہے مگر یہ سوائے خاص ذہنی کے درست نہیں کیونکہ لفظی اور خطی صورت عین مطابق نہیں، جیساکہ لفظ اور خط دلالت و تفہیم کے لئے دو موضوع ہیں تو ان کا صورت پر صورت کی حیثیت سے نزول نہیں ہوتا اگر زید لفظی اور خطی ہے تو بے شک یہ زا۔ یا اور دال رقم ہوگا یا لفظ اس کے لئے نہ دایاں ہے نہ بایاں نہ جہت ہے نہ آنکھ نہ سمع اس لئے ہم کہتے ہیں کہ لفظ اور خط صورت کی حیثیت سے نہیں دلالت کی حیثیت سے نزول کرتے ہیں۔ ایسے ہی جب ان میں مشارکت واقع ہوگی تو دلالت باطل ہو جائے گی۔

پھر اس میں ہمیں لغت، بدل اور عطف بیان کرنے کی احتیاج ہوگی۔

اور ذہنی میں ہرگز مشارکت نہیں ہوتی پس اس پر غور کریں۔

تین سو ساٹھ وجوہات

مسئلہ: عالم میں وجوہ معارف سے عقل کے لئے کیا ہے اس پر ہم نے

کتاب معرفتِ اول میں حصر کرنا چاہا تو ہمیں خبر دی گئی کہ اِس کا حصر کہاں ہو سکتا ہے چنانچہ جاننا چاہیئے کہ جنابِ حق العزیز سے تین سو ساٹھ وجہوں کے مقابل میں عقل کے لئے تین سو ساٹھ وجہیں ہیں اور اس سے ہر وجہ علم کے ساتھ بڑھتی ہے اُسکی دوسری وجہ بیاں نہیں کی جاتی، پس جب عقل کی وجوہ کو اخذ کی گئی وجوہ سے مثال دی جائے گی تو اس سے عقل کے لئے لوحِ محفوظ پر مسطور یہی علوم نکلیں گے اور لوحِ محفوظ نفس ہے۔

اس امر کا ذکر ہم نے کشفِ الٰہی سے کیا ہے اِس کے لئے عقلی دلیل سے حُجت نہیں تو اس کے قائل سے بغیر دلیل کے اُس کے مصادر سے سیکھتا ہے تو یہ اِس سے اُولیٰ ہے۔ پس اگر حکیم اس نظر میں دعویٰ کرے تو اس کے ساتھ داخل ہے، ہم نے عیون المسائل فی دُرۃ البیضاء میں اس کا ذکر کیا ہے کہ وُہ عقل اوّل ہے اور یہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اِس پر دخل لازم نہیں۔ تو ہم جو اُسکی نظر کا دعویٰ کرتے ہیں اور جو اُس کی تعریف کا دعویٰ کرتے ہیں اگر منکر قائل کی غایت اِس کی تکذیب ہے تو اُس کے پاس اِس کے سوا کچھ نہیں جیسا کہ اس کے لئے مومن کہتا ہے یہ صدق ہے، تو یہ ہمارے اور قائلیں اعتبارات ثلاثہ کے درمیان فرقان ہے۔ اور اللہ ہی کے ساتھ توفیق ہے۔

مُمکن کیا ہے

مسئلہ ہر مُمکن کے لئے جو کچھ بھی عالمِ خلق سے ہے اُس کے لئے دو پہلو ہیں ایک وجہ اُس کا سبب اور دُوسری وجہ من جانب اللہ ہے۔ تو ظلمت اور حجاب سبب کے باعث اور نُور و کشف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، اور ہر مُمکن عالمِ امر سے ہے تو اُس کے لئے حجاب کا تصوّر نہیں کیونکہ وُہ یک وجہ یعنی محض سبب

سے ظہور میں نہیں آیا پس وُہ نورِ محض ہے اور خالص دین اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے ہے۔

ارادۂ الٰہی کا مفہوم

مسئلہ: قدرت کے متعلق ایجاد پر عقلی دلیل دلالت کرتی ہے اور کہا حق اُس کی ذات سے ہے بے شک وجود کا واقع ہونا امرِ الٰہی سے ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا بیشک چیز کے لئے ہمارا فرمان ہے "اِذَآ اَرَدْنٰہُ اَنْ نَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ" یعنی جب ہم اُس کا ارادہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہو جا تو وُہ ہو جاتی ہے، تو لازمادہ جو امر کے متعلق ہے اُسے بھی دیکھتا ہے اور اُسے بھی دیکھتا ہے جو قدرت کے متعلق ہے، یہاں تک کہ سمع اور عقل جمع ہو جاتے ہیں تو اُنہیں حکم ماننے کے لئے کہا جاتا ہے تو یقیناً اُس کے حکم فیکُون کے مطابق واقع ہو جاتا ہے اور اُس کے ساتھ مامور ہے، بے شک وُہ وجود ہے تو دو ممکنوں میں سے ایک کے ساتھ تخصیص ارادہ کا تعلق ہے، اور وُہ موجود ہے پس دو ممکن کے ساتھ قدرت کا تعلق ہے تو اُس ایجاد میں اُس کے اثرات ہیں، اور یہی وجود و عدم کے مابین معقول حالت ہے۔

پس خطاب بالامر کا تعلق اِس کے ہونے کے ساتھ عین مختص کے لئے ہے تو وُہ فرماں برداری کرتا تھا تو ممکن کے لئے نہ عین ہے اور نہ ہی اُس کے لئے وصفِ وجود ہے جو اِس عین الامر پر وُجود کے ساتھ متوجہ ہوتا جب وُجود واقع ہُوا تھا اور کُن کی شرح میں نہی المراد کہنا درست نہیں۔

نسبتِ سلبیہ

مسئلہ: معقولیت اوّلیہ واجب الوجود کی وجود سے غیر کے ساتھ نسبت

سلبیہ وجوبِ مطلق کا ہونا ہے، جب یہاں اُس کا قدم جائز ہو گا تو وُہ ہر مقید کے لئے اوّل ہے، اُس کے لئے بحیثیتِ واجبِ مطلق انحلال نہیں"

فیکون! پس ہو جاتا ہے مگر یہ بنفسہ محال ہے اور اگر اس کے ساتھ قائم ہے اِس سے وجُوہ کے لئے محال ہے"

اگر وُہ بنفسہٖ قائم ہے اور اس سے واجبِ مطلق کے لئے لازم نہیں آتا، اگر بہ اُس کے ساتھ محتاجی سے قائم ہے تو ہو جاتا ہے اور اگر بذاتہ قائم کرنے والا ہے تو محال ہے یا اُس کے لئے مرتبہ قائم کرنے والا ہے تو یہ بھی محال ہے،

نسبت وضعیہ

واجبِ مُطلق کے لئے نسبت وضعیہ مَعقولیتِ نسبتی ہے، سوائے اس کی طرف انتساب کے عقل اِس کو نہیں سمجھ سکتی تو اس اعتبار سے اوّل ہے" اور اگر قدرت ہو!

جب تک متعلّق کو نہ پائے نسبتِ اوّل کی نفی کے لئے مُمکن کے ہاں قوّت و فعل کا وجود نہیں،

جاننا چاہیئے کہ مُمکنات اپنے مُوجد کو نہیں جانتے سوائے اُس کی حیثیت سے تو اُس کی ذات کو جاننا اور اُس کو جاننا جو اُس سے اُس کے علاوہ ہے دُرست نہیں، کیونکہ علم چیز کے ساتھ اُس کے احاطہ کا اِذن دیتا ہے اور اُس سے فارغ ہو جاتا ہے جبکہ یہ امر جنابِ باری تعالیٰ میں محال ہے"

پس اُس کو کسی کا جان لینا محال ٹھہرے گا اور اُسے جان لینا دُرست نہیں کیونکہ بعض نہیں، تو سوائے اس کے علم باقی نہیں جو اُس سے اُس کے ساتھ ہے اور جو اُس سے ہو گا وُہ تُو ہے اور تُو معلوم ہے، پس اگر کہا ہم جانتے ہیں

اگر کوئی کہے وُہ ایسا نہیں تو یہ بھی علم ہے اِس کا جواب دیں گے۔

مسئلہ! ہم نے کہا تیری تعریفوں سے اس کا تجرد ہے اس لئے وُہ نفیٔ مشارکت کی دلیل کا اقتضاء کرتا ہے، تو جو ذات تیرے علم میں نہیں تیرے نزدیک اُس کا امتیاز اِس حیثیت سے ہے جو کچھ اُس کی ذات لئے معلوم ہے، تیرے لئے یہی تمیز عدم صفات ثبوتیہ فی نفسہ اُس کے لئے ہے پس وُہ غور کریں جو نہیں جانتے "اور کہہ اے میرے پروردگار میرا علم زیادہ کر،"

اگر اُس کے لئے علم ہے وُہ نہیں ہوگا اگر تیرے لئے جہل ہے تُو نہیں ہو گا، تو اس کا علم تیرے پانے اور تیرے عجز کے ساتھ اُس کی عبادت کرنے سے ہے پس ھُوَ ھُوَ اُس کے لئے ہے تیرے لئے نہیں اور انتَ انتَ تیرے لئے ہے، اور تیرے لئے اُس کے ساتھ وُہی ربط ہے جو دائرے کے ساتھ دائرہ کے نقطے کا ہوتا ہے، ایسے ہی ذاتِ مطلق کا تیرے ساتھ ربط الوہیتِ ذات کا ربط نہیں بلکہ یہ رابطہ ایسے ہے جیسے دائرے کا نقطے سے،

رویت باری تعالیٰ

مسئلہ! اُس کی ذات سبحانہ کو ہمارا دیکھنا حق ہے اِس کے متعلق اور اُس کے اضافات و سلوب کے ساتھ الٰہ ہونے کے اثبات کے ساتھ ہمارے علم کے متعلق، تو اس کے متعلق اختلاف ہے، تو رویت میں نہیں کہتے بیشک وُہ علم میں مزید روشنی ہے اختلافِ متعلق کے لئے اور اگر اُس کا وجود عین اُس کی ماہیت ہے تو انکار نہیں بے شک اُس کا موجود ہونا غیر معقولیت، معقولیتِ ذات ہے"

عدم شر محض ہے

بے شک عدم محض شر ہے اور بعض لوگ اسے نہیں سمجھ سکتے اور اس کلام کی حقیقت بہت مشکل ہے اور یہ علمائے متقدمین و متاخرین میں سے بعض علمائے محققین کا قول ہے۔

اور ہم سے ظلمت و نور کی منزلوں میں بعض مسافران حق نے طویل کلام میں کہا بے شک خیر وجود میں ہے اور شر عدم میں ہے،

ہمیں علم ہے کہ بیشک حق تعالیٰ کیلئے بغیر قید کے اطلاقِ وجود ہے اور یہ خیر محض ہے اس میں شر نہیں بمقابلہ اطلاقِ عدم کے وہ شر محض ہے، اس میں خیر نہیں تو یہ اُن کے اس قول کے معنی ہیں کہ عدم محض شر ہے

اہل اللہ کا عقیدہ

مسئلہ بیشک اللہ تعالیٰ کیلئے جائز ہے اگر ایجادِ امر کرے یا نہ کرے حقیقت کی جہت سے نہیں کہتے تو اگر اُس کا فعل اشیاء کے لئے ہے تو ممکن اس طرف نظر کے ساتھ نہیں اور نہ ہی ایجاب موجب کے ساتھ ہے ولیکن کہتے ہیں کہ امر جائز ہے اگر ایجاد ہو اور جائز ہے اگر نہ ایجاد ہو تو یہ مرجح کی طرف محتاج ہے اور مرجح اللہ تبارک و تعالیٰ ہے۔

اور بے شک ہم سے شریعت اقتضاء کرتی ہے کہ ہم نے اُس میں جو کچھ دیکھا اُس میں تناقض نہیں جو ہم اُسے کہتے ہیں۔

تو جو شخص حق میں کہتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ اُس کے لئے ویسا ہی واجب کر دیتا ہے اور ویسا ہی حلال کر دیتا ہے اور ایسے ہی اس پر جائز نہیں کہتے

تو یہ عقیدہ مخصوص اہل اللہ کا ہے، رہا خلاصۃ الخاص فی اللہ تعالیٰ کا عقیدہ تو اُن کا حکم اِس کے اُوپر ہے، اس کے لئے ہی اِس کتاب میں میں نے اِس اس اعتقاد اور اس عقیدہ کو بکھیرا ہے جس سے اکثر عقول محجُوب ہو جاتے ہیں اور اُس کی عدم تجرید کے ادراک سے افکار قاصر آجاتے ہیں"

کتاب کا مقدّمہ پُورا ہُوا اور یہ کتاب کے علاوہ ہے جو چاہے اِس میں سے لکھے جو چاہے چھوڑ دے اور اللہ تعالیٰ ہی حق کہلاتا ہے اور وہی راستہ دکھاتا ہے۔

الحمد اللہ تیسری جُز تمام ہوئی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

باب اوّل

معرفتِ رُوح کے بیان میں جس کی تفصیل اِس کتاب میں مسطور ہے اور جو میرے اور اُس کے درمیان اسرار تھے وُہ یہ نظم ہے ،

قلت عند الطواف كيف أطوف	وهو عن درك سرنا مكفوف
جلمد غير عاقل حركاني	قيل أنت المحير التلوف
انظر البيت نوره يتلالا	لقلوب تطهرت مكشوف
نظرته بالله دون حجاب	فبدا سره العلی المنيف
وتجلى لها من اُفق جلالی	قمر الصدق ما اعتراه خسوف
لو رأيت الولى حين يراه	قلت فيه سيده ملهوف
يلثم السرّ فى سواد يمينى	أى سرّ لو انه معروف
جهلت ذاته فقيل كثيف	عند قوم وعند قوم لطيف
قال لی حين قلت لم جهلوه	انما يعرف الشريف الشريف
عرفوه فلازموه زمانا	فتولاهم الرحيم الرؤف
واستقاموا فليس قط فيهم	عن طواف بذاته تحريف
قسم فبشر عنى مجاور بيتى	بأمان ما عنده تخويف
ان أمتهم فرحتهم بلقائی	أو يعيشوا فالثوب منهم نظيف

میں نے طواف کے موقعہ پر کہا اُس کا طواف کیسے ہو جو ہمارے راز کے ادراک سے قاصر اور میری حرکات کا شعور نہ رکھنے والا پتھر ہے۔

کہا! تو محیر المتلوف یعنی دیوانہ ہے،

بیت اللہ شریف کا چمکتا ہُوا نور دیکھ جسے دِلوں کی طہارت و پاکیزگی کے لئے کھولا گیا ہے۔

اِس کے لئے اُفقِ جلالی سے تجلّی ہے اور اِس کے صدق کا چاند بے گہن ہے۔

اگر تجھے دوست کو دیکھنا ہے جب وُہ دیکھے۔

میں نے کہا! اس میں اس کے لئے دائمی غمزدگی ہے۔

رُکنِ یمانی کے راز کو چوم لے اُس راز کو جو جانا پہچانا ہے،

جب میں نے اُس کی ذات کو نہ پہچانا تو بعض نے اُسے کثیف کہا اور بعض نے اُسے لطیف کہا اور شریف ہی شریف کو پہچانتا ہے۔

جو اُسے پہچانتے ہیں اُس کو دیر تک پکڑے رکھتے ہیں، اُن کی رؤف و رحیم سے دوستی ہے۔

وُہ صاحبِ استقامت ہیں وُہ طوافِ کعبہ سے اُس کی ذات کے ساتھ ہرگز تحریف نہیں دیکھتے۔

اُٹھ! میری طرف سے بیت اللہ شریف کے ہمسائے کو بشارت دے کہ وُہ امان کے ساتھ ہے اور کعبہ شریف کے نزدیک خوف نہیں،

بے شک اِن میں سے لوگ میری بقاء کے ساتھ اُس سے فرحت پاتے ہیں

جو اِس طرح زندہ ہیں کہ اُن کا لباس پاکیزہ ہے

کیا زندہ مُردے کا طواف کرتا ہے

اُے حامیم اُے دوست اور کریم نے پسندیدہ جان رے کہ جب میں حرکات وسکنات رُوحانیہ کے معدن مکۃ البرکات میں پہنچا اور میرا وہی حال تھا جو بیت العتیق شریف کا طواف کرتے ہُوئے بعض اوقات ہوتا ہے۔ ہم طواف کے دوران تسبیح وتحمید اور تکبیر وتہلیل کرتے ہُوئے کبھی رُکن کو چُومتے اور کبھی مُلتزم کا التزام کرتے جب ہم حجرِ اسود کے پاس پہنچے تو ایک مبہوت نوجوان سے ملاقات ہُوئی جو خاموش مُتکلم زندہ نہ مردہ اور محاط ومحیط کا مُرکب بسیط تھا۔

اُسے بیت اللہ شریف کا طواف کرتے ہُوئے دیکھا جیسے زندہ مردے کا طواف کرتا ہے میں نے اُس کی حقیقت اور اُس کے مجاز کو پہچان لیا اور جان لیا کہ بے شک بیت اللہ شریف کا طواف ایسے ہے جیسے جنازہ پر نماز پڑھی جائے چنانچہ مُردوں کے ساتھ زندوں کے طواف کے وقت مذکورہ بالا نوجوان سے اُس کے جو اشعار سُنے وُہ یہ ہیں،

ولما رأيت البيت طافت بذاته	شخوص لهم سر الشريعة غيبي
وطاف به قوم هـم الشرع والحجا	وهم كحل عين الكشف ماهم به عمي
تعجبت من ميت يطوف به حي	عزيز وحيد الدهر مامنه شي
تجلى لنا من نو ر ذات مجله	وليس من الامـلاك بل هـو أنسي
تيقنت أن الامر غيب وأنه	لدى الكشف والتحقيق حي ومرئي

جب میں نے دیکھا کہ کعبے شریف کا طواف بذاتہ ایسے اشخاص کر رہے

جن کے لئے شریعت کا غیبی راز ہے۔

اور طواف کرنے والے وُہ لوگ ہیں جو نابینا نہیں بلکہ کشف کی آنکھ کا سرمہ ہیں تو مجھے تعجب ہُوا کہ ایسا عزیز اور وحید العصر زندہ مُردے کا طواف کر رہا ہے جس کی مثال نہیں "

چُنانچہ، ہمیں نورِ ذات کی اُس تجلی سے نوازا گیا جو کعبے کو ضیا بار کرتی ہے اور یہ فرشتہ نہیں بلکہ انسان ہے "

بعد ازاں، مجھے یقین ہو گیا کہ یقیناً یہ امرِ غیب سے ہے اور میرے سامنے کھلا ہُوا ہے اور تحقیق وُہ زندہ اور مرئی ہے۔

میں کہتا ہُوں ان اشعار کے موقعہ پر اموات کے بارے میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے بیتِ مکرّم کی حقیقت مجھ پر ظاہر کر دی گئی۔ بجلی کی زبردست چمک نے میری آنکھوں میں چکاچوند پیدا کر دی اور مجھے زجر و توبیخ کرتے ہُوئے کہا گیا! مرنے سے قبل بیت اللہ شریف کے راز کی طرف دیکھ لے، میں نے مُطیفین و طائفین کو پتھروں کے ساتھ چمکتے ہُوئے پایا۔

وُہ اُنہیں کعبہ شریف کے پردوں کے پیچھے سے دیکھ رہا تھا تو میں نے اُسے چمکتا ہُوا دیکھا پس اُس کے لئے عالمِ مثال میں فی البدیہہ یہ شعر پڑھے "

أری البیت یزھو بالمطیفین حوله	وما الزھو الا من حکیم له صنع
وھـ ـذا جماد لا یحس ولا یری	ولیس له عقـل ولیس له سمع
فقال شعیص ھـذه طاعـة لنا	قـدًا تبنها طول الحیاة لنا الشرع
فقلت له ھـذا بلاغك فاستمع	مقالة من أبدی له الحکمة الوضع
رأیت جمادا لا حیـاة بذاته	ولیس له ضر ولیس له نفع
ولکن لعین القلب فیه مناظر	اذا لم یکن بالعین ضعف ولا صدع

یراه عز بزا ان نجلی بذاته ولیس لمخلوق علی حمله وسع
فکنت أباحفص وکنت علینا فی العطاء الجزل والقبض والمنع

بیت اللہ شریف کی طرف دیکھو اس کا گرد اگرد مُطیفین کے ساتھ چمک رہا ہے اور اِس کی یہ چمک اِس کے حکمت والے صانع کے سوا نہیں۔

ایک شخص نے کہا! یہ جمادات نہ محسوس کر سکتا ہے اور نہ دیکھ سکتا ہے، نہ اِس کے لئے عقل ہے اور نہ یہ سُن سکتا ہے"

ایک شخص نے فرمایا، ہمارے لئے یہ اُس کی اطاعت ہے اور بیشک شریعت میں اِس کے لئے طویل زندگی ثابت ہے،

میں نے کہا! آپ کا یہ پُر حکمت ابدی قول پہنچا تو سُن لیا۔

فرمایا! تو نے جمادات کو دیکھا اِس کے لئے نہ ذاتہ زندگی نہیں اور نہ ہی یہ نفع یا نقصان دے سکتا ہے،

لیکن دِل کی آنکھ کے لئے اِس میں مناظر ہیں جب کہ آنکھ ضُعف اور بیماری کا شکار نہ ہو"،

اَے عزیز! اُس کی تجلّی کو اُس کی ذات کے ساتھ دیکھ مخلوق اِس کی وسعت کا حمل نہیں کر سکتی"

تُو ابا حفص یعنی حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہما، کا عکس بن جائے گا اور ہماری طرف سے خیر کثیر عطا کرنا اور رد کنا ہے۔

وُہ نوجوان کون تھا؟

وصل ! پھر مجھے اُس نوجوان کے مرتبے کی اطلاع دی گئی اور بتایا گیا

کہ وُہ مکان زمان و مکان سے مُنزہ ہے،

پس جب میں نے اُس کے مرتبے اور اُس کے نزول اور اُس کے وجود میں مکان اور ٹھکانے اور اُس کے احوال کو پہچان لیا تو میں نے اُس کی دائیں طرف بوسہ دیا اور اُسکی پیشانی کے پسینے سے مسح کرتے ہوئے کہا آپ اپنی مجالس کے طالب اور اپنی موانست میں راغب کی طرف دیکھیں۔

پس ایسا اور پیچ دار کلام سے اشارا کیا تو بے شک وُہ کلام کو پھاڑ دینے والا تھا خواہ ایک بات بھی بغیر رمز کے نہ کی جائے، جب میں نے اپنا راز اُسے بتا دیا اور محقق کر دیا اور سمجھا دیا تو میں نے جان لیا کہ فصحار کی فصاحت اُس کا ادراک نہیں کر سکتی اور نہ بُلغاء کی بلاغت اُس کے نطق تک جا سکتی ہے تو میں نے اُسے کہا اے بشارت اور یہ خیر کثیر دینے والے میں آپ کی اصطلاحوں کو پہنچانا چاہتا ہوں اور مجھے کیفیت حرکات کی مفتاح پر واقفیت بہم پہنچائیں، میں چاہتا ہوں کہ آپ سے مذاکرات کروں اور چونکہ آپ میرے کفو نظر ہیں اس لئے چاہتا ہوں کہ آپ سے رشتہ داری کا شرف حاصل کروں اور وُہ تیری ذات میں نازل اور امیر ہے، اور اگر آپکی حقیقت مجھ پر ظاہر نہ ہوتی تو آپکو نہ پا سکتا"

کچھ ایسے ناظرہ چہرے ہیں مجھے اُن سے مطلع کریں۔ پس اُس نے اشارا کیا تو میں نے جان لیا اور مجھ پر اُس کے جمالِ حقیقت کی تجلی پڑی تو میں نے سمجھ لیا،

پس وُہ میرے ہاتھ میں گر پڑا، اور مجھ پر غالب آگیا قریب تھا کہ میں بے ہوش ہو جاتا خوف کی وجہ سے میرا جسم کانپنے لگا،

اور اس کے ساتھ امین ملائکہ کا نزول ہوا بے شک اہل علم بندوں میں سے جو اللہ سے ڈرتے ہیں اس سے دلیل مقرر کی اور اس سے معرفت کی طرف علم کا راستہ حاصل کیا،

پس میں نے کہا! مجھے اپنے بعض اسرار سے مطلع کریں یہاں تک کہ اپنے من جملہ احبار کے ہونے سے، "تو فرمایا! میری مشیت کی تفصیل اور ماہیت کی ترتیب کی طرف دیکھ تو مجھ سے جو سوال کرتا ہے اُس سے رقم پائے گا،

تو بے شک میں نہ متکلم ہوں نہ کلیم میرا علم میرے سوا نہیں اور نہ ہی میری ذات میرے اسمار کی غیر ہے"

میں علم، معلوم اور علیم ہُوں، میں حکمت، مُحکم اور حلیم ہُں"

پھر مجھے فرمایا میرے پیچھے پیچھے طواف کر اور میرے چاند کے نور کی طرف دیکھ یہاں تک کہ تو میرے ظہور سے وُہ چیز اخذ کرے جسے تو اپنی کتاب پر لکھ سکے اور لکھنے والے پر املا کر سکے،

اور وُہ تمام چیزیں مجھے بتا دینا جو تو دوران طواف مشاہدہ کرے جنہیں ہر طواف کرنے والا نہیں دیکھ سکتا تاکہ مجھے تیری ہمت اور تیرا مقصُود معلوم ہو جائے اور جو تجھ سے معلوم ہو جائے اُس کا میں ذکر کر سکوں،

تو میں نے جواب دیا اَے شاہد و شہود میں تجھے اُن چیزوں کے ذریعہ سے پہچانتا ہُوں جن سے میں نے وجود کے اسرار معلوم کئے ہیں جو انوار کے غالیچوں پر رقصاں ہیں اور تیز نظروں سے ٹکٹکی لگائے پردوں کے پیچھے سے دیکھ رہے ہیں جن پردوں کو اللہ تعالیٰ نے اُٹھا لیا ہے اور اُن کا نام موضوع رکھا ہے

چنانچہ ذات لطیف کی طرف نظر کرنا اور اسے نہ پانا میرے لئے

باعثِ عزت ہے۔

فوصفه ألطف من ذاته وفعله ألطف من وصفه
وأودع الكل بذاتي كما أودع معنى الشئ في حرفه
فالخلق مطلوب لمعنى كما يطلب ذات المسك من عرفه

اُس کا وصف اُس کی ذات سے لطیف تر ہے اور اُس کا فعل اُس کے وصف سے لطیف تر ہے،

ہر چیز اُس کی ذات کی طرف لوٹتی یا متوجہ ہے جس طرح کسی چیز کے معنی اُس کے حرف میں محفوظ معنی کے لئے مطلوب ہیں جیسا کہ کستوری اپنی خوشبو کی وجہ سے پہچانی جاتی ہے۔

اگر کوئی چیز اپنے اقتضائے حقیق سے متوجہ ہوئے بغیر اُس کی طرف طریقت سے واصل ہونا چاہے تو اِس سے اُس کے مشرب میں بُنمنا نہیں پایا جاتا اور نہ ہی یہ اُس کی معرفت کی طرف میلان کرتی ہے۔

اب میں اپنے مقصد اور اُسکی غایت کی طرف لوٹتا ہوں پس دقت وصول دائرہ کھولنے میں اُس کے انتہائی وجود اور ابتدائی نقطہ کی طرف پرکار پکڑ آخرالامر دائرہ اپنے اول سے مربوط ہو جائے گا اور اُس کا ابد اُس کے ازل پر لوٹ آئے گا۔

پس اُستوار و دائم وجود قرار گاہِ شہود ثابت کے علاوہ نہیں اور سوائے اُس کے نہیں کہ یہ لوگوں کے دیکھنے کی وجہ سے راستہ طویل ہو گیا پس اگر بندہ اُس کا رُخ اُس کی طرف موڑ دے جو غیر سے ملا ہوا ہے اِس میں نظر کے لئے بُری آنکھ سے سالکین کی طرف راستہ ہے جب وُہ ملتے ہیں واللہ وُہ فاعل نہیں ہیں، اگر وُہ اپنے مکاں کو پہچانتے تو انتقال نہ کرتے لیکن وُہ خالق کی فردیت کو چھوڑ کر حقائق کی ثنویت کی طرف چلے گئے۔"

نے زمین اور راستوں کو پیدا فرمایا، پس وُہ مدارج اسماء کو دیکھتے ہیں اور سیر کے زینے تلاش کرتے ہیں اُن کا تخیل منزلت عظیم تلاش کرتا ہے اور ارفع حالت حق تعالیٰ کا قصد کرتے ہُوئے راغب ہوتی ہے پس وُہ اُن کے ساتھ بُراق صدق اور اُس کے رفرف پر سیر کرتے ہیں اور جو کچھ وُہ اُس کے لطائف و اعلام سے دیکھتے ہیں اُن سے وہ محقق ہیں۔

یہ امر اُس کے لئے نگاہِ شمالیہ ہے اور فطرت نشاۃِ کمالیہ پر ہے۔ اُس کے رُخ کے ساتھ تقابل دراصل دائرے کے نقطے کا تقرر ہے، پس اس دائرے کا نصف حصہ دائیں طرف راستہ ہے اور غربی جانب سے اُس کا سفر ہے پہنچنے کے لئے اس کا پہلا گوشہ مشاہدہ تعین میں مقام تمکین ہے،

تعجب ہے اُس کے لئے جو اعلیٰ علیین میں ہو اور اُس کا تخیل اسفل السافلین میں ہے میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ جاہلین کے ہونے سے پناہ مانگتا ہوں پس اُس کا بایاں اُس کے دائرے کا دایاں ہے۔ اور اُس کا ٹھہرنا اس کے اُس مقام میں ہے جو اس کی انتہائی سیر میں پایا جاتا ہے۔ تو جب یہ مشارٌ الیہ عقلمند کے نزدیک ثابت اور درست ہے اور علم کی طرف مرجع ہے تو اس کا موقف اور ٹھکانہ ہے اُسے چھوڑا نہیں جا سکتا لیکن مسکین دبی تخیل میں ٹھکتا اور کھوتا ہے۔

اور وُہ کہتے ہیں تنگ و ضیق کے مقابلہ میں سوائے وُسعت و شرح کے کیا ہے پھر وُہ دونوں مخالفوں پر یہ قرآن پڑھتا ہے پس اللہ تبارک و تعالیٰ جس کی ہدایت کا ارادہ فرماتا ہے اُس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے اور جس کی گمراہی کا ارادہ فرماتا ہے اُس کا سینہ تنگ کر دیتا ہے گویا کہ وُہ آسمان میں چڑھتا ہے جیسا کہ نہیں کھلتا مگر تنگی کے بعد جیسا کہ حصُول مطلوب طریقِ سلوک کے بعد ہوتا ہے۔ اور مسکین اُس کی تحصیل سے غافل ہے جو اُسے الہام کے ساتھ حاصل

ہوتا ہے وُہ فکر و دلیل سے حاصل نہیں ہوتا اور جو بہا سچ ہے اور اس میں یقیناً صاحبانِ عقل و فہم کے ہاں دلیل ہے۔

تو بیشک باہیں آنکھ سے دیکھتا ہے۔ تو وُہ اس کا حال تسلیم کرتے ہیں اور اس کے لئے اُس کا محال ثابت کرتے ہیں اور اُس کے محال سے مُکر و رد کرتے ہیں اور اُسے کہتے ہیں اگر تیرا ارادہ اُسکے وصُول کی طرف ہے تو اُس سے استعانت پکڑ جو جس سے نکلتا ہے اُس کیلئے وُہ محال نہیں اور اُس سے مقام ہمسائیگی چھپاتے ہیں اور اُسکا بوجھ یہ سب لوگ مل جل کر اُٹھاتے ہیں۔

پس عند الوصُول اُس کی طرف جو اسکی سیر ہے وُہ حزن ہے اور جو اس کے ساتھ طریقہ اسرار سے حاصل ہوتا ہے وُہ فرحت ہے اور اگر حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج طلب نہ فرماتے تو نہ چلتے اور نہ آسمان کی طرف چڑھتے اور نہ اُترتے آپ کے پاس ملاء اعلیٰ کا حال آیا تھا اور آپ کے پروردگار کی نشانیاں اُس کے مقام سے آتی تھیں۔

گویا زمین اُس کے لئے رات کا ٹکڑا ہے اور اُس میں لیٹا ہوا ہے ولیکن وُہ سرِ خداوندی ہے جو چاہے انکار کرے کیونکہ اُس کے لئے پیدائش نہیں اور جو چاہے اس کے ساتھ ایمان لائے کیونکہ وہ اشیاء کا جامع ہے۔

پس اُس کے پاس جو علم آیا ہے اُس تک عقل نہیں پہنچتی نہ اس کے لئے حد ہے اور نہ ہی فہم کو پُورا کرنے پر اُس کا حصُول ہوتا ہے۔

فرمایا: مجھے عجیب راز سُنایا گیا اور میرے لئے عجیب معنے کھولے گئے۔ تجھ سے پہلے وُہ نہ کسی ولی نے سُنا ہے اور نہ دیکھا ہے اُس پر تیری طرح یہ حقائق تمام ہُوئے بے شک اس پر میرے لئے معلوم ہے اور یہ میری ذات کے ساتھ مرقوم ہے

جب تیرے پردے اُٹھیں گے تجھ پر میرا راز کھل جائے گا اور میرے اشارے واضح ہو جائیں گے، دلیکن مجھے اُس نے خبر دی ہے کہ میں تیرے لئے اُسکی گواہی دوں تو جب میں تجھے اُس کے حرم میں اُتاروں اور تجھ پر پوشیدہ چیزوں کو ظاہر کروں تو جو کچھ تو دیکھے مجھے بتا دینا،

مشہد بیعت الٰہیہ کا مشاہدہ

میں کہتا ہُوں! اے کلام نہ کرنے والے فصیح اور معلوم کے سائل جاننا چاہئے کہ اس کے لئے اُس کی طرف ایمان سے وصال ہے اور اُس پر حضرت انسان میں نزول ہے، مجھ پر اُس کے حرم میں اُتارا گیا اور اُس کے حرم میں مجھے اطلاع دی گئی اور کہا مناسک کی زیادتی صبر و تحمل میں رغبت کے لئے ہے اگر مجھے یہاں نہیں پایا تو مجھے وہاں پایا اگر تجھ سے تو پوشیدہ ہے تو تیرے لئے مجھ میں تیری تجلی ہے علاوہ ازیں میں نے تجھے تیری قرارگاہوں کے علاوہ قرارگاہ کا علم سکھایا اور تیرے بعض لطائف میں تیری طرف اس کا ایک سے زیادہ مرتبہ اشارہ کیا۔ اگر تیرا حجاب ہے تو وُہ تیری تجلی ہے جسے ہر عارف نہیں جانتا سوائے اس کے کہ معارف سے جس کے ساتھ اُس کا علم محیط ہے۔

کیا تو مجھے دیکھے گا کیا قیامت میں اُن کی پہچانی ہوئی صورت کے علاوہ تجلی ہوگی تو وُہ میری ربوبیت کا انکار کرتے ہیں اور اُس سے پناہ مانگتے ہیں، جب کہ اُسی کے ساتھ پناہ مانگتے ہیں مگر نہیں جانتے، مگر وُہ کہتے ہیں کہ اس کے لئے ظاہر تجلی ہونا چاہیئے تجھ سے اللہ کے ساتھ پناہ مانگتے ہیں اور ہم اپنے پروردگار کے منتظر ہیں۔ پس اُس وقت اُن کی پہچانی ہوئی صورت میں آؤں گا، تو میرے لئے ربوبیت کے ساتھ اور اپنی جانوں پر عبودیت کے ساتھ اقرار

کرلیں گے، اب وُہ اپنی نشانیوں کی عبادت کر رہے ہیں اور اپنی خیالی مقررہ صورتوں کا مشاہدہ کر رہے ہیں تو اُن میں سے جس نے کہا کہ وُہ میری عبادت کرتا اور اُس کے پاس جو تجلی ہے ہے اُس کا انکار کرتا ہے تو اُس نے جھوٹی تہمت لگائی اور مجھ پر بہتان باندھا اور اِس سے یہ کیسے درست ہے تو جو مجھے بغیر صُورت کے صُورت کے ساتھ مقیّد کرتا ہے تو یہ اُس کا تخیل عبد ہے اور وُہ اُس کے قلب مستورہ میں حقیقتِ امکانی ہے۔ پس یہ اُس کا تخیل ہے کہ وُہ میری عبادت کرتا ہے اور یقیناً وُہ دانستہ میرا انکار کرتا ہے

ممکنات میں عارفوں کی نگاہ سے میں پوشیدہ نہیں کیونکہ وُہ مخلوق اور اپنے اسرار سے غایب ہیں پس اُن کے لئے اُن کے نزدیک میرے سوا ظاہر نہیں کیا جاتا اور نہ ہی وُہ میرے اسماء کے علاوہ موجودات کو جانتے ہیں۔ پس اُن کے لئے ہر چیز ظاہر و متجلی ہے اور وُہ کہتے ہیں تو ہی اعلیٰ تسبیحوں والا ہے پس وُہ برابر نہیں کچھ لوگ غایب ہیں کچھ حاضر ہیں اور دونوں کے پاس ایک چیز ہے"

پس جب میں نے اُس کا کلام سُنا اور اُس کے اشارات و اعلام کو سمجھا تو اُس کے کلام نے مجھے اپنی طرف جذب کر لیا اور مجھے اُس نے اپنے سامنے ٹھہرا لیا۔

وجود و طواف سے کعبہ کے راز کے ساتھ مخاطباتِ تعلیم و الطاف

اُس نے ہاتھ بڑھایا اور میں نے اُسے بوسہ دیا

تو اُس نے وُہ صورت دکھا دی جس کا میں عاشق تھا تو وُہ حیات کی صُورت میں آگیا اور میں اُس کے سامنے میں مُردے کی صُورت میں آگیا تو میں نے مختلف لوگوں کو تلاش کرنا شروع کر دیا صُورت نے اُسے کہا تو اچھی صورت کیوں نہیں دکھاتا تو میں نے اُس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیا۔ اور کہا کہ میں عالم شہادت میں آج تک اُس کی حقیقت کو نہیں پا سکا

پھر اس نے صُورت بصر میں اور میں نے صُورت بصر میں اسکا طواف تبدیل کیا اور بے جگر ٹوٹنے اور جگر ٹوٹنے والے خیال کے بعد تم اپنی صورت نے عقبی صُورت کو تلاش کیا تو اُس نے اُس سے مقابلہ نور کی مثل کہا پھر اس نے علم اعلیٰ کی صُورت میں میرا اور میں نے جہل کیا دکی صورت میں اس کا طواف تبدیل کیا صورت نے عقبی صورۃ کو طلب کیا تو اُس نے اس کے لئے مشہور مقام کہا۔

پھر اُس نے تمام مدالی صورت میں لیا اور میں نے بکاسے گونگی صُورت میں اُس کا طواف تبدیل کیا اور صورت نے عقبی صورت کو تلاش کیا تو حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان پردہ ڈال دیا

پھر اس نے صُورت خطاب میں میرا اور میں نے جواب سے گونگی صُورت میں اُس کا طواف تبدیل کیا اور صورت نے عقبی صُورت کو تلاش کیا پس حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان لوح کی تحریر بھیج دی۔

پھر اُس نے میرا صُورت ارادہ میں اور میں نے اُس کا حقیقت وعادت کے قد سُورد کا طواف تبدیل کیا اور صورت نے پیچھے آنے والی صُورت کو تلاش کیا پس حق تعالیٰ نے دونوں کے درمیان نُور وضیاء کو فائض فرمایا

پھر اُس نے میرا قدرت وطاقت کی صُورت میں اور میں نے اُس کا عجز وفاقہ

کی صُورت میں طواف تبدیل کیا تو صورتِ نے عقبی صُورت کو طلب کیا پس حق نے عبد کے لئے اُس کی تقصیر ظاہر کر دی۔

میں کہتا ہُوں جب میں نے یہ اعراض دیکھا اور مجھے جو تمام اغراض و مقاصد حاصل ہُوئے نہ سونے پر اور نہ میرا عہد پُورا ہُوا تو مجھے کہا اے میرے بندے تو اپنے نفس پر سو گیا،

اے طواف کرنے والے اگر اس جگہ لطائف کی ان صُورتوں میں میرے یمین کو چُومنا ہے تو ہر چکر میں حجرِ اسود کا بوسہ ہے پس بیشک یہاں میرا گھر بمنزلہ ذات کے ہے اور طواف کے چکر بمنزلہ سات صفات کے ہیں اور یہ صفات صفاتِ کمال ہیں صفاتِ جلال نہیں، کیونکہ صفات تیرے ساتھ اِتصال و انفصال ہے پس سات چکر سات صفات ہیں۔

اور بیت قائم ذات پر دلالت کرتا ہے سوائے اِس کے کہ میں نے اُسے اپنے فرش پر اُتارا اور میں عوام کے لئے کہتا ہُوں کہ تمہارے نزدیک یہ بمنزلہ میرے عرش کے ہے اور زمین پر میرا خلیفہ اِس پر مستوی اور محیط ہے۔ پس فرشتے کی طرف دیکھ تیرے ساتھ دو گروہ ہیں اور تیرے پہلو کی طرف ٹھہرے ہُوئے ہیں۔ پس میں نے اُس کی طرف دیکھا اور وُہ اپنے عرش کی طرف لوٹ گیا اور وُہ پورے جسم کیساتھ بلند ہو کر مجھ سے دُور رہا پس میں نے مُسکراتے ہوئے فی البدیہہ کہا!

یا کعبة طاف بها المرسلون	من بعد ما طاف بها المکرمون
ثم أتی من بعدهم عالم	طافوا بها من بین عال ودون
أنزلها مثلا الی عرشه	ونحن حافون لها ملزمون
فان یقل أعظم حاف به	أنی تأخیر فهل تسمعون
والله ما جاء بنص ولا	أتی لنا الا بما لا یبین
هل ذاك الا النور حفت به	أنوارهم ونحن ماء مهین
فانجذب الشیئ الی مثله	وکلنا عبد لدیه مکین
هلا رأوا ما لم یروا انهم	طافوا بما طفنا ولیسوا بطین

لوجردالالطف منا استوی — علی الذی حفوابه طائفین
قد سهموا أن یجهلوا حق من — قد سخر الله له العالمین
کیف لهم وعلمهم اننی — ابن الذی خروا له ساجدین
واعترفوا بعد اعترافی علی — والدنا بکونهم جاهلین
وأبلس الشخص الذی قد أبی — وکان للفضل من الجاحدین
قد سهموا قد سهموا انهم — قد عصموا من خطأ الخطئین

اے وُہ کعبہ جس کا طواف انبیاء و ملائکہ نے کیا بعد ازاں ایک پُورا جہان آیا جس میں بلند و پست لوگوں نے طواف کیا۔

اللہ تعالیٰ نے اُسے مثالِ عرش بنا کر نازل کیا اور ہم اُس کا طواف واکرام کرنے والے ہیں۔

اگر اُس کی طرف قصدِ عظیم کرنے والا یہ کہے کہ میں سب سے بہتر ہوں تو کیا تم سن لوگے۔

خُدا کی قسم وُہ ایسا شخص نہیں جو نص لیکر آیا ہو اور نہ ہی ہمارے نزدیک وُہ کوئی قابلِ ذکر چیز ہے۔

وُہ تو ایک نُور ہے جس نے اُسے گھیرا ہُوا ہے اور ناقص پانی ہیں۔

اُنہوں نے اُس چیز کا مشاہدہ پہلے نہیں کیا تھا جو اَب دیکھی ہے اور اُنہوں نے اُس چیز کا طواف کیا جو مٹی نہیں۔

جو سب سے لطیف ہے اگر وُہ ہم سے علیحدہ ہو جائے تو وُہ اُس چیز پر غالب ہو جائے گا جس کا لوگ طواف کر رہے ہیں۔

اُن کی قسمت میں یہ بات آگئی ہے کہ وُہ اُس شخص کے حق سے جاہل رہیں جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کو مسخر فرمایا۔

اُن کا یہ کیسا حال ہے! جب کہ وُہ جانتے ہیں میں اُس کا بیٹا ہوں جس کے سامنے ملائکہ سجدے میں گر گئے تھے۔

اور انہوں نے اُس کی سرفرازی کا اقرار کر لیا حالانکہ پہلے انہوں نے علم نہ ہونے کی بنا پر میرے والد کی خلافت کا انکار کیا تھا۔

اور ابلیس شلینت دکھا کر انکار پہ جما رہا اور تمام منکرین کا سردار قرار پایا

فرشتوں نے اس بات کو مان لیا اور خطا کاروں کی خطا سے محفوظ ہیں

میں کہتا ہوں پھر میں نے اُس سے دِل کے رُخ کو موڑا اور اُس کے ساتھ اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہوا۔

طواف کس کا ہوتا ہے

پس مجھے کہا میں نے تیرے باپ سے مدد چاہی اور تجھ میں اپنی برکت رکھی اِس پر دونوں سے منزل کی سماعت کر اور جو اُس کے آنے سے پہلے اُس کے سامنے خبر تھی اور ملائکہ مقربین کی منازل سے تیری منزل کہاں ہے تم پر اور ان تمام پر اللہ کی رحمت ہو۔ میرا کعبہ یہ قلب وجود ہے اور میرا عرش یہ قلب جسم محمد ہے ان دونوں سے کوئی بھی میری وسعت نہیں رکھتا اور نہ ہی اُس کے ساتھ میری خبر ہے جو دونوں کی خبر سے ہے۔ اور جو کہ میری وسعت رکھتا ہے وہ تیرا قلب مقصود ہے جو تیرے جسم مشہود میں ودیعت کیا گیا ہے۔ پس تیرے قلب اسرار کا طواف کرتے ہیں تو وہ ان پتھروں کا طواف کرتے وقت بمنزلہ تمہارے جسموں کے ہیں۔ پس ننگے پاؤں ہمارے عرش محیط کا طواف کرتے ہیں جس طرح تجھ سے عالم تخطیط کے ساتھ طواف کرتے ہیں۔ تو تم دونوں ہو بے شک جسم تجھ سے رتبہ میں تیرے قلب محیط کے علاوہ ہے ایسے ہی یہ کعبہ عرش محیط کے ساتھ ہے۔ پس کعبے کا طواف کرنے والے بمنزلہ تیرے قلب کا طواف کرنے والوں کے ہیں ان دونوں کا اشتراک دلوں میں ہے اور تیرے جسم کا طواف کرنے والے ایسے ہی

جیسے عرش کا طواف کرنے والے اِن دونوں کا اشتراک صفتِ احاطیہ میں ہے۔

پس تم دونوں ہو بیشک عالمِ اسرار کے طائفین اُس قلب کا طواف کرتے ہیں جس میں میری وسعت ہے اور وُہ اِن دُوسروں سے اعلیٰ و بالاشان والا ہے۔

جیسا کہ تم عرشِ محیطِ اُولیٰ کے طواف کرنے والوں پر شرف نعت اور سرداری کے ساتھ یقیناً تم قلبِ وجودِ عالم کا طواف کرنے والے ہو پس تم بمنزلہ اسرارِ علماء کے ہو اور وُہ جسمِ عالم کا طواف کرتے ہیں تو وُہ بمنزلہ پانی اور ہوا کے ہیں پس وُہ کیسے برابر ہونگے اور میری وسعت تمہارے برابر نہیں اور نہ ہی صُورتِ کمال میں ظاہر ہے سوائے تمہارے معنیٰ میں۔

تُو مَیں ہُوں مجھے تلاش

پس وُہ قدر پہچانتے ہیں جو شرفِ عالی سے تمہیں اُس نے عطا فرمائی اور اس کے بعد یہ کہ میں کبیر مُتعالی ہُوں میری حد کو حد نہیں نہ مجھے سردار پہچانتا ہے نہ بندہ میری الوہیت کا تقدس تیرے دیکھنے سے منزّہ ہے اور اُس کی منزلت میں تُو مشترک ہے تو میں ہُوں۔

پس مجھے تلاش کر یہاں تک کہ مجھ سے ملاقات کرے مگر تیری طلب و تلاش میں ادب ہو اور اپنے مذہب اور اپنی شریعتوں میں رہ، میرے اور اپنے درمیان تمیز رکھ تو مجھے نہیں دیکھ سکتا اور تو مجھے اِس مقصد کے تحت تلاش نہ کر ورنہ تکلیف اُٹھائے گا اور نہ مجھے خارج میں تلاش کر تجھے اِس میں بھی کامیابی نہیں ہو گی۔

پس صفتِ اشتراک میں توقف کر اور اپنی عبُودیت اور درک الادراکِ ادراک سے اظہارِ عجز کر، اس میں عنیق سے مُلحق اور مکرم دوست ہو جائے گا۔

پھر کہا: میری بارگاہ سے نکل جا پس تیرے جیسا میری خدمت کے قابل نہیں

تو میں مسترد ہو کر نکل آیا تو حاضرین چیخنے چلانے لگے تو اُس نے کہا:

ذَرْنِی وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِیْدًا؟

یعنی مجھے اور اُس شخص کو نپٹ لینے دو جسے میں نے اکیلے پیدا کیا ہے۔

پھر فرمایا! اسے واپس بلا لو تو میں واپس آ گیا اور مجھے اُس کے سامنے ایسی ساعت نصیب ہوئی گویا کہ میں اُس کے شہود کی بساط اور حضرت وجود سے کبھی دُور نہیں ہوا۔

پھر اُس نے فرمایا! میری بارگاہ میں ایسا شخص کیسے داخل ہو سکتا ہے جو میری خدمت کے قابل نہیں اگر مجھے تیرا احترام ملحوظ نہ ہوتا تو میں تجھے حاضری کی کبھی اجازت نہ دیتا، اور تجھے پہلی نظر میں ہی نکال باہر پھینکتا جب کہ اس وقت تُو میری بارگاہ میں موجود ہے، میں نے تجھ میں ایسے بُرہان کا مشاہدہ کیا ہے جس نے میری نظر میں تیرا احترام بڑھا دیا ہے اور تیری شان و شوکت میں اضافے کا باعث ہُوا ہے۔

تُو نے کیوں نہ پُوچھا

پھر فرمایا! جب میں نے تجھے باہر نکال کر دوبارہ واپس بُلایا تو تُو نے مجھ سے اس کے بارے میں پُوچھا کیوں نہیں جب کہ تو صاحب زبان و بُرہان ہے؟ اے انسان تُو اتنی جلدی سب باتیں بھول گیا؟

میں نے کہا! آپ کی ذات کے مُشاہدہ کی عظمت نے مجھے مبہوت کر دیا تھا چنانچہ آپ کی تجلیات کی وجہ سے آپ کی بیعت کا ہاتھ میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا اور میں حیران و سرگرداں رہ گیا، اور میں کچھ نہ

جان سکا کہ غیب سے کون سی چیز نمودار ہو گئی،

اگر آپ اُس وقت میری طرف متوجہ ہوتے تو جان لیتے کہ وُہ میری اپنی ہی حالت تھی جو مجھ پر وارد تھی مگر آپ کی بارگاہ کا تقاضا یہ ہے کہ نہ تو اُس کے علاوہ کہیں دیکھا جائے اور نہ ہی آپ کے چہرے کے علاوہ کسی پر نظر ڈالی جائے "

اُنہوں نے فرمایا! اے محمدؐ (ابن العربی) تُو نے ٹھیک کہا ہے چنانچہ اب تو مقامِ توحید میں ثابت قدمی سے کھڑا ہو جا اور گنتی کو ترک کر دے کیونکہ اُس میں ابدی ہلاکت ہے "

بعد ازاں جو مذکرات و مخاطبات ہُوئے وُہ حج کے باب میں بیان ہوں گے "

وصل اُنہوں نے فرمایا! اے وَلی، اے صفی، اے نجی، اے کریم تو جو بات بھی میرے سامنے بیان کرے گا وُہ مجھے پہلے ہی معلوم ہو گی اور وُہ میری ذات میں قائم و مسطور ہے،

میں نے عرض کی! آپ نے اپنی ملاقات سے میرے شوق کو تیز تر کر دیا ہے لہٰذا میری خواہش ہے کہ آپ کے بارے میں مزید وقفیت حاصل کر دوں "

اُنہوں نے فرمایا! اے آنے والے مُسافر اور طلب کرنے والے قاصد، میرے ساتھ پتھر کے کعبے میں داخل ہو جا۔۔

وُہ ایک ایسا گھر ہے جو پردے اور حجاب سے بلند تر ہے، وُہ عارفوں کے داخل ہونے کی جگہ ہے اور طائفین کے لئے اِس میں راحت ہے، چنانچہ میں اُن کے ساتھ پتھر کے گھر میں داخل ہو گیا

تو اُنہوں نے اپنا ہاتھ میرے سینے پر رکھ کر کہا! میں محیطِ کائنات کے مرتبہ و ذات اور زمانہ کے اسرارِ وجُود میں ساتواں ہُوں، اللہ تبارک و تعالیٰ نے مجُھے نُور کا قطعہ عطا کیا ہے، میری حواسادجہ ہے اور میرا امتزاج کُلیات، کے ساتھ کر دیا گیا میں اِس دوران، خود پر نزُول کرنے والی تمام اشیاء پر مطلع تھا پس کیا دیکھتا ہُوں کہ ایک اعلیٰ درجے کا قلمی علم اپنی بلند منازل سے میری ذات میں اُتر رہا ہے، جو کہ تین پاؤں والے گھوڑے پر سوار تھا، اُس نے اپنا سَر میری ذات میں گھُسیڑ دیا تو روشنیاں اور اندھیرے مُنتشر ہونے لگے اور میرے جسم میں تمام کائنات پھیل گئی، اب میرا آسمان اور میری زمین، پھٹنے لگے اور اُس نے مجُھے اپنے تمام اسماء پر مطلع کر دیا چُنانچہ میں نے اپنی ذات اور اپنے غیر کو پہچان لیا اور میں نے اپنے خیر و شر اور خالق و حقائق میں تمیز پیدا کرلی،

پھر یہ فرشتہ یعنی جس نے اپنا سر میری ذات میں گھسیڑا تھا، مجھ سے الگ ہو کر واپس چلا گیا، تو اُس نے کہا! کیا تجھے معلوم ہے کہ تُو اس وقت فرشتے کے سامنے تھا۔

پھر میں نے پیام لانے والے اور قاصد کے نزول کے لئے خود کو آمادہ کر لیا تو فرشتے میرے قریب آنے لگے اور افلاک میرے اِردگرد گھُومنے لگے۔

اِن میں سے ہر ایک میرے دائیں ہاتھ کو چُومنے لگا اور میری طرف متوجہ ہو گیا لیکن میں نے نہ تو کسی فرشتے کو نازل ہوتے دیکھا اور نہ ہی کوئی فرشتہ میرے سامنے کھڑا ہونے کے لئے منتقل ہوا یعنی وُہ وہیں پر موجُود معلوم ہوتے تھے،

اب میں نے اپنے اردگرد غور کیا تو ازل کی صورت کا مشاہدہ کر رہا تھا اور میں نے جان لیا کہ نزول محال ہے چنانچہ میں اسی حالت پر قائم رہا اور میں نے جو کچھ دیکھا پایا تھا اس پر بعض مخصوص لوگوں کو مطلع کیا۔

اب میں ایک سرسبز و شاداب باغ اور ایک بھرپور پھل ہوں اب میں اسرار کو کھولتا ہوں اور اس چیز کو پڑھتا ہوں جو مجھ میں مستور اور پوشیدہ ہے۔ لہٰذا تو نے جو کچھ بھی مجھ سے حاصل کیا ہے اسے اپنی کتاب میں لکھ لے اور اس سے اپنے تمام دوستوں کو خطاب کر۔

چنانچہ میں نے اس کے تمام پردے ہٹا کر جب ان کی لکھی ہوئی چیزوں کو غور سے دیکھا تو اس کا نور میرے سامنے نمودار ہوگیا جس کے اندر وہ پوشیدہ علم موجود تھا جو اس پر حاوی تھا۔ تو وہ پہلی سطر جو میں نے پڑھی اور اس سطر کا راز جو میں نے معلوم کیا دوسرے باب میں بیان کروں گا اور اللہ ہی انسان کو سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

مراتب حروف و حرکات عالم اور جو ان کے لئے اسماء الحسنیٰ سے ہے، اور علم عالم، معلوم کی معرفت کا بیان، یہ باب تین فصلوں پر مشتمل ہے۔

فصل اوّل: حروف کی معرفت میں

فصل دوم: حرکات کے بیان میں جن سے کلمات میں تمیز ہوتی ہے

فصل سوم: علم عالم اور معلوم کی معرفت کے بیان میں۔

پہلی فصل

حروف اور ان کے مراتب حرکات جو کہ حروف صغار ہیں اور ان کے لئے جو اسماء الحسنیٰ ہیں کی معرفت کا بیان

ان الحروف أئمة الالفاظ	شهدت بذلك ألسن الحفاظ
دارت بها الافلاك فى ملكوته	بين النيام الخرس والايقاظ
ألحظها الاسماء من مكنونها	فبدت تعز لذلك الالحاظ
وتنزل لولا فيض جودى مابدت	عند الكلام حقائق الالفاظ

حروف لفظوں کے امام ہیں جس کی گواہی حفاظ کی زبان دیتی ہے گونگے، بہرے اور سونے والوں کے درمیان، آسمان اپنے ملکوت میں حرفوں کے ارد گرد گھومتے ہیں۔

آسمانوں نے اُنہیں اُن کے پوشیدہ مقامات سے دیکھا تو وُہ ان کی اِس امر کے لئے عزت کرنے لگے۔

ہم کہتے ہیں اگر ہماری بخشش یا کرم کا فیض نہ ہوتا تو کسی کلام سے لفظوں کے حقائق ظاہر نہ ہوتے۔

جاننا چاہیئے اللہ تعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے بے شک جو وجودِ مطلق بلاقید مُکلف کو متضمن ہے وُہ حق تعالیٰ جل شانہ ہے۔ دُوسرے مکلفین ہیں جو عالم ہیں وہ حروف ہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہم نے چاہا کہ اس درجہ دقیق سے جو اہل کشف کے ہاں اس پر واقفیت کے بعد تبدیل نہیں ہوتی اِن حروف مُکلفین سے مقام مکلّف ظاہر کریں، جن بسائط سے اِن حرُوف کی ترکیب ہے وُہ اِن کا مخرج ہیں اصطلاحِ عربی میں ناموں میں ان کا نام حرُوفِ مُعجم ہے، اور اِن کا نام حرُوف معجم اِس لئے ہے کہ اس میں ناظر پر اس کے معنے مخفی ہیں۔ جب ہم نے بسائط پر ان کا کشف کیا تو انہیں ہم نے چار مرتبوں پر پایا۔

حرفوں کے آسمان

جن حروف کا مرتبہ ہفت آسمان ہے وُہ یہ ہیں، الف، ذا، لام

جن حروف کا مرتبہ ہشت افلاک ہے وُہ یہ ہیں، نون، صاد، ضاد

جن حروف کا مرتبہ نو افلاک ہے وُہ یہ ہیں، عین، غین، سین، شین،

جن حرُوف کا مرتبہ دس افلاک ہے وُہ باقی حرُوف مُعجم ہیں جن کی تعداد اٹھارہ ہے اور اِن میں ہر حرف دس کا مرکب ہے، ترکیب میں استعمال ہونے والے حرف وہی ہیں جو نو، آٹھ اور سات افلاک کے ہیں اِن کے علاوہ نہیں جیسا کہ اس کا ذکر

ہم نے اُن افلاک کی تعداد میں کیا ہے جو اِن حرفوں میں پائے جاتے ہیں اور یہی بسائط ہیں جن کا ذکر ہم نے دو سو اکسٹھ[۲۶۱] افلاک کی تعداد میں کیا ہے۔"

حرفوں کا مزاج

سات افلاک کا مرتبہ، اِس میں الف کے علاوہ، زا اور لام ہیں تو اِن دونوں کا مزاج گرم اور خشک ہے جب کہ الف کا مزاج گرم مرطوب، خشک اور سرد ہے یہ عوام سے حسب ہمسائگی گرم کے ساتھ گرمی، مرطوب کے ساتھ رطوبت، سرد کے ساتھ سردی اور خشک کے ساتھ خشکی سے رجوع کرتا ہے۔

آٹھ افلاک کا مرتبہ! اس کے تمام حروف گرم اور خشک ہیں

نو آسمانوں کا مرتبہ! اِن حروف میں عین اور غین دونوں کا مزاج سرد اور خشک ہے جب کہ سین اور شین دونوں کی طبع گرم خشک ہے۔"

دس افلاک کا مرتبہ! سوائے حا مہملہ اور خا معجمہ کے اِس کے تمام حروف گرم خشک ہیں جب کہ یہ دونوں حرف سرد خشک ہیں البتہ اِن میں ہا، اور ہمزہ کا مزاج سرد اور مرطوب ہے۔"

آسمان حرفوں سے کیا لیتے ہیں

اِن حروف کی حرکت سے جو افلاک حرارت پاتے ہیں اُن کی تعداد دو سو تین[۲۰۳] ہے۔"

جو افلاک اِن کی حرکت سے خشکی پاتے ہیں اُن کی تعداد دو سو اکتالیس[۲۴۱] ہے

جو افلاک اِن کی حرکت سے ٹھنڈک حاصل کرتے ہیں اُن کی تعداد پینسٹھ[۶۵] ہے

جو افلاک اِن کی حرکت سے نمی حاصل کرتے ہیں اُن کی تعداد ستائیس[۲۷] ہے

مع اس میں نکلنے اور داخل ہونے کے حساب پر جس کا ابھی ہم نے ذکر کیا"

سات آسمان اِن حروف کی حرکت سے اربعہ عناصر کا اوّل پاتے ہیں اور اِن افلاک سے بطورِ خاص حرفِ الف پایا جاتا ہے"

ایک سو چھیانوے افلاک ان کی حرکت سے صرف گرمی اور خشکی پاتے ہیں اِن افلاک سے یہ حروف پائے جاتے ہیں، با، جیم، دال، واؤ، زا، طا، یا، کاف، لام میم، نون، صاد، فا، ضاد، قاف، را، سین، تا، ثا، ذال، ظا، شین"

اٹھاسی افلاک اِن کی حرکت سے سردی اور خشکی پاتے ہیں اور اِن افلاک سے یہ حرف پائے جاتے ہیں، عین، حا، غین، خا"

بیس افلاک اِن کی حرکت سے بطورِ خاص ٹھنڈک اور نمی پاتے ہیں اور ان افلاک سے یہ حروف پائے جاتے ہیں ہا اور ہمزہ جب کہ لام اور الف کا ایک سو سات اور چھیانوے افلاک سے امتزاج ہے"

یہ امر اِس ارشادِ خداوندی کی مثل ہے"

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ [1] — نہ اُنہیں عذاب چھوئے گا اور نہ اُنہیں غم ہوگا

اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے اِس فرمان کی مثل ہے"

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ [2] — بیشک اُن کے دلوں میں اللہ سے زیادہ تمہارا ڈر ہے،

تو اِس کا امتزاج ایک سو سات، نوّے اور بیس سے ہے ان دونوں کے علاوہ ایسا کوئی فلک معلوم نہیں جس سے گرمی اور خاص نمی پائی جاتی ہو۔

جب تو اُسکے مزاج کو دیکھے گا تو تجھ پر وہ حکمت واضح ہو جائے گی جس سے اُس کیلئے ایک خاص فلک ممنوع ہے

---

[1] الزمر آیت ۶۱ [2] الحشر آیت ۱۳

گویا کہ وہاں کوئی فلک نہیں پایا جاتا جو اِن عناصر سے انفرادی طور پر پایا جاتا ہو“

دورۂ افلاک

چوتھا فلک ا،ہ ہمزہ کے ساتھ دَورہ کرتا ہے اور یہ دَورہ نو ہزار[9] سال میں مکمل ہوتا ہے“

دُوسرے فلک کے ساتھ حا،خا اور عین غین دورہ کرتے ہیں اور گیارہ ہزار[11] سال میں فلک کی انتہائی مسافت کو قطع کرتے ہیں“

پہلے فلک کے ساتھ باقی حرُوف دورہ کرتے ہیں اور بارہ ہزار[12] سال میں دَورے کی تکمیل کرتے ہیں“

یہ امر افلاک میں منزلوں پر ہے اس میں وُہ ہے جو فلک کی سطح پر فلک کی گہرائی دونوں کے درمیان ہے اگرچہ منازل وحقائق کے درمیان طوالت نہیں لیکن اس سے ملاقات مقصود ہے جس کا شافی بیان اِس کتاب کے ساٹھویں باب میں ہے اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِس کلام کے وقت معرفتِ عناصر میں یہ امر ہمیں الہام کیا“

عالمِ سفلی پر عالمِ علوی کا تسلط ہے اور فلک کے انتہائی دَوروں سے یہ دورہ ہے جس عالم کے وجود میں ہم اِس وقت ہیں اور جس رُوحانیت کو ہم نے دیکھا ہے تیزی سے اُس کی طرف چلتے ہیں یہاں تک کہ انشاءاللہ اس مقام کی طرف یا اُس مقام سے واصل ہونگے“

کِس کِس کا حصّہ ہے

پس ہم اپنے مضمون کی طرف رجوع کرتے ہُوئے کہتے ہیں کہ سات آسمانوں

کا مرتبہ ہم نے زاء الف اور لام حضرت الٰہیہ کے لئے مکلفہ مقرر کیا ہے یعنی یہ حروف اُس کا حصہ ہیں"

آٹھ آسمانوں کا مرتبہ ہم نے نون، صاد، ضاد مقرر کیا ہے جو عالم حروف سے انسان کا نصیب اور حصہ ہے"

نو آسمانوں کا مرتبہ ہم نے عین، غین، سین اور شین مقرر کیا ہے تو یہ عالم حروف سے جنات کا حصہ ہے"

عالم حروف سے دس آسمانوں کا مرتبہ وہ ہے جو ان چار مرتبوں میں سے دُوسرا مرتبہ ہے، چنانچہ عالم حروف سے باقی مقررہ حروف ملائکہ کا حصہ ہے"

بیشک اِس موجودات اربعہ کے لئے ہم نے اس تقسیم پر حروف سے یہ مرتبے مقرر کئے ہیں حقائق کے لئے تنگیٔ مدرک بنفسہٖ دیوان کی طرف اس کے ذکر و بیان کی محتاج ہے"

یہاں تک کہ ہم نے اِس بیان کو کتاب "المبادی والغایات" میں پورا کیا جو اس پر محیط ہے"

حروف معجم عجائبات اور نشانیوں میں سے وہ ہمارے سامنے ہے مگر پوری نہیں ہوگی بلکہ متفرق اوراق کی صورت میں ہے

ہم انشاء اللہ العزیز اِس باب میں بھی اس کا قدرے ذکر درخشاں کریں گے"

جنات کے مرتبے

ناری جنات کے حقائق کے لئے چار مرتبے ہیں، ان مراتب میں اُن کے لئے حق تعالیٰ کی خبر ہے پھر اِن مرتبوں کو اُن کے آگے پیچھے اور دائیں بائیں

کے درمیان لایا گیا، اور ان کے حقائق سے اُن کے لئے پانچویں حقیقت باقی نہیں
جس سے وُہ زائد مرتبہ طلب کریں۔

آپ اِس پر عقیدہ رکھیں کہ یہی اُن کے لئے جائز ہے اور اِسی میں اُن
کے لئے بلندی ہے اور اِس کے مقابلہ میں دونوں کے لئے چھ جہات ہیں تو
بے شک یہ حقیقت اُس امر پر ہے جسے ہم نے کتاب "المبادی والغایات" میں
مقرّر کیا"۔

حروف میں سوائے عَین، غَین، سِین اور شِین کے اُن کا اختصاص نہیں
اُن حروف میں اُن کے درمیان مناسبت ہے اور بیشک وُہ افلاک سے موجود ہیں
میں نے یہ حروف اس سے پائے ہیں۔

تین حروف اللہ تعالیٰ کے لئے

ان حروف میں سے برائے حقائق حضرتِ الٰہیہ کے لئے تین حرُوف حاصل ہوئے
اِس پر بھی یہی ہے اور یہ تینوں، ذات، صفت اور ذات وصفت کے درمیان
رابطہ ہیں اور یہی مقبول یعنی اس کے ساتھ قبول ہیں، کیونکہ اِس کے لئے
صفت کا تعلق موصوف کے ساتھ ہے اور یہ اُس کے ساتھ حقیقی تعلق ہے
جیساکہ علم عالم ومعلوم کے ساتھ نفسہٖ مربوط ہے، اور اِرادہ مرید ومراد کے ساتھ
اُس کی ذات سے مربوط ہے اور قدرت قادر ومقدور کے ساتھ بنفسہٖ مربوط ہے
ایسے ہی تمام اوصاف واسماء ہیں۔

اور اگر نسبت تھی اور اس کے ساتھ حرُوف الف، ذا اور لام مختص ہیں تو
پہلی نفی کے معنوں پر دلالت ہے اور وُہ ان حروف کی تعداد میں ازل وبسائط
واحد ہے، پس جو عجیب تر حقائق ہیں وُہ اس پر موقف ہیں، بے شک وُہ اِس میں

جہل غیر سے منزّہ ہے اور جہلا کے سینوں میں اس کے ساتھ تنگی ہے، اور بیشک ہم نے کتاب مذکور میں ان حروف اور حضرت الہیہ کے مابین مناسبت جامعہ کے بارے گفتگو کی ہے،

تین حروف حضرت انسان کے لئے

ایسے ہی حضرت انسان کے لئے بھی تین حروف حاصل ہوئے ہیں جس طرح کہ حضرت الہیہ کے لئے دوسرے اعداد کا اتفاق ہے، انسان کے لئے یہ حرف، نون، صاد، ضاد، ہیں تو مواد کی جہت سے حضرت الہیہ کے لئے ان میں فرق ہے، بیشک حقائق میں عبودیت ربوبیت کی شریک نہیں ہو سکتی اور یہ ایسے ہے کہ ایک معبود ہے اور ایک عابد یعنی دونوں کا عین واحد ہے اور یہ درست نہیں تو لا محالہ حقائق متبائن ہونگے اور اگر عین واحد کی طرف نسبت ہوگی تو اس لئے وہ اس کے قدم سے الگ ہونگے جس طرح وہ ان کے حدوث سے الگ ہے، اور اس کے علم سے الگ نہیں کہتے جیسا کہ ان کا علم اس سے الگ ہے،

تو بے شک فلک علم ایک ہے قدیم میں قدیم اور حادث میں حادث اور دونوں حضرات میں ہر ایک لئے تین حقائق معقولہ جمع ہیں،

۱، ذات، ۲، صفت، ۳، صفت اور موصوف کے درمیان رابطہ، اس کے ساتھ غیر ہے،

عبد کے لئے تین حالتیں

عبد کے لئے تین حالتیں ہیں، ایک حالت اس کی ذات کے ساتھ ہے دوسرے کے لئے نہیں اور یہ وہ وقت ہے جس میں وہ ہر چیز سے نائم القلب ہو یعنی اس

کا دِل سو رہا ہو ، ایک حالت اللہ کے ساتھ ہے اور ایک حالت دُنیا کے ساتھ

اللہ تعالےٰ کے لئے دو حال

اللہ تبارک و تعالیٰ اِس میں ہمارے لئے بائن ہے جس کا ہم نے ذکر کیا اور اُس کے لئے دو حال ہیں، ایک حال جو اُس کے وعدے سے ہے اور ایک حال جو اُس کی خلقت کے وعدے سے اور اس کے اُوپر موجود نہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ کا اِس کے ساتھ تعلقِ صفت ہو گا تو یہ دُوسرا اسمند رہے اگر ہم اِس میں غوطہ زن ہوں تو ایسے اُمور آئیں گے جن کے سُننے کی طاقت نہیں ''

مناسبت کی صُورت

ہم نے اِنسان کے لئے نوُن، صاد اور ضاد کے درمیان اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے الف، زا اور لام کے درمیان نسبت کا ذکر کتاب '' المبادی والغایات '' میں کیا ہے اور بیشک حضرتِ الٰہیہ کے حروف ہفت افلاک سے اور حضرتِ انسان کے حروف ہشت افلاک سے ہیں تو اِس میں سوائے عابد و معبود کے تباین کے مناسبت میں کوئی تدرج اور اِختلاف نہیں ''

نُون کیا ہے

پھر بے شک وُہ نفسِ نوُن میں مرقوم ہے اور یہ عجائبات سے نصف فلک ہے اِس کی سماعت پر کسی کو قدرت نہیں سوائے اُس کے جو اس پر تسلیم و تحقق سے راحتِ موت کے ساتھ سفر کرتا ہے اُس پر اِس سے اعتراض قائم کرنے کا نہ تصوّر ہے اور نہ اطلاع ۔

اسی طرح نون سفلیہ کی شکل کے اوپر نون روحانیہ معقولہ کا نقطہ نون کی ذات میں پہلی دلالت ہے، اور یہ نون مرقومہ موضوعہ کے ساتھ دائرہ اور نقطہ موصولہ سے نصف ہے اور یہ پہلی شکل ہی مرکز الف معقولہ ہے جس سے دائرہ کے قطر اور آخری نقطہ کی تمیز ہوتی ہے اور اس کے ساتھ نون کی شکل منقطع ہو کر اس کے ساتھ منتہی ہوتی ہے۔ یہی اس الف معقولہ متوہمہ کا سِر ہے پس اس کے سونے سے اس کے قیام کی قدرت نہیں تو یہ تیرے لئے نون پر مرتکز ہے پس یہ حرف لام اور نون ظاہر ہے اس کا نصف مع وجود الف مذکورہ کے ذا ہے، اس اعتبار سے نون تجھے ازل انسانیہ عطا کرتا ہے جیسا کہ تجھے الف، لا اور لام میں حق عطا کیا گیا ہے۔"

بیشک وہ حق میں دوسرا ظاہر ہے کیونکہ وہ اس کی ذات کے ساتھ ازلی ہے اس کے اپنے لئے اوّل نہیں اور نہ ہی اس کے وجود کے لئے فی ذاتہ افتتاح ہے بلا شک و ریب۔"

انسان ازلی ہے یا اوّل

بعض محققین نے انسان ازلی میں کلام کیا ہے اور انہوں نے انسان کو ازل سے منسوب کیا ہے تو انسان اس ازل میں پوشیدہ ہے پس یہ جہل ہے، کیونکہ انسان اس میں اپنی ذات سے ظاہر نہیں، تو بے شک اس میں ازل درست ہے اس وجہ سے جو اس وجود کی وجوہ میں سے ہے، بیشک موجود پر اس کا وجود چار مرتبوں میں اطلاق کرتا ہے۔"

۱۔ وجود فی الذہن یعنی ذہن میں وجود کا ہونا

۲۔ وجود فی العین یعنی تشخص میں وجود کا ہونا

۳۔ وجود فی اللفظ یعنی لفظوں میں وجود کا ہونا

۴۔ وُجود فی الرّقم یعنی تحریر میں وُجود کا ہونا۔

انشاء اللہ العزیز اس کتاب میں اِس کا ذکر آئے گا تو توجو کچھ اِس کی صُورت پر اس کے وُجود کی جہت سے پایا اِس کا تعلق اُس کے ثبوت حال میں اُس کے ساتھ عِلم قدیم ازلی کا فی عینہٖ تعلق ہے تو وُہ ازل میں موجود تھا گویا کہ وُہ اُس عِلم کی عنایت سے جو اِسکے ساتھ متعلق ہے اور جیسا کہ عرض کی قیام گاہ اُسکے جوہر کے قیام کے باعث ہے، تو یہ تمام مقام بالتبع ہیں لہٰذا اس میں ازل پوشیدہ ہے اور اِس کے حقائق بھی صُورت مُعینہ معقولہ سے الگ ازلی ہیں جو ہماری اِس کتاب میں دائروں اور جدولوں کے اِنشاء میں کی گئی شرح کے مطابق قدم و حدُوث کو قبول کرتے ہیں اُس بیان کی طرف یہاں نظر کی تو اُسے اس پر محیط پایا چنانچہ اُس سے اِس کتاب کے بعض ابواب میں بوقت ضرورت کچھ حصّہ ذکر کیا جائے گا اور سرِّ ازل ہے جس کا ذکر ہم نے حرف نُون میں ظاہر کیا وہی صاد اور ضاد میں کمالِ دائرہ کے وجود کے لئے تمام اور متمکن ہے اور ایسے ہی نُون کے حقائق کی طرف حق کے لئے الف، زا اور لام کے حقائق رجوع کرتے ہیں، جب کہ صاد اور ضاد عبد کے لئے ہیں جو حق کی طرف راجع ہیں اور یہ اُن کے اسرار کے ساتھ متصّف ہیں جن کے کھولنے سے ہمیں کتابوں میں روک دیا گیا ہے، لیکن عارف انہیں اِن کے اہل لوگوں کے درمیان کھول دیتا ہے جو اس کے عِلم اور مشرب میں ہوں یا درجاتِ تسلیم میں کمل تسلیم کئے گئے ہوں، اور ان دونوں صِنفوں کے علاوہ دُوسرے لوگوں پر اِن اسرار کا کھولنا حرام ہے،

پس تحقیق ہم نے جو اس کا ذکر کیا اور اس کے عجائبات میں سے جو تیرے لئے ظاہر کیا اپنے حُسنِ جمال سے عقلوں پر غالب ہے۔

فرشتوں کے حروف

باقی حروف ملائکہ کے لئے ہیں اور یہ اٹھارہ ہیں، با، جیم، دال، ہا، واؤ، حا، طا، یا، کاف، میم، فا، قاف، را، تا، ثا، خا، ذال، ظا۔

اٹھارہ کا ہندسہ

ہم کہتے ہیں ان مراتب میں حضرتِ انسان حضرتِ الٰہیہ کی طرح ہے؛ نہیں بلکہ ملک، ملکوت اور جبروت تین مرتبوں میں عین ہے اور ان میں سے ہر مرتبہ تین کی طرف تقسیم ہوتا ہے، پس یہ تعداد میں نو ہیں تو اس سے تین شہادتیں پکڑ اور اس کے ساتھ حضرتِ الٰہیہ اور حضرتِ انسان سے چھ کے مجموعہ میں یا جو اس میں چھ مقدرہ دن ہیں میں ضرب دے تو اس سے تین حقی اور تین خلقی مرتبے پائے گا اور ہر تین سے تیرے لئے اٹھارہ مراتب نکلیں گے اور وہ وجودِ ملک ہے، ایسے ہی حق میں عمل کر اور یہ اُس کے ساتھ مشابہ ہے پس حق کے اِلقا کے لئے نو افلاک ہیں اور اِنسان کے القاد کے لئے بھی نو افلاک ہیں۔

حقی خلقی مراتب

پس نُو حقیہ سے ہر حقیقت نُو خلقیہ کی طرف امدادِ اسرار در موذب ہے، اور نُو خلقیہ سے حقیہ کے اسرار کی طرف مُنعطف ہے، اِس حیثیت سے دونوں جمع ہیں اور یہ اجتماع مرتبہ ملک تھا اور یہاں حدث ہے، پس یہ زائد امر ہے کہ یہ حدث وہ ملک ہو تو یقیناً اس تمام سے میلان مراد ہے ایسے ہی نوامُس کا ایک دُوسرا جذبہ مُتردد ہے۔ دونوں کے درمیان حضرت جبریل علیہ السلام حق تعالیٰ

کی طرف سے نبی علیہ السلام پر نازل ہوتے ہیں اور بے شک حقیقت ملک میں میلان درست نہیں کیونکہ یہ دونوں کے درمیان اعتدال کے پیدا ہونے کی جگہ ہے اور اس سے انحراف جائز نہیں، لیکن وہ حرکت منکوسہ "سرنگوں" اور حرکت مستقیمہ "سیدھی" کے درمیان پھرتا ہے یہ عین کنایہ اور رمز ہے "اگر آنے والا فاقد" گم کرنے والا" ہے تو حرکت منکوسہ ذاتیہ عرضیہ ہے اور اگر آنے والا واجد" پانے والا" ہے تو حرکت مستقیمہ عرضیہ ہے ذاتی نہیں"

اگر چھوڑ دے تو فاقد ہے پس حرکت ذاتیہ اور عرضیہ ہے اور اگر پا لے تو واجد ہے پس حرکت منکوسہ عرضیہ ہے، ذاتیہ نہیں، اور بے شک عارف سے ہمیشہ حرکت مستقیمہ ہو گی اور عابد سے ہمیشہ حرکت منکوسہ ہو گی، جو کلام منکوسہ، افقیہ اور مستقیمہ حرکات کا حصر کرتا ہے وہ اس کتاب میں داخل ہے اور انشاءاللہ آگے آئے گا تو یہ ایک عجیب غیبی نکتہ ہے"

نوہی سات ہے

ہم پھر اپنے موضوع سے رجوع کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ نوہی سات ہے اور یہ عالم شہود ہے جو فی نفسہٖ برزخ ہے، پس یہ ایک ہے اور اس کیلئے ظاہر ہے تو دو ہیں اور اس کے لئے باطن ہے تو یہ تین ہیں پھر اس کی ذات میں عالم جبروت برزخ ہے تو وہ ایک ہی ہوگا لہٰذا یہ چار ہیں۔

پھر اس کے لئے ظاہر ہے اور وہ عالم شہادت کا باطن ہے پھر اس کے لئے باطن ہے اور یہ پانچ ہے

پھر اس کے بعد عالم ملکوت ہے اور یہ اس کی ذات میں برزخ ہے اور

یہ چھٹا ہے،

پھر اُس کے لئے ظاہر ہے اور وُہ جبروت کا باطن ہے اور اُس کے لئے باطن ہے اور وُہ سات ہے، اور اِس کے علاوہ خطا ہے،
اور یہ سات اور نو کی صورت ہے،

القاء اور تلقی

پس تین کو سات سے ضرب دے گا تو اکیس نکلیں گے اِس میں سے تین اِنسانیہ نکال دیں تو باقی اٹھارہ رہ جائیں گے اور یہی مقام مُلک ہے اور یہی وُہ افلاک ہیں جن سے انسان کا ملاپ اور ٹکراؤ ہوتا ہے،
ایسے ہی تین حقی مراتب کو بھی سات سے ضرب دے گا تو اِس کے ہاں وُہ افلاک ہونگے جن سے حق تعالیٰ اپنے بندے پر واردات میں سے جو چاہتا ہے اِلقاء کرتا ہے، اگر ہم انہیں حق تعالیٰ کی طرف سے لیتے ہیں تو ہم انہیں افلاک الالقاء کہتے ہیں اور اگر ہم انسان کی طرف سے لیتے ہیں تو افلاک التلقی کہتے ہیں اور اگر دونوں سے لیتے ہیں تو اس کے ساتھ نو حق سے القاء کے لئے اور دُوسرے نو تلقی کے لئے مقرر کرتے ہیں اور اِن دونوں کے اجتماع سے فرشتہ پیدا ہوتا ہے،
اِسلئے ہی حق تعالیٰ نے نو افلاک سات آسمان، کرسی اور عرش بنائے ہیں اور اگر چاہیں تو انہیں فلکِ کواکب اور فلکِ اطلس کہیں اور یہ درست ہے،

گرم اور مرطوب حروف طبعی زندگی پر دال ہیں

تتمیم، ہم نے اِس فصل کے اول میں حرارت و رطوبت کا نہ ہونا بیان کیا تھا اور اِس کا سبب بیان نہیں کیا تھا تو اِس تتمیم کے بعد اِس باب

میں قدرے اس کا ذکر کیا جاتا ہے جبکہ اِس کتاب میں انشاءاللہ العزیز وہ پورا باب داخل ہوگا جو اس مضمون پر محیط ہے۔

گرم اور مرطوب حروف چونکہ فلک کے ساتھ دوسرے فلک کا دورہ کرتے ہیں جس کا ذکر ہم نے پہلے باب میں کیا ہے

پس جاننا چاہیئے کہ حرارت اور رطوبت یہی طبعی زندگی ہے تو بیشک اگر اس کے لئے فلک ہے جیسا کہ اُسکے ساتھیوں کی ملاقات میں اِس فلک کا دورہ توڑنے کے لئے اور وہ ہمیشہ مسلّط ہے جیسا کہ حیاتِ عرضیہ یعنی زمانے کی زندگی میں عدم یا انتقال ظاہر ہوتا ہے اور اِس کی حقیقت کا تقاضا یہ ہے کہ معدوم نہ ہو تو اُس کے لئے فلک نہیں، اِس سلئے ہی اُنہیں باری تعالیٰ نے آخرت کی خبر دی ہے کہ یہی زندگی ہے۔

اور اگر ہر چیز اُس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرے تو حیاتِ ابدیہ کا فلک حیاتِ ازلیہ کی طرف لوٹتا ہے اور اس کے لئے فلک دورے کا اقتضاء نہیں کرتا، زندہ کے لئے حیاتِ ازلیہ ذاتیہ کے لئے نقیض درست نہیں! پس حیاتِ ابدیہ جس سے حیاتِ ازلیہ پیدا ہوتی ہے کا انقضاء درست نہیں۔

کیا تو نے نہیں دیکھا کہ جب روحوں کے لئے حیاتِ ذاتی ہے تو بلا شُبہ اِس میں اُنہیں موت نہیں اور جب اجسام میں عرض کے ساتھ زندگی قائم ہو تو اُس کے لئے موت اور فنا ہے۔

جسم کی زندگی رُوح کی زندگی سے ہے

یقیناً جسم کی زندگی سے رُوح کی زندگی کے آثار ظاہر ہیں جیسا کہ زمین میں سورج کی روشنی، تو جہاں سے سورج گذرتا ہے وہاں روشنی ہوتی ہے

اور باقی زمین میں اندھیرا ہوتا ہے، ایسے ہی جب روح جسم سے اُس عالم کی طرف رحلت کرتی ہے جہاں سے آتی ہے تو اُس کی اتباع میں زندہ جسم میں زندگی منتشر ہو جاتی ہے اور باقی جسم آنکھوں کو جمادات کی صورت نظر آتا ہے پس کہتے ہیں کہ فلاں مرگیا اور حقیقت کہتی ہے کہ اپنی اصل کی طرف لوٹ گیا ہے،

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى

ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اسی میں تمہیں پھر لے جائیں گے اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے

جسم و روح کا ملاپ

جیسا کہ روح اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے یہاں تک کہ عشق کے طریق پر روح سے جسم کے لئے جلوت ہوگی تو اُسے اُٹھایا جائے اور اُس کے اجزاء و اعضاء کی ترکیب و ترتیب حیاتِ لطیفہ کے ساتھ ہوگی، اُس کی تا[illegible] کے لئے انتہائی متحرک اعضاء ہونگے اور روح کی گرمی سے اکتساب کرے گا، جب اُس کی بنیاد برابر ہوگی اور نشاۃ تمام پر قائم ہو جائے گی تو اُسے صور میں اسرارِ اسرافیل کے ساتھ روح کی تجلی ہوگئی جو اُس کے اعضاء میں زندگی دوڑادے گی پس وہ شخص برابر قائم ہو جائے گا جس طرح پہلی بار تھا، پھر اُس میں دوسری بار پھونکا جائے گا تو جب وہ کھڑے ہونگے تو زمین کو اپنے رب کے نور سے درخشندہ دیکھیں گے جیسا کہ تم ابتداء کو لوٹ گئے ہو،

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ

آپ فرمادیں اُنہیں وہ زندہ کرے گا جس نے اُنہیں پہلی بار بنایا،

---

۱ طٰہٰ آیت ۵۵ ۲ یٰسین آیت ۷۹

خواہ وہ شقی ہو یا سعید تو ان امروں کے امتزاج میں عجائبات ہیں جاننا چاہیئے کہ بے شک حرارت و برودت دو ضدیں ہیں اور ان کا امتزاج نہیں اور جب امتزاج نہیں ہوگا تو ان میں سے کوئی چیز نہیں ہوگی ایسے ہی خشکی اور نمی ہیں اور یقیناً ان دونوں کا امتزاج ضداً بضداً ایک ضد کے ساتھ دوسری ضد کا امتزاج ہوگا جبکہ چاروں کے سوا کبھی پیدا نہیں ہوگا چونکہ یہ چار ہیں اس لئے دو دو ضدوں کے لئے دو ضدیں ہیں"

تو اگر اس پر نہ ہو البتہ وہ مرکب اس سے زیادہ ہے جو اُسے اس کے حقائق سے عطا کیا گیا اور ار بعۂ اصول سے زیادہ مرکب نہ ہوگا تو بے شک اربعۂ ہی اصول تعداد ہے،

چار کا ہندسہ

چار میں تین ۳ ہیں اور یہ تین ۳ چار سے مل کر سات ہو جائینگے
چار میں دو ۲ ہیں اور یہ دو ۲ سات سے مل کر نو ۹ ہو جائینگے "

چار میں ایک ۱ ہے اور یہ ایک نو ۹ کے ساتھ مل کر دس ہو جائینگے اور اس کے بعد جو مرکب چار ہیں بنالیں اور ایسا کوئی ہندسہ نہیں پایا جاتا ہے جو تجھے ان چار کے علاوہ عطا کیا گیا ہو جیسا کہ چھ ۶ کے ہندسہ کے علاوہ کوئی مکمل ہندسہ نہیں پایا جاتا کیونکہ اس میں نصف، ثلث اور چھٹا حصہ پایا جاتا، تو حرارت و یبوست، پھر آگ، گرمی، اور نمی، پھر ہوا، ٹھنڈک اور نمی، پھر پانی، برودت، خشکی اور پھر مٹی کا امتزاج ہے"

حرارت و یبوست کا امتزاج ہے پس آگ، حرارت اور نمی ہو گئے، پس ہوا، برودت اور نمی ہو گئے، پس پانی، برودت اور خشکی ہو گئے پس مٹی ہو گئی،

تو دیکھیں ہوا! آگ اور نمی سے بنی ہے اور یہ نفس ہے جو حیاتِ حسیہ ہے اور یہ پانی، زمین اور آگ ہر چیز کے لئے بنفسہٖ مُحرک ہے اور اُس کی حرکت اشیاء کو حرکت دیتی ہے اُس کے لئے زندگی ہے جب کہ حرکت زندگی کی نشانی ہے"

تو یہ چار ارکان اُمہاتِ اوّل سے پیدا ہوتے ہیں، پھر تو جان لے کہ بیشک ان اُمہاتِ اوّل سے مرکباتِ کو اِن کے حقائق عطا ہوتے ہیں جو امتزاج کے بغیر نہیں ہیں پس حرارت سے گرم ہونا اُس کے غیر سے نہیں ہوگا ایسے ہی یبُوست سے خُشکی اور قبض کا ہونا ہے،

جب آگ کو دیکھا کہ وہ پانی کو اُس کے مقام سے خُشک کرتی ہے پس حرارت کے لئے یہ تخیل نہیں کہ وہ پانی کے گڑھے میں ہے تو بے شک آگ حرارت اور خُشکی کا مرکب ہے جیسا کہ پہلے اُس کی حرارت سے پانی خُشک ہوتا ہے اور یبُوست سے اُس میں خُشکی واقع ہوتی ہے،

ایسے ہی نمی اور بُرودت کی ٹھنڈک کے بغیر ملین نہیں ہوگا یعنی اُس میں نرمی نہیں آئے گی"

اجتماعِ ضدّین

پس حرارت خشک کرتی ہے، بُرودت ٹھنڈک دیتی ہے، نمی نرم کرتی ہے، تو یہ اُمہاتِ متنافرہ سوائے صُورت کے کبھی جمع نہیں ہوسکتیں، لیکن اُس کے حقائق عطا ہونے کے مطابق ہونگی اور اس سے کبھی ایک صُورت نہیں پائی جاتی بلکہ دو صورتیں پائی جاتی ہیں"

مگر حرارت و یبُوست جیسا کہ اِس کے پہلے مُرکب سے ہے، رہا حرارت اور اُس کی حد کا پایا جانا تو اُس کے لئے سوائے اِس کے کسی میں انفرادیت

نہیں ہوگی مگر یہی

حقائق کی قسمیں

وصل! تو بیشک یہ حقائق دو قسموں پر ہیں!

۱، وُہ حقائق جو عقل میں مفردات پائے جاتے ہیں جیسے زندگی، علم، نطق اور حس،

۲، وُہ حقائق جو وجودِ مرکب سے پائے جاتے ہیں جیسے، آسمان، عالم، انسان اور پتھر،

یہ مُشکل بات ہے

اگر تو کہے اِن اُمہات منافرہ کے جمع ہونے کا سبب کیا ہے یہاں تک کہ اِن کے اِمتزاج سے جو ظاہر ہے وُہ ظاہر ہو تو یہ سِر عجیب اور مُشکل مرکب ہے اِس کا کھولنا حرام ہے کیونکہ اِس کے اُٹھانے کی طاقت نہیں عقل اِس کی عقل نہیں رکھتی لیکن کشف اس کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس سے خاموش رہ، اور میری اِس کتاب میں ان مواقع میں بعید اشارے ہیں اِس پر باریک بین بحث کرنے والا ادراک کر سکتا ہے،

دلیکن سُبحانہٗ صاحبِ اختیار کے ارادہ نے اِس کی تالیف کے لئے کہا جو کچھ تخلیقِ عالم سے اُس کے علم میں پہلے ہے، اور بے شک یہ اصل اُس سے زیادہ ہے یا اُس کی اصل ہے اگر اس کی تالیف چاہے، اور وُہ اعیان میں موجود نہ ہو دلیکن اُسے مُولفہ پایا پہلے اُسے مُفرد بنایا پھر اُسے جمع کیا اور اِس سے یہ حقائق ہیں،

پس ان حقائق سے دو حقیقتوں کی تالیف سے اِس عبارت کی صُورت پائی گئی"

پس وُہ لوٹتی ہے گویا کہ متفرق موجود تھی پھر تالیف ہوئی تو تالیف کے لئے حقیقت کا ظہور وقتِ افتراق میں نہ تھا"

حقائقِ اُمہاتِ حروف

پس ان اُمہات کے حقائق عطا کئے گئے بے شک اس کی علین ہیں ان کے لیے اِس سے مرکب صُورتوں کے وجُود نہ تھا، پس جب یہ صُورتیں بنائی گئیں تو یہ پانی، آگ، ہوا اور زمین کی صُورتیں تھیں، اور اللہ تعالیٰ سبحانہ نے ایک کو دُوسری کی طرف تحلیل کیا چنانچہ آگ ہوا میں اور ہوا آگ کی طرف لوٹتی ہے جیسا کہ تا، طا اور سین، صاد اُس کی طرف پھرتے ہیں جس میں اُمہات کو پایا"

اول اس سے یہ حرُوف پائے تو اُس فلک نے اُس سے زمین پائی اور اُس سے جو حرف پائے وُہ یہ ہیں ثا، تا، جیم کا سرِ لام کی جڑ کا نصف، خا کا سرا، ہا کا تیسرا حصّہ، دال یا لبسہ، نُون اور میم"

اور جس فلک نے اِس سے پانی پایا اُس سے جو حرف پائے گئے وُہ یہ ہیں شین، غین، طا، حا، ضاد، ایک نُقطے کے ساتھ با کا سرا، بغیر سر کے فا کے جسم کی مد، قاف کا سرا اور وُہ چیز جو اُسکی جڑ میں ہے، ظا معجمہ کا نیچے کا نصف حصّہ،

اور جس فلک نے اس سے ہوا پائی اُس سے یہ حرف پائے گئے،، ہا کی دُوسری آنکھ جو اُس کا دائرہ منعقد کرتی ہے، فا کا سرا، نصف دائرہ کے حُکم پر خا کی جڑ، ظا معجمہ کے اُوپر کا نصف دائرہ مع اُس کے قائمہ کے ذال، عین صاد، واؤ۔

اور جس فلک نے اُس سے آگ پائی اُس سے یہ حرف پائے گئے، ہمزہ، کاف، با، سین، را، جیم کا سرا، یا کا بغیر سر کے نیچے کا دو تہائی جسم، لام کا وسط، قاف کا جسم بغیر سر کے، اور الف کی حقیقت سے جو ان تمام حروف میں صادر ہے، اور وہ روح اور حس کا فلک ہے اور ایسے ہی پھر پانچ موجود ہے اور وہ اِن ارکان کی اصل ہے۔

اور اِس میں طبائع کا علم رکھنے والے اصحاب کے نظریات میں اختلاف ہے حکیم نے اِس کا ذکر اسطقسات میں کیا اور اُس میں کوئی چیز ایسی نہیں پائی گئی جہاں ناظر توقف کرے اور نہ ہی علمِ طبائع جاننے والوں میں بحیثیت قراۃ پہچانی جاتی ہے۔

میرا ایک ساتھی جو علمِ طب حاصل کر رہا تھا میرے پاس آیا تو میں نے چلتے ہوئے اُس سے پوچھا ہمارا اِن اشیاء کے بارے میں علم کشف کی جہت سے ہے قرأت و نظر کے لحاظ سے نہیں، پس اُس نے ہم پر پڑھا تو اس سے اس اختلاف پر واقفیت حاصل ہوئی۔

مذکورہ بالا گفتگو سے مجھے اس امر کا پتہ چلا اگر یہ بات نہ ہوتی مجھے پتہ نہ چلتا کہ اِس میں کسی کا اختلاف ہے یا نہیں، تو بے شک ہمارے پاس اِس میں سے وہی چیز ہے جو اس پر حق ہے اور جو ہمارے نزدیک اس کے خلاف ہے تو بیشک اللہ تبارک و تعالیٰ سے اُس کے متعلق علوم لیتے ہیں، اِس کے ساتھ دِل فکر سے خالی ہے اور قبول واردات کی استعداد کا امر اُس کی اصل پر بغیر اجمال و حیرت کے اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات عطا کرتی ہے۔

اس پر اِس سے حقائق کی معرفت حاصل کر مفردات تھا یا حدوثِ ترکیب کے ساتھ حادث یا حقائق الٰہیہ برابر ہے، ہمیں اِس میں کسی چیز پر شک نہیں تو جو

یہاں سے وُہ ہمارا علم مراد ہے اور حق تعالیٰ جل شانہ ہمارا معلم ہے جس نے وراثت انبیاء علم کو خلل و اجمال اور ظاہر سے معصوم و محفوظ رکھا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِيْ لَهٗ[1] — اور ہم نے اُن کو شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وُہ اُن کی شان کے لائق ہے۔

اور بے شک شعر محل اجمال و رموز اور اشارہ و غمزہ ہے یعنی رمز سے اس چیز تک پہنچائے جسے ہم نہ کسی چیز سے اشارہ کر سکیں اور نہ مخاطب کر سکیں۔

پس محل شعر یقیناً اجمال و رموز اور ابہام و اخفاء ہے یعنی اُس چیز کے لئے ہماری رمز ہو اور ہم نے نہ اُسے مبہم کیا نہ کسی چیز کے ساتھ خطاب کیا، ہماری مراد دُوسری چیز ہے اور ہم نے اِسے مجمل خطاب نہیں کیا مگر یہ کہ اُس کا ذکر شاہد تھا۔ جب ہم نے اُسے جذب کیا اور چھپایا اور جب ہم نے اُسے اپنے پاس حاضر کیا تو ہم اُس کی سمع تھے اور اُس کی بصر تھے، پھر ہم نے اُسے تمہاری طرف لوٹا دیا تاکہ تم جہل کے اندھیروں اور کون میں اُس سے ہدایت حاصل کرو۔ پس ہم اس کی زبان تھے جس کے ساتھ تمہیں مخاطب کیا جاتا پھر ہم نے اُس پر اپنا ذکر اُتارا پھر اُس کے ساتھ شاہد کا ذِکر کیا جائے تو وُہ ذکر اُس کے لئے حاصل ہے" اور قرآن یعنی اُن چیزوں کا مجموعہ جن کا بیان ہمارے نزدیک اُس کے علم کے لئے اصل کے ساتھ شاہد ہے اِس منزہ و مقدس تقریب کا مشاہدہ اور معائنہ کرنے والے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں اور اِس میں ہمارے لئے حسب تقویٰ اور صفاء محل حصہ ہے۔ تو جو کوئی اس کے اعیان و تالیف کے وجود میں اللہ تبارک و تعالیٰ

---

[1] یٰسین آیت ۶۹

کی طرف محتاج اور احتیاج سے عالم مرکبات اور علم طبائع کو جانتا ہے تو وُہ حضرت الٰہیہ کے اسماء الحسنیٰ اور اوصاف اعلیٰ کے سبب سے ہے، اس کے حقائق سے اُس کی طرف سے جیسا تو چاہے گا عطا ہونگے۔

اس فصل کا بیان اس کتاب میں جدولوں اور دائروں کے انشاء کے مقام پر پُورا کیا گیا ہے اور اس طرف سے اس کتاب میں ذکر کیا جائے گا پس وہ مسبب الاسباب ہے جو ہمیشہ مؤلف اُمہات اور مولد البنات ہے تو وُہ پاک ذات سبحانہٗ خالق ارض و سماوات ہے۔

چار مرتبے چھ مرتبے

وصل۔ اس کتاب میں کلام مطلوب کی غایت مُکلف اور مکلفین کی جہت سے حرفوں اور اس سے اس کے حصوں اور افلاک سداسیہ مضاعفہ کی حرکت پر منتہی ہے نیز ان افلاک میں دَوروں پر بلند ہونا ان کی حرکت سے اور طبیعت سے ان کے حصہ پر ہے جب کہ حسب مکلفین چار عام مراتب ہیں اس لئے کہ بساط افلاک دو اقسام پر مشتمل ہے۔

وُہ بسائط جن کے ساتھ عام عُقلا کے حقائق کا اختصار ان چار پر ہے،

۱، حق تعالیٰ کے حروف سات افلاک سے

۲، انسان کے حرُوف آٹھ افلاک سے

۳، ملک کے حروف نو افلاک سے

۴ جن ناری کے حروف دس افلاک سے

پھر ان عقلاء کے ہاں ادراک سے انکار در عقل اُس چیز سے قاصر ہے جو وہاں ہے کیونکہ وُہ اپنے عقول سے مغلوب ہیں جب کہ محققین اپنے سردار شہنشاہ

حقیقی اللہ سبحانہ تعالیٰ کے غلبہ کے تحت ہیں اِس لئے اُن کے لئے جو کشف ہوتا ہے دُوسروں کے لئے نہیں۔

بسائطِ محققین چھ مرتبوں پر ہیں۔

پہلا مرتبہ

حق تعالیٰ کا مرتبہ مُکلف نہیں نوُن سے ہے اور یہ آٹھ افلاک ہے تو بیشک حق ہے ہمارے سوا اُس کو نہیں جانتا اور وُہ ہمارا معبود ہے اور اِس کے کمال کا ادراک نہیں رکھتا مگر ہمارے ذریعہ یہی وجہ ہے کہ اُسکے لئے نُون ہے اور وُہ ثنائیہ ہے کیونکہ ! اس کے دو بسائط واوؔ اور الف ہیں، الف اُس کے لئے اور واؤ تیرے معنے کے لئے ہے تو اللہ کے اور تیرے سوا کچھ نہیں کیونکہ تُو خلیفہ ہے لہٰذا الف عام ہے اور واؤ ملی جلی ہے جیسا کہ اِس کا ذکر اِس باب میں آئے گا۔

اِس مخصوص فلک کا دَورہ فلک مُحیط کُلّی کے ساتھ منقطع ہوتا ہے اور اِس کا جامعہ دورہ فلک کُلّی کو بیاسی ہزار سال میں منقطع کرتا ہے جبکہ فلک واؤ فلک کُلّی کو دس ہزار سال میں قطع کرتا ہے اِس امر کا ذکر ہم اپنے کلام میں حرُوف مقررہ اور اُن کے حقائق کے موقعہ پر اِس باب کے بعد کریں گے اِن مراتب سے جو باقی ہے وُہ مُکلفین کی تعداد پر ہے۔

دُوسرا مرتبہ

دُوسرا مرتبہ اِنسان ہے اور وُہ مکلفین کا اکمل وجود، اَعم و اَتم خلق اور راست تر ہے اِس کے لئے ایک ہی حرف ہے اور وُہ میم ہے اور یہ ثلاثیہ ہے، اِس کے لئے تین بسائط یا، الف اور ہمزہ ہیں اِس کا بیان اِسی باب میں داخل

ہے جو انشاءاللہ العزیز آگے آئے گا۔

تیسرا مرتبہ

یہ مرتبہ مطلقاً ناری اور نوری جن کے لئے ہے اور یہ رباعیہ ہے، اس کے لئے یہ حروف ہیں، جیم، واؤ، کاف، قاف اِن کا ذکر آئے گا۔

چوتھا مرتبہ

چوتھا مرتبہ بہائم کے لئے ہے اور یہ خماسیہ ہے اس کے لئے یہ حروف ہیں دال یابسہ، زا، صاد یابسہ، عین یابسہ، ضاد معجمہ، سین یابسہ، ذال معجمہ، غین معجمہ، شین معجمہ اس کا بیان انشاءاللہ آگے آئے گا۔

پانچواں مرتبہ

پانچواں مرتبہ نباتات کے لئے ہے اور یہ سداسیہ ہے اس کے لئے یہ حروف ہیں، الف، ہا، لام، اور اس کا ذکر انشاءاللہ آگے آئے گا۔

چھٹا مرتبہ

چھٹا مرتبہ جمادات کے لئے ہے اور یہ سباعیہ ہے اس کے لئے یہ حروف ہیں با، حا، طا، یا، خا، را، تا، ثا، فا، اور ظا، انشاءاللہ العزیز اس کا ذکر آگے آئے گا۔

یہ اسرار خداوندی ہیں

الغرض اس کتاب میں روشنیوں کا اظہار اور اشارات اسرار موجود ہیں۔

اگر ہم ان حروف کے اسرار کو کھول دیں تو قلم اور دوات خشک ہو جائیں، اوراق و الواح تنگ ہو جائیں"

اور اگر منشور لکھا جائے تو یہ کلمات اُن میں سے ہیں جن کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا سمندر دوات بن جائے اور فرمایا تمام زمین کے درخت قلمیں بن جائیں اور سمندر سیاہی بن جائے اور اس کے بعد کہا سات سمندر اللہ تعالےٰ کے کلمات میں گم ہو جائیں تو یہ راز اور اشارہ عجیبہ ہرگز ہرگز ادراک نہیں کیا جا سکتا اور زیرک ان کلمات کی خبر نہیں رکھتا

اگر یہ علوم فکر و نظر کا نتیجہ ہوتے تو پھر قریب ترمدت میں انسان ان کا حصر نہ کر لیتا؟ مگر یہ غیب سے بندے کے دل اور نیک ارواح پر اللہ تبارک و تعالیٰ کی رحمت اور اُس کے پاس سے نزول و ورود کرتے ہیں۔

یہ علم اللہ تبارک و تعالیٰ کا اپنا عطا کردہ ہے اور وُہ وہاب علی الدوام اور فیاض علی الاستمرار ہے یعنی ہمیشہ ہمیشہ عطا اور بخشش فرمانے والا ہے۔

علم اسرار علم توحید ہے

ہمیشگی پر تحلی قابل ہے، خواہ جہل قبول کرے خواہ علم جس کے قلب کا آئینہ صاف اور مجلّیٰ ہو گا اُسے عطائے دوام حاصل ہو گی اور اُسے وُہ چیز ایک لحظہ میں عطا ہو جائے گی جس پر قابو پانے کی طاقت وُہ زمانوں میں نہ رکھتا تھا فلک معقول اس کی وسعت نہیں رکھتا اور فلک محسوس تنگ ہے، پس جس کی نہایت و غایت کا تصور نہ ہو اُس کا انقضیٰ کیسے ہو گا، یہاں توقف کر بیشک اس کی صراحت اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس فرمان میں موجود ہے جو اُس نے رسول اللہ علیہ و آلہ وسلم کو کیا کہ، آپ کہیں اے میرے پروردگار میرا علم زیادہ فرما،

۔ القرآن

اس زیادتی علم سے مُراد توحید کے ساتھ کثرت اور معرفت خداوندی کے ساتھ زیادہ تعلق ہونا ہے، اس میں اُس کی تحمید زیادہ کرنے کی رغبت ہے اور اُس کی تحمید پر اُس کا فضل بے انتہا زیادہ ہے، اس سے زیادہ طلب کرنے کا انقطاع نہیں"

جب کسی کو یہ علوم و اسرار حاصل ہو جائیں تو جو کچھ ہم نے بیان کیا اس سے جو بھی اُسے پہنچے گا وہ اس کی تائید کرے گا. تو بے شک یہ علم توحید کی زیادتی ہے دُوسرے علم کی نہیں"

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کھانا تناول کرتے تو فرماتے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ وَأَطْعِمْنَا خَیْرًا	الٰہی اس میں ہمارے لئے برکت عطا فرما اور اس سے ہمارے لئے زیادہ فرما اور ہمیں بہترین کھانا عطا کر

اور جب آپ دُودھ نوش فرماتے تو بارگاہِ خداوندی میں یوں عرض کرتے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا فِیْهِ	یا اللہ اس میں ہمارے لئے برکت عطا فرما اور اسے ہمارے لئے زیادہ کر

دُودھ کا نوش کرنا حصُولِ علم ہے

کیونکہ زیادتی طلب کے امر کا ذکر اُس دُودھ کو دیکھنے پر تھا جو آپؐ نے شبِ اسرا میں نوش فرمایا جبریل نے آپ کی خدمت میں عرض کی آپ اپنی فطرت تک پہنچے اور آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپکی اُمت کو پہنچائی فطرت علم توحید ہے جس پر اللہ نے خلقت کو پیدا فرمایا جب وہ گواہی دیتے تھے اور جب وہ اپنے ظہور سے قبض تھے، کہا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں،، اُنہوں نے کہا کیوں نہیں تو وہ ہر چیز سے پہلے ربوبیت کے شاہد تھے اِس لئے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے سب سے پہلے ترکیب میں یہ دودھ پیا اور اُس کے فضل کو پہنچے،

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپؐ کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہ اس کا اوّل کیا ہے! آپ نے فرمایا علم، اور اگر علم اور دُودھ کے درمیان حقیقی مناسبت جامعہ نہ ہوتی تو جو اُس کی صورت کے ساتھ عالم خیال میں ظاہر ہے نہ ہوتا اس کی معرفت اِس کی معرفت سے اس کا جہل اُس کے جہل سے ہے، تو جو اپنی ذات سے نہیں بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ سے لیتا ہے اُس کا کلام کیسے کبھی ختم ہو سکتا ہے،

میرے رب نے حدیث بیان کی

موٴلف کے درمیان دو ٹوٹنے ہیں جو کہتا ہے مجھ سے فلاں رحمۃ اللہ علیہ نے فلاں رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث بیان کی اور جو کہتا ہے مجھ سے میرے دل نے میرے رب سے حدیث بیان کی، اور یہ اس سے بھی رفیع الشان دو ٹوسلے ہیں اِس کے اور اُس کے درمیان جو کہے حدیث بیان کی مجھ سے میرے رب نے میرے رب سے یعنی میرے رب نے اپنی ذات سے حدیث بیان کی، اِس میں پہلا اشلا رب معتقد کی طرف اور دُوسرا اُس رب کی طرف جو غیر تقیید ہے، تو وہ بالواسطہ بالواسطہ نہیں، اور یہ وُہ علم ہے جو اس سے قلب کو مشاہدۂ ذاتیہ سے حاصل ہوتا ہے اور سترو درج اور نفس پر مستفیض ہے تو جو اِس مشرب پر ہے اُس کے مذہب کی معرفت کیسے ہو پس اِس کی معرفت نہیں یہاں تک کہ معرفت خداوندی ہو اور وُہ جمیع وجوہ معرفت سے اللہ تعالیٰ کو نہیں پہچانتا ایسے ہی اِس کی پہچان نہیں تو بے شک عقل اُسے نہیں دیکھتی اگر وُہ ہے تو بیشک اِس کا مطلب اکوان ہے کون نہیں جیسا کہ کسی نے کہا!

ظہرت لما ابقیت بعد فنائہ　　　　فکان بلا کون لانک کنتہ

میں اپنی فنا کے بعد ظاہر ہوا
وُہ بغیر کون کے تھا اور تو وہاں موجود تھا

الف اور لام کا اجمالی خاکہ

تمام تعریفیں اُس ذات کے لئے ہیں جس نے مجھے اہلِ الفاد تلقی سے بنایا پس اُس اللہ سبحانہ، سے سوال کر جس نے ہمیں اور آپ سے اہلِ قربت وارتقا کو بنایا پھر ہم اپنے مضمون کی طرف رجوع کرتے ہیں، ہوتے کہتے ہیں کہ حروفِ معجم کی فصلوں کی تعداد پانچ سو سے زیادہ ہے اور ہر فصل کے لئے بہت سے مراتب ہیں تو ہم اِس پر کلام کو چھوڑتے ہیں یہاں تک کہ انشا اللہ العزیز کتاب المبادی والغایات میں اِس کا حصر کریں گے اور اِس سے اُس پر اقتصار کریں گے جس کا ذکر اس کے بعد لازمی ہے اور جو نام مرتبوں سے ہماری اِس کتاب کے لائق ہیں اور اکثر اُن کے بعض پر کلام ہُوا ہے، اِس کے بعد اس سے حرف حرف لیا جائے گا یہاں تک کہ تمام حروف انشا اللہ العزیز مکمل ہو جائیں گے، پھر الف کے ساتھ لام کے تعلق اور اس کے لوازمات کے لئے اسرار سے اشاروں کے ساتھ اِس کی اتباع کی جائے گی اور وُہ جو اس کا سبب ہے لہٰذا ان کے درمیان خاص روحانی تعشق ہے یہاں تک کہ عالم کتابت و تحریر میں ظاہر ہو، تو بے شک الف کے ساتھ لام کے ارتباط میں ایک راز ہے جو سوائے الف کے سونے سے قائم ہونے کے نہیں کھلتا اور حل لام اُس کے عقد سے ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو عمل صالح کی توفیق عطا فرمائے اور وُہ مجھ سے راضی ہو، الحمد للہ چوتھی جز تمام ہوئی،

حروف کی اُمتیں اور رسُول

اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں اور آپ کو توفیق عطا فرمائے حروف مخاطب مکلف

اُمتوں سے ایک اُمت ہیں اور اِن کی جنس سے اِن میں رسُول ہیں اور اِن کی حیثیت
سے اُن کے نام ہیں، ہمارے طریق سے اہلِ کشف کے سوا ان کی معرفت نہیں ہوتی
زبان و بیان کی وضاحت کے لئے عالم حرُوف افصح العالم ہے ان حروف کی اقسام
ہیں جیسا کہ عالم معروف کی عُرف میں قسمیں ہیں،

عالمِ عظمت: ان میں سے ابی طالب مکی کے نزدیک عالمِ جبروت ہے اور
ہم نے اُس کا نام عالمِ عظمت رکھا ہے اور وُہ با، اور ہمزہ ہے،

عالم ملکوت اِن میں سے عالم اعلیٰ ہے اور وُہ عالم ملکوت ہے اور وُہ حا، خا
عین اور غین ہے،

عالمِ جبروت اِن میں سے عالمِ وسط ہے اور یہ ہمارے نزدیک اور ہمارے
اصحاب کے نزدیک عالمِ جبرُوت ہے اور یہ تا، جیم، دال، ذال، را، زا، ظ، کاف، لام،
نون، صاد، ضاد، قاف، سین، شین اور یا صحیح ہے،

عالم اسفل یہ عالم ملک و شہادت ہے اور یہ با، میم اور واؤ صحیح ہے،

عالم امتزاج

اِن میں عالمِ جبرُوت الوسط اور عالم شہادت کے درمیان عالمِ امتزاج ہے
اور وُہ فا ہے۔

اِن میں عالم جبرُوت الوسط اور عالم ملکوت کے درمیان عالمِ امتزاج ہے اور
وُہ کاف اور قاف ہے اور یہ امتزاج مرتبہ ہے،

اِن میں صفتِ رُوحانیہ میں امتزاج ہے اور وُہ طا، ظا، صاد اور ضاد ہے،
اِن میں عالم جبرُوتِ اعظم اور عالم ملکوت میں امتزاج ہے اور وُہ حا، ہمزہ ہے
ان میں ایک وُہ عالم ہے جو ہمارے عالم سے مُشابہ ہے وُہ جو نہ ہم میں دُخول

کے ساتھ متصف ہیں اور ہم سے خروج کے ساتھ متصف ہیں، اور وُہ الف یا اور واؤ مُعتلان ہے،

اجناسِ عوالم

پس یہ عوالم ہیں اور ہر عالم کے لئے اُن کی جنس سے رسُول ہیں اور اُن کے لئے شریعت ہے جس کے ساتھ وُہ عبادت کرتے ہیں اور اُن کے لئے لطائف بھی ہیں اور کثائف بھی، اور اُن پر امر کے ساتھ خطاب ہے اور اُن کے ہاں نہی نہیں ہے،

اِن میں عام، خاص، خاص الخاص اور خاص الخاص کا مصفا خلاصہ ہیں،

اِن میں سے عام جیم، ضاد، خا، دال، غین، شین، ہیں،

اِن میں سے خاص الخاص، الف، یا، با، سین، کاف، طا، قاف، تا، واؤ، صاد، حا، نوُن لام اور غین ہیں،

اِن میں خاص الخاص کا خلاصہ حرف با ہے،

اور اِن میں جو خاص ہے اُس کا درجہ عام کے اوپر ہے اور یہ حُروف سُورتوں کے آغاز میں ہیں جیسے الم اور المص اور یہ چودہ حرُوف ہیں، الف، لام، میم، صاد، را، کاف، ہا، یا، عین، طا، سین، حا، قاف، نوُن۔

اور اِن میں خاص الخاص حروف کے خلاصۂ صفا یہ حرُوف ہیں، نوُن، میم، را، با، دال، زا، الف، طا، یا، داؤ، ہا، ظا، ثا، لام، فا اور سین،

عالمِ مُرسل اور دیگر عوالم

اِن میں عالمِ مُرسل ہے اور وُہ جیم، حا، خا اور کاف ہیں،

اِن میں وُہ حروف جن کا تعلق اللہ تبارک وتعالیٰ اور مخلوق کے ساتھ ہے

یہ ہیں، الف، دال، ذال، سا، زا، واؤ اور یہ حروف گردبیان سے عالم تقدیس ہے،

اِن میں سے وُہ ہے جس پر اوصافِ حق کے ساتھ غلبۂ خلق ہے، اور وُہ حرُوف اہلِ انوار کے نزدیک تا، ثا، حا، ذال، زا، ظا معجمہ، نوُن، ضاد معجمہ، غین معجمہ، قاف، شین معجمہ اور فا ہیں،

اِن میں وُہ عالم ہے کہ اُن پر تحقق غالب ہے اور وُہ اہلِ اسرار کے نزدیک با، فا اور جیم ہیں،

ان میں وُہ عالم ہے جو مقامِ اتحاد سے متحقق ہے اور وُہ الف، حا، دال، را، طا یا بسہ، کاف، لام، میم، صاد یابسہ، عین یابسہ، سین یابسہ، ہا اور واؤ ہیں، اِس صُورت میں میں انہیں اتحاد کے دو مقاموں عالی اور اعلیٰ پر کہتا ہُوں، تو عالی الف کاف، میم، عین اور سین سے اور اعلیٰ باقی حروف ہیں،

اِن میں سے وُہ عالم ہے جس میں طبائع کا امتزاج ہے اور وُہ جیم، ہا، یا، لام، فا، قاف، خا اور ظا خاصہ ہیں۔

اجناسِ عوالم

عوالم حرُوف کی اجناس چار ہیں،

جنس مُفرد ۱ یہ الف، کاف، لام، میم، ہا، نوُن اور داؤ ہے

جنس ثنائی ۲ : دال اور ذال کا مثل ہے،

جنس ثلاثی ۳ : جیم، حا اور خا کی مثل ہے

جنس رباعی ۴ ! یہ کلمہ کے وسط میں با، تا، ثا، یا اور نوُن ہے یہ اِس اعتبار سے جنس خماسی ہے اور اگر اِس اعتبار سے نہ ہوں تو با، تا، ثا اور یا جنسِ ثلاثی سے ہو گا اور جنسِ رباعی ساقط ہو جائے گا،

پس اِس کے ساتھ ہم نے تجھ پر حروف کے عالم کا قصہ بیان کیا تاکہ تو اس کے حقائق پر عالم کشف و اطلاع کی طرف پہنچانے والے امور میں اپنی ذات کیلئے استعمال کرے۔

اور تجھ پر خدا تعالیٰ کا یہ ارشاد تحقق ہو جائے،

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ [1]	اور کوئی چیز نہیں جو اُسکی حمد بیان کرتی ہوئی اسکی تسبیح نہ بیان کرے ولیکن تم اُن کی تسبیح نہیں سمجھتے،

بعض علمائے نظر کے گمان کے مطابق اگر تسبیح حال تو اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان لا تفقہون بے فائدہ ہوگا، چنانچہ اِس طرف رسائی حاصل کر اور اس سے واقفیت حاصل کر،

ہر مولف زیر اختیار ہے

ہم کسی وقت اس کے بعض امور پر کلام کریں گے ہیں نے اس عالم کی طرف دیکھا تو اس کے علاوہ زیادہ کلام کرنا ممکن نہیں، ہم نے اس عالم کو مختص پایا اور وُہ عالم الٓمٓ، المٓصٓ، الٓرٰ اور اِس قبیل کے دوسرے حروف کی طرح غیر معروف ہے پس الم پر گفتگو کرتا ہوں، یہ قرآن مجید کی پہلی سورت کا مبہم اور مختصر کلام اسرار کے طریق سے ہے، اور کسی وقت اِن آیات کے ساتھ تلاوت حق ہوتی ہے اگرچہ یہ باب سے نہیں لیکن اُس کا کام میرے پروردگار کے امر سے ہے جس کا اُس کے ساتھ وعدہ ہے، پس وُہ اجازت کے بغیر گفتگو نہیں کرتا جیسا کہ میں اپنی

---

[1] بنی اسرائیل آیت ۴۴ [2] البقرہ [3] یونس

حد پر ٹھہر جاتا ہوں.

بے شک ہماری یہ اور دُوسری تالیفات اجرائے توالیف سے جاری نہیں ہوتیں عام مُولفین کی طرح نہیں چلتے تو یقیناً ہر مولف اُس کے زیر اختیار ہے اور اگر اُس کے اختیار میں مجبور تھا یا اُس کے خاص پھیلنے والے علم کے تحت تھا تو جس سے چاہے ملے جسے چاہے چھوڑ دے یا اُس سے ملے جو علم اُسے عطا کیا جائے اور اِس مسئلہ پر زبردستی اور تحکم اُسے روک دے گا یہاں تک کہ اُس کی حقیقت میدان میں نکل آئے.

القائے ربّانی

اور ہم اپنی تالیفات میں فصیح زبان استعمال کرتے ہیں جیسا کہ یہ قلوب حضرتِ الٰہیہ کے دروازے پر مراقب و معتکف ہیں. جب کہ خلوت گزین فقیر کے لئے ہر علم سے اُس کا دروازہ کھل جاتا ہے. اگر تو اِس مقام پر سوال کرے تو فقدانِ احساس سے کوئی چیز نہیں سُن سکے گا. اس پردے کے پیچھے اُس کا فہم اُس سے برسرِ پیکار ہوتا ہے اور اُس سے بدلہ لینے کے لئے دوڑتا ہے، اور اُس کی الفت امر میں اس کی حد کے مطابق ہے. تو بیشک وُہ چیز اُس کی طرف القاء ہوتی ہے جو اُس کی جنس میں عادت اور نظرِ فکری سے نہیں ہوتی اور جو اُسے علم ظاہر سے عطا گیا اور اور ظاہری مناسبت عُلماء کے لئے مناسبتِ پوشیدہ ہے اور اِسے سوائے اہلِ کشف کے کوئی محسوس نہیں کر سکتا. بلکہ پھر وُہ جو ہمارے نزدیک انتہائی عجیب و غریب ہے وُہ یقیناً اِس قلب اشیاء کی طرف القاء کرتا ہے، اُسے القاء کا حکم دیا جاتا ہے اور وُہ اس وقت میں اس کا علم نہیں رکھتا اور حکمتِ الٰہیہ کے لئے مخلوق سے پوشیدہ ہوتا ہے.

اس لئے ہر شخص کے لئے اِلقاء سے تالیف کی قید نہیں اس باب کے علم کے ساتھ جو اس پر کلام کرتا ہے. ویکن اِس میں اس کے علاوہ علم سامنے عادی پر اُس پر اِلقاء ہونے کے مطابق درج ہے، لیکن وُہ ہمارے نزدیک قطعاً بعینہٖ اِس باب کے نفس سے ہے لیکن اِس وجہ کے ساتھ ہمارا غیر نہیں پہچانتا مثلِ کبُوتر اور کتّے کے وُہ لوگ جو بلندی کے لئے جمع ہیں اُن کے دونوں کے پاؤں مضبوط ہیں اور یقیناً مجھے تقیید میں اِذن دیا گیا ہے اِس کے بعد جو اِلقاء ہو گا لازماً اِسی سے ہو گا۔

تین سے پانچ تک

وصل : ان غیر معروف مخصوص حروف کی تعداد اُن حروف پر ہے جو تکرار کے ساتھ نہیں اور سُورتوں میں اُس کے اجمال اور اُس کے افراد پر ہے، قٓ، وقٓ دنٓ میں ان کا تثنیہ طٰس اور طٰہٰ میں اور ان کے قبیل سے ہے اور یہ تین سے جمع ہیں یہاں تک اُوپر چڑھ کر پانچ متّصل اور منفصل حروف کو پہنچ جاتے ہیں اور اکثر نہیں پُہنچتے، بعض کو وصل میسّر نہیں اور بعض کٹ جاتے ہیں، اور سین کے ساتھ سُورتیں نہ تھیں اور نہ صاد کے ساتھ ہونگی، عُلمائے ظاہر کے نزدیک اِن حروف کے معنوں میں ناواقفیت نہیں اور اہلِ احوال کے کشف کے نزدیک اِس کی دُوسری طرف ہے ہم نے اِس کا ذکر کتاب "جمع والتفصیل فی معرفتِ تنزیل" میں کیا ہے پس اللہ تبارک وتعالیٰ کی برکت پر نقل ہُوا اور اللہ ہی حق کہلاتا ہے اور وہی راستہ دکھاتا ہے۔

سُورت یا صُورت

جاننا چاہیئے کہ سُوَرِ غیر معرُوف کے مَبداء کی حقیقتوں کو سوائے اہلِ صُوَر

معقولہ کے کوئی نہیں جانتا پھر قرآن کی سورتیں سین کے ساتھ مقرر ہوئیں اور یہ شرعی عبادت ہے اور یہ سورۃ توں کا ظاہر ہے اور اس میں عذاب ہے اور اس میں اس کے ساتھ جہل واقع ہے اور اس کا باطن صاد ہے اور وہ مقام رحمت ہے اور یہ علم حقائق کے سوا نہیں اور علم حقائق توحید ہے۔"

پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے انتیس سورتیں بنائیں اور وہ صورت کمال ہے وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ، "اور چاند کے لیے ہم نے منزلوں کا تعین کیا انتیس[۲۹] قطب ہیں جن کے ساتھ فلک قائم ہے اور وہ اس کے وجود کی علت ہیں" اور وہ سورت آل عمران ہے الٓمّٓ اللّٰہُ، اور اگر یہ نہ ہو تو اٹھائیس ثابت نہ ہوں، اور تکرار حروف کا مجمل اٹھتر حروف ہیں پس آٹھ کی حقیقت بضع یعنی نو ہے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایمان بضع وسبعون یعنی اناسی ہے اور یہ حروف اٹھتر ہیں تو عبد پر اسرار ایمان مکمل نہیں ہوتے یہاں تک کہ صورتوں میں ان حروف کے حقائق کا علم نہ ہو۔

پس اگر تو کہے کہ بضع زبان میں مجہول ہے اور یہ ایک سے نو تک کو کہا جاتا ہے تو یہ ثمانیہ یعنی آٹھ کو کہاں قطع کرے گا!

اگر تو کہے بضع کا ہندسہ زبان میں غیر معروف ہے اور یہ ایک سے نو تک ہے تو آٹھ کو کیسے قطع کرے گا!

علم اعداد کا نادر نمونہ

پس اگر تو چاہے تو ہم تجھے کشف کے طریق پر بتائیں کہ تو اس پر پہنچ جائے اور یہ طریق وہ ہے جس پر وہ مسلک اور رکن ہے جو میرے تمام علوم میں اس کی طرف مستند اور منسوب ہے۔

اور اگر تو چاہے تو تیرے لئے عدد کے باب سے ابتداء کردوں" اور

اُبُوالحکم عبد بن سلام نے اپنی کتاب میں اس باب میں جو بیان کیا ہے اُس میں اس امر کا ذکر نہیں کیا اللہ تعالیٰ اُس پر رحم فرمائے اِس نے جو بیان کیا ہے وُہ فلک کی جہت سے ہے اور اُس نے اُس کشف پر پردہ ڈال دیا ہے جو ۵۸۳ھ میں بیت المقدس کی فتح کے ساتھ قطع ہُوا۔

تو ایسے ہی اگر ہم چاہیں تو کھول دیں اور اگر چاہیں تو اِس پر اعداد کا پردہ ڈال دیں، پس ہم کہتے ہیں یہ بِضع سُورۂ رُوم میں آٹھ ہے، جزم صغیر کے ساتھ الم کے حروف کے عدد لو گے تو آٹھ ہونگے اور بِضع کو آٹھ ہیں جمع کریں تو سولہ ہونگے پس ایک جو الف اساس کے لئے ہے اُسے گرا دیں تو باقی پندرہ رہ جائیں گے پس تجھے اِس سے تمسک کرنا ہے۔

پھر اِس میں جمل کبیر کے عمل کی طرف رجوع کر اور وُہ جزم ہے پس بِضع آٹھ کو اکہتر ۷۱ سے ضرب دیں تو اِس تمام سے تیرے لئے پانچ سو اڑسٹھ ۵۶۸ سنین برآمد ہونگے تو ان میں اُن پندرہ ۱۵ کو جن کا تجھے امر کیا اُٹھائیں تو پانچ سو تراشی ۵۸۳ کی طرف لوٹ آئیں گے اور یہ غَلَبَت الرُّوم پڑھنے پر فتح بیت المقدس کا زمانہ ہے، غلبت میں غین پر اور لام پر زبر ہے جبکہ سَیَغلِبُون کی یا پر پیش اور لام پر زبر ہے اور ۵۸۳ھ میں کافروں کے اخذ جہ میں مُسلمانوں کا ظہور ہُوا تھا اور وُہ بیت المقدس کی فتح ہے۔

اور ہمارے لئے علم اعداد کشف کے طریق پر ہے اور اُس طریق سے جس کا اقتضا اُس کی طبع کرتی ہے اسرار عجیب ہیں اور اُس طریق سے جو اُس کے لئے حقائق الٰہیہ سے ہے، اگر ہمارے ساتھ طویل زندگی ہُوئی تو انشا اللہ العزیز معرفت اعداد پر کتاب لکھیں گے۔

۱۔ ۷ : ۸

انفرادیتِ الٰہیہ

تو ہم جس راستے پر چل رہے تھے اُسکی طرف رجوع کرتے ہُوئے کہتے ہیں شعب الایمان کے ضمن میں اسرارِ عبد تکمیل پذیر نہیں ہوتے سوائے اس کے کہ جب اِن حروف کے حقائق کا علم سُورتوں میں اُن کے حسب تکرار ہو جیساکہ جب اِس کا علم اُسے بغیر تکرار کے ہو اِس میں حقیقتِ ایجاد پر اللہ تعالیٰ کی تنبیہ اور صفاتِ ازلیہ کے ساتھ اللہ سبحانہ کا قدیم تفرّد ہے پس اُس کے قرآن میں چودہ[۱۴] مُفرد مُبہم حروف بھیجے گئے آٹھ[۸] معرفتِ ذات کے لئے اور سات ہم سے صفات کے لئے اور چار طبائع موتلفہ کے لئے مقرر ہُوئے، اور یہ چار، خُون، سودا، صفرا اور بلغم ہیں۔

پس بارہ[۱۲] حروف موجودہ آئے اور یہ انسان ہے اِس فلک سے اور دُوسرے فلک سے جو گیارہ، دس، نو[۹] اور آٹھ[۸] سے مرکب ہے یہاں تک کہ دو[۲] فلکوں کی طرف ہے اور ایک کی طرف کبھی جائز نہیں، پس اِس سے حق تعالیٰ کے لئے انفرادیت ہے، اور اُس کے سوا کوئی موجود نہیں۔

رُوحانی نُون پوشیدہ ہے

پھر بے شک اُس سُبحانہ تعالیٰ نے پہلے الف کو خط میں اور ہمزہ کو لفظ میں مقرر فرمایا اور اس کا آخر نوُن ہے، پس الف وجودِ ذات پر اُس کے کمال کے لئے ہے کیونکہ وُہ عالم سے نصف دُجود کے لئے حرکت اور نون کی طرف لایحتاج ہے اور وُہ عالم ترکیب ہے اور یہ فلک سے ہمارے لئے نصف دائرہ ظاہر ہے اور دُوسرا نصف اِس پر نُون معقولہ ہے، اگر حِس کے لئے ظاہر ہو اور عالم رُوح سے انتقال کرے تو دائرہ محیط کے لئے ہے لیکن کمالِ دُجود کے ساتھ یہ روحانی نُون

چھپا ہوا ہے اور نونِ محسوسہ کے نقطہ کو اس پر دلیل بنایا، پس ان تمام وجوہ سے الف کامل ہے اور نون ناقص، پس شمس کامل ہے اور قمر ناقص کیونکہ وہ محو ہے، پس اُس کی روشنی کی صفت عاریتاً ہے اور یہ امانت ہے جو اُس نے اٹھا رکھی ہے اور قدر کے مطابق اُس کا محو، اخفا اور اثبات وظہور ہے تین کے لئے تین ہیں پس تین حضرتِ احدیت میں قلبِ الٰہی قمر کا غروب، اور تین حضرت ربانیہ قلبِ الٰہی کے قمر کا طلوع اور جو اِن دونوں کے درمیان خروج ورجوع ہے قدم کے ساتھ قدم کو کبھی اختلال نہیں۔

وصل اور فصل

پھر اللہ تعالیٰ سُبحانہ نے اِن حروف کو مرتبوں پر فائز کیا ان میں سے موصول مقطوع، مفرد مثنیٰ اور مجموع ہیں، پھر ہر وصل میں قطعی طور پر آگاہی ہے اور ہر قطع میں وصل نہیں، پس ہر وصل فصل پر دلالت کرتا ہے اور ہر فصل وصل پر دلالت نہیں کرتی پس وصل اور فصل جمع میں اور غیر جمع میں ہیں اور فصل اُس عین فرق میں ایک ہے اس سے جو اُس کی انفرادیت ہے تو اس میں ازل سے فنا رسمِ عبد کی طرف اشارا ہے اور جو اُس کی اثنا ہے یہ موجودہ وجود رسمِ عبودیت کی طرف اشارا ہے جو اس کا جمع ہے یہ ابد کی طرف موارد لامتناہیہ کی طرف اشارا ہے، پس اکیلا بحرِ ازلی کیلئے اور جمع بحرِ ابدی کیلئے ہے، اور مثنیٰ برزخ محمدی انسان کیلئے ہے

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۙ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ[۱]	اُس نے دو سمندر بنائے کہ دیکھنے میں ملے ہوئے معلوم ہوں اور اُن میں روک ہے تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

---

[۱] الرحمٰن آیت ۱۹ - ۲۰ - ۲۱

بحرِ ازل وابد

کیا بحر کے ساتھ اعیان سے نیستی کا وصل ہے یا اُس سے فصل ہے اور کیا اُس کا نام اکوان کے ساتھ ہے یا برزخ کے ساتھ ؟ وُہ جس پر استوائے رحمٰن ہے تو اپنے رب کی کونسی نعمت جُھٹلاؤ گے، وُہ بحرِ ازل سے موتی اور بحرِ ابد سے مرجان نکالتا ہے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے اور اُس کیلئے الجواری الروحانیہ یعنی رُوحانی چلنے والیاں ہیں اور مُنشئات بحر میں حقائقِ اسمائیہ ذاتی اقدسی ہیں جیسے پہاڑ تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلا دگے،

کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

اُس سے اُس کے عُلو و قُدس پر عالمِ علوی کا اور عالم سفلی میں اُسکے نزول و نحس پر سوال کرتے ہیں زمین پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے اور یہ اعیان کے لئے عدم نہیں بلکہ قریب سے قریب کی طرف رحلت ہے اور ہر ایک بار میں ایک کام ہے تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے اے بھاری گروہ تمہارے سب کام جلد نپٹا کر تمہارے حساب کا قصد کرتے ہیں تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے،

ایسے ہی اگر یہ قرآن پر اعتبار کرتے تو دونوں میں اختلاف اور جھگڑا نہ ہوتا اور نہ مُبتلائے مصیبت ہوتے، پس تم آپنی آیات میں غور اور تدبّر کرو اور اپنی ذات سے نہ نکل جاؤ تمہاری صفات لا نعاً میرے لئے ہیں تمہاری نظر اور تدبیر سے جب عالم نے سلامتی پائی تو علی الحقیقت خلقت تمہاری تسخیر کے تحت ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے،

اَنَّ اللّٰہَ سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا — اللہ نے تمہارے لئے مسخر کیا جو کچھ آسمانوں

فِی الْاَرْضِ ؕ — میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اُس طرف کی ہدایت نصیب فرمائے جس میں ہماری دُنیا و آخرت کی اصلاح اور سعادت ہے اور بے شک وُہ کریم دوست ہے،

احسن تقویم سے اسفل السافلین تک

وصل، الف الم سے توحید کی طرف اشارہ ہے اور میم ملک کے لئے ہے جسے ہلاکت نہیں اور لام دونوں کے درمیان واسطہ ہے جو دونوں کے لئے رابطہ قائم کرتی ہے، پس اُس سطر کی طرف دیکھ جس پر لام سے خط واقع ہے تو اِس کی طرف الف کو اپنی اصل سے منتہی پائے گا اور اِس سے میم کو اس کی ظہور کی ابتدار کیساتھ پائے گا پھر احسنِ تقویم سے نیچے آجاتی ہے اور یہ سطر میم کی جڑ ہے جو اسفل السافلین کی طرف منتہی ہوتی ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے،

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْۤ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ؗ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ؗ[2] — بے شک ہم نے اِنسان کو اچھی صُورت پر بنایا پھر اُس کو ہر نیچی سے نیچی حالت کی طرف پھیر دیا،

اور سطر کی طرف الف کا نزول اِس قول کی مثل ہے،

ہمارا رب آسمان دُنیا کی طرف نزول فرماتا ہے،

اور یہ آسمان پہلا عالم ترکیب ہے کیونکہ وُہ آدم علیہ السلام ہے، اور اِس سے آگ کا فلک ملا ہوا ہے، پس اِس لئے پہلی سطر کی طرف نزول کرتا ہے،

تو بے شک وُہ مقامِ احدیت سے مقامِ ایجادِ خلیفہ کی طرف نزول کرتا

---

[1] لقمٰن آیت ۲۰ [2] والتین آیت ۴

ہے اور یہ نزول تقدیس و تنزیہہ کا نزول ہے تمثیل و تشبیہ کا نزول نہیں"

الف۔لام۔میم

اور لام واسطہ ہے اور یہی مکون و کون کی قائم مقام نائب ہے اور یہی وہ قدرت ہے جس سے عالم وجود میں آیا پس پہلی سطر کے نزول میں الف کی مشابہت ہے اور جب اِس کا مکون اور کون سے امتزاج ہے تو بے شک وہ اپنی ذات پر قدرت کے ساتھ متصف نہیں اور بیشک وہ خالق اپنی مخلوق پر قادر ہے۔
پس وجہ قدرت مخلوق کی طرف مصروف ہے، اور اِس لئے سوائے وابستگی مخلوق کے خالق کا اثبات نہیں ہوتا پس ان کے ساتھ لازماً علوی اور سفلی تعلق ہے اور جب اُس کی حقیقت ہے تو وصول کے ساتھ سطر کی طرف ختم نہیں ہوتی اور الف مرتبہ واحد پر ہے اُس کی حقیقت کے ساتھ سطر کے نیچے یا سطر کے اُوپر نزول طلب کریں جیسا کہ نزول میم ہے، پس ایجادِ میم کی طرف نزول ہے، اور صورتِ میم پر یہ تنزل ممکن نہیں، پس وہ ہو گیا تو اس سے کبھی میم کے سوا نہیں پایا جائے گا۔
پس نصف دائرے نے نزول کیا یہاں تک کہ سطر بلا جہت کی طرف پہنچا پس نصف فلکِ محسوس کا جھکنا نصف فلکِ معقول کو طلب کرتا ہے، پس دونوں سے فلک دائرہ ہے تو تمام عالم کی اوّل سے آخر تک چھ ایام اجناس میں اول اتوار سے آخر جمعۃ المبارک تک تکوین ہوئی اور باقی ہفتے کے دن حال سے حال کی طرف اور مقام سے مقام کی طرف انتقالات ہوتے سب ہے اور کون سے کون کی طرف استحالات بلا زوال و تغیر اُس پر ثابت ہیں اِس لئے کہ اِس دن پر ٹھنڈک اور خشکی کی حکومت ہے اور یہ کواکب زحل سے ہے،

چنانچہ الف، لام، میم اکیلا فلک محیط بن گیا جسکا چکر کاٹتے ہیں اور جسکے ساتھ ذات و صفات اور افعال م

مفعولات ہے پس جو الم اِس حقیقت و کشف کے ساتھ پڑھے وُہ کُل کے لئے کُل کے ساتھ بالکل حاضر ہے چُنانچہ کوئی چیز ایسی باقی نہیں جو اُس کا مشاہدہ نہ کرے لیکن اُس سے جسے جانتا ہے اور اُس سے جسے نہیں جانتا پس وُہ الف قیام حرکات سے منزّہ ہے، اِس کے ساتھ دلالتِ صفات ہے جو سوائے افعال کے عقل میں نہیں آتی جیسا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور وُہ جس پر ہے اُس پر تھا،

ہم اُس امر سے صرف نظر کرتے ہیں جو نہ عقل کی طرف ہے اور نہ وُہ ذات منزّہ کی طرف ہے تو بے شک یہ اضافت سوائے متضائفین کے کبھی عقل میں نہیں آ سکتی بے شک اُبوّت بغیر باپ اور بیٹے اور تقدیر کے عقل میں نہیں آ سکتی اِسی طرح مالک و خالق، باری و مصوّر اور جمیع اسماءِ عالم کو اُس کے حقائق کے ساتھ طلب کرتے ہیں اور حروف میں سے الم مقامِ تنبیہ ہے اِس پر جو تفصیل لام میں ہے وُہ صفتِ میم کے ساتھ ہے اور وُہی اس کا اثر اور فعل ہے

پس الف واحد ذات ہے حروف میں سے کسی چیز کا اِتصال اِس میں دُرست نہیں، جب پہلے خط میں واقع ہُوئی یہی وہ صراطِ مستقیم ہے جس کا سوالی نفس اھدِنا الصراطُ المستقیم میں کرتا ہے یعنی تنزیہہ و توحید کا راستہ تو جب اُس کا رب اُس کی دُعا پر آمین کہتا ہے اور یہ وُہ کلمہ ہے جس کی طرف رجُوع کرنے کا حُکم سُورۂ فجر میں ہے جو اُس کی دُعا پر آمین قبول فرماتا ہے، پس الم سے وَالضالین کے پیچھے الف ظاہر ہے اور آمین پوشیدہ ہے، کیونکہ عالمِ ملکوت سے غیب ہے، جو اُس کی آمین سے واقف ہیں، ملائکہ کا غیب آمین کہنا تحقیق شُدہ ہے جس کا نام عام میں سے فقہا نے اخلاص رکھا ہے اور صُوفیائے کرام اُسے حضُور کہتے ہیں اور محقّقین نے اُسے الہام کہا ہے جبکہ ہم اور ہماری طرح کے لوگ اس کو عنایت کا نام دیتے ہیں،

جب عالمِ ملکوت و شہادت میں الف ظاہر ہے تو قدیم اور محدث کے درمیان فرق واقع ہونا ظاہر ہے۔

جو حرف حرکت نہ کرے

پس دیکھ جس میں ہم نے عجیب تفصیل تحریر کی اور جو ہمارے اس بیان کی تائید کرتا ہے کہ وجودِ صفت مد بغیر الف کے لام اور میم میں موجود ہے، تو اگر صوفی یہ کہے کہ ہم نے الف ملفوظہ اور ہمزہ کے ساتھ نطق بغیر الف کے پایا ہے پس الف کے ساتھ نطق نہیں تو ہم کہتے ہیں یہ بھی اُسکی تائید کرتا ہے جو ہم نے کہا ہے، پس اگر الف حرکت قبول نہ کرے تو اُسے الف کے ساتھ کیوں نہیں پڑھا جاتا۔

جب رفع، نصب، جر اُس پر حرکت پڑے گی تو تمیز ہو گی۔

اور ذات اپنی ماہیت کے ساتھ کبھی نہیں سمجھی جاتی، پس جو شخص اس امر پر نہیں وہ اِسے کبھی نہیں جان سکتا۔

حرکت صفتِ علمیہ ہے

اِس ذات پر جو الف دلالت کرتا ہے حروف میں خلیفہ ہے جیسا کہ عالمِ غیر معروف میں انسان بھی خلیفہ ہے ایسے ہی ذات حرکت قبول نہیں کرتی، پس جب وہ نہیں قبول کرے گی تو اُس سے سلبِ اوصاف کی جہت کے سوا پہچان باقی نہیں، اور جب ساکن کے ساتھ نطق ممکن نہیں تو ہمارا نطق اِسمِ الف کے ساتھ ہے الف کے ساتھ نہیں پس ہمارا نطق ہمزہ کے ساتھ زبر کی حرکت سے ہے۔

پس ہمزہ مبدعِ اول کے مقام پر قائم ہے اور اِس کی حرکت صفتِ علمیہ اور نون کے ساتھ اِتصالِ کاف میں اُس کے ایجاد کے محل پر ہے۔

پس اگر کہا جائے کہ ہم نے الف کو لام میں اُس کے ساتھ منطوق پایا ہے اور الف میں نُطق نہیں پایا جاتا تو ہم کہتے ہیں سچ کہا اِس کے ساتھ نُطق واقع نہیں ہو گا سوائے اِس کے کہ زیر، زبر یا پیش کی حرکات کو اِس سے قبل حرکت دی جائے جو اُسکے ساتھ موصول ہے اور بے شک ہمارا یہ کلام الف مقطوعہ کے بارے میں ہے زیر، زبر، پیش سے پہلے اِس حرف کی حرکت نہیں،

زیر، زبر، پیش سے قبل اِس حرف کی حرکت نہیں پس نُطق ظاہر نہیں ہو گا،

استمدادِ مدّ

اگر الف کو اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ کی مثل رقم کیا جائے تو یہ اِنَّمَا اور مومنین کی لام کے درمیان دو الف موجود ہیں پس یہ دونوں کے ساتھ نُطقاً غیر ملفوظ خط ہے اور بے شک یہ الف موصول ہے، جو لام، ہا، حا اور اِس جیسے حرف کی طرح حرف کے بعد واقع ہوتا ہے، تو اگر اِسکا وجود نہ ہوتا تو اِن تمام حروف میں کسی کی مد نہ ہوتی اور اِس کی مد ہی وُہ سِترِ استمداد ہے جس کے ساتھ محلِ حروف میں ایجادِ صفات ہے اِس لئے مُد وصل کے ساتھ ہو گی تو جب حرفِ الف اُس کے دُوسرے نام سے ملے گا الف کا لمبا ہونا وجودِ حرف کے ساتھ موصول بہ ہو گا اور جب حرف موصول بہ صفتِ رحمانیہ کی طرف محتاج پایا جائے گا تو اُسے زبر کی حرکت عطا کی جائے گی اور وُہ یہی زبر ہے کہ جب یہ عطا ہو جائے تو اِس سے اِس پر شکر طلب کرنا ہے کہا کہ! اِس پر شُکر کیسے ہو گا؟ اُسے کہا گیا! سامعین اِسے تیرے وُجود کی صفت کے ساتھ جان بس تیری ذات کے ساتھ نہیں اور جو یقیناً ذاتِ قدیم اللہ تعالیٰ سے ہے، پس تیری ذات کے ذکر کے موقعہ پر اُس کا ذکر ہو گا،

آدم صورتِ رحمٰن پر بنا ہے

پس بے شک تجھے رحمت خاصہ کی صفت کے ساتھ بنایا جانا اس پر دلیل ہے اور اسی لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے

اِنّ اللہ خلق آدم علیٰ صورۃ الرحمٰن، یعنی بیشک اللہ تعالیٰ نے آدم کو صورت رحمن پر پیدا فرمایا ہے

تو اس موجد پر ثناء کے ساتھ نُطق کر، پھر کہا! لام، یا، ھا، حا، طا تو نطق ظاہر ہوا جو پوشیدہ خطا ہے کیونکہ الف کا طٰہٰ، حٰمٓ اور طٰسٓ میں نطق موجود ہے دلالت صفت کے لئے اِس پر اخفاء خطا ہے اور یہی زبر افتتاحِ وجود کی صفت ہے۔"

مد کا وجود

کہا کہ ایسے ہی اِس سے پہلے واؤ مضموم میں اور اُس سے قبل یائے مکسور میں مد کو پایا گیا پس یہ بھی تین ذاتیں ہیں تو یہاں اور وہاں ذاتِ واحدہ کیسے ہوگا!

ہم کہتے ہیں ہاں، واؤ مضموم ہیں اُس سے قبل نٓ والقلم کی طرح مدّ موجود ہے اور یا مکسور اس سے پہلے مثل سین کی یا طٰسٓ سے اور میم کی یا حٰمٓ سے ہے چونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اِن دونوں کو حروف علت بنایا اور ہر علت حقیقتاً معلوم چاہتی ہے اور جب تو نے یہ دعوے کر لیا تو لازماً دونوں کے درمیان اِس کے ساتھ استمداد و امداد کا وقوع ہوگا پس اِس لئے مد عطا کی گئی ہے اور یہ رسولِ ملکی وحی کی طرف لوٹتی ہے۔

رسولِ ملائکہ

اگرچہ اِس کے اور اُس کے درمیان ماقبل چیز کی نسبت ملاقات نہ ہوگی

لیکن وُہ اُس سے مخفی ہے پس جب اُسے یہ وحی حاصل ہو گی اور اس وحی کا مقام واؤ ہے اس لئے کہ وہ رُوحانی علوی ہے اور عُلو بلندی عطا کرتا ہے اور یہ واؤ مُعتل یعنی حروف علت کے باب سے ہے پس ہم نے اِس سے جبریل علیہ السلام یا دُوسرے روحانی رسُولِ ملائکہ کو تعبیر کیا ہے،

رسُول بشری

چنانچہ جب رسُول بشری کو توحید و شرائع کے اسرار تفویض ہوتے تو جس مد کے ساتھ عالم ترکیب ہے اُس سے استمداد و امداد عطا کر دیتے اور استمداد کا راز مخفی رکھا، اِس لئے حضورِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا معاملہ ہوگا اور میں تمہاری مثل بشر ہوں"

اور جب عالِم جسم و ترکیب عالم سفلی میں موجود ہے تو ہم نے اُس کو یا مکسُور کیا اس سے پہلے جو حرُوف علت ہیں اور یہی آسان حروف ہیں انہیں وجود اسرار الٰہیہ سے سرِ استمداد عطا کیا ہے اسلئے دونوں پہ مد ہے مگر ان دونوں اور الف کے درمیان فرق ہے پس اِس مقام پر واؤ اور یا، دونوں سلب ہو کر تمام حرکات کے ساتھ مُتحرک ہونگی جیسا کہ فرمایا، وَوَجَدَكَ

حروف علت کی بحث

یعنی تجھے پایا تو پناہ دی اور اگر اوبار اُسے غنی کرنے سے رد کرتے ہیں تو بیشک تو میت ہے اور وُہ دونوں حرف سکون حیّ کے ساتھ ساکن ہیں جیسا کہ فرمایا جو میت کے ساتھ ہے دُ. حیّ ہے اور یہ رد کرتے ہیں اور دونوں میں مشابہت

ہے جب کہ الف کبھی متحرک نہیں ہوتا اور نہ اِس سے قبل سوائے مفتوح کے کبھی متحرک پایا گیا ہے پس کان سُن سے الف اور واؤ اور یاء کے درمیان کوئی نسبت نہیں۔

جہاں کہیں بھی یاء اور واؤ پر حرکت آجائے تو یہ اُسکا مقام اور صفت ہے اور جب وہاں علت ہونے میں الف کے ساتھ مِل جائینگے تو یہ اُنکی ذات ہے۔

نہ اس میں احتمالِ حرکت ہے اور نہ یہ اُسے قبول کرتی ہے۔

لیکن یہ مقام کی صفت سے ہے اور اس کی حقیقت واؤ اور یاء کے ساتھ نزول کرتی ہے پس الف مدلولِ قدیم ہے اور واؤ اور یاء دونوں مُحرک ہیں چونکہ یہ دونوں پہلے مُحرک ہیں اس لئے حادث ہیں،

نتیجہ یہ نکلا کہ یہ تمام حروفِ علت، الف یا واؤ اور یاء تحریر ہوتے ہیں یا اِن کے ساتھ حصولِ نطق ہے تو یقیناً یہ دلیل ہوگی اور ہر دلیل حادث ہے اور حادث کی سعی کرتی ہے چنانچہ حادث اِس [illegible] تحریر یا اور نطق کا حصر نہیں کرسکتا اور یقیناً یہ غیب ظاہر ہے۔

ایسے ہی سین اور ن ہے، چونکہ یہ نطق میں پایا جاتا ہے اس لئے ظہور ہے اور تحریر میں نہیں پایا جاتا اس لئے غیب ہے۔

اور یہ وجودِ خالق کے ساتھ حصولِ علم کا سبب ہے اُس کی ذات کے ساتھ نہیں اور لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ اُس کے وجود کے ساتھ ہے اُس کی ذات کے ساتھ نہیں

اگر دیکھنا ہے

اور اے متلاشی جاننا چاہیئے کہ ہر وہ چیز جو حصر کے تحت ہے وہ مبدع یا مخلوق ہے اور وہ تیرا محل ہے پس حق کو نہ داخل سے طلب کر نہ خارج سے

جب کہ دخول و خروج صفاتِ حدوث سے ہے پس کُل میں کُل کی طرف دیکھ اور کُل کو پلٹے پس عرش مجموع ہے اور کرسی مفرق،

یاطالبا لوجود الحق یدرکہ
ارجع لذاتک فیک الحق فالزم

اے وجودِ حق کے طالب اپنی ذات کی طرف رجوع کر کے اُسے دیکھ تجھ میں حق کا التزام ہے۔

پیچھے کی طرف لوٹ جاؤ

تم اپنے پیچھے سے رجوع کرو گے اور نور کو طلب کرو گے، اگر نور پانے کے لئے نہیں لوٹو گے تو اُسے مضبوطی سے پکڑ لو گے سُورتوں کے ساتھ رجوع کرو گے اگر اُن کی آواز پہچان لو گے، بقول اُس کے کہ اپنے پیچھے سے رجوع کرو تو یہ لوگ کہیں گے تو ہمارا رب ہے"

اور جو رجوع نہیں کرتے اُن کے سامنے دیوار کھڑی کر دی جائے گی اور اُنہیں گھیر گھیر کر جہنم میں لایا جائے گا اور موحدین باقی رہ جائیں گے وہ بارگاہِ الٰہی سے جنت والوں کی ولدان اور حُورِ حسان سے مدد کریں گے"

الف۔لام۔میم کی آخری وضاحت

وزیر امیر کی صفات کا عکس ہے اور وہ صفت جو صرف اُس امیر کے پاس ہے وہ تدبیر کا راز ہے"

تو جس علم کا اُس کی صفت اور اُس کے حکم و فعل کا اُس کے لئے مُدد ور

ہوتا ہے اُس کو وزیر نہیں جانتا مگر تفصیل کے ساتھ پس اگر غور کرے گا تو ہم نے جو کچھ کہا ہے اُس سے انشاءاللہ العزیز حق کو پالے گا۔

یہ بیان و تقریر "الم" کے لئے ہے، پس الف ذاتِ کلمہ، لام ذاتِ عین صفت اور میم عین فعل اور ان کا سِرِ پوشیدہ "ن" ان کا موجد ہے۔

ذالک الکتاب

الم کے بعد ہم ارشادِ خداوندی ذالک الکتاب کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ ہاتھ کے ساتھ موجود کی طرف اشارا ہے اور اس کے بعد فیہ ہے جو کتب کی طرف اشارا کرتا ہے اس کا سبب یہ ہے کہ وہ مقام تفصیل پر فرق کیا گیا ہے اور اِس ذالک میں حرف لام داخل ہے اور یہی اِس مقام میں بُعد کے ساتھ آواز دیتا ہے اور نداء کا اِشارا اہل اللہ کے نزدیک بُعد کے سر پر ہے اور کیونکہ لام عالمِ وسط سے ہے تو جب صفت کے ساتھ قدیم سے حادث کا امتیاز کیا جائے گا تو یہی لام محلّ صفت ہوگا۔

نیز مفردہ کاف کے ساتھ بطورِ خاص مفرد کلام مُبدعات کے درمیان اشتراک واقع کرتا ہے۔

ہم کتاب جمع والتفصیل سے اِس فصل میں ارشادِ خداوندی اَخلَع نَعلَیک کے بیان میں اس پر سیر حاصل کلام کریں گے

اخلع لام، میم اور باقی صفات سے منزہ الف اور پھر ذال کے درمیان ہے اور یہ کتاب دوسرے فرق کا محل ہے تو لام کے درمیان یہی صفت فرقِ اوّل کا محل ہے، الف کے ساتھ کتاب کو پڑھنا یہ محلِ جمع ہے تاکہ خطاب کے ساتھ دوسرے فرق کا وہم نہ ہو تو یہ کبھی حقیقت کی طرف نہیں پہنچے گا۔ دونوں کے

الف کے ساتھ فصل ہے تو یہ ذال اور لام کے درمیان پردہ کھنچا ہوا ہے، ارادت
ذال لام کی طرف وصول ہے پس اس کے لئے الف قائم ہوا مجھے کہا کہ میرے ساتھ
مل جا، لام کی ارادت ذال کو اُس کی امانت لوٹانے کے لئے اُس سے ملی تو الف اُس
کے آڑے آگیا اور اُس نے اُسے کہا میرے ساتھ ملاقات کر دونوں کے
منہ وجود کی طرف جمع اور تفصیل سے دیکھتے ہیں اور توحید پائی جاتی ہے اُس کا ساتھی
اُس سے الگ نہیں البتہ ایک اعداد اگر دو ہیں تو اُسے کبھی نہیں پائیں گے جو واحد
کی طرف اُس کی مثل مضاف نہیں اور وہ دو ہیں تو تین درست نہیں جب تک دو
پر ایک کو زائد نہ کیا جائے گا اور یہ امر لامتناہی کی طرف لے جائے گا پس ایک عدد
نہیں بلکہ عین عدد یعنی اُس سے عدد ظاہر ہوتا ہے تمام عدد ایک ہے اگر الف
واحد کو کم کر دیا تو اسم الف اور اُس کی حقیقت معدوم ہو گی اور دوسری حقیقت
نمودار ہو جائیگی اور یہ نو سو ننانوے ۹۹۹ ہیں اگر اِن میں سے ایک کم ہو تو اُسکی ذات
ختم ہو جائے گی چنانچہ جس چیز سے واحد معدوم ہو گیا وہ چیز ختم ہو گی اور
جہاں واحد ثابت ہو گا وہاں وہ چیز ثابت ہو گی "

ذا اور الکتاب

اگر تحقیق سے دیکھے تو اسی کا نام توحید ہے وھو معکم اینما کنتم ۔ یعنی تم جہاں کہیں بھی ہو
وہ تمہارے ساتھ ہے"

توکہا ذا حرف مبہم ہے، اِسی مبہم کے درمیان اُس کے ارشاد کے ساتھ
۔الکتاب ۔ ہے اور یہ حقیقت ذا ہے، اور الکتاب پر جو ذال ہے یہ معرفہ اور عہد کیلئے ہے
اور یہ دونوں الف اور لام، الم سے ہیں، اور جو کچھ الم میں ہے وہ ان
دونوں کے علاوہ دوسری وجہ سے ہے تو یقیناً یہ دونوں یہاں بر محل جمع میں ہیں

اور دونوں ہی یہاں ابواب تفصیل کے پہلے باب سے ہیں،

لیکن یہ بطورِ خاص اسی سُورت کے اسرار کی تفصیل سے ہے اس کے علاوہ دُوسری سُورتوں سے نہیں۔

عالمِ وُجود میں ترتیب حقائق بھی یہی ہے

پس ،، ذالک الکتاب ،، کتاب مرقوم ہے، کیونکہ اُمہات الکُتب تین ہیں، ۱۔ کتاب مرقوم، ۲۔ کتابِ مسطور، ۳۔ کتابِ مجہول،

ہم نے باب نو "کتاب ,, تدبیراتِ الٰہیہ فی اصلاح المملکۃ الانسانیہ،، میں کتاب اور کاتب کے معنوں کی تشریح کی ہے تو اُسے وہاں دیکھیں،

ہم کہتے ہیں ذات اور اُس کے معنوں کا اتحاد ہے تو اُس کے ساتھ دو ذاتوں کے مابین لازماً اسم وصف کا فرق ہوگا، پس کتابِ مرقوم رقم سے اور کتابِ مسطور سطر سے موصوف ہوتا ہے اور کتابِ مجہول وُہ ہے جس سے صفت سلب ہو یہ چیز دو وجہوں سے خالی نہیں یا تو وُہ صفت ہوگی اگر یہ ہے تو اُسکی صفت نہیں یا اگر ذات ہے تو اُسکی صفت نہیں ہوسکتی جبکہ کشف یہ بتاتا ہے کہ وُہ صفت ہے اور اُسکا نام علم ہے اور کلماتِ حق کا مقام قلوب ہیں،،

کیا آپ نے اسے نہ دیکھا کہ کہتے ہیں ,,الم تنزیل الکتاب،، یعنی کہے کہ وُہ اس کے علم کے ساتھ نازل ہُوا ہے، ذالک کا کاف کا خطاب صفتِ علم کے ساتھ ہے، اور یہ اُس کے نزول کے ساتھ لام مخفوضہ ہے کیونکہ اُس کے ادراک سے مُنزّہ ہے، کاف کے لئے کہا کہ یہ کلمۂ الٰہیہ ہے،،

ذالک الکتاب یعنی تجھ پر کتاب نازل ہوئی اور یہ میرا علم ہے تیرا علم نہیں، اہلِ حق کے نزدیک اِس میں کوئی شک نہیں کہ اُس نے معرضِ ہدایت میں نازل کیا ہے جس نے میرے لئے تقویٰ اختیار کیا اور تو منزل ہے پس تُو اِس کا محل ہے،

ہر کتاب کے لئے لازماً اُم ہے اور اِس کی اُم یہ کتاب مجہول ہے جس کی کبھی پہچان نہ ہوگی، کیونکہ یہ صفت کے ساتھ نہیں نہ تیرے لئے نہ احد کے لئے اور نہ ذات کے لئے، اگر تُو چاہے کر یہ محقق ہو جائے تو عالم حصُول میں کیفیت علم کی طرف دیکھ یا ناظر میں حصُول صُورت مرئی کی جانب نظر کر پس نہ یہ ہے نہ اِس کا غیر ہے،

اِس میں شک نہیں

لَا رَیْبَ فِیْہِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْن کے درجات و منازل کو حسب کلام دیکھیں جو اس کے بعد بیان ہوگا،

اب ہم تیری عقدہ کشائی کے لئے لاریب کے لام اور الف سے دوالغوں کی کی طرف رجوع کرنے کا قصد و تدبر کرتے ہیں، اِس لئے کہ لام کی جڑ کی صُورت مُتَّقِین کے نوُن میں ظاہر ہے اور یہ الف لام کے دُوسرے نام کے موخر ہے اور اِس سے عبد کو اپنے نفس کی معرفت حاصل ہو جاتی ہے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے من عرف نفسہٗ عرف ربّہٗ، جس نے اپنے نفس کو پہچانا اُس نے رب کو پہچان لیا،

پس لام کی معرفت الف کی معرفت پر مُقدم ہے پس اِس پر دلیل ہوگی اِنکا امتزاج نہیں جب تک دونوں ایک نہ ہو جائیں گے بلکہ دونوں میں سے بذاتہٖ ہر ایک واحد کے ساتھ ہے لہٰذا دلیل اور مدلول جمع نہیں ہو سکتے، لیکن دلیل کی وجہ سے جو کہ رابطہ ہے اور وُہ الف کے ساتھ لام کے اِتصال کا مقام ہے، پس دوالغوں کو ضرب دیں دونوں میں سے ایک الف آخر میں آپ کے لئے خارج میں درُست ہے اور یہ حقیقت اِتصال ہے، ایسے ہی قدیم میں حق حادث کی

ضرب دیں آپ کے لئے خارج میں حادث دُرست ہوگا اور اُس کے خرُوج سے قدیم مخفی ہوگا اور یہ حقیقتِ اتصال و اتحاد ہے،

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً[1] — اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین میں خلیفہ بناؤں گا،

اور یہ نقیض ہے جس کا اشارا عاطس کے لئے جنیدؒ کے قول میں ہے کہ جب مُحدث قدیم کے ساتھ قرین ہوگا تو اُس کے لئے اختلافِ مقام کا اثر باقی نہیں رہے گا کیا تو نہیں دیکھتا۔

لام الف کا اتصال لاریب فیہ سے کیسے ہے دو ذاتوں کی ابتداء کرسی سے ہے اور دونوں کے درمیان تو دو ذاتیں نمودار ہوگئیں پھر جب نزول و وصول کا وقت آیا تو عرش نے اُن دونوں کو الگ الگ کر دیا اب " ال " اِس شکل پر آ گیا تو اِس کی حقیقت کے ساتھ لام ظاہر ہوگا کیونکہ اس کے ساتھ مقام اتحاد و اتصال میں اب پُورا نہیں جو اُس کی صُورت پر ہو گیا پس ہم نے لام سے نصف دائرہ نکالا جو عالم ترکیب ہے جس کی طرف لام میں الف پوشیدہ تھا پس دو الف باقی ہیں فرق ہے پس ہم ایک کو ایک میں ضرب دیں گے اور وُہ اُس کی ذات میں شے کی ضرب ہے پس اِسکا نام جمع ہے اب ایک ہو گیا دوسرا احد نہیں اِن میں سے ایک ردا ہے اور وہ ظاہر ہے اور وُہ خلیفہ مبدَع ہے دال کی زبر سے اور دوسرا رِداد یا گیا ہے اور وُہ پوشیدہ ہے اور وُہ مبدِع قدیم ہے گویا کہ ردا مرتدی ہو گیا اب رِدا پہننے والے کے علاوہ چادر کے اندر کوئی نہیں جب نتا پس اگر تو کہے ایک ہے تو تُو نے سچ کہا اور اگر کہے دو ذاتیں ہیں تو تو

---

[1] البقرہ آیت

نے سچ کہا عین سے اور کشف سے اور اُس کے لئے اللہ کے ہاں خوبی ہو جس نے کہا،

رق الزجاج ورقت الخمر   فتشا کلا فتشابه الامر
فکأنما خمر ولا قدح   وکأنما قدح ولا خمر

شیشہ رقیق ہے اور شراب رقیق ہے جب دونوں کی شکل ایک ہو گئی تو معاملہ مُشتبہ ہو گیا،
اب یہ حال ہے کہ شراب ہے اور پیالہ نہیں اور پیالہ ہے تو شراب نہیں،

ردا، مُرتدی

مگر ردا، کے ظاہر کو مُرتدی کبھی نہیں پہچانے گا مگر اُسکی ذات کے باطن کو لے گا اور وُہ اس کا حجاب ہے ایسے ہی علم کے سوا حق کو نہیں جانے گا جیسا کہ سوائے اُس کی تحمید کے حقیقت پر اُس کی حمد نہیں ہو گی، مگر تو اُسے اُسکے علم کی وساطت سے جانتا ہے اور وُہ تیرا حجاب ہے تو بیشک تو اُسے اُس علم کے سوا نہیں جانتا جو تیرے ساتھ قائم ہے،

علم و معلوم کے درمیان گہرا سمندر ہے

اگر تیرا علم معلوم کے مطابق ہے اور تیرا علم اُس سے قائم ہے تو وُہی تیرا مشہود اور تیرا معبود ہے اگر تو اسلوبِ حق پر چلتا ہے تو یہ مت کہہ تو نے معلوم کو جان لیا ہے بلکہ تو نے خبر کو جانا ہے اور تباین کے باوجود ایک گہرا سمندر ہے، جس میں داخل ہونا مشکل ہے بلکہ عبارت اور اشارے بھی اس پر سوار نہیں ہو سکتے لیکن کثیر دقیق کے پردوں کے پیچھے سے کشف اُس کا ادراک کرتا ہے، اُسے محسوس نہیں کیا جا سکتا بے شک وہ اس

وُہ اپنی باریکی کی وجہ سے بصیرت کی آنکھ سے فرض نہیں کیا جا سکتا
اُس کا زیادہ ماہر وُہی ہے جس نے اُسے پیدا کیا۔

قدیم تو بعید سے بعید تر ہے

اب دیکھیں وُہ کہاں ہے جو کہتا ہے میں اس شئے کو محدث یا قدیم شئے سے
جانتا ہُوں، بلکہ یہ امر محدث میں ہے اور قدیم تو بعید سے بعید تر ہے، چونکہ وُہ
بے مثل ہے تو وُہ کہاں سے اُس علم کی طرف پہنچے یا کیسے حاصل کرے؟

اِس باب کی تیسری فصل میں اس مسئلہ کے بارے میں کلام آئے گا، تو
رداء کا ظاہر مرتدی سوائے وُجود کی جنت کے نہیں پہچانتا اس شرط کے ساتھ
کہ وُہ انتہائی شدتِ طلب کے ساتھ اُس کی طرف رجوع کرے کیونکہ علت کی
معرفت جذب کی معرفت نہیں، اور یہ اہلِ جنت کی آخرت میں رؤیت ہے اور
یہ اُس وقت بغیر وقت کے تجلی ہے۔

اِس کتاب کے باب جنت میں اِس کے بارے میں کلام آئے گا اور یہ
مقام وُہ تفرقہ ہے۔ کہ اہلِ حقائق رداء کا باطن ہیں تو وُہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مشاہدہ
کرنے والے ہیں، اور وُہ مت بد: کرنے والے ہونے کے باوجود اُنکا ظاہر کرسی
صفات میں ہے انہیں باطنی بشارت کے ساتھ اِتصال کی نعمت کا انعام دیا جاتا ہے۔

فاعل و مفعول نہ تھا

اُسکے مُبتدا ہونے میں جب بسم اُس کا فاعل نہیں ہوگا تو نہ فاعل
ہوگا اور نہ مفعول ہوگا چنانچہ اُسکا فاعل ہونا دُرست نہیں ہوگا کیونکہ
اُس کا فرمان ہے کہ اِس میں شک نہیں، اور اگر فاعل ہوگا تو شک واقع ہوگا۔

کیونکہ فاعل اُس کی منزل ہے وُہ نہیں۔

تو جو اُس کی صفت کے ساتھ نہیں اُس سے کیسے منسُوب ہو کیونکہ مقامِ ذال بھی اِس سے منع کرتا ہے تو بے شک وُہ حقائق سے تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور حروف کے ساتھ ملا ہُوا نہیں جب اُس پر مقدم ہو جیسا کہ الف اور اُس کے قبیل سے دال، را، زا، اور واؤ اور اِس پہ بھی مفعول نہیں کہتے جس کے فاعل کا نام نہیں، کیونکہ اُس کی ضرورت ہے کہ اُس سے پہلے ایک کلمہ آئے جو ایک مخصوص بنیاد پر ہو اس کا محل علم نحو ہے۔ پس اب کوئی بات باقی نہیں رہی سوائے اِس کے اُسے مبتداء تسلیم کریں اور مبتدا وہ ہے جس کا کسی کو پتہ نہیں"۔

الستُ بربکم اور قالوا بلیٰ سے پہلے کا حال کسی کو معلوم نہیں اب ہر مبتداء کی یہ ضرورت ہے کہ اُس کی کوئی ابتداء ہو تو ہم کہتے ہیں ہاں! اِس پر اُم الکتاب عمل کر رہی ہے۔

اِشتراک و افتراق

پس یہی کتاب میں ابتدائے عامل ہے اور عامل پر حق میں اور جیسے اللہ پروردگار نے تخلیق کیا ہے، لہٰذا اِس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ان اشکرلی ولوالدیک۔ یعنی میرا شکر کر اور اپنے والدین کا شکر کر اِس میں تیری طرف اشارا ہے پھر کہا میری طرف پھر آنا ہے، پس تو واحد ہے تو مقامِ تفرقہ سے شکر ہے، جیسا کہ تجھے لازم ہے کہ رداءِ علم کا شکر ادا کرے کہ یہ مُرتدی سے وصال کا سبب ہے اور رداء سے اُس کی طرف لوٹنا ہے، اور تجھے ہر صورت میں مرتدی سے واصل ہونا ہے"۔

پس اِس پر غور کر جو ہم نے اُسے کہا، ذال اور الف کے درمیان فرق ہے

اگرچہ مقامِ وحدانیتِ مقدسہ میں دونوں کا اشتراک ہے تو وہ حال اور مقام کے لحاظ سے قبل اور مقامِ لاحال کی وجہ سے بعد کی ہے"

تنبیہ! فرمایا ذالک الکتاب

اور یہ نہ فرمایا، تلک آیات الکتاب، پس کتاب جمع کے لئے ہے اور آیات کے لئے ذالک مذکر واحد ہے اور تلکَ واحد مونث پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے یا ذالکَ الکتاب فرماکر فرق سے قبل اولاً قطعی طور پر وجودِ جمع کے لئے اشارا فرمایا پھر آیات میں فرق پیدا کیا جیسا کہ تمام اعداد واحد میں جمع ہیں جیسا کہ ہم نے اُسے تقدیم دی پھر جب ہم نے اُسے ساقط کیا اُس عدد کی حقیقت معدوم ہو گئی اور امر وجود میں الف کے لئے کچھ باقی نہ بچا جب ہم اُسے میدان میں لائے تو وجود میں الف میدان میں آیا"

قوتِ عجیب

اِس قوتِ عجیبہ کی طرف دیکھ اِسے وُہ حقیقتِ واحد عطا کی گئی ہے جو اس کثرت میں ظاہر گئی جو لامتناہی کی طرف جاتی ہے، اور وُہ اپنے نفس اپنی ذات اور اپنے اِسم میں اکیلا ہے پھر اُس نے آیات میں فرق پیدا کیا، اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے،

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ[۱] — ہم نے اِسے مبارک رات میں نازل فرمایا

پھر فرمایا!

فِیْهَا یُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِیْمٍ[۲] — اِس میں ہر حکمت والے امر میں فیصلہ ہے

---

[۱] الدخان آیت ۳ [۲] الدخان آیت ۴

توجس کی ابتداء جمع سے ہے وُہ ہر چیز ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے

وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ [1] اور ہم نے اُس کے لئے تختیوں میں ہر چیز سے لکھ دیا۔

"فی الالواح" مقام فرق ہے "من کل شیٔ" جمع کی طرف اشارا ہے، موعظت اور تفصیل کو فرق کی طرف اور کُل شیٔ کو جمع کی طرف لوٹتا ہے پس کُل موجود کونسا موجود ہے تو یہ عموم ہونے سے خالی نہیں مگر عین الجمع یا عین الفرق میں ہوگا غیر میں نہیں"

جیسا تھا ویسے ہے

اِن دونوں موجود حقیقتوں سے پردہ اُٹھانے کے سوا کوئی راستہ نہیں، اور یہ دونوں کبھی جمع نہیں ہونگی، پس حق اور انسان جمع کی عین اور عالم تفرقہ میں ہے یہ کبھی جمع نہیں ہو سکتا، جیسا کہ نہ حق کبھی الگ ہوگا اور نہ انسان کبھی الگ ہوگا،

پس اللہ تعالیٰ سبحانہ کے لئے ہے کہ وُہ اپنی ذات وصفات اور اسماء کے ساتھ اپنے ازل میں ہمیشہ سے ہے اِس پر تجدیدِ حال نہیں اور نہ اُس کے لئے عالم تخلیق سے وصف ہے نہ یہ اِس سے قبل اُس پر تھا،

بلکہ وُہ اب بھی اُس پہ ہے جس پر کائنات کے وُجود سے پہلے تھا جیسا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کا وصف بیان کرتے ہوئے کہا اللہ تھا اور اُس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی اور یہ قول کہ وُہ اب بھی اُس پہ ہے جس پر پہلے تھا ہے اور جو حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں فرمایا اور حدیث

---

[1] الاعراف ۱۴۵

میں درج ہے تو اُن کا مقصود اُس کی اُس صفت کو بیان کرنا ہے جو اُس کے لئے وجود عالم سے پہلے واجب تھی اور وُہ اِس پر اور عالم موجود پہ ہے اور ایسے ہی یہ حقائق جو اس پر واقف ہونے کے ارادہ کے موقعہ پر تھے،

اُس کا ارشاد "ذالک" اصل میں تذکیر ہے اور وُہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور اُس کا فرمان تلک فرع میں تانیث ہے اور یہ حضرت حوا علیہا السلام ہیں۔

ہم نے اِس فصل میں کتاب جمع والتفصیل فی معرفت اسرار التنزیل تصنیف کی اُس میں ہم نے اِس قول پر سیر حاصل کلام کیا ہے۔

تذکیر ذالک وتانیث تلک

پس حضرت آدم علیہ السلام جمع صفات کے لئے اور حضرت حوّا تفریق ذوات کے لئے ہیں کیونکہ یہ فعل وبذر کا محل ہے، ایسے ہی یہ آیات احکام وقضایا کا محل ہیں اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے ذالک اور تلک کے معنوں کو اپنے اِس ارشاد میں جمع فرمایا ہے،

الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ[1]

پس حروف الم تین رقم ہوتے ہیں اور یہ اِس کے عالم کا اجتماع ہے تو بیشک اِس میں ہمزہ ہے اور یہ عالم اعلیٰ سے ہے اور لام عالم وسط سے ہے اور میم عالم اسفل سے ہے تو یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ نے الم میں برزخ، دارین، رابطہ اور دو حقیقتوں کو جمع فرما دیا ہے،

اور یہ اُس لفظ بغیر تکرار کے حروف سے نصف پر ہے اور تین پر بغیر تکرار

---

[1] ص آیت ۲۰

کے اور ان پردوں میں سے تین کا تیسرا حصہ ہے اور یہ تمام تر اسرار ہیں جنکی اتباع ہم نے کتاب المبادی والغایات اور کتاب الجمع والتفصیل میں کی ہے، چنانچہ اس میں الم البقرہ کے اسی قدر کلام پر اکتفا کریں،

بعدازاں ہمیں اس قید کو چھوڑنے کی طرف رغبت ہوئی جو ہمیں کتاب اور کتابت میں ہمارے لئے متجلّی تھی تو ہم پر بڑے بڑے ہیبتناک اور عجیب امور نمودار ہوئے چنانچہ ہم نے کاپی پھینکی اور عالم کی طرف بھاگ آئے تو اس میں کمی واقع ہو گئی،

اور جس وقت ہم نے دوسرے دن اس تجلی سے تقیید کی طرف رجوع کیا اور اس میں رغبت قبول کی اور وہ ہم پر رک گئی اور ہم نے حروف میں سے ایک ایک حرف پر کلام کیا جیسا کہ ہم نے اس باب کے آغاز میں ایجاز و اختصار کی خواہش میں اس کے لئے شرط رکھی تھی، اور اللہ ہی حق کہلاتا ہے اور راستہ دکھاتا ہے پانچویں جزختم ہوئی الحمدللہ رب العلمین،

حروف کا تفصیلی تعارف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الف میں کیا ہے؟

ألف الذات تنزهت فهل	لك فی الاکوان عین ومحل
قال لا غــــیر التفاتی فأنا	حرف تأبید تضمنت الازل
فانا العبد الضعیف المجتبی	وأنا من عز سلطانی وجل

ذات کا الف پاکیزہ ترین ہوگا۔ کیا تیرے لئے کائنات کے اندر کوئی عین کا محل ہے؟۔
اُس نے جواب دیا میرے التفات کے سوا کوئی نہیں، میں ہی حرفِ تائید اور ازل کو شامل ہوں،
میں ایک ضعیف و پسندیدہ عبد ہوں اور سلطان کی عزت و جلال سے خوفزدہ ہوں"

حقائق سے معمولی شغف رکھنے والا جانتا ہے کہ الف حروف میں سے نہیں لیکن اُس کا عام نام حرف ہے، جب محقق اُسے حرف کہتا ہے تو ہم کہتے ہیں یہ عبارت میں تجاوز ہے اور مقامِ الف جمع کے مقام پر ہے، اِس کے لئے اسماء سے اِسم اللہ اور صفات سے قیومیت ہے"

اسمائے افعال! اِس کے لئے اسمائے افعال سے یہ نام ہیں، مبدی، باعث، واسع، حافظ، خالق، باری، مصوّر، دیاب، رزاق، فتاح، باسط، معز، معید، رافع، محیی، دالی، جامع، مغنی، نافع۔

اسمائے ذات! اِس کے لئے اسمائے ذات میں سے یہ نام ہیں، اللہ، رب، ظاہر، واحد، اول، آخر، صمد، غنی، رقیب، متین اور حق۔

حروف لفظی! اس کے لئے حرُوفِ لفظی یہ ہیں، ہمزہ، لام، فا۔

حروف بسائط اِس کے لئے بسائط سے یہ حرُوف ہیں، زا، میم، ھا، فا، لام اور ہمزہ

مراتب! اس کے لئے تمام مراتب ہیں اور اِس کا ظہور چھٹے مرتبے میں ہے۔

غلبہ! اس کے غلبے یا تسلّط کا ظہوُر نباتات میں ہے۔

قبیلہ! اِس مرتبہ میں اِس کے قبیل سے ھا اور لام ہیں۔

حرف اِلف کے لئے حرفوں کا تمام جہان اور اُس کے مرتبے ہیں نہ یہ حرفوں کے جہان میں ہے اور نہ اُس سے خارج ہے، یہ دائرے کا نقطہ بھی ہے اور اُس پر محیط بھی نیز یہ عوالم اور اُن کے بسائط کا مُرکب ہے۔

ہمزہ میں کیا ہے؟

ھمزۃ تقطع وقتا وتصل	لما جاور ھامن منفصل
فھی الدھر عظیم قدرھا	حل ان یحصرہ ضرب المثل

ہمزہ کبھی قطعی اور کبھی وصلی ہوتا ہے، اگر کوئی منفصل لفظ آئے تو یہ اس کے ندر پُورا زمانہ۔ یہ عظیم القدر ہے اِسے کسی ضرب المثل میں محصور کرنا بہت مُشکل ہے۔

جہان مخارج ہمزہ اُن حروف سے ہے جن کا جہان عالم شہادت و ملکوت ہے، اور مخارج انتہائے حلق ہے۔

مرتبۂ عدد! اِس کے لئے عدد اور گنتی میں کوئی حصّہ نہیں۔

حُروف بسائط اِس کے لئے بسائط سے یہ حرُوف ہیں، فا، میم، زا، الف اور یا۔

جہان و فلک! اس کا جہان عالم ملکوت اور فلک چوتھا ہے اور اس کے فلک کا دورہ نو۹ ہزار سال ہے۔

مرتبہ! اس کے لئے مراتب سے چوتھا، چھٹا اور ساتواں مرتبہ ہے۔

ظہور تسلط! اس کے تسلط کا ظہور، جنات و نباتات اور جمادات میں ہے۔

حروف! اس کے لئے وقف میں یہ حروف ہیں، ھا میم اور زا ہیں اور تا اوپر سے دو نقطوں کے ساتھ وصل میں اور تنوین قطع میں تھے۔

ناموں سے! اس کے لئے اسماء میں سے وہ ہے جو الف واؤ اور با کے لئے ہے پس تکرار سے مستغنی ہے۔

اسمائے صفات! اسمائے صفات سے اس کے لئے ان اسما کے ساتھ اختصاص ہے۔ قہار، قاہر، مقتدر، قوی، قادر

مزاج و عنصر! اس کا مزاج گرم تر اور عنصر آگ ہے۔

پورا یا نصف حرف! اس امر میں اختلاف کرتے ہیں کہ کیا یہ تحریر میں پورا حرف ہے یا نصف تاہم تلفظ میں اس کے پورا حرف ہونے میں تمام متفق ہیں اور کسی کو اختلاف نہیں۔

وہ جو حرف ھا میں ہے

هاء الهوية كم تشير لكل ذي — انية خفيت له في الظاهر

هل لامحقت وجود رسمك عندما — تبدو لاوله عيون الآخر

یا! ہویت کی ہے تو اس کی طرف کب تک اشارہ کرتا رہے گا جو ظاہر میں مخفی ہے۔

تو نے کیوں نہ اپنے وجود کے نشان کو مٹا دیا جب اس کے اول کے لئے آخر میں آنے والوں کی آنکھیں کھلی ہونگی۔

جاننا چاہیئے کہ حرف ھا حروف غیب سے ہے اور اس کا مخارج

اقصیٰ حلق ہے۔

عدد و بسائط! اس کا عدد پانچ ہے اور بسائط سے اس کے لئے یہ حروف ہیں

الف، لام، ہمزہ، میم اور زای

جہان و فلک! اس کا جہان عالم ملکوت اور فلک چوتھا ہے، اس کے فلک کی حرکت کا زمانہ نو ہزار سال ہے۔

طبقہ! اس کے لئے طبقات سے خاص اور خاص الخاص طبقہ ہے۔

مرتبہ و ظہور! اس کے لئے مراتب سے چھٹا مرتبہ ہے اور اس کے تسلط کا ظہور نباتات میں ہے اور اس کے آخر پر جو پایا جاتا ہے وُہ گرم تر ہے اس کے بعد وُہ سردی اور خشکی کی طرف پھر جاتا ہے۔

حرکات! اس کے لئے سیدھی اور ٹیڑھی حرکات ہیں اور یہ حروفِ اعراق یعنی جبڑ والے حرفوں سے ہے۔

کامل و تفرّد! اس کے لئے امتزاج ہے یہ کاملوں سے اور عالم انفراد سے ہے۔

مزاج و عنصر اس کا مزاج عطارد کی طرح، سرد، خشک اور گرم تر ہے، اس کا بڑا عنصر مٹی اور چھوٹا عنصر ہوا ہے۔

حروف! اس کے لئے حروف میں الف اور ہمزہ ہے،

اسمائے ذاتیہ! اس کے لئے اسمائے ذاتیہ سے یہ نام ہیں، اول، آخر، ماجد مومن، مُہیمن، مُتکبر، متین، اَحد اور ملک،

اسمائے صفاتیہ! اس کے لئے اسمائے صفاتیہ یہ ہیں، مُقتدر اور محصی۔

اسمائے افعال! اس کے لئے اسمائے افعال سے یہ ہیں، لطیف، فتاح، مبری، مجیب، مُقیت، مُصوّر، مُذل، مُعز، مُحیی، مُمیت، مُنتقم، مقسط، مُغنی، مانع

اور اس کے لئے انتہائے طریق ہے۔

جو عین مہملہ میں ہے

عين العيون حقيقة الايجاد	فانظر اليه بمنزل الاشهاد
تبصره ينظر نحو موجد ذاته	نظر السقيم محاسن العوّاد
لا يلتفت أبدا لغير الهه	برجو و يحذر شيمة العباد

عیون کا عین ایجاد کی حقیقت ہے اس کی طرف نظر کر یہ شہود کی منزل نہیں۔

اُسکے مُوجد کو غور سے دیکھ۔ بیمار کی نظر عیادت کرنے والوں کی خوبیوں میں شامل ہوتی ہے،

وہ غیر اللہ کی طرف مُلتفت نہیں ہوتی۔ بُتوں کے شُبے سے ڈرتی بھی ہے اور اُمید بھی کرتی ہے،

جہان! جاننا چاہیئے کہ عین عالم شہادۃ و ملکوت سے ہے اور اس کا مخرج وسطِ حلق ہے۔

عدد! اس کے لئے عددِ جمل سے ستر کا ہندسہ ہے۔

حروفِ بسائط اس کے لئے بسائط سے یا، نون، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں۔

فلک! اس کے لئے دوسرا فلک ہے اور اس کے فلک کی حرکت کا زمانہ گیارہ ہزار سال ہے،

طبقہ! اس کے لئے طبقاتِ عالم سے خاص اور خاص الخاص طبقہ ہے۔

مرتبہ و تسلّط! اس کے لئے مراتب سے پانچواں مرتبہ اور اس کے تسلط کا ظہور چوپایوں میں ہے اس سے حرارت و رطوبت پائی جاتی ہے۔

حرکات! اس کے لئے اُفقی حرکات پائی جاتی ہیں اور وہ ٹیڑھی ہیں۔

جہان! یہ حروف اعراف سے ہے اور وہ حروفِ خالص سے ہے اور وہ

کامل ہے اور وہ عالم انسان ثنائی[۲] سے ہے

مزاج ! اس کا مزاج گرم تر ہے،

حروف اس کے لئے حروف یا اور نون ہیں

اسمائے ذاتی اس کے لئے اسمائے ذاتی، غنی، اول اور آخر ہیں"

اسمائے صفاتی اُس کے لئے صفاتی نام یہ ہیں قوی، محصی اور حیی

اسمائے افعال ! نصیر، نافع، واسع، وہاب، والی

⁂

حا مُہملہ میں کیا ہے؟

حاء الحوامیم سر اللہ فی السور	أخفی حقیقتہ عن رؤیۃ البشر
فان ترحلت عن کون وعن شبح	فارحل الی عالم الارواح والصور
وانظر الی حاملات العرش قد نظرت	الی حقائقھا جاءت علی قدر
تجد لحائك سلطانا وعزتہ	أن لایدانی ولایخشی من الغیر

حامیم کی حا سُورتوں کے اندر مکان کا راز ہے جسے اللہ تعالی نے انسان کی آنکھ سے چھپالیا ہے۔

اگر تو کون اور عالمِ صُورت سے عالمِ ارواح اور صور کی طرف کُوچ کرے گا۔

پس تُو حاملانِ عرش کو دیکھ لے گا اور حقیقت اشیاء تیرے سامنے ٹھیک نمودار ہوگی

تو اپنی حا کیلئے عزت اور غلبہ حاصل کرے گا کیونکہ نہ تو وُہ غیر کے قریب جاتا ہے نہ غیر سے ملتا ہے

اے دوست جاننا چاہیئے کہ حا، عالمِ غیب سے ہے مخارج سے اس کے لئے وسطِ حلق اور عدد آٹھ ہے۔

حرُوفِ بسائط الف، ہمزہ، لام، ہا، فا، میم، نا

جہان و فلک، عالمِ ملکوت، دُوسرا فلک، اس کے فلک کی حرکت کا دور گیارہ ہزار سال ہے۔

مرتبہ، یہ خاص اور خاص الخاص ہے اس کے لئے ساتواں مرتبہ ہے،

ظہورِ تسلط، اس کے تسلط کا ظہور جمادات میں ہے۔

مزاج و عنصر اس سے سردی اور رطوبت پائی جاتی ہے اس کا عنصر پانی ہے

حرکات اس کی حرکات ٹیڑھی ہیں اور وُہ حرُوف الاعراق ہیں اور یہ بلا امتزاج خالص ہے اور اس کے ملنے سے کامل کا ترفع ہوتا ہے۔

عالم و طبع یہ عالم انسانی ثلاثی سے ہے اور اس کا مزاج برودت اور تری ہے، اس کے لئے حرُوف الف اور ہمزہ نہیں۔

ذاتی اسماء اللہ، اول، آخر، ملک، مومن، مہیمن، متکبر، مجید، متین، متعالی، ادر ...

اسمائے صفات، اِس کے لئے اسمائے صفات المقتدر اور المحصی ہیں،

اسمائے افعال، لطیف، فتاح، مبدی، مجیب، مقیت، مصوّر، مذل، معز، معید، محیی، ممیت، منتقم، مقسط، مغنی، مانع، اور اِس کے لئے ابتدائے طریق کیلئے ہے۔

جو غین منقوطہ میں ہے،

العین مثل العین فی أحواله	الا تجلیه الاطم الاحطر
فی العین أسرار التجلی الاقهر	فاعرف حقیقة فیضه وتستر
وانظر الیه من ستارة کونه	حذرا علی الرسم الضعیف الاحقر

غین بھی اپنے تمام احوال میں عین کی مثل ہے اور حدید واہم تجلیات کی حامل ہے۔

غین میں غالب آنے والی تجلیوں کے اسرار ہیں۔ تو اُسے فیض کی حقیقت لوگوں سے چھپائے

تو اُسے کائنات کے پردے میں دیکھ اور کمزور و حقیر نشان سے پرہیز کر۔

جاننا چاہیئے اللہ تبارک وتعالیٰ اِس کی رُوح سے تیری مدد فرمائے غین منقوطہ عالم شہادت وملکوت سے ہے اور اِس کا مخرج حلق کے قریب مُنہ کی طرف ہوتا ہے،

عدد ہمارے نزدیک اور اہل اسرار کے نزدیک اِس کا عدد نو سو ہے جب کہ اہل الواسے کے نزدیک اِس کا عدد ایک ہزار ہے اور یہ سب جمل کبیر کے حساب سے ہے،

بسائط اِس کے بسائط با، نون، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں،

فلک، اِس کا فلک دوسرا ہے، اور اُس کی حرکت گیارہ ہزار سال میں پوری ہوتی ہے۔

طبقہ و ظہور: اِس کا عام طبقہ سے امتیاز ہے، مرتبہ پانچواں اور تسلط کا ظہور چوپایوں میں ہے۔

مزاج و عنصر: اِس کا مزاج سرد مرطوب اور عُنصر پانی ہے اور اِس سے ہر بُرودت و رطوبت پائی جاتی ہے۔

حرکات: اس کی حرکت معوجہ ہے اور اُس کے لئے خلق و کرامات اور احوالِ خالص اور دُوسرا مُونس کامل ہے اُس کے لئے ذاتی انفرادیت ہے۔

حرُوف: اِس کے لئے حرُوف میں سے یاء اور نوُن ہیں۔

اسمائے ذاتی: غنی، علی، اللہ، اول، آخر، واحد

اسمائے صفاتی: حیی، محصی، قوی،

اسمائے افعال: نصیر، وافی، واسع، والی، وکیل اور یہ ملکوتی ہے۔

جو خاء منقوطہ میں ہے

الخاء مهما أقبلت أو أدبرت	أعطتك من أسرارها وتأخرت
فعلوّها يهوى الكيان وسفلها	يهوى المكوّن حكمة قد أظهرت
أبدى حقيقتها مخطط ذاتها	فتدنست وقتا وثم تطهرت
فاعجب لها من جنة قد أزلفت	في سفلها ولهيب نار سعرت

خاء جب کبھی بھی آگے یا پیچھے ہو تو تجھے اپنے اسرار عطا کرے گی اور مؤخر ہو جانے کی ظہورِ حکمت میں اُسکی بلندی کائنات کو نیچے کر دیتی ہے اور پستی کائنات کے اُوپر بلند ہو جاتی ہے اُس نے اپنی حقیقت ظاہر کی جو اُسکی ذات کی تفصیل بیان کر رہی تھی جو کبھی میلی اور کبھی مصفا ہو جاتی تھی وُہ جنت کتنی عجیب ہے جو قریب رہ جائے اور کتنے عجیب ہیں وُہ آگ کے شُعلے جو بھڑکائے جائیں گے۔

جاننا چاہیئے اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے، خاء عالمِ غیب و ملکوت سے

ہے اس کا مخرج حلق کا وُہ حصہ ہے جو منہ سے ملا ہوُا ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد چھ سو اور بسائط، ہمزہ، لام، فا، ھا، میم اور زا ہیں

فلک و مرتبہ اس کا فلک دُوسرا جس کا دَور دس ہزار سال ہے اور عام سے ممتاز ساتواں مرتبہ ہے۔

ظہُور و مزاج اس کے تسلّط کا ظہُور جمادات میں ہے اس کے سر کا مزاج برودت و یبُوست اور باقی جسم کی طبع حرارت و رطُوبت ہے۔

عنصر اس کا بڑا عنصر ہوا اور چھوٹا عنصر مٹی ہے اور جو کچھ طبائع اربعہ میں پایا جاتا ہے اس میں سب جمع ہے۔

حرکات اس کی حرکت ٹیڑھی ہے اس کے لئے احوال و خلق اور کرامات امتزاجیہ کامل ہے جو اس کے اتصال کے ساتھ اس کی ذات پر اُٹھائی جاتی ہے اس کے لئے مُونس مثلث ہے، حرُوف سے اس کے لئے علامت ہمزہ اور الف ہے۔

اسماء اس کے لئے ذاتیہ، صفاتیہ اور فعلیہ وُہ تمام اسماء ہیں جن کے اوّل میں زا یا میم ہے جیسا کہ ملک، مقتدر اور مُعز یا وُہ اسماء جن کے شروع میں ھا ہے جیسا کہ ہادی اور وہ اسماء جن کے شروع میں فا ہے جیسا کہ فتاح یا وُہ اسماء جن کے شروع میں لام ہے جیسا کہ لطیف یا ہمزہ جیسا کہ اوّل۔

قاف میں کیا ہے؟

القاف سرّ کماله فی رأسه	وعلام أهل العرب مبدأ فطره
والشوق یثنیه و یجعل غیبه	فی شطره وشهوده فی شطره
وانظر الی تعریقه کهلاله	وانظر الی شکل الرؤیس کبدره
عجبا لآخر نشأة هو مبدأ	لوجود مبدئه ومبدأ عصره

قاف کے کمال کا بعید اس کے سر میں ہے اور اہل عرب کے علوم اُس کے قُطر کا مبداء ہیں۔
شوق اس کی تعریف کرتا ہے اِس کی ایک جانب غیب اور دُوسری طرف شہود ہے۔
اُس کے نیچے کا حصہ ہلال کی طرح اور اُوپر کا جسم بدر کی مانند ہے۔
اس کا ظہور آخر جو کہ مبداء ہے عجیب ہے اُس کے وجود کے لئے اُس کا مبداء ہے اور مبداء اُس کا زمانہ ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ قاف عالم شہادت و جبروت سے ہے اِس کا مخرج زبان کا آخری حصہ اور جو اُس کے اُوپر تالو سے ہے

عدد و بسائط اِس کے عدد ایک سو اور بسائط، الف، فا، ہمزہ اور لام ہیں

فلک و مرتبہ اِس کا فلک دُوسرا اور اِس کی حرکت دس ہزار سال ہے اِس میں خاص اور خاص الخاص استیانہ ہے اِس کا مرتبہ چوتھا اور تسلّط کا ظہور جنات میں ہے۔

مزاج و عنصر اِس کا مزاج اوّل اُمہات اِس کا آخر گرم خُشک اور اِس کا تمام مزاج بارد و مرطوب ہے اور اِس کا عُنصر پانی اور آگ ہے۔

حرکت و مونس اِس سے اِنسان اور عنقاء پایا جاتا ہے اس کے لئے احوال ہیں اِس کی حرکت امتزاجیہ اور دوسرے مُونس سے مُتمزج اور علامت مشترکہ ہے

حروف و اسماء حرُوف میں سے اِس کے لئے الف اور فا ہیں اور اسماء میں سے ہر اُس حرف کا مرتبہ ہے جو اس کے آغاز میں اُس کے حرُوف بسائط ہیں اِس کے لئے اہل اسرار کے نزدیک ذات اور اہل انوار کے ہاں ذات و صفات ہے۔

جو کاف میں ہے

كاف الرجاء يشاهد الاجلالا	من كاف خوف شاهد الافضالا
فانظر الى قبض و بسط فيهما	يعطيك ذا صدا وذاك وصالا

الله قــد جلى لذا اجــلاله ولذاك جلى من سـناه جمالا

رجاء کا کاف جاہ و جلال کا مشاہدہ کرتا ہے اور خوف کے کاف سے فضل و کرم کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اس کے قبض و بسط کو دیکھ۔ اس میں دونوں چیزیں پائی جاتی ہیں۔ ایک چیز تجھے فراق اور دوسری وصال دے گی۔

اللہ تعالیٰ نے اس میں اپنا جلال ظاہر کیا ہے اور اس کی روشنی میں جمال بھی نمودار کر دیا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ کاف عالم غیب و جبروت سے ہے اس کا مخرج قاف کا مخرج ہے اور اس کا بیان اسفل سے کیا گیا ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد بیس اور بسائط الف، فا ہمزہ اور لام ہیں۔

فلک اس کے لئے دوسرا فلک ہے اور اس کے فلک کی حرکت گیارہ ہزار سال ہے نیز یہ کہ خاص اور خاص الخاص متمیز ہے

مرتبہ و عنصر اس کا مرتبہ چوتھا ہے اور اس کے تسلط کا ظہور جنات میں ہے جو کچھ گرم خشک میں ہے وہ اس میں پایا جاتا ہے اس کا عنصر آگ اور مزاج حرارت و یبوست ہے۔

مقام و حروف اس کا مقام ابتدا، حرکت امتزاجیہ اور اصل سے ہے خالص کامل اہل انوار کے نزدیک اس کا اتصال اٹھ جاتا ہے جب کہ اہل اسرار کے نزدیک نہیں اٹھتا۔ مفرد موحش ہے اس کے لئے حروف میں سے وہ ہے جو قاف کے لئے ہے اور اسماء میں سے اس کے لئے ہر وہ اسم ہے جس کے آغاز میں حروف سے ہر حرف کے بسائط و حروف ہیں۔

ضاد معجمہ میں کیا ہے؟

فی الضاد سر لو أبوح بذكره لرأيت سر الله فی جـــبروته

فانظر الیــه واحــدا وکاله ... ه فی حضرتی رحموته
وامامه اللفظ الذی بوجوده ... الوحمر من ملکوته

ضاد میں ایک راز ہے جو ظاہر ہو جاتا ہے ... کے جبروت میں دیکھو۔
اُس کی طرف دیکھو اُدُہ واحد ہے اور ... کے اسرار رحموت میں ہے۔
اس کے سامنے وُہ لفظ ہے جس کے وجود ... کو ملکوت کی سیر کرائی۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ ضاد معجمہ حروف شہادت و جبروت میں سے ہے اس کا مخرج حافظ زمان کا شروع اور وُہ جو اس کے ساتھ داڑھ سے ملا ہوا ہے۔

عدد و بسائط اس کا عدد ہمارے نزدیک نوسو ۹۰۰ اور اہل نوامر کے نزدیک آٹھ سو ۸۰۰ ہے اور اس کے بسائط الف، دال یا بسم ہمزہ، لام اور فا ہیں۔

فلک و طریق اس کے لئے دُوسرا فلک ہے اور اس کے فلک کی حرکت گیارہ ہزار سال ہے عالم میں امتیاز کرتا ہے اور اس کا طریق وسط ہے

مرتبہ و مزاج اس کا مرتبہ پانچواں ... جو پانیوں میں، مزاج سرد تر، عنصر پانی، اس سے جو بھی پایا جائے گا وُہ ... رطوب ہو گا۔

حرکت اس کی حرکت امتزاجیہ ہے اس کے لئے خلق اور خوالی و کرامات خالص ہے اور وہ مونث سے کامل ہے اس کی علامت فردیت ہے

حروفُ اسماء اس کے لئے حروف میں سے الف اور دال ہیں اور سماء میں سے وُہ ہے جو ہم نے آپ کو اس کے پہلے حرف میں بتایا ہے ہم چاہتے ہیں کہ تشریح مختصر ہو اور اللہ ہی مددگار ہدایت دینے والا ہے۔

جو کچھ جیم میں ہے

الجیم یرفع من یریدوماله لمشاهــد الابرار والاخیار

فهو العبیـــد النفس الا انه — متحقق بحقیقـــة الایثار

یرنو بغایتـــه الی معبوده — ویبـــد ئه یمشی علی الآثار

ھو من ثلاث حقائق معلومة — ومزاجه برد ولفح النار

جیم ابرار واخیار کے مشاہدہ کے لئے جو اس کا وصال چاہے اُسے بلند کر دیتی ہے.

اگر یہ حقیقتِ ایثار سے متحقق ہو جائے تو ایک تابعدار غلام ہے،

یہ اپنی عنایت کیساتھ اپنے معبود کی طرف مائل ہے اور ابتدا ہی سے اُسکے نشانات رواں ہے.

یہ بھی اُسکے تین حقائق معلومہ سے ہے اسکا مزاج سرد بھی ہے اور آگ کا شعلہ بھی.

عالم و مخرج اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری اور آپ کی مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ جیم عالم شہادت و جبروت سے ہے اِس کا مخرج زبان اور تالو کے درمیان زبان کا وسط ہے.

عدد و بسائط اِس کا عدد تین اور اِس کے بسائط یا، میم، الف اور ہمزہ ہیں

فلک و مرتبہ اِس کا فلک دُوسرا ہے جس کا دُور گیارہ ہزار سال ہے علم میں تمیز، طریق وسط اور مرتبہ چوتھا ہے.

ظہور و مزاج اس کے سُلطان کا ظہور جنات میں ہے اِس کا جسم خشک تر اور سر گرم خشک ہے اِس کی طبع سرد، گرم اور خشک ہے، اِس کا بڑا عنصر مٹی اور چھوٹا عنصر آگ ہے، اِس سے وہ پایا جاتا ہے جو اِس کی طبع کی شکل میں ہے.

اِس کی حرکت ٹیڑھی ہے اور اِس کے لئے حقائق و مقامات اور منازلات کا امتزاج کامل ہے، اہل انوار کے نزدیک اِس کے ساتھ وصل سے رفع ہے اور سوائے کُوفیوں کے اہل اعتزال کے نزدیک مثلث مونس ہے اور اِس کی علامت فردانیت ہے.

حرُوف و اسماء حرُوف میں سے اِس کے لئے یا اور میم ہیں اور اسماء وہی

جو پہلے بیان ہوئے۔

شین میں کیا ہے؟

فی الشین سبعة أسرار لمن عقلا — وکل من نالها یوما فقد وصلا
تعطیك ذاتك والاجسام ساکنة — اذا الامین علی قلب بها نزلا
نوعاین الناس ما تحویه من عجب — رأوا هلال المحاق الشهر قد کملا

شین میں عقلمند کیلئے سات بھید ہیں جس نے انہیں پالیا وہ مقصد کو پہنچ گیا۔
اجسام ساکن ہونگے تو وہ تجھے تیری ذات عطا کرے گا جب اُسکے ساتھ امین دل پر نازل ہو گا۔
لوگ اسکے عجائبات کا معائنہ کریں تو دیکھیں گے مہینے کو ماند کرنے والا ہلال مکمل ہو گیا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نطق و فہم میں ہماری مدد فرمائے حرف شین عالم غیب وے جبروت کے وسط سے ہے اس کا مخرج جیم کا مخرج ہے۔

عدد و بسائط اس کا عدد ہمارے نزدیک ایک ہزار اور اہل انوار کے نزدیک تین سو ۳۰۰ ہے اس کے بسائط یا، نون، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں۔

فلک و تسلط اس کا فلک دوسرا ہے اس کے فلک کا دور وہی ہے جو پہلے بیان ہوا عام میں میسّر ہے اس کا طریق وسط، مرتبہ پانچواں اور تسلط چوپایوں میں ہے۔

طبع و عنصر اس کی طبع سرد تر، اور عنصر پانی ہے اور اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع سے مشاکلت رکھتا ہے اس کی حرکت کا امتزاج کامل و خالص مثنی مؤنس ہے اس کے لئے ذات وصفات اور افعال ہیں۔

حروف اس کے لئے حروف میں سے یاء اور نون ہیں اور اسماء میں سے وہی ہے جو پہلے بیان ہوا اس کے لئے خلق واحوال اور کرامات ہیں۔

حرف یاء میں کیا ہے؟

یاء الرسالة حرف فی الثری ظهرا — کالواو فی العالم العلوی معتمرا
فهو الممد جسوما مالها ظلل — وهو الممد قلوبا عاینت صورا
اذا أرادیناجیکم بحکمته — یتلو فیسمع سر الاحرف السورا

رسالت کی یاء ایک حرف ہے جو زمین میں اُس واؤ کی طرح ظاہر ہوا جو عالم علوی میں نمودار ہوئی۔

وہ جسمانی طور پر مدد کرنے والی ہے اور اُس کا کوئی سایہ نہیں۔

وہ قلوب کی مددگار اور صورتوں کا معائنہ کرتی ہے۔

عالم و مخرج اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اور آپ کی اپنی روح سے مدد فرمائے یاء عالم شہادت و جبروت سے ہے اِس کا مخرج شین ہے۔

عدد و بسائط اِس کے دس عدد بارہ افلاک کے لئے اور ایک عدد سات افلاک کے لئے ہے اِس کے بسائط، الف، ہمزہ، لام، فا، ھا، میم، اور زا ہیں،

فلک و ظہور اِس کا فلک دُوسرا اور دوسرے کائن وُہی جو بیان ہوا خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے اِس کے لئے انتہا اور ساتواں مرتبہ ہے اور اِس کے سُلطان کا ظہور جمادات میں ہے۔

مزاج و عُنصر اِس کی طبع اُمہات اول، اِس کا بڑا عُنصر آگ اور چھوٹا عُنصر پانی ہے اِس میں سے حیات پائی جاتی ہے اِس کی حرکت امتزاجی ہے اور اِس کے لئے حقائق و مقامات اور منازل کامل چار مونس کے امتزاج سے ہیں اس کیلئے حرفوں سے ہمزہ اور الف ہیں اور اسماء سے وُہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔

جو حرف لام میں ہے

اللام للازل السنی الاقدس — ومقامه الاعلی البهی الانفس

مهما یقم تبدی المکوّن ذاته　　والعالم الکونیّ مهما یجلس
یعطیك روحا من ثلاث حقائق　　یمشی ویرفل فی ثیاب السندس

لام انس کے لئے روشن اور پاکیزہ ہے اور اس کا مقام درخشاں نفوس ہیں
جب یہ کھڑا ہوتا ہے تو اسکی ذات ابتدائے مکون ہے اور جب بیٹھتا ہے تو عالم کون ہوتا ہے
یہ تیری رُوح کو تین حقیقتیں عطا کرتا ہے۔ ریشمی کپڑوں میں ناز سے چلتا ہے۔

مخرج اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری اور آپ کی رُوح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ لام عالم شہادت وجبروت سے ہے اِس کا مخرج نوکِ زبان سے اُس کے آخر تک ہے۔

عدد و بسائط بارہ فلکوں میں اِس کے عدد تینس اور سات فلکوں میں تین ہیں اِس کے بسائط الف، میم، ہمزہ، فاء اور یاء ہیں، اِس کا فلک دُوسرا اور اس کا سن پہلے کے مطابق ہے خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے۔

مرتبہ و تسلط اِس کے لئے انتہاء اور پانچواں مرتبہ ہے اس کا تسلط چوپایوں میں ہے۔

طبع و عنصر اِس کی طبع گرم، سرد اور خشک ہے اِس کا عنصرِ اعظم آگ اور چھوٹا عنصر مٹی ہے، اِس سے وُہی پایا جاتا ہے جو اِس کی طبع کی شکل ہے، اِس کی حرکت سیدھی اور امتزاجیہ ہے، اِس کے لئے امتزاج اعراف کامل مُفرد موحش ہے۔

حُروف اس کے لئے حروف میں سے الف لام میم ہیں اور اسماء سے وہی جو پہلے بیان ہُوا۔

جو حرفِ راء میں ہے

راء المحبـــة فی مقام وصاله　　أبد ابدار نعیمه لن یخذلا

وقتا یقول أنا الوحید فلا أری ‏ ‏ غیری ووقتا أنا لن یعھلا

لو کان قلبك عند ربك ھکذا ‏ ‏ کنت المقرب والحبیب الاکملا

راء اپنے مقام وصال میں محبت ہے اسکے لئے ہمیشہ کی نعمتیں ہیں یہ ہرگز رسوا نہیں ہوگا۔
ایک وقت کہتا ہے میں اکیلا ہوں پس اپنے غیر کو نہیں دیکھتا اور ایک وقت میں ہرگز انجان نہیں
اگر تیرا دل تیرے رب کے پاس تھا ایسے ہی تو مقرب اور کامل حبیب تھا۔

مخرج اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری اور آپ کی روح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ راء عالم شہادت وجبروت سے ہے اس کا مخرج زبان کے ظاہر اور دانتوں کے اوپر سے ہے۔

عدد وبسائط اس کے عدد بارہ افلاک میں دو سو اور سات افلاک میں دو ہیں اس کے بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، ہا، میم اور زای ہے اس کے لئے دوسرا فلک اور دورہ فلک وہی جو معلوم ہے

مرتبہ وظہور اس کے لئے نہایت ہے، مرتبہ ساتواں، تسلط کا ظہور جمادات میں ہے، خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے۔

مزاج وعنصر اس کا مزاج گرم خشک اور اس کا عنصر آگ ہے، اس سے وہ تمام کچھ پایا جاتا ہے جو اس کے مزاج کی شکل میں ہے۔

اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے اور اس کے لئے اعراف خالص ناقص مقدس دو مونس ہے۔

حروف اس کیلئے حروف لام اور ہمزہ ہیں اسماء وہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے

حرف نون میں کیا ہے؟

نون الوجود تدل نقطة ذاتها ‏ ‏ فی عینھا عینا عـلی معبودھا

فوجودها من جوده وبعينه　　وجميع أكوان العلى من جودها
فانظر بعينك نصف عين وجودها　　من جودها تعثر على مفقودها

نوُن وجود ہے اس کا نقطہ اِس کی ذات پر دلالت کرتا ہے اِس کی عین میں اِس کے معبود پر عین ہے
پس اِس کا وجود اُس کے جوُد و بیین سے ہے اور تمام بلند اکوان اُس کے جوُد سے ہیں،
پس اُس کی عین کو دیکھ نصفِ عین کا وجود اُس کے جوُد سے اور نصف اُس کے مفقود پر ہے۔"

اللہ تبارک وتعالیٰ قلوب وارواح سے ہماری مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ نوُن عالم ملک وجبروت سے ہے، اِس کا مخرج نوکِ زبان اور سامنے کے دانتوں کے اُوپر ہے،

عدد و فلک اِس کا عدد پچپن ۵۵، بسائط واؤ اور الف، فلک دوُسرا حرکت کا زمانہ وُہی جو بیان ہوا یہ خاص اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے، اور طریق انتہائی ہے۔

مرتبہ وظہوُر اِس کا مرتبہ منزّہ ثانیہ اس کے سُلطان کا ظہوُر حضرتِ الٰہیہ میں ہے
طبع و عنصر اس کا مزاج سرد خشک ہے اِس کا عنصر مٹی ہے اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اِس کے مزاج کی صوُرت ہے اس کی حرکت امتزاجی ہے اور اس کے لئے خلق و احوال اور کرامات خالص ناقص مفرد موحش ہیں اِس کے لئے ذات اور حرُوف میں سے واؤ ہے اور اسماء جیسا کہ پہلے بیان ہوُئے۔"

جو طاء مُہملہ میں ہے

فی الطاء خمسة أسرار مخبأة　　منها حقيقة عين الملك فی الملك
والحق فی الخلق والاسرار نائبة　　والنور فی النار والانسان فی الملك

[illegible] کلمت علمت ان وجود الفلك فی الفلك

کا [illegible] حسی [illegible] فلک میں عین الملک سے حقیقت ہے۔

اور حلق [illegible] نیابت اور نار میں تو مراد فرشتے میں انسان ہے

پس [illegible] اس کے ساتھ مکلف ہوتے ہیں تجھے فلک میں وجودِ فلک کا علم ہو جاتا ہے۔

مخرج جاننا چاہیئے اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اس کے ساتھ مدد فرمائے طال عالم ملک و جبروت سے ہے۔ [illegible] مخرج زبان کی طرف اور سامنے کے دانتوں کی جڑ ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد نو اور اس کے بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، میم، زای اور ھا ہیں۔ [illegible] فلک [illegible] اور اس کا دور وہی جس کا ذکر ہوا خاص در خالص میں تمیز کرتا ہے۔

مرتبہ و عنصر اس کا طریق انتہائی، مرتبہ ساتواں، تسلط جمادات میں طبع سرد تر، عنصر پانی، اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی صورت میں ہے۔

حرکت و حروف اس کی حرکت اہلِ انوار کے نزدیک سیدھی اور اہلِ اسرار کے نزدیک ٹیڑھی ہے۔ اہلِ تحقیق اور ہمارے نزدیک اس کے ساتھ امتزاج ہے اس کے لئے اعراف خالص کامل دو مؤنس اور حروف سے اس کے لئے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء میں سے وہی ہے جو پہلے بیان ہوا۔

حرفِ دال میں کیا ہے؟

الدال من عالم السکون الذی انتقلا — عن الکان فلا عــــین ولا أثر
عزت حقائقه عن کل ذی بصر — سبحانه جــل أن یحظی به بشر
[illegible] الدوام لجود الحق منزله — نسه المثانی ففیــه الآی والسور

دال کان سے منتقل ہونے والا عالم کون ہے پس نہ عین ہے نہ اثر
برد یکھنے والے سے اُسکے حقائق معزز ہیں وہ جلالت والا پاک ہے یقیناً بشر کے ساتھ خطاب ہے
اس میں دوام ہے پس اُسکی منزل حق تعالیٰ کی بخشش ہے اس میں سورہ فاتحہ ہے پس اس میں آیتیں اور سورتیں ہیں

اللہ تبارک و تعالیٰ ہمارے فرمائے جاننا چاہیئے کہ دال عالم ملک و جبروت سے ہے۔ اس کا مخرج طاء کا مخرج ہے اس کے عدد چار اور اس کے بسائط الف، لام، ہمزہ، فاء اور میم ہیں،

حرکت و طبع اس کی حرکت کا دورہ بارہ ہزار سال طریق انتہائی، مرتبہ پانچواں، اور اس کا تسلط چوپایوں میں ہے اس کا مزاج سرد خشک، عنصر مٹی، اس سے وُہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی صورت میں ہے اہل انوار اور اہل اسرار کے درمیان اس کی حرکت امتزاجیہ ہے، اس کے لئے اعراق خالص، ناقص، معتدل دو مؤنس ہیں،

حروف ۔ حروف میں سے اس کے لئے الف اور لام ہیں اور اسماء وہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔

حرف تاء اوپر سے دو کے ساتھ

التاء یظھر أحیانا و یستتر	فحظه من وجود القوم تلوین
یحوی علی الذات والاوصاف حضرته	وماله فی جناب الفعل تمکین
یبدو فیظھر من أسرار ہ عجبا	وملکه اللوح والاقلام والنون

تا ہماری زندگیوں کو ظاہر کرتا ہے اور چھپ جاتا ہے پس اس کا حصہ گروہ تلوین کے وجود سے ہے.
اس کا وجود ذات و صفات پر محیط ہے اور جناب میں اس کے لئے فعل تمکین نہیں.
ظاہر ہوتا ہے تو اس سے اسرار عجیبہ کا ظہور ہوتا ہے اور اُسکا مُلک لوح، قلمیں اور نون ہے.

عالم و مخرج اُسے حامیم اے دوست جاننا چاہیئے کہ تار عالم غیب و جبروت سے ہے اِس کا مخرج وُہی ہے جو دال اور طار کا ہے۔

عدد و بسائط اِس کے عدد چار سو چار ہیں اِس کے بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، ہا، میم اور زای ہیں۔

فلک و مزاج اِس کا فلک پہلا دُہ وہی جو بیان ہوا خاص الخاص ہیں امتیاز کرتا ہے، اِس کا مرتبہ ساتواں اور تسلط جمادات میں ہے اِس کی طبع سرد خشک ہے اور اِس کا عنصر مٹی ہے، اِس سے وُہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی شکل ہے۔

حرکت و حرُوف اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے اِس کے لئے خلق و احوال اور کرامات خالص کامل چار مؤنس ہیں اِس کے لئے ذات و صفات ہے اور اِس کے لئے حرفوں میں سے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء میں سے وُہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔

صاد یا لبسر میں کیا ہے؟

فی الصاد نور لقلب بات یرقبہ — عند المنام وستر السھد یحجبہ

فنم فانك تلقی نور سجدتہ — ینیر صدرك والاسرار ترقبہ

فذلك النور نور الشکر فارتقب المشکور فھو علی العادات یعقبہ

صاد میں سونے والے کے دل کیلئے نور ہے وُہ نیند میں اُسکی نگہبانی کرتا ہے اور بے خوابی کا پردہ اُسے چھپا لیتا ہے

پس تو سو جا بیشک اُس کی نگہبانی کے اسرار اور اُسکے سجدے کا نور تجھے ملے گا اور تیرے سینے کو منور کرے گا

پس یہ نور شکر کا نور ہے جو مشکور کا نگراں ہے پس وُہ عادات پر اُس کا متعاقب ہے

عالم و مخرج اُسے کریم کے پسندیدہ جاننا چاہیئے کہ صاد عالم غیب و جبروت سے ہے، اس کا مخرج وُہ ہے جو گوشۂ زبان کے درمیان اور سامنے والے اُوپر کے دانتوں کے نیچے ہے۔

عدد و بسائط اس کے عدد ہمارے نزدیک ساٹھ اور اہل انوار کے نزدیک نوّے ہیں، بسائط، الف، دال، ہمزہ، لام اور فاء ہیں، اس کا فلک پہلا اور دَور مذکورہ خاص اور خاص الخاص میں تمیز کرتا ہے۔ اس کا طریق پہلا اور مرتبہ پانچواں ہے، اس کا تسلط چوپالیس پر ہے۔

مزاج و حروف اس کا مزاج گرم تر، عنصر ہوا اور اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی شکل ہے اس کے لئے حرکت امتزاجیہ مجہول ہے اس کے لئے اعراف خالص، کامل دو مونس ہے اور اس کے لئے حرفوں سے الف اور دال ہیں اور اسماء میں سے وُہی جو پہلے بیان ہوئے۔

صاد کے خصوصی اسرار

پھر جاننا چاہیئے کہ میں نے حرف صاد کا وُہ راز مقرر کیا جو بیداری میں نہیں پہنچتا بلکہ مجھے بھی خواب میں ہی پہنچا ہے اس کی حقیقت اللہ تبارک و تعالیٰ عطا فرماتا ہے کیونکہ اس پر اس کی حکمت ہے۔

میرے بعض ساتھی مجھ پر حرفوں کے اسرار پڑھا کرتے تھے اس قید کے ساتھ قلم کی تیزی کے لئے اختلال ہے جو نادرست ہے، بہرکیف جب اُن کی قرأت اس حرف یعنی صاد تک پہنچی تو میں نے کہا میں اس سے متفق نہیں ہوں اگرچہ خواب میں اس تک پہنچنا ضروری نہیں تاہم میں نے اُس سے اسی طرح

لیا ہے پس میرے حال کو دیکھ کر مجمع منتشر ہو گیا،

جب اگلے دن ہفتے کے روز ہم کعبہ شریف مسجدِ حرام میں رُکن یمانی کے پاس حسب عادت مجلس میں بیٹھے تو ہمارے پاس بُزرگ فقیہ مجاور ابُو یحیٰی بکر بن ابی عبداللہ ہاشمی تونیمی طرابلسی رحمۃ اللہ علیہ بھی تشریف فرما تھے اور وُہ اپنی عادت کے مطابق آئے تھے، جب ہم لوگ پڑھنے سے فارغ ہُوئے تو اُنہوں نے مجھے فرمایا گذشتہ شب میں نے خواب میں دیکھا گویا کہ بیٹھا ہُوں اور تُم پُشت کے بل چِت لیٹے ہُوئے ہو اور صاد کے تذکرے میں تم نے فی البدیہہ یہ شعر کہا!

الصاد حرف شریف

والصادق الصاد صدق

یعنی صاد حرف شریف ہے اور صاد میں صاد بہت صادق ہے،

پس تُم نے مجھے خواب میں کہا تیرے پاس اِس کی کیا دلیل ہے! میں نے کہا

لانہا شکل دور

ومامن الدور أسبق

کیونکہ یہ دائرے کی شکل ہے اور دائرے سے سبقت نہیں، پھر میں سو گیا،

اِس خواب میں میری حکایت تھی میں نے اُن کے اِس جواب سے فرحت حاصل کی پس بشارت دینے والے نے اِس فرحت کا مکمل تذکرہ کیا جس نے میرے بارے میں میرے لیٹنے کی ہیئت میں دیکھا، یہ نیند انبیاءِ کرام کی نیند ہے اور اس شغل و مناصب سے فراغت کے بعد یہی حالتِ استراحت ہے، اِس لئے اُس پر بالمقابل آسمانی خبریں لوٹائی جاتی ہیں"

صاد۔ صِدق، صُورت

پس جاننا چاہیئے کہ حرفِ صاد، صدق، صَون اور صُورت کے حروف ہے

ہے اور یہ مقابل میں کرتے کی شکل ہے، اس میں تمام شکلوں کے لئے اسرار عجیبہ ہیں
پس خواب میں اس کے کشف پر تعجب ہوا اور میری اس حالت پر اس کی آنکھیں
ٹھنڈی ہوئیں جب رات کی مجلس میں ساتھیوں سے اس کا ذکر کیا تو ہم سب
نے اس کے لئے استغفار کیا اور ہمارے نزدیک اس کے لئے عنقریب اچھی جگہ پر
آنے کی ہے"

مقام جوامع الکلم کے تذکرہ کے وقت بزرگ اور عظیم حرف کی قسم کھاتا ہوں
اور وہ زبانِ تمجید میں بزرگی کی بلندی پر مشہد محمدی ہے علیٰ صاحبہا علیہ الصلوٰۃ
والسلام"

اور سورت صاد کے ضمن میں انبیاء کرام علیہم السلام کے اوصاف اور علم کے
تمام پوشیدہ اسرار اور عجائب و آثار ہیں اور اس خواب میں ان اسرار کے مطابق تھا
جو اس سورت میں موجود ہیں، پس یہ خیر کثیر جسم پر دلالت ہے جو اس کے پہنچنے
پر میں نے دیکھا اور اس میں یہ تمام شواہد اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہیں
جو ہم دونوں کو ان انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی برکتوں سے حاصل ہوئے
جن کا تذکرہ اس سورت میں کیا گیا ہے اور جو اس سورت میں سحق کا ذکر ہے تو
اس میں کافر دشمن شامل ہیں مومن اس میں شامل نہیں جو ہمارے لئے اللہ سے
سوال کرتے ہیں اور ان کے لئے دنیا و آخرت میں عافیت ہے، پس ہمیں یہ بشارت
حاصل ہوئی اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے خواب کے ہاتھ ہماری طرف اس کے
اسرار بھیجے اور میرے لئے ہمارے ساتھی ابو یحییٰ نے اس خواب کا تذکرہ کیا بیشک
جب ہم دونوں دو گھروں میں سوئے ہوئے تھے خواب میں ہم دونوں نے منظوم
کلام کیا تو اس نے میری طرف بھیجے گئے کے متعلق پوچھا یہاں تک کہ میں نے
اسے اپنی اس کتاب میں اس کے خواب کے پیچھے اس حرف کے ضمن میں درج

کر دیا پس یہ نظم اس حقیقتِ رُوحانیہ کی امداد سے ہے جسے خواب میں دیکھا تو میں نے چاہا کہ ان دونوں کے درمیان فصل نہ ہو پس اس کے ساتھ ہمارے ساتھی ابا عبداللہ محمد بن خالد صُوفی تلمسانی اُٹھے اور میرے ساتھ آئے

وُہ نظم یہ ہے

الصاد حرف شریف　　والصاد فی الصاد أصدق
قل ما الدلیل أجده　　فی داخل القلب ملصق
لانها شکل دور　　وما من الدور أسبق
ودل هذا بأنی　　علی الطریق موفق
حققت فی الله قصدی　　والحق یقصد بالحق
ان کان فی البحر عمق　　فساحل القلب أعمق
ان ضاق قلبك عنی　　فقلب غیرك أضیق
دع القرونة واقبل　　من صادق یتصدق
ولاتخالف فتشقی　　فالقلب عندی معلق
أفتحه أشرحه وافعل　　فعل الذی قد تحقق
الی متی قاسی القلب باب قلبك مغلق
وفعل غیرك صاف　　ووجه فعلك أزرق
انا رفقنا فرفقا　　فالرفق فی الرفق أرفق
فان أتیت کسونا　　ك ثوب لطف معتق
ولا تکن کجریر　　اذظل یهجو الفرزدق
والهج بما حی فدحی　　من مشرق الشمس أشرق
انا الوجود بذاتی　　ولی الوجود المحقق
من غیر قید کعلمی　　علی الحقیقة مطلق
فهل تری الشاه یوما　　یکید هافود میذق

من قال فی برأی — فقائل الرأی أحمق
ان ظل یہذی لوھم — رأیتہ یتشدق
وکل من قال قولا — فالذکر من ذاك أصدق
أنا المہیمن ذو العر — ش لا أبید وا خلق
بعثت للخلق رسلی — وجاء أحمد بالحق
فقام فی بصدق — وحین أرعد أبرق
مجاھدا فی الاعادی — وناصحا ما تفتق
لولم أغثہم بعبدی — أغرقت من لیس یغرق
ان السموات والار — ض من عذابی تفرق
وان أطعتم فانی — ألم ما یتفرق
واجمع الکل فی الخلد فی حدائق نعبق
کل القلوب علی ذا — وانی الله اصفق
نقمت من حال قومی — وراحتای تصفق

ترجمہ اِس نظم کا

ترجمہ. صاد بزرگ حرف ہے اور صاد میں بہت ہی سچا صاد ہے،
جو اِس سے دلیل پاتی ہے کہدے وُہ جو چھپے ہوئے دِل میں داخل ہے؛
کیونکہ اِس کی شکل دائرے کی ہے اور دائرے سے اَسبق نہیں،
اِس پر میرے ساتھ موافقت کے ساتھ یہ دلیل ہے۔

میرا ارادہ اللہ تعالیٰ میں محقق ہے اور حق کے ساتھ ارادہ کرتا ہے،
اگر یہ گہرے سمندر میں ہے تو دل کا ساحل بہت گہرا ہے،
اگر تیرا دل مجھ سے تنگ ہے تو تیرے غیر کا دل زیادہ تنگ ہے،
زمانے کو چھوڑ اور صادق معتدق سے قبول کر
اس میں تخالف نہیں پس شقی کا قلب میرے نزدیک لٹکا ہوا ہے،
اسے کھول اور اس کی شرح کر اور کام کردہ کام جو محقق ہے،
تیرے دل کا دروازہ قسب قائم کی طرف کب بندھے،
تیرے غیر کا کام صاف ہے اور تیرے کام کا چہرہ پھرا ہوا ہے
ہم مہربانی سے پیش آتے ہیں تو مہربانی میں مہربانی زیادہ مہربانی ہے
پس بے شک ہم تیرے لئے لطفِ معتق کے کپڑوں کا لباس لاتے ہیں
اور جریر کی طرح نہ ہو جب ہجو فرزدق کا سایہ پڑا یا خیال آیا
اور میری مدح کے ساتھ ہجو پس میری مدح ہے سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔
میرا وجود میری ذات کے ساتھ ہے اور وجود کے لئے محقق ہے،
میرے علم کی طرح جو بلا قید ہے اور حقیقت پر اطلاق کرتا ہے،

تو جو اپنی رائے سے کہ تو رائے کا قائل احمق ہے،
اگر سایہ میرے وہم کا رہنما ہو تو اسے یا چھیں کھوئے دیکھوں،
اور ہر وہ شخص جو قول بیان کرتا ہے تو ذکر اس سے بہت سچا ہے،
میں عرش کے ساتھ مہیمن ہوں مخلوق انہیں پیدا نہیں کر سکتی،
میں نے خلقت میں رسول مبعوث فرمائے اور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حق کے ساتھ آئے ہیں،

پس وُہ اِس میں سچائی کے ساتھ قائم ہوئے اور اب :: جبر و توبیخ ہے ،

جو میری طرف لوٹنے میں مجاہد اور کشادگی سے نصیحت کرنے والے ہیں،

اگر میرے بندے کے ساتھ اُن کی فریاد نہ سُنی جاتی تو اُنہیں ایسے غرق

کرتا جس طرح کوئی غرق نہیں ہُوا"۔

بے شک آسمان و زمین میرے عذاب سے الگ الگ ہیں۔

اور اگر تم اطاعت کرو تو میں جو متفرق ہے وُہ عطا کروں،

اور یہ تمام امورِ عاقبت کے باغات خُلد میں جمع ہیں،

تمام قلوب اِس پر ہیں اور بے شک میں اللہ ملانے والا ہوں،

پس اِس نیند کے حال سے اُٹھ اور راحت حاصل کر۔

جو حرف زای میں ہے

فی الزای سرّ اذا حققت معناه	کانت حقائق روح الامر مغناه
اذا تجلی الی قلب بحکمته	عند الفناء عن التنزیه أغناه
فلیس فی أحرف الذات التنزیهة من	یحقق العلم أو یدریه الاهو

زا میں راز ہے جب اُس کا معنیٰ محقق ہو اُس کے امرِ استغناء سے حقائقِ روح ہیں

جب دل کی طرف اُسکی حکمت کیساتھ فناء کے وقت متجلّی ہوتا ہے تنزیہہ سے اُس کا غنا ہے

پس ذاتِ تنزیہہ کے حروف میں علم سے یا اُسے دیکھنے سے محقّق نہیں مگر وُہ۔

عالم و مخرج اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی رُوح القدس سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ زا عالمِ شہادت و جبروت اور قہر سے ہے اِس کا مخرج مخرج سین اور صاد ہے۔

عدد و بسائط اِس کے عدد سات اور اِس کے بسائط الف، یا، ہمزہ، لام

اور فا ہیں۔

فلک و مرتبہ اِس کا فلک پہلا اور دورہ وہی ہے جو پہلے بیان ہُوا، یہ

خاص الخاص کے خلاصہ میں متمیز ہے اِس کا مرتبہ پانچواں اور طریق انتہائی ہے۔

تسلط و مزاج اِس کا تسلط چوپایوں میں ہے، اس کا مزاج گرم خشک

ہے، اِس کا عنصر آگ ہے اور اِس سے وہی پایا جاتا ہے جو اِس کے مزاج کی

شکل میں ہے اِس کے لئے خلق و احوال اور کرامات خالص ناقص مقدس حسّی مونس

ہیں اور حرکت امتزاجی ہے۔

حروف اِس کے لئے حروف سے الف، یا اور اسماء سے وہی ہیں جو پہلے

بیان ہوئے۔

سین میں کیا ہے

فی السین أسرار الوجود الاربع	وله التحقق والمقام الارفع
من عالم الغیب الذی ظهرت به	آثار کون شمسها تبرقع

سین میں وجود کے چار اسرار ہیں اور اُس کے لئے محقق اور ارفع مقام ہے۔

عالمِ غیب سے اُس کے ساتھ اُس کے سُورج کے برقع کے آثار کون ظاہر ہوتے ہیں

عالم و مخرج جاننا چاہیئے سین عالم غیب اور جبروت و لُطف سے ہے اِس

کا مخرج صاد اور زای کا مخرج ہے۔

عدد! اہل انوار کے نزدیک اِس کے عدد چھیاسٹھ ۶۶ اور ہمارے نزدیک

تین سو تین ۳۰۳ ہیں۔

بسائط! اِس کے بسائط، یا، نون، الف، ہمزہ اور واؤ ہیں اِس کا فلک

اول اور دورۂ فلک مذکورہ ہے حرفِ سین خاص، خاص الخاص خلاصۂ خاص
اور صفائے خلاصہ خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے۔

مرتبہ و مزاج اس کا مرتبہ پانچواں اور تسلط کا ظہور چوپایوں میں ہے اس
کا مزاج گرم خشک اور عنصر آگ ہے اس سے اس کی طبع کے مطابق پایا جاتا ہے
اعراف کے لئے اس کی حرکت امتزاجیہ خالص کامل مثنی مؤنس اور حروف
میں سے اس کے لئے یاء اور نون ہیں اور اسماء الٰہیہ سے وہی ہیں جو پہلے
بیان ہوئے۔

جو ظاء معجمہ میں ہے

فی الظاء ستة أسرار مكتمة	خفية ما لها في الخلق تعيين
الا مجازا اذا جلات بفاضلها	يرى لها في ظهور العين تحسين
يرجوا الاله ويخشى عدله واذا	ماغاب عن كونه لم يبد تكوين

ظاء میں چھ پوشیدہ اسرار مخفی ہیں اُس کے لئے مخلوق میں تعین نہیں سوائے مجاز کے
جب اُس کے زیادہ کیلئے کوشش کی جائے اُس کے لئے ظہور عین میں تحسین دیکھی جائے گی
اُسی سے امید ہے اور میں اُس کے عدل سے ڈرتا ہوں اور جب اسکی کون سے غائب نہیں تکوین ظاہر نہیں

عالم و مخرج اے عقلمند جاننا چاہیئے کہ ظاء عالم شہادت اور جبروت و
قہر سے ہے اس کا مخرج گوشۂ زبان اور اطراف ثنایا ہے۔

اعداد و بسائط ہمارے نزدیک اس کے عدد آٹھ سو ۸۰۰ آٹھ اور اہل انوار
کے نزدیک نو ہزار ہیں، اس کے بسائط الف، لام، ہمزہ، فا، ھا، میم اور زا ہیں۔

فلک و مرتبہ اس کے سلطان کا ظہور جمادات میں ہے اس کے دائرے
میں مزاج سرد تر اور قائمہ میں گرم مرطوب ہے اس کے لئے گرمی، سردی اور

تری ہے اِس کا عنصرِ اعظم پانی اور چھوٹا عنصر ہوا ہے اِس سے جو اِس کی طبع کی صُورت میں ہے پایا جاتا ہے۔

حرکت و حرُوف! اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے اِس کے لئے خلق و احوال اور کرامات ہیں شئی کامل مؤنس کا امتزاج ہے اِس کے لئے ذات ہے اور حروف میں سے اِس کے لئے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء وُہی ہیں جو پہلے بیان ہُوئے ہیں۔

ذال مُعجمہ میں کیا ہے

الذال ينزل أحيانا على جسدى	كرهاو ينزل أحيانا على خلدى
طوعاو يعدم من هذا وذاك فما	يرى له أثر الزلفى على أحد
هو الامام الذى ماشله أحد	تدعوه أسماؤه بالواحد الصمد

ذال میرے جسم پر کرہاً ہماری زندگی اتارتا ہے اور میری ہیشگی پر طوعاً ہماری زندگی اُتارتا ہے۔

اِس سے اور اُس سے معدوم ہوتا ہے تو کسی ایک پر اُس کی قربت کا اثر دکھائی نہیں دیتا۔

وُہ امام ہے اُس کی مثل کوئی نہیں اُسے واحد و صمد کے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔

عالم و مخرج اُے امام! جاننا چاہیئے کہ ذال عالم شہادت و جبروت اور قہر سے ہے اِس کا مخرج ظاء کا مخرج ہے۔

بسائط و اعداد! اِس کے عدد ست سوشات اور بسائط الف، لام، ہمزہ، فاء اور میم ہیں۔

تسلّط و طریق اِس کا فلک پہلا حرکت کا سن مذکورہ، عام میں تمیز کرتا ہے اِس کے لئے طریق وسط ہے۔

اِس کا مرتبہ پانچواں اور تسلّط چوپالیوں پر ہے۔

مزاج و عنصر! اس کا مزاج گرم تر اور عنصر ہوا ہے اس کی طبع کی صورت میں جو کچھ ہے وہی اس سے پایا جاتا ہے اس کی حرکت امتزاجیہ اور ٹیڑھی ہے۔

احوال! اس کے لئے خلق و احوال اور کرامات خالص کامل مقدس مثنیٰ مونس ہے، اس کی ذات ہے اس کے لئے حرفوں سے الف اور لام ہیں اور ناموں سے وہی جو پہلے بیان ہوئے ہیں۔

جو حرف ثاء بالثلاثہ میں ہے

الثاء ذاتیۃ الاوصاف عالیۃ	فی الوصف والفعل والاقلام توجدھا
فان تجلت بسر الذات واحدۃ	یوم البدایۃ صار الخلق یعبدھا
وان تجلت بسر الوصف ثانیۃ	یوم التوسط صار النعت یحمدھا
وان تجلت بسر الفعل ثالثۃ	یوم الثلاثاء صار الکون یسعدھا

ثاء کے ذاتی اوصاف عالیہ اس کے وصف و فعل اور قلموں میں پائے جاتے ہیں۔

پس اگر ابتداء کے دن ایسی ذات کے راز کے ساتھ ظاہر ہوتا مخلوق اس کی عبادت کرتی۔

اور اگر دوسرے وصف کے راز کیساتھ درمیانی دن کو ظاہر ہوتا نعت اس کی حمد کرتی

اور اگر تیسرے فعل کے ساتھ تیسرے دن ظاہر ہوتا تو کائنات اسکی سعادت حاصل کرتی۔

عالم و مخرج اور اعداد! اے سردار جاننا چاہیئے کہ ثاء عالم غیب و جبروت اور لطف سے ہے اس کا مخرج ظاء اور ذال کا مخرج ہے اس کے عدد پانچ سو پانچ اور بسائط، الف، ہمزہ، لام، فاء، ہاء، میم اور زای ہے اس کے لئے پہلا فلک اور دور حرکت مذکورہ ہے۔

طریق و مرتبہ یہ خاص الخاص کے خلاصہ میں امتیاز کرتا ہے، اس کا طریق انتہائی اور مرتبہ ساتواں ہے اور اس کا تسلط جمادات میں ہے۔

مزاج و عنصر اس کے سر کا مزاج گرم تر اور باقی سارے جسم کا مزاج سرد تر ہے اس کی طبع میں گرمی، سردی اور تری ہے اس کا بڑا عنصر پانی اور چھوٹا عنصر ہوا ہے اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کی طبع کی صورت میں ہے اس کی حرکت امتزاجیہ اہل اسرار کے نزدیک اس کے لئے حقائق، مقامات اور منازلات ہیں اور اہل انوار کے نزدیک اس کے لئے خلق اور احوال اور کرامات ہیں اس کا امتزاج کامل مفرد مثنی مؤنس موحش سے ہے یہ ذات ہے اور اس کے لئے حروف میں سے الف اور ہمزہ ہیں اور ناموں سے وہی جو پہلے بیان ہوئے۔

حرفِ فا میں کیا ہے

الفاء من عالم التحقیق فاذ کر — وانظر الی سرھا یأتی علی قدر
لھا مع الیاء مزج فی الوجود فما — تنفک بالمزج عن حق وعن بشر
فان قطعت وصال الیاء دان لھا — من أوجہ عالم الارواح والسور

فا، عالمِ تحقیق سے ہے پس یاد کر اور اس کے راز کی طرف دیکھ اندازے پر آئے گا۔
اُس کے لئے وجود میں یاء کے ساتھ امتزاج ہے تو حق سے اور بشر سے امتزاج کو کیسے رد کیا جا سکتا ہے۔
پس اگر یا کا وصال منقطع ہو جائے تو اُس کیلئے عالمِ ارواح و صورت ظہور قربت ہو جائے گا۔

عالم و مخرج اللہ تبارک و تعالیٰ قلب الٰہی سے امداد فرمائے جاننا چاہیئے فاء عالمِ شہادت و جبروت اور غیب و لطف سے ہے اِس کا مخرج اندر سے نیچے کے ہونٹ اور سامنے کے دانتوں کے اُوپر کے گوشے سے ہے۔

عدد و بسائط اِس کے عدد اٹھاسی، بسائط الف، ہمزہ، لام، فا، یا، میم اور زای ہے۔

مزاج و عنصر اِس کے لئے فلک پہلا، دورہ وہی جو پہلے بیان ہُوا طریق انتہائی اور مرتبہ ساتواں ہے، اِس کا تسلط اور غلبہ جمادات میں ہے سر کا مزاج گرم مرطوب اور باقی جسم کی طبع گرم، سرد اور مرطوب ہے، اِس کا عنصرِ اعظم پانی اور چھوٹا عنصر ہَوا ہے، جو اِس کی طبع کی صُورت میں ہے وہی اِس سے پایا جاتا ہے

حرکت و حرُوف اِس کے لئے حرکت ممتزجہ اور اہلِ اسرار کے نزدیک حقائق مقامات اور منازلات پائے جاتے ہیں۔

اس کے نے ذات ہے اور حروف میں سے اس کے لئے الف اور ہمزہ

ہیں جب کہ اسماء میں سے وہی ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔

جو باء بواحدہ میں ہے۔

الباء للعارف الشبلیّ معتبر	وفی نقیطتها للقلب مدّکر
سرّ العبودیة العلیاء مازجها	لذاك ناب مناب الحق فاعتبروا
ألیس یحذف من بسم حقیقته	لانه بدل منه فذاوزر

باء عارف شبلی کے لئے معتبر ہے اور اُس کے نقطے میں دل کے لئے نصیحت ہے

سِر مزاج اعلیٰ عبودیت کا راز ہے یہ حق کی قائم مقام ہے بس نصیحت پکڑو۔

کیا بسم کی حقیقت سے ۔۔۔ حذف نہیں اس لئے کہ وہ دلالت کرتا ہے

عالم و طریق سے دل استعالی جاننا چاہیئے کہ باء عالم ملک و شہادت اور قہر سے ہے اس کا مخرج ہونٹوں سے ہے، مدد اور بسائط الف، ہمزہ، رام، نون، ہا، میم اور ثنای ہیں اس کا فلک اوّل حرکت مذکور عین صفا، خلاصہ اور خاص الخاص میں امتیاز کرتا ہے اس کے لئے طریق کی ابتداء وانتہاء ہے۔

مرتبہ و عنصر اِس کا مرتبہ ساتواں اور تسلط جمادات میں ہے اِس کی طبع میں گرمی اور خشکی ہے اِس کا عنصر آگ ہے اور اِس سے وہ پایا جاتا ہے جو اِس کی طبع کی صورت میں ہے۔

حرکت و حروف اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے اور اِس کے لئے حقائق مقامات، منازلات خالص کامل مربع مؤنس ہیں، اِس کے لئے ذات ہے اور حرفوں میں سے الف اور ہمزہ ہیں جب کہ اسماء سے وہی ہیں جو پہلے ذکر کئے گئے

حرف میم میں کیا ہے؟

المیم کالنون ان حققت سرّ هما — فی غایة الکون عینا والبدایات
والنون للحق والمیم الکریمة لی — بدء لبـــدء وغایات لغایات
فبرزخ النون روح فی معارفه — وبرزخ المیم رب فی البریات

میم نون کی طرح ہے کائنات کی ابتداء و انتہا کی عین میں دونوں کا راز محقق ہے
اور نون حق کیلئے ہے اور میم کریمہ میرے لئے ابتداء ابتدا کے لئے اور انتہا انتہا کیلئے ہے،
نون کا برزخ اُسکے معارف میں روح اور میم کا برزخ محاسن میں رب ہے۔

عالم و بسائط اللہ تعالیٰ مومن سے مدد فرمائے جاننا چاہیئے کہ میم عالم ملک و شہادت اور قہر سے ہے اس کا مخرج وہی ہے جو باء کا ہے اس کے عدد چوالیس (۴۴)، بسائط باء، الف اور ہمزہ ہیں اس کا فلک پہلا اور حرکت مذکورہ

مرتبہ تسلّط یہ خاص اور خلاصہ اور صفاء خلاصہ میں تمیز کرتا ہے اس کے لئے انتہائی طریق اور تیسرا مرتبہ ہے اس کے غلبے کا ظہور انسان میں ہے اس کی طبع سرد خشک اور اس کا عنصر مٹی ہے اس سے وہی پایا جاتا ہے جو اس کے مزاج کی صورت ہے اس کے لئے اعراف سے خالص، کامل مقدس، مفرد مؤنس اور حروف سے یاء پایا جاتا ہے اور ناموں سے وہی جس کا پہلے ذکر ہوا۔

جو واؤ میں ہے

واو ایاك أقــدس — من وجودی وأنفس
فهـو روح مکمل — وهو سر مسـدس
حیث مالاح عینـه — قیـل بیت مقدس
بیتـه السدرة العلـیة فینا المؤسـس

وذمہ ہے وجود و نفس سے غرض کے لئے پاک و مقدس ہے

پس وہ روح مکمل اور مہر مقدس ہے،

بحیثیت اُس کی ذات کی لوح کے بعض نے کہا مقدس گھر ہے،
اُس کا گھر بلند پیری ہم میں مونس ہے۔

عالم دو مرتبہ واؤ عالم ملک و شہادت اور قہر سے ہے اِس کا مخرج ہونٹوں سے ہے اِس کے عدد ساتھ بسائط الف، ہمزہ، لام اور فاء ہیں اِس کا فلک اول نسمانہ حرکت مذکورہ، خاص الخاص اور خلاصہ میں تمیز کرتا ہے، مرتبہ چوتھا اور تسلط جنات میں ہے، اِس کا مزاج گرم مرطوب اور عنصر ہوا ہے! اِس کی طبع کے مطابق اِس سے پایا جاتا ہے۔

حرکت اِس کی حرکت امتزاجیہ ہے اِس کے لئے اعراق خالص، ناقص، مقدس، مفرد اور موحش ہے، اِس کے لئے حرف الف ہے اور اسماء سے وہی ہے جو پہلے بیان ہوا،

مزید اسرار و رموز

تو یہ حروف معجم تیرے لئے اُس ذکر کے ساتھ مکمل ہونگے جو اہل کشف و خلوات کے لئے ہمارے پاس اشارات و تنبیہات اور اسرار موجودات پر اطلاع پانے سے ہے،

پس جب ہم نے ارادہ کر لیا ہے کہ اِس عبارت کے باب سے جو اخذ کیا گیا ہے اُسے تجھ پر آسان کر دیں تو جان لے کہ اس کا افلاک بسائط سے اشتراک ہے، اِس کے لئے مددگار اسماء کے حقائق کا علم ہے پس الف میں پہلے اِس کا بیان آچکا

ہے اور اسی طرح ہمزہ اس میں داخل ہے"

الف، واؤ، یا حروفِ علت ہیں تو یہ دونوں بھی اس وجہ سے حروف کے حکم سے خارج ہیں، پس جیم، زای، لام، میم اور نون اس کے مختلف بسائط ہیں، اور دال ذال اس کی مثل ہیں، صاد، ضاد اس کی مثل ہیں.

عین، غین، سین، شین اس کی مثل ہیں، واؤ، کاف، قاف اس کی مثل ہیں جب کہ با، ہا، حا، طا، یا، فا، لا، تا، ثا، خا، اور ظا متماثل بسائط ہیں اور بسائط کی ہر مثل اسمار کی مثل ہے"

پس جاننا چاہیئے کہ ہم نے لام۔ الف کے تذکرے کے پیچھے آنے والے حروف میں اس کا ذکر کیا تھا، اور وہ نظیر الجوز ہے پس اُس کا ذکر حروف سے مفرد تحریر میں کیا ہے تو بے شک یہ زائد حرف الف، لام اور ہمزہ، لام سے مرکب ہے

لام الف اور الف لام کا بیان

الف اللام ولام الالف — نهر طالوت فلا تعترف

واشرب النهر الی آخره — وعن النهمة لا تنحرف

ولتقم مادمت ریانا فان — ظمئت نفسك قم فانصرف

واعلم ان الله قد ارسله — نهر بلوى لفؤاد المشرف

فاصطبر بالله واحذره فقد — یخذل العبد اذا لم یقف

الف لام اور لام الف طالوت کی نہر ہے پس نہیں پہچانتے.

اور تو اُس نہر کے آخر تک پی اور زیادہ پینے سے انحراف نہ کر.

اور اس کے لئے ہمیشہ مشکل میں پڑنا ہے تو اگر تیرا نفس پیاسا ہے تو اُٹھ کر واپس چلا جا.

اور جان لے کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے اُس کو بھیجا نہر بلوی دلوں کو منحرف کرتی ہے"

پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ صبر کر اور اُس سے ڈر تو بیشک اُس سے ناآشنا بندہ ذلیل ہوتا ہے،

لام الف لا کی معرفت

تعانق الالف العلام واللام | مثل الحبیبین فالاعوام احلام
والتفت الساق بالساق التی عظمت | فجاءنی منهما فی الالف اعلام
ان الفؤاد اذا معناه عانقه | بدائه فیه ایجاد واعدام

الف علام اور لام دو حبیبوں کی طرح ملی ہوئی ہیں پس عام برزبار ہے
اور ساق بڑی ساق کے ساتھ ملتفت ہے پس دونوں سے میرے پاس نشانیاں آئیں بے شک
بیشک دِل جب اُس کا معنیٰ معانقہ ہو اُس میں ایجاد و اعدام کی ابتدار ہوتی ہے۔

جاننا چاہیئے کہ بے شک الف اور لام دو ساتھی ہیں اور دونوں میں سے ہر ساتھی عشق و اشتیاق سے ایک دوسرے پر مائل ہے اور سوائے حرکتِ عشقیہ کے میلان نہیں ہوتا، پس لام کی حرکت ذاتی اور الف کی حرکت عرضی ہے یعنی اپنی ذات پر قائم نہیں۔

چونکہ اوراتِ حرکت کے لئے اِس میلان میں الف پر لام کا غلبہ ہے چنانچہ مائل ہونے کی حیثیت سے لام الف سے زیادہ طاقت ور ہے اِس لئے کہ اِس میں عشق کی زیادتی ہمت کا وجود کامل اور فعل مکمل ہے، اِس کے مقابلہ میں الف کا عشق کم ہے لہٰذا لام کی طرف اِس کی ہمت کا تعلق بھی کم ہے اور اِس کا بوجھ اُٹھانے کی اس میں استطاعت نہیں۔

لام کا عشق

محققین کے نزدیک فعل بالعزوست ہے جو کہ صوفی کا حصہ ہے، صوفی

کے سوا دُوسرا اس سے تجاوز کرنے کی طاقت نہیں رکھتا، تو اگر یہی امر محققین کی طرف منتقل ہو جائے تو محقق کی معرفت اس کے اُوپر ہو گی، لام کی طرف الف کا میلان فعل کی جہت سے اُس کی ہمت کے ساتھ نہیں بلکہ لام کی طرف اُس کا نزولِ الطاف لام کے عشق کے تمکن کے لئے ہے"

چونکہ لام کی ساق الف مستقیمہ کے ساتھ فوت ہونے کے ڈر سے جھکی ہوئی ہے اس لئے اِس کی طرف کا نزول آسمان دُنیا کی طرف حق تعالیٰ کے نزول کی طرح ہے جو رات کے آخری تیسرے پہر والوں کے لئے ہوتا ہے"

لام معلوم کا میلان صوفی اور محقق دونوں کے نزدیک خاص باعث کی جہت کے علاوہ معلول مضطر ہے۔

لہٰذا اِس میں ہمارا اختلاف نہیں، پس صوفی لام کے میلان کو واجدین و متواجدین کا جھکاؤ قرار دیتا ہے کیونکہ اُن کے نزدیک عشق و تعشق اور اس کے حال کے مقام کے ساتھ اِس کی تحقیق ہے، جب کہ الف کا لام کی طرف میلان تو اصل و اتحاد کا میلان ہے اِس لئے کہ لا کی شکل میں اِس کی ایسی ہی شباہت موجود ہے پس تقریرِ لا سے قبل الف یا لام دونوں میں سے کس کو مقرر کیا جائے اِس کے لئے اہل زبان میں اختلاف ہے کہ حرکتِ لام اور اُس ہمزہ کو کہاں مقرر کریں جو الف پہ ہے۔

پہلے کون لام یا الف

ایک طبقہ رعائتِ لفظی سے لام کو پہلے اور الف کو بعد قرار دیتا ہے اور ایک گروہ رعایتِ تحریر کو سامنے رکھتا ہے تو کون تسلیم کیا جائے؟ پس خط کی ابتداء سے لیا جائے تو وُہ لام ہے اور دُوسرا الف ہے اور یہ سب کچھ اُسے عشق کی

حالت اور عشق میں سبحانہٗ نے عطا کیا ہے۔ طلب معشوق میں توجہ کو اور صدقِ توجہ میں وصال کو معشوق سے عاشق کی طرف وارث کیا جائے گا۔

ہم دونوں سے آگے ہیں

محقق کا قول ہے کہ میلان کا باعث دونوں کی اپنی حقیقت کے مطابق معرفت ہے مگر ہم نے تحقیق کے جس بلند درجہ میں اس کے معنوں کو ترقی دی ہے اُس کا درجہ اِس کے اُوپر ہے اور ہم دونوں کے قول سے متفق نہیں اور ہمارے لئے اِس مسئلہ میں تفصیل ہے، تو اِن دونوں حضرات کے اجتماع میں کون ساحد ہو گا؟

پس بے شک جملہ حضرات سے عشق حضرتِ جزئیہ ہے تو صُوفی کا قول اور اِس حضرت سے معرفت بھی حق ہے اِسی طرح محقق کا قول بھی حق ہے لیکن دونوں ہی عینِ واحد کے ساتھ ناظر اور اِس مسئلہ میں تحقیق سے قاصر ہیں۔

ہم کہتے ہیں! اس میں پہلا حضرت حضرتِ ایجاد جمع ہے اور یہ لا الٰہ الا لا الٰہ ہے تو یہ خالق و مخلوق کا حضرت ہے، اور اِس کلمۂ لا میں دو بار نفی اور دو بار اثبات ظاہر ہوتا ہے، پس لا لا ہے اور الاہ للاہ نہیں چنانچہ ایجاد کی طرف اِس حضرت میں جو وجودِ مطلق کا میلان ہے وُہ الف ہے، اور جو ایجاد کے وقت ایجاد کی طرف موجودِ مقید کا میلان ہے وُہ لام ہے ایسے ہی اس کی منزلت میں دونوں سے معلقاً ہر حقیقت صُورت پر نکلتی ہے۔

پس غور کریں اور اگر آپ غور کریں تو ضروری ہے کہ خلوت میں اللہ رحمٰن کے ساتھ ہمت کا تعلق قائم کریں یہاں تک کہ جان جائیں کہ جب اُس کے وجود کے تعین کے بعد قید ہو گی اور اُس کی عین کے لئے اُس کی عین کا ظہور ہو گا

تو بیشک !

للحق حق وللانسان انسان	عند الوجود وللقرآن قرآن
وللعیان عیان فی الشہود کما	عند المناجاۃ للآذان آذان
فانظر الینا بعین الجمع تحظ بنا	فی الفرق فالزمہ فالقرآن فرقان

عند الوجود حق کے لئے حق انسان کے لئے انسان اور قرآن کیلئے قرآن ہے، اور شہود میں عیان کے لئے عیان ہے جیسا کہ مناجات میں اذان کے لئے اذان ہے۔

پس ہماری طرف دیکھو کر ہمارے ساتھ فرق میں اُس کے لئے عین الجمع کا حصہ ضروری ہے پس قرآن فرقان ہے۔

بحرِ قرآن میں غوطہ لگائیں

پس لازماً حضرت الٰہیہ سے اس کے مقابل کھڑا ہونے کی صفت سے اُس کی مثل ہوگا یا اُس کی ضد ہوگا، اور بے شک میں کہتا ہوں ضد ہے اور اُس مثل پر بس نہیں جو حق صدق قلب صوفی کی اصلاح میں راغب ہے اور تحقیق کے پہلے درجے میں حاصل ہے۔ پس محقق اور صوفی دونوں کا یہ مشرب ہے اور دونوں ہی اس کے اُوپر نہیں جاتے اور نہ ہی اس کی طرف ہمارا خواب ہے یہاں تک کہ اللہ تبارک وتعالیٰ دونوں کے ہاتھوں کے ساتھ پکڑے اور دونوں ہی اُس کی گواہی دیں جو گواہی ہم نے دی ہے، اس کا کچھ حصہ انشاءاللہ العزیز اس باب کی تیسری فصل میں بیان ہوگا۔

اگر تو وسیع نفس رکھتا ہے تو قرآن عزیز کے سمندر میں غوطہ زنی کر اور اگر تو نے اس کے ظاہر کے لئے مفسرین کی کتابوں کے مطالعہ پر ہی اکتفاء کر لیا اور

غوطہ نہ لگایا تو ہلاک ہو جائے گا۔ پس یقیناً قرآن مجید کا سمندر عمیق ہے اگر ساحل کے قریبی مقامات کو مقصد بنا کر اِس سمندر میں غوطہ زنی نہیں کی جائے گی تو تمہارے لئے کبھی کچھ نہیں نکلے گا۔

پس انبیائے کرام اور وراثتِ حفظ وہ لوگ ہیں جو عالم کے ساتھ اِن مقاماتِ رحمت کا قصد رکھتے ہیں ہاں وُہ لوگ واقف ہیں اور پہنچکر خاموش ہو جاتے ہیں اور واپس نہیں لوٹتے نہ اِن کے ساتھ کوئی نفع ہے اور نہ ہی وُہ کوئی نفع حاصل کرتے ہیں پس قصد کرتے ہیں بلکہ سمندر کے بڑے حصے میں اُترنے کا قصد اُن کے ساتھ ہے تو وُہ ابد تک غوطہ زن رہتے ہیں اور کبھی نہیں نکلتے۔

ہمیشہ ہمیشہ کے لئے

اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں پر رحم فرمائے سہل بن تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شیخ نے جب اُنہیں ابد تک کہا تو سہلؒ نے عرض کی کیا قلب سجدہ کرتا ہے؟ شیخ نے فرمایا ابد تک بلکہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمت فرمائے جب آپؐ سے ہمارے عام حج میں دخولِ عُمرہ کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا یہ ابد کے لئے ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا ابد الابد یعنی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہے، تو دارِ خُلد میں یہی وُہ روحانیت باقیہ ہے جسے اہلِ جنت ہر مقدرہ سال میں حاصل کرتے ہیں تو کہتے ہیں یہ کیا ہے پس وُہ عُمرۂ حج میں رُوح و نعیم اور تریہہ شریف کے وُرود کو قبول کرتے ہیں اِس کے ساتھ اسرار وجوہ درخشاں ہو جاتے ہیں اور اِس کے ساتھ حُسن و جمال زیادہ ہو جاتا ہے،

دو یاقوت تلاش کریں

اللہ تبارک و تعالیٰ تجھے توفیق عطا فرمائے جب تو اِس بحر میں غوطہ لگائے

تو اُس صدف کی تلاش و جستجو کر جس میں الف اور لام دو یاقوت ہیں اور ان کا صدف یہی کلمہ ہے یا وہ آیت ہے جو اِن دونوں کو اُٹھاتی ہے۔

اگرچہ اِس مقام سے دونوں کی نسبت اپنے طبقات پر کلمہ فعلیہ ہے اور خواہ اِس مقام سے دونوں کی نسبت اپنے طبقات پر کلمہ اسمائیہ ہے اور خواہ اُس سے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اشارے کے مطابق اِس کی نسبت کلمہ ذاتیہ ہے

اور اگر حرف میں اَعُوذُ تیری ناراضگی سے تیری رضا کے ساتھ نہ ہو میلان الف تیری ناراضگی سے تیری رضا کے ساتھ ہو گا، لام کا میلان کلمہ اسمائیہ اور تیرے عفو کے ساتھ ہے جب کہ الف کا میلان تیری عقوبت کے ساتھ ہے۔ میلانِ لام کلمہ فعلیہ اور تیرے ساتھ ہے جب الف کا میلان تجھ سے ہے میلانِ لام کلمہ ذاتیہ ہوگا۔

ہر لام الف لا برابر نہیں

پس اُسے دیکھ جو نبوت کا عجیب تر راز ہے اور جو اُس کا اعلیٰ و ادنیٰ اور ابتداء وانتہا ہے۔ پس لام الف حرف پر اِس کے حضرت میں نظر کئے بغیر جو گفتگو ہوئی وہ اس میں ہے اور کامل کے ساتھ نہیں افسوس کہ لام الف لَا خَوْفٌ عَلَيْهِم اور لام الف وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ کبھی برابر نہیں ہونگے جیسا کہ وہ لام الف جو نفی کے لئے ہے اور وہ لام الف جو ایجاب کے لئے ہے برابر نہیں ہیں۔

جیسا کہ نفی کا لام الف، نفی و برییت کا لام الف اور نہی کا لام الف برابر نہیں ہیں پس نفی کے ساتھ رفع یعنی پیش کی حرکت ہے اور برییت کے ساتھ نصب یعنی زبر کی حرکت ہے جب کہ نہی کے ساتھ جزم ہے۔

نیز لام الف کے متعلق یہ ہے کہ لام تعریف اور الف کلمے کی اصل سے ہے جیسا کہ اُس کا قول ہے الاعراف، الادبار، الابصار اور الاقلام۔

جیسا کہ لام توکید اور الف اصلیہ ہونے کی صورت میں ارشاد خداوندی لادفعوا اولا انتم ۔ کی طرح برابر نہیں۔

ابھی اسرار باقی ہیں

پس ہم نے تیرے لئے اُس کا بیان متحقق کرتے ہوئے تیرے الف کو بلندی سے قائم کیا اور تیرے لام کے عقدہ کو حل کیا اور الف کے ساتھ لام کے عقد میں ایسا راز ہے جو ظاہر نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی لام الف کے مقامات میں بسط عبارت پر قدرت ہے جیسا کہ قرآن مجید میں وارد ہوا سوائے اِس کے کہ اگر سامع مجھ سے اُسے ایسے شخص سے سُنا جس پر نازل ہُوا اگر اُس سے عبارت ہو اور باوجود اِس کے کہ اس کتاب میں اختصار کی ضرورت ہے اور بیشک یہ باب طویل ہو گیا ہے کثرت مراتب اور کثرت حروف کے لئے اِس میں طریقِ اجمال پر وسیع کلام ہے ، اور اِس باب میں حروف کے درمیان مناسبت کی معرفت بیان نہیں کی گئی یہاں تک کہ بعض سے بعض کا اتصال درست ہے ، اور نہ ہی ہم نے سوائے لام الف کی خاص جہت کے علاوہ دو حرفوں کے ساتھ اجتماع کا ذکر کیا ہے ۔ اور یہ باب عدد اتصالات پر تین ہزار اور پانچ سو اور چالیس مسائل کو متضمن ہے اِس درجہ کے ساتھ کہ ہر اتصال کے ساتھ اُس کا مخصوص علم ہے ، اور اِن مسائل سے ہر مسئلہ کے تحت بے شمار تصریحات ہیں ،

پس یقیناً ہر حرف تمام حروف کا اپنے رفع نصب اور خفض و سکون اور تینوں حروفِ علت کی جہت سے ساتھی ہے تو جو شخص اِس موضوع سے تشفی حاصل کرنا چاہتا ہے وہ اُس تفسیر قرآن کا مطالعہ کرے جس کا نام ہم نے "الجمع والتفصیل" رکھا ہے اور انشاءاللہ العزیز اِن حروف کے بارے میں کتاب المبادی والغایات میں بھی بیان آئے گا جو ہمارے سامنے ہے پس لام الف کے متعلق اِس اشارے پر ہی

التفنا کریں گے والحمد للہ المفضل"

الف لام اَل کی معرفت

ألف اللام لعرفان الذوات	ولاحياء العظام النخرات
تنظم الشمل اذا ما ظهرت	بمحياها وما تبقى شتات
وتفنى بالعهد صدقا وولها	حال تعظيم وجود الحضرات

الف لام ذاتوں کے عرفان کے لئے اور بوسیدہ ہڈیوں کے احیاء کے لئے ہے۔

شمل کو منظم کرتا ہے جب ظاہر نہ ہو، اُس کی زندگی کے ساتھ اور جو سرد موسم باقی ہے۔

اور سچے وعدے کے ساتھ فوت ہوتا ہے اور اس کیلئے تعظیم وجود حضرات حائل ہے"

جاننا چاہیئے کہ لام الف اپنے حل شکل مخالف ابراز اسرار اور اسم و تحریر سے اپنی حنا کے بعد جنس و عہد اور تعریف و تعظیم کے حضرت میں ظاہر ہوتا ہے اور یہ اس لئے ہے کہ الف حق کا حصہ ہے اور لام انسان کا حصہ ہے الف اور لام جنس کے لئے آواز دیتے ہیں پس جب الف اور لام کا ذکر ہو تمام کون اور اس کے مکون کا ذکر ہو جائے گا تو بے شک حق سے خلقت کے ساتھ نفیت"، اور الف اور لام کا ذکر کیا جاتا ہے۔

حق و خلق و ملکوت

الف اور لام حق و خلق ہے اور یہ وُہ جنس ہے جو ہمارے نزدیک ہے"،
پس لام کا قائمہ حق تعالیٰ کے لئے ہے اور اس کے قائمہ سے الف اخذ کرنے کے بعد جو لام کا نصفِ دائرہ باقی محسوس ہوتا ہے وُہ نون کی شکل خلقت کے لئے ہے اور نصفِ دائرہ روحانی جو کہ غائب ہے وُہ ملکوت کے لئے ہے اور دائرہ کے

قُطر کے میدان میں جو الف ہے وُہ امر کے لئے ہے اور وُہ کُن ہے اور یہ تمام قسمیں اور فصلیں جنسِ اعم کے لئے ہیں، اور جو اُس جنس کے اُوپر ہے وُہ حقیقت الحقائق ہے جو قدیم میں قدیمہ اور محدث میں مُحدثہ ہے قدیم اور مُحدث کی ذات میں نہیں،

اور یہ نظر کے ساتھ اُس کی طرف نہ وُجود ہے نہ عدم اور جب موجود نہیں تو نہ قِدم کے ساتھ مُتصف ہو گی اور نہ حدوث کے ساتھ جیسا کہ اِس کتاب کے چھٹے باب میں اِس کا ذِکر آئے گا۔

اور اِس کا جو کچھ چاہنا ہے وُہ اِس کا حدوث اور قدم کو قبول کرنا نہیں بلکہ صُورتوں کو قبول کرنا ہے تو یقیناً اِس میں تشبیہ موجود ہے اور ہر موجود جو کہ مُحدث یعنی پیدا کیا گیا ہے وُہ مخلوق ہے مگر مُحدِث یعنی پیدا کرنے والا اِسم فاعل ہے اور وُہ خالق ہے اور جب وُہ قدم و حدوث دونوں کو قبول کرتی ہے تو یہ حق تعالیٰ کی اپنے بندوں کے لئے وُہ تجلی ہے جو وُہ اپنی صفات سے جیسی چاہتا ہے ڈال دیتا ہے، اِسی وجہ سے قیامت کے دن ایک گروہ اِس کا انکار کرے گا کیونکہ وہاں پر حق تعالیٰ اُن کی پہچانی ہُوئی صُورت کے علاوہ دُوسری صُورت اور صفت میں تجلّی فرمائے گا، اِس مضمُون کا کچھ حصّہ اِس کتاب کے پہلے باب میں بیان ہو چکا ہے۔

چُونکہ عارفوں کے لئے اُن کے قلوب و ذوات پر دارِ آخرت میں عمُومی تجلی ہو گی تو وجُوہات شُبہ سے یہ وجہ ہے، ہمارے نزدیک علی التحقیق اِس کے ساتھ اِخفا نہیں بے شک اس کے حقائق دونوں جہانوں میں دونوں صِنفوں کے لئے متجلّی ہیں البتہ عقل یا فہم اللہ تعالیٰ سے دُنیا میں قلوب و ابصار کے ساتھ مرئی ہے باوجود اِس کے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے عجزِ ادراک سے خبر دار ہے پس فرمایا ابصار کے لئے اُس کا ادراک نہیں اور وُہ ادراک کرنے والا اور لطیف و خبیر ہے۔

وُہ لطیف اپنی تجلی کے ساتھ ہے جسے اپنے بندوں پر اُن کی طاقت کے

مطابق ڈالتا ہے اور خبیر اپنے بندوں کی کمزوری سے ہے جو اُن میں اُس کی الوہیت کی عطا کردہ تجلی اقدس کو اُٹھانے سے ہے جب کہ مُحدَث کو جمالِ قدیم کے اُٹھانے کی طاقت نہیں جیسا کہ نہروں کو سمندروں کے اُٹھانے کی طاقت نہیں،

تو بیشک سمندروں کے اعیان فنا ہو جاتے ہیں خواہ اُس پر نہر وارد ہو یا وُہ نہر پر وارد ہو ایک ہی بات ہے یعنی سمندر کے لئے شہادت امتیازکا اثر باقی نہیں رہے گا تو جو ہم نے بیان کیا ہے اِس کی معرفت حاصل کر اور محدثات سے اِس کی جو تشبیہ محقق واعلیٰ ہے وُہ گرد و غبار ہے جس میں عالم کی صورتوں کو پیدا کیا گیا پھر اُس سے اُس کی تشبیہ کا نور اُتارا گیا تو یقیناً نور گرد و غبار کی صورت میں ہے جیسا کہ یہ گرد و غبار اُس کی صورتوں میں ہے اور نور سے ہوا کے ساتھ اُس کی تشبیہ اُتاری اور اُس سے پانی کو اُتارا اور اُس سے معدنیات کو اُتارا اور معدنیات سے لکڑی اور اُس کی امثال کو اُتارا منتہی تک چیز کی طرف نہیں قبول کرتا سوائے صورت واحدہ کے جو اُس نے پائی،

پس اِس پر غور کر انشاءاللہ اِس کتاب میں اِس کا باب آئے گا

الف اور لام کی حقیقت

تو یہ حقیقتِ تالٰہیہ حقائقِ تالٰہیات کو شامل ہے اور یہ وہ جنس عمومی ہے جو بذاتہٖ الف اور لام کو حمل کرنے کی حقدار ہے اور ایسے ہی دونوں کا عہد اُس علم پر جو اِس میں واقع ہے دو موجودوں کے درمیان دونوں حقیقتوں کے ساتھ جاری ہے"

اِن دونوں موجودوں پر ایک امر داخل ہے دونوں کے درمیان جہت سے ہر ایک تیسرے امر کی طرف ناظر ہے دونوں کے پُودا

کرنے کے لئے یہ تیسرا امر ہے جسے دونوں جانتے ہیں، اور دونوں کی حقیقت پر الف عہد اخذ کرنے کے لئے ہے اور لام اُس پر جو چیز وُہ اخذ کرے ۔"

اور ایسے ہی دونوں کی تعریف و تخصیص ہے، اور بے شک اِس کے ساتھ مُخبر کی خواہش کے وقت حصُولِ علم کے لئے تعیّن پر کسی چیز کی جنس سے تخصیص کرتے ہیں جس کا مُخبر کو علم ہوتا ہے، پس مُختص پر کون سی حالت ہے، اور مختص اور وُہ چیز جو دونوں کے حقائق کی صُورت میں دونوں کی حقیقتوں کے مُنقلب ہونے کے ظہور کا سبب ہے اور یہ وُہ ذاتی اِشتراک ہے۔

پس اگر یہ اشتراک صفت میں ہے اور مخاطب کے لئے دونوں سے عظمت امتیاز کا ارادہ کرتے ہیں تو دونوں اِس تعظیم کے لئے اِس وصف میں داخل ہونگے۔

پس الف اور لام دونوں ہر صورت اور ہر حقیقت میں آمنے سامنے کئے گئے ہیں، کیونکہ دونوں ہی جمیع حقائق کے لئے موجود اور جامع ہیں، پس کون سی چیز میدان میں آتی ہے کہ اُس کی حقیقت اُسس سے دونوں کے نزدیک ظاہر ہوتی ہے جو اُس کے ساتھ مقابل ہے۔

پس دونوں ہی اپنی ذات سے چیز پر دلالت کرتے ہیں، اور دونوں ہی اُس چیز سے اکتساب نہیں کرتے جو اس پر داخل ہے اور اِس کی مثل اہلک الناس الدینار والدرہم[1] ہے۔

---

[1] لوگوں کی ہلاکت دینار و درہم ہیں۔

میں سنے رات کو ایک شخص دیکھا اور میں مرتبۂ احدیت پر عورتوں
کے سوا مردوں سے محبت کرتا ہوں۔ باب کی طوالت کے پیشِ نظر اسی
پر اکتفاء کیا جاتا ہے، الحمد للہ چھٹی جُز تمام ہوئی۔"

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تفسیر الفاظ

بعض اسباب یعنی اُن الفاظ کی تفسیر کے بیان میں جن کا ذکر حروف میں بسائط و مراتب، تقدیس و افراد ترکیب و اُنس اور وحشت وغیرہ کے نام سے کیا ہے۔

تو جان لے کہ یہ حروف اول ہیں اِس لئے عالم مکلّف انسانی کی مثل اُس کے لئے خطاب میں مشارکت ہے، تکلف میں نہیں سوائے اس کے کہ وُہ عالم سے جمیع حقائق کو قبول کرے جیسا کہ انسان اور تمام عالم اس کی طرح نہیں۔

الفاظ کا قطب

پس اُن میں قُطب ہیں جس طرح ہم سے اور وُہ الف ہے اور ہم سے قُطب کا مقام حیاتِ قیومیہ ہے اور یہ اُس کے ساتھ خاص مقام ہے تو بیشک اُس کی ہمت جمیع عالم میں سیر کرتی ہے۔

ایسے ہی الف ہر وجہ سے اپنی روحانیت کے اعتبار سے اُس کا ادراک کرتا ہے جب کہ ہم اپنے غیر کا ادراک نہیں کر سکتے اور وہ اپنی ذات کے انتہائی مخارج میں جو نفس کو دُوسرے نفوس کی طرف اُٹھاتے ہیں سریانِ کی حیثیت سے ہے، اور خارجی خواہش میں اِمتداد ہے یعنی عرصۂ دراز ہے۔ اور تو ساکت ہے اور اُس کا نام صدی ہے تو یہ

قیومیت الف ہے۔

لا، بیشک وہ واقف ہے اپنے رقم ہونے کی حیثیت سے، تو بیشک تمام حروف اُس کی طرف ینحل ہیں اور اُس سے مرکب ہیں، اور وہ اِس کی طرف لا ینحل ہے جیسا کہ وہ اپنی روحانیت کی طرف ینحل بھی ہے اور یہ نقطہ تقدیر ہے یا اگر واحد ہے ینحل نہیں تو بے شک ہم نے تجھے پہچانا جو اُس کے لئے ظاہر ہے، الف قطب ہے اور یہاں اِس کا عمل ہے جس میں ہم نے تیرے لئے ذکر کیا بعد ازیں اگر تو چاہے تو اس کی حقیقت جان لے۔

دو امام

واؤ اور یاء دونوں حروف علت دو امام ہیں مد اور لین[1] سے دونوں درست نہیں۔

اوتاد چار ہیں

الف، واؤ، یا، اور نون چاروں اوتاد ہیں جو کہ علامات اعراب ہیں۔

ابدال سات ہیں

ابدال سات ہیں، الف، واؤ، یا نون اور تاء اور اُس کے کاف

---

[1] واؤ، الف اور یاء جب ساکن ہوں اور اِنکے پہلے حرف پر زبر ہو تو انہیں لین کہتے ہیں، مترجم۔

اور ہا، کا ضمیر، پس الف، الف دو شخص، واؤ، واؤ دو عمرون، یا، یاء دو عُمرین اور نون نون کام کرتے ہیں اور مرتبۂ ابدال میں ہمارے اور اُن کے درمیان نسبت کا راز ہیں جیساکہ قطب میں ظاہر ہے، بیشک جب قمت سے تا، غایب ہو گی اُس کا بدل ترک ہو جائے گا۔

کلام کرنے والے نے کہا زید کھڑا ہے تو یہ اُس کی ذات سے نیابت ہے جو اُن حرفوں کے قائم مقام ہے، اُس کے خبر دینے والے سے اُس شخص کا یہی نام ہے، اور اگر ضمیر کے قائم مقام اسم الف سے مرکب ہو گا اِن حروف کی نیابت حروفِ ضمائر کی قوت و تمکین اور اُس کے فلک کی وُسعت کے لئے ہے۔

پس اگر آدمی کا نام اُسے دار میت رکھا تو یہ اس سے بلند ہے پس یہ نسبت ہے تو بیشک تا، یا کاف یا ہا کی نیابت اِن حروف کے جملہ کی نیابتِ دلالت اور اُس کے بدل کو چھوڑنے میں ہے یا اُس سے بدل آئے گا جیسے بھی تو چاہے۔

اور بیشک یہ اُس کے لئے درست ہے اور تو اسکے کَون کو جانتا ہے اور اُسے نہیں جانتا جو اِس سے بدل ہے یا وُہ بدل اُس سے ہے لہٰذا مقام ابدال و مدرک میں اُس کا اور اُس کے ساتھیوں کا یہی استحقاق ہے

یہ عِلم کہاں ہے؟ اور یہ کشف پر موقوف ہے پس اِس پر خلوت و ذکر اور ہمت کے ساتھ تحقیق و تفتیش کر، اور تجھے اگر اِن حرُوف کے مقامات میں تکرار کا وہم ہو تو بیشک یہ ایک چیز ہے اور اس کے لئے وجُوہ ہیں اور بیشک یہ اشخاص انسانی کی مثل ہے چنانچہ زید بن علی اپنے بھائی زید بن علی ثانی کی ذات ہیں، اور اگرچہ دونوں نبوت و انسانیت

اور ایک باپ کے بیٹے ہونے میں مُشترک ہیں ولیکن بدیہی طور پر ہم جانتے ہیں کہ ایک بھائی دُوسرے بھائی کی ذات نہیں اور بصارت دونوں کے درمیان فرق کرتی ہے۔"

ایسے ہی علم دونوں کے درمیان حروف میں فرق کرتا ہے، اہلِ کشف کے نزدیک کشف سے اور نازلین کے نزدیک مقام کی جہت سے اُسکے درجہ سے یہی اُس کے حروف سے بدل یعنی ابدال ہے،

جب کہ صاحبِ کشف عالم پر مقام کی جہت سے دُوسرے امر کے ساتھ زیادہ کرتا ہے اور صاحبِ علم اِس مقام مذکور کو نہیں جانتا، مثلاً میں کہتا ہوں جب بعینہٖ اسم سے اُس کے بدل کی تکرار ہو تو اُس شخص کے لئے بعینہٖ ایسا ہی کہا جائے گا میں بھی ایسا ہی کہوں گا تو بھی ایسا ہی کہے گا۔ پس تاء صاحبِ کشف کے نزدیک وُہی ہے جو میں نے پہلی تاء کے علاوہ میں کہا ہے وُہی دُوسری تاء میں کہا کیونکہ مخاطب کی ذات ہر نفس میں تجدید کرتی ہے بلکہ وُہ خلقِ جدید کے لباس میں ہیں، پس احدیت جو ہر کے ساتھ عالم میں یہ حق کی شان ہے، اور ایسے ہی وُہ حرکتِ روحانیہ ہے جس سے حق تعالیٰ نے بغیر حرکت کی پہلی تاء کو پیدا کیا اور اُس سے دُوسری تاء کو غام کے ساتھ پہنچایا پس اُس کے معنوں کا اختلاف بدیہی ہے،

اختلافِ صاحبِ علم

تو صاحبِ علم کے لئے علمِ معنیٰ کا اختلاف مقام غور ہے اور وہ حرف تاء میں غور نہیں کرے گا یا یہ کہ کون سا حرف ضمیر یا غیر ضمیر ہے، جیسا کہ اشاعرہ نے اعراض میں برابر کہا ہے۔"

پس لوگ حرکتِ خاص میں اِس پر اُن کے ساتھ مجمع و متفق اور اِس علم کی طرف غیر حرکت میں اُن سے الگ ہیں۔

پس وُہ اِس امر کا انکار کرتے ہیں اور اِس کے ساتھ نہیں کہتے اور اِس کے قائل کو ہوس اور انکار جس کی طرف سے منسوب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اُن کے ادراک محجوب اور عقول ضعیف ہیں اور معانی میں تصرف سے اُن کی نظر کا قصور اور مقام فساد ہے۔

پس اگر اُن کے لئے اُس کے معدن سے پہلے کشفِ حقیقی ہے تو عام حکم میں جمیع اعراض پر اِس حقیقت کو نہیں گھسیٹا جا سکتا۔

عرض کے ساتھ سوائے عرض کے اختصاص نہیں، اور اگر اجناس اعراض میں اختلاف ہوگا تو لازماً حقیقت جامعہ اور حقیقتِ فاصلہ سے ہوگا۔

اِسی طرح ہم نے یہ مسئلہ اُس کے حق میں بیان کیا ہے جو اِس میں وُہی کہتا ہے جو ہم کہتے ہیں اور جو اس کا انکار کرتا ہے تو محققین کے نزدیک لفظ و تحریر کی صُورِ محسوسہ مطلوب نہیں سوائے اسکے کہ وُہ رُوحانی ہو۔

پس نہ اُس کی جنس سے نکالنے کی قدرت ہے اور پردہ ہے۔

تو اِس کے ساتھ دیکھتا ہے کہ مُردہ سترِ رُوحانی معدُوم ہونے کی وجہ سے اُس سے روئی طلب نہیں کرتا اور اس میں وُجُودِ روح کے لئے زندہ طلب کرتا ہے تو تُو کہتا ہے کہ جو اُس کی دُوسری جنس سے طلب کرے؟

پس تُو جان لے کہ یقیناً روٹی پانی اور تمام ماکُولات و مشروبات اور ملابس و مجالس ہیں ارواحِ لطیفہ غریبہ ہیں اور یہی اُس کی زندگی اور اُس کے علم کا راز ہے، اور یہی اُس کے خالق کے مشاہدہ کی حضُوری ہیں اُس

کی قدر و منزلت اور اُس کے پروردگار کے لئے اُس کی تسبیح کا سر ہے "

اور یہ ارواح اِن صُوَرِ محسوسہ کے نزدیک امانت ہے اور اسے اِس ودیعت کی گئی رُوح کی طرف جسم میں لوٹایا جاتا ہے "

کیا تو اُن سے بعض کی طرف نہیں دیکھتا کہ اُس کی امانت کی طرف کیسے کیسے ملایا جاتا ہے تو جب اُس کی امانت اُس کی طرف لوٹے گی تو وہ سرِ حیات ہے، رہا اُس کا داخل ہونے کے طریق سے نکلنا تو اُس کا نام قے کرنا ہو گا اور اگر دُوسرے طریق سے نکلے گی تو اُس کا نام عُذر قبول کرنا اور دوستی کے ساتھ ہو گا "

پس اُسے پہلا نام سوائے اِس بعید کے نہیں دیا جائے گا کہ وہ روح کی طرف لوٹ جائے اور دُوسرے اِسم کے ساتھ باقی رہے اور وہ اُس سے صاحبِ خضروات اور اسبابِ استحالات کا وعدہ طلب کرے "

پس ایسے ہی جس طرف اللہ علیم حکیم چاہے ملبُوس اور عریاں اطوارِ وجُود میں گراری کی طرح بار بار چکر کاٹتی ہے، پس رُوح اُس کے عشق میں اِن محسوسات کے ساتھ معذور ہے تو بیشک اِس میں معائنہ کرنے والا اُس کا مطلوب ہے پس یہی اُس کی منزلِ محبوب میں ہے

أمرّ على الديار ديار سلمى   أقبل ذا الجدار وذا الجدارا
وما حب الديار شغفن قلبي   ولكن حب من سكن الديارا

دیار سے دیارِ سلمٰی کی طرف جانے کا حکم ہُوا اور دیواروں والے تک جا پہنچا،

میرے دِل میں دیار کی محبّت کا گذر نہیں لیکن دیار میں سکونت رکھنے والے سے محبت ہے،

اور ابو اسحٰق زوالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا!

یادار انّ غزالا فیك تیمنی — للہ درّك ماتحویہ یادار
لو کنت أشکوالیها حب ساکنها — اذن رأیت بناء الدار یبهار

اے دو غزالوں کے گھر تجھ میں میری برکت ہے اللہ تعالیٰ کے لئے تجھ میں خوبی ہے اور اے گھر جو اس پر محیط ہے۔

اگر اس سے اُسکے ساکن کی محبت کی شکایت کرتا گھر کی تعمیر کی آئینہ بندی دیکھتا۔

حروف کی شرح

پس اس پر غور کریں اللہ تبارک و تعالیٰ! ہمیں اور آپ کو کلمہ کے رازوں کا فہم عطا فرمائے اور ہمیں اور آپ کو پوشیدہ غیبی حکمتوں پر مطلع فرمائے۔

رہا ہمارا وہ قول جو ہم نے ہر حرف کے بعد بیان کیا ہے تو ہم چاہتے ہیں کہ وہ آپ کے لئے ظاہر کر دیں اور آپ اُسے جان لیں جو تم میں سے اُس چیز کو نہیں جانتے، تو اسے بہت کم لوگ جانتے ہیں اور جو طریق تسلیم کے درجات میں ہے اور جو سچائی کے ساتھ اُس کی قطعی بلندی اور گنتی ہے اسے نہیں جانتے۔

یہ دو حرموں کے مقام ہیں جیسا کہ اِن دونوں مقامات سے سعادت مند متصف ہے۔

ایمان کا نور نکل جاتا ہے

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ابو موسیٰ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو فرمایا! اے ابو موسیٰ! جب تجھے کوئی شخص اس طریقہ والوں

کے کلام کے ساتھ ملے تو اُسے اپنے لئے دُعا کے واسطے کہہ کیونکہ اُس کی دُعا قبول ہوتی ہے، اور فرمایا! اگر کوئی شخص صوفیاء کرام کی مجلس میں بیٹھ کر اُن سے اُس چیز کے بارے میں اختلاف کرے جس کی اُنہوں نے تحقیق کی ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اُس شخص کے دل سے نُورِ ایمان لے جاتا ہے۔

شرح۔ جو کچھ ہمارے بیان میں حرف اُس کے نام اور اُس کے سقوط میں جو کچھ عالم غیب سے ہے؟

پس تُو جان لے کہ عالم بعض تقسیموں پر ہے ہمارے نزدیک نظر کے ساتھ جو حقیقت کی طرف معلوم ہے دو قسموں پر ہے۔

وُہ قسم جس کا نام عالمِ غیب ہے

اور وُہ ہر چیز ہے جو حس سے پوشیدہ ہے اور عادت جاریہ نہیں کہ حس اُس کا ادراک کر سکے اور وُہ حرفوں میں سے یہ ہیں۔

سین، صاد، کاف، خاء معجمہ اور تاء اُوپر کے دو کے ساتھ اور فاء شین، ہاء، ثاء شین کے ساتھ اور حاء تو یہ حرُوف رحمت والطاف، رافت وحنان سکینہ ووقار اور نزول وتواضع ہیں اور اِن میں یہ آیت نازل ہوئی ہے،

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا[1]	اور رحمان کے وُہ بندے کہ زمین پر آہستہ چلتے ہیں اور جب جاہل اُن سے بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں بس سلام

---

[1] الفرقان آیت ۶۳

اور اس میں وہ جو رقیقہ محمدیہ علیٰ صاحبہا علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہُوا اور اُس کی کون سے ان کی طرف اِستداد ہے اور جو جوامع الکلم دیا گیا ان کی طرف اُن کے رسُولوں سے آیا پس اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے فرمایا،

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ [1]	اور غصہ پینے والے اور لوگوں سے درگذر کرنے والے۔
قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ [2]	دل ڈر رہے ہیں یُوں کہ انہیں اپنے رب کی طرف پھرنا ہے۔
اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ [3]	وُہ جو اپنی نمازوں میں گڑگڑاتے ہیں
وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ [4]	اور سب آوازیں رحمٰن کے حضور پست ہو جائیں گی،

اور یہ حروف کے قبیل سے ہے وُہ بھی جو اِس میں منقُول ہے، بیشک وُہ لُطف و مہربانی سے ہے اس لئے ہم نے اِس کا ذکر کیا تو یہ من جُملہ اُن معانی کے ہے جو اس پر اطلاق کرتے ہیں اُسی سے عالم غیب و لُطف ہے۔

دُوسری قسم عالمِ شہادت و قہر

اور وُہ ہر عالم عالمِ حروف سے عادت جاریہ پر ہے ان کے نزدیک اس کا ادراک حواس کے ساتھ ہو سکتا ہے اور وُہ جو باقی حروف سے ہے اور اِس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے یہ ارشادات ہیں۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ [5]	تو جس بات کا تمہیں حکم ہے علانیہ کہہ دو

---

[1] آل عمران آیت ۱۳۴ [2] المومنون آیت ۶۰ [3] المومنون آیت ۲ [4] طٰہٰ آیت ۱۰۸ [5] حجر آیت ۹۴

وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ اور اُن پر سختی کرو

اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ فرمان

وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ

بنی اسرائیل آیت ۶۴

اور اُن پر اپنے سواروں اور پیادوں کی فوج لا

تو یہ عالم ملک، تسلط وغلبہ، شدت وجہاد، تصادم وقرعہ اندازی ہے اور اِن حرفوں کی رُوحانیت سے صاحبِ وحی کے لئے غت وغط یعنی غوطزنی گھنٹی کی آواز اور پیشانی کا پسینہ ہے اور اُن کے لئے یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ اور یَا اَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ہے بیشک وہ حُروف ہیں عالم الغیب ہے، . . . جس کے ساتھ رُوح الامین تیرے دِل پر اُترتا ہے اور اُس کے ساتھ تعجیل کے لئے اپنی زبان کو حرکت نہ دے "

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰى

اِلَيْكَ وَحْيُهٗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

طٰہٰ آیت ۱۱۴

اور قرآن میں جلدی نہ کرو جب تک اِس کی

وحی تمہیں پُوری نہ ہو جائے اور کہیں اے

میرے رب میرے علم کو زیادہ کر۔

اور ہمارا یہ قول کہ ملک وجبروت یا ملکوت تو اِس کا ذکر ہمارے قول مراتبِ حرُوف کا بیان باب کے آغاز میں پہلے ہو چکا ہے۔

دورۂ فلکِ حروف

رہا ایسے ہی ہمارا اُس کے مخرج کے بارے میں قول ؟ تو یہ تُر اُحضرات کو معلوم ہے اور ہمارے نزدیک اِس کے افلاک کو جاننا فائدہ مند ہے، تو بیشک اللہ تعالیٰ نے فلک کو وُجودِ حرف کا سبب بنایا ہے، جو اُس فلک سے نہیں ہوگا اُس سے اُس حرف کا دوسرا پایا جائے گا اگر فلک ایک ہے تو تقدیر کی طرف نظر کے ساتھ دورہ ایک نہیں ہوگا۔ اُسے چیزیں فرض کرے گا تو یہ فرض اُس کی حقیقت کا اِقتضاء کرے گا اور فلک کی ذات سے تیرے نزدیک فلک میں امرِ امتیاز ہوگا وُہ مقام فرض میں نشانی اور اُس کی کمین گاہ مقرر ہوگی۔

پہلے کی انتہا دوسرے کی ابتدا ہے

پس جب مفروضہ اوّل کی حد کی طرف نشانی لوٹے گی تو یہ پہلے دورے کی اِنتہاء اور دُوسرے دورے کی اِبتداء ہوگی اور حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے!

ان الزمان قد استدار کھیئتہ یوم خلق اللہ

ترجمہ

بیشک زمانہ اُسی طرح مُستدر ہے جس ہیئت پر اللہ تعالےٰ نے تخلیق کے دن پیدا کیا۔

اِس حدیث مُبارک کا بیان اِس کتاب کے گیارہویں باب میں آئے گا"

اعداد کے بیان میں

رہا ہمارا قول اِس کی گنتی کے بارے کہ ایسے اور ایسے یا ایسے اور اِس کے علاوہ ایسے تو بعض لوگوں کے نزدیک اُس کا نام جزم کبیر اور جزم صغیر ہے جب کے اُس کا نام جزم کی بجائے جمل ہے اور اُس کے دورہ کرنے والے افلاک اور بُرجوں کے افلاک میں عجیب راز ہے اور اِن افلاک کے نام لوگوں کو معلوم ہیں پس وُہ بُرجوں کے فلک کے لئے جزم کبیر مقرر کرتے ہیں اور جو اٹھائیس اٹھائیس کے ہندسہ سے جمع ہوتا ہے منفی کہتے ہیں۔ جزم صغیر دورہ کرنے والے افلاک کے لئے ہے اِس کے عدد نو نو کے طریقہ سے منفی کرتے ہیں، اِس کتاب میں اِس امر کی گنجائش نہیں اور نہ ہی یہ علم ہمارا مطلوب ہے اور ہمارے نزدیک اعداد کا فائدہ ہمارے اُس طریقہ میں ہے جس سے ہماری محقق و مرید سعادت کی تکمیل ہوتی ہے"

جب کسی حرف کو اس کی جزم صغیر سے جزم کبیر کی طرف نسبت سے اخذ کیا جائے گا مثل قاف کی طرف نسبت کے جو کبیر کے ساتھ سَو اور صغیر کیساتھ ایک ہے پس جزم صغیر کے اعداد ہمیشہ ایک سے نو تک ہیں تو وُہ اپنی ذات کی طرف لوٹتے ہیں۔

اگر ایک ہو گا

پس اگر ایک ہو گا تو وہ ہمارے نزدیک دو جزموں کے ساتھ الف، قاف شین اور یا، ہے اور ہمارے علاوہ کے نزدیک جزم صغیر کے ساتھ شین غین معجمہ کے ساتھ تبدیل ہو جاتا ہے، پس یہ اس سے ایک مطلوبہ لطیفہ مقرر کرتا ہے، اس کے ساتھ کونسی جزم ہو گی "!

پس اگر الف سے حتیٰ کہ طا تک تو یہ اعداد کے بسائط ہیں پس یہ جزموں میں کبیر و صغیر کے درمیان مشترک ہیں تو جو حیثیت اُس کے ہونے کی جزم صغیر کے ساتھ ہے اُس کا لوٹنا تیری طرف ہے اور جو حیثیت اس کی جزم کبیر کے ساتھ ہے اُس کا لوٹنا تیرے لئے واردات مطلوبہ کی طرف ہے"

پس تلاش کر الف میں یہ ایک ہے، یا، دس اور قاف سو ہے اور شین الف یا اُس کی غین میں اختلاف ہے، اور مراتب اعداد تمام ہوئے اور محیط کی انتہاء ہوئی اور دوروں کی ابتداء پر رجوع کرتے ہیں "

پس یہ چار نقطوں کے سوا نہیں، مشرق، مغرب، استواء یعنی سیدھا حفیض یعنی پستی، چار کی چوتھائی اور چار کا عدد محیط ہے کیونکہ یہ مجموعۂ بسائط ہے، جیسا کہ اس کا یہ انعقاد مرکبات عددیہ کا مجموعہ ہے "

اگر دو ہوں

اگر دو ہوں تو یہ دو جزموں کے ساتھ باء ہے اور جزم صغیر کے ساتھ قاف اور راء ہے باء تیرے لئے تیرا حال مقرر کرتا ہے اور اس کے ساتھ عالم غیب و شہادت مقابل ہے پس اس کے اسرار پر اس کے غیب و ظہور کے

ہونے سے واقفیت حاصل کر دُوسرے سے نہیں اور یہی الہیات میں ذاتُ صفات اور طبعیات میں علت و معلول ہے اور عقلیات میں نہیں کیونکہ عقلیات میں شرط و مشروط نہیں اور طبعیات میں شرعیات نہیں مگر الہیات میں ہیں "

اگر تین ہوں

اگر تین ہوں تو یہ ایک گروہ کے نزدیک دو جزموں کے ساتھ جیم اور لام اور سینِ مُہملہ ہے اور ایک گروہ کے نزدیک جزم صغیر کے ساتھ شین مُعجمہ ہے، اور جیم تجھ سے تیرا عالم مُقرر کرتی ہے اور عالم مُلک کی کائنات سے مُلک عالم جبرُوت کی کون ہے جبروت اور عالمِ ملکوت کے ہونے سے مَلکُوت اِس کے ساتھ مقابل ہے، اور جو عددِ صغیر سے جیم میں ساتھ ہے تجھ سے ظاہر ہوتا ہے اور جو اِس میں ساتھ ہے اور عددِ کبیر سے لام اور سین یا شین میں مغلوب سے ظہور و جوہ ہے۔

مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا[1] جو کوئی ایک نیکی لاتا ہے تو اُس کیلئے دس گُناہ ہے

اور اللہ تبارک و تعالیٰ جسے چاہے اُس کی استعداد کے مطابق دُگنا کرتا ہے اور یہ اُس کا کم تر درجہ ہے جو مذکورہ عام دس پر مشتمل ہے اور تضعیف استعداد پر موقوف ہے اور اِس میں رجالِ اعمال کا تفاضل ہے، اور ہر عالم اس کے طریق میں اِسی پر ہے"

اِس کتاب میں ہماری غرض اِس سے نہیں جو اللہ تعالیٰ نے حقائق

---

[1] الانعام آیت ۱۶۱

سے حروف کو عطا کیا جب کہ اُن کے حقائق تجھ پر محقق ہیں اور ہماری غرض
اُس سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لفظ یا خط کے اِنشاء کے لئے عطا فرمایا
جبکہ اِن حروف کے حقائق کے ساتھ محقق ہو اور اس کے اسرار پر کاشف ہو
پس اسے جان لیں "

اگر چار ہوں

اگر یہ چار ہوں تو وُہ دو جزموں کے ساتھ دال اور میم اور صغیر کے ساتھ
تام ہے، دال تجھ سے تیرے قاعدے مقرر کرتا ہے اور اِس کے ساتھ ذات و
صفات اور افعال ور دابط مقابل ہیں "

اور جو دال میں صغیر کے ساتھ عدد سے ہے تیرے قبول کے اسرار
سے ظاہر کرتا ہے اور جو اِس کے ساتھ اِس میں ہے اور جو میم میں ہے
اور کبیر کے ساتھ تام مطلوب مقابل سے وُجوہ کو ظاہر کرتا ہے اور اِس میں
حسب استعداد کمال و اکمل ہے "

اگر پانچ ہوں

اگر پانچ ہوں تو وُہ دو جزموں کے ساتھ ہا، نُون اور صغیر کے ساتھ تام
ہیں، ہا حرُوف کے مقام میں تجھ سے تیری مملکت کو مقرر کرتا ہے اور باطل
سے تصادم اور مقارعت کرتا ہے اور اِس کے ساتھ ارواح خمسہ مقابل ہیں
حیوانی، خیالی، فکری، عقلی، قدسی، "

اور جو ہا میں صغیر سے ہے وُہ تیرے قبول کے اسرار سے ظاہر کرتا
ہے اور جو اِس کے ساتھ اِس میں ہے۔

اور نون میں اور ثاء کبیر سے مطلوب مقابل اور کامل واکمل سے ظہورِ وجوہ کا اثر استعداد سے حاصل ہوتا ہے۔

اگر چھ ہیں

اگر چھ ہیں تو وُہ دو جزموں سے واؤ اور صاد ہیں یا اختلافی صورت میں صاد کی بجائے سین ہے۔ اور صغیر کے ساتھ خاء ہے،

واؤ تجھ سے تیری معلوم جہتیں مقرر کرتی ہے، اور اس کے مقابل ایک وجہ سے حق کی نفی اور ایک وجہ سے اثبات ہے اور وُہ علم صُورت ہے اور جو واؤ میں اس کے ساتھ اسرارِ قبُول سے ہے۔ صغیر کے ساتھ ظاہر کرتا ہے، اور وُہ جو اس میں اس کے ساتھ ہے،

اور جو صاد یا سین میں اور خاء کبیر کے ساتھ ہے مطلوب مقابل سے وجُوہ کو ظاہر کرتا ہے اور اس تجلی میں اسرارِ استواء کھولنے والے علم کے ساتھ ہے اور جو نجوی ثلاثہ سے ہوگا،

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ [1] — اور وہ تمہارے ساتھ ہے خواہ تم کہیں بھی ہو

وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ [2] — اور وُہ آسمان میں معبود ہے اور وُہ زمین میں معبود ہے۔

اور ہر آیت یا خبر اُس کے لئے جَلَّ وَعَلا جہت و تحدید اور مقدار کا اثبات ہے اور اس میں استعداد اور کوشش کے مطابق کمال واکمل ہے۔

---

[1] الحدید آیت ۴ [2] الزخرف آیت ۸۴

اگر سات ہیں

اگر سات ہوں اور وُہ دو جزموں سے زاء اور عین اور صغیر کے ساتھ ذال ہے یہ تجھ سے تیری صفات کو مقرّر کرتے ہیں اور اس کے ساتھ اس کی صفات مقابل ہیں اور جو صغیر سے زاء میں ساتھ ہے تیرے قبول کے اسرار سے ظاہر کرتا ہے اور جو اس کے ساتھ اِس میں ہے۔

اور جو عین میں اور ذال کبیر سے مطلوبِ مقابل سے وُجوہ ظاہر کرتا ہے اور اِس تجلی میں مکاشف بقدرِ کوشش و استعداد تمام مُسبعات یعنی ہر سات کے اسرار جان لیتا ہے بحیثیت اِس میں وقعت وکمال اور اکمل کے

اگر آٹھ ہیں

اگر آٹھ ہوں تو وُہ دو جزموں کے ساتھ حاء او ایک قول میں فاء ایک قول میں ضاد اور ایک قول میں ظاء ہے۔

حاء تجھ سے تیری ذات کو مقرر کرتا ہے اور وُہ جو اس کے ساتھ اِس میں ہے اور اِس کے ساتھ مقابل حضرتِ الٰہی ہے، صورت کے مقابل کے لئے شیشے کی صوُرت اور جو حاء میں صغیر سے اُس کے ساتھ ہے تیرے اسرارِ قبول سے ظاہر کرتا ہے، اور جو اِس کے ساتھ اِس میں ہے۔

اور جو فاء ضاد یا ظاء میں کبیر سے ہے مطلوبِ مقابل سے وجُوہ کو ظاہر کرتا ہے، اِس میں مکاشف جنت کے آٹھوں دروازوں کے اسرار جان لیتا ہے۔

اور اللہ تبارک و تعالےٰ جس کے لئے چاہے جنت کا دروازہ یہاں

کھول دیتا ہے اور ہر حضرتِ وجود میں آٹھ ہے اور کمال واکمل حسبِ استعداد ہے

اگر نو ہوں

اگر نو ہوں تو وہ دو جزموں سے طاء اور ضاد یا ایک قول میں صاد اور ایک قول میں ظاء، یا جزم صغیر کے ساتھ غین ہے، طاء تجھ سے وجود میں تیرے مرتبے مقرر کرتا ہے جس پر تو اِس تجلّی میں اپنی نظر کے وقت ہے، اور اِس کیساتھ مراتب حضرت مقابل ہیں اور وہ اُس کے لئے اور تیرے لئے ہمیشہ ہے اور جو طاء میں صغیر کے ساتھ ہے اسرارِ قبول سے ظاہر کرتا ہے اور جو اُس کے ساتھ اُس میں ہے،

اور ضاد میں یا صاد اور غین یا کبیر سے ظاء میں ہے وہ مطلوب مقابل سے وجوہ ظاہر کرتا ہے اس تجلّی میں مکاشف اسرارِ احدیت اور وحدانیت کے مقام ومنازل کے اسرار جان لیتا ہے۔ اور حسبِ استعداد کامل واکمل ہے۔

عدد اللہ تعالےٰ کا راز ہے

اگر تو اِس پر عمل کرے گا اور وہ پہلی کنجی ہے جو یہاں تیرے لئے اعداد کے اسرار اور اُن کی ارواح جو منازل کو کھولتی ہے، پس بیشک عددِ وجود میں اللہ تعالےٰ کے رازوں سے راز ہے اور حضرتِ الٰہی میں قوّت کے ساتھ ظاہر ہے۔

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

ان اللہ تسعۃ وتسعین اسماء مائۃ الا واحد من احصاھا

دخل الجنۃ"

وقال! ان اللہ سبعین الف حجاب الیٰ غیر ذالک وظہر فی العالم

بالفعل وانسحبت معہ القوۃ فہو فی العالم بالقوۃ والفعل"

بیشک اللہ تعالیٰ کے ننانوے اسماء مبارک یعنی ایک کم سو کا احصاء کرنے والا جنت میں داخل ہو گا"

اور فرمایا! بیشک دوسرے کی طرف اللہ تعالیٰ کے ستر ہزار حجاب ہیں اور عالم میں بالفعل ظاہر ہے اور اُس کے ساتھ قوت ہے پس وہ عالم میں قوت وفعل کے ساتھ ہے"

اگر اللہ تبارک وتعالیٰ نے عُمر میں طوالت اور مُہلت عطا فرمائی تو میری خواہش ہے کہ عدد کے خواص میں موضوع قائم کروں"

اس کی طرف میرے علم میں سبقت نہیں اس میں میں اسرار اعداد سے ظاہر کرتا ہوں جو اُسے حضرت الٰہیہ میں اور عالم در وابط میں اُس کے حقائق سے عطا ہوتا ہے جو اِس کے اسرار کے ساتھ خوشحال کرتا ہے اور دار القرار میں سعادت کو پہنچاتا ہے"

بسائط سے مُراد

رہا اُس کے بسائط میں ہمارا قول! پس ہماری مرادِ بسائط شکل حرف نہیں مثلاً وہ من سے ہے، اور بیشک مرادِ بسائط لفظ ہے، وہ کلمہ جو اس پر دلالت کرتا ہو اور وہ اسم ہے یا تسمیہ ہے اور وہ تیرا ضاد کہنا ہے، پس اِس لفظ سے مُراد بسائط ہے"

رہا بسائطِ شکل تو اُس کے لئے حروف سے بسائط نہیں ولیکن اُس کیلئے کم اور پورا اور زیادہ ہے، مثلِ راء زاء نصف نوُن، واؤ، نصف قاف اور کاف کے چار طاء کا پانچواں اور چار ظاء کا چھٹا اور دال طاء کا پانچواں اور یاء، دو ذال اور لام، نوُن کے ساتھ الف پر اور نوُن پر الف کے ساتھ اور یہ تشبیہ ہے،

رہے اشکالِ حروف کے بسائط؟ بیشک جو اس سے نقطہ خاص ہے پس بقدر اپنے بسائط کے نقطہ پر اور اُس کی ذات یا نعت کی جہت سے عالم میں مرتبہ حروف کی مقدار پہ ہے وہ فی الحال اِس پر نقطہ کی منازل کی بلندی اور اس کے افلاک اور اِس کے نزول ہیں۔

پس افلاک سے تو حرفِ مذکور کے بسائط اجتماع اور تمام حرکات کیساتھ پائے گا، ہمارے نزدیک اِس کے ساتھ لفظ پایا جاتا ہے، اور یہ افلاک اُس کے اِتساع کے مطابق فلکِ اقصیٰ سے قطع ہوتا ہے۔

فلک سے کیا مُراد ہے

رہا ہمارا قول کہ اُس کا فلک اور اُس کے فلک کی ظاہر حرکت تو اِس سے مُراد فلک کے ساتھ اُس سے عضو کا پایا جانا ہے اُس میں اُس کے مخرج سے، تو بیشک اللہ تعالیٰ نے اِنسان کے سر کو مخصوص افلاک میں سے مخصوص حرکت کے وقت پیدا فرمایا ہے۔

اور گردن کو اُس فلک سے بنایا ہے جو فلکِ مذکور سے ملی ہوئی ہے اور سینے کو چوتھے فلک سے بنایا ہے جو پہلا فلک ذِکر کیا گیا ہے۔

سر، گردن اور سینے کے فلک کا دَورہ

ہر وُہ چیز جو معانی وارواح اور اسرار سے سر میں پائی جاتی ہے، اور حروف

وعروق اور ہر وہ چیز جو سر میں ہیئت سے اور اس فلک کے معنی سے پائی جاتی ہے۔ اور اُس کا دورہ بارہ ہزار سال ہے۔

اور گردن کے فلک کا دورہ اور جو اس میں ہیئت ومعنی اور جملہ حروف حلقیہ سے پایا جاتا ہے گیارہ ہزار سال ہے۔

اور سینے کے فلک کا دورہ اُسی حکم پر ہے جو ہم نے اُس کا ذکر نو ہزار سال کیا، اور اُس کی طبعیت اور اُس کا عنصر اور جو اُس سے اس فلک کی حقیقت کی طرف راجع پایا جائے۔

طبقات کا امتیاز

ایسے ہی ہمارا اوّل طبقہ میں امتیاز کرنا ہے! تو جان لیں کہ بیشک عالم حروف حضرت الٰہیہ کی طرف نسبت کے ساتھ طبقات پر ہے اور اس سے ہماری طرح تقرب ہے اور اس میں اُسے پہچان جس کے ساتھ تیرے لئے اُس کا ذکر کیا گیا ہے اور یہ ہمارے نزدیک شاہد میں حروف کے لئے حضرت الٰہیہ ہے، بیشک یہ کلام تلاوت اور قرآن مجید کے خط تحریر کے عالم میں ہے، اگرچہ تمام کلام میں رواں ہے تلاوت ہو یا دوسرا۔

وہ تیرا مطلب نہیں اگر تو جانے بیشک ہر لفظ لفظ کے ساتھ ہمیشگی کی طرف ہے، بیشک وہ قرآن ہے ولیکن وہ وجود میں اس طرح ہے جس طرح ہماری شرع میں حکم اباحت ہے اور یہ باب بہت بڑی طوالت کی طرف لوٹ کر کھلتا پس اگر اُسے کشادگی کی قوت ہے تو ہمارے لئے امر جزئی کی طرف گنتی کرنا اُسکے چھوٹے فلک مرقوم کی وجہ سے ہے اور وہ خصوصیت کے ساتھ مکتوب وملفوظ ہے، اور جاننا چاہیئے کہ ہمارے نزدیک یہ اُمور کشف کے باب سے ہیں جب

اس سے ہمارے وجود میں اظہار ہوتا ہے تو بیشک پہلا دُوسرے سے اشرف ہے اور ایسے ہی تتابع پر یہاں تک کہ نصف کی طرف اور نصف سے پہلے کی طرح تفاضل واقع ہوتا ہے یہاں تک کہ دُوسرے کی طرف اور بظاہر دُوسرا اُور پہلا اشرف ہے پھر دونوں اپنے وضع ہونے کے مطابق اور حسبِ مقام فضیلت والے ہیں پس اُس سے ہمیشہ افضل ہے اور مقام شرف میں مُقدم ہے۔"

اور اس کا بیان کرنا شرف میں بمنزلہ تیرہویں رات کے پندرہویں شب کا ہے، ایسے ہی پہلے مہینے کے طلُوع ہلال سے دُوسرے مہینے سے اُس کے طلُوع تک ہے،

ایسے ہی آخری تاریخوں کی رات مُطلق ہے اور چودھویں کے چاندوں کی رات مُطلق ہے" پس اِس پر غور کریں۔

ہم نے دیکھا کہ ہمارے نزدیک قرآن رقم کرنے کا مقام کیسے مُرتّب ہوتا ہے، اور اُس کے ساتھ جس کے حروف سے سُورتوں کا آغاز ہوتا ہے اور اُس کے ساتھ جس سے اِختتام ہوتا ہے، اور اس کے ساتھ جو علم نظری میں مجہولہ سورتوں سے مُختص ہے علم الدُنی کے ساتھ حرُوف سے"

حرُوف کا تقرر

ہم نے بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم کی تکرار کی طرف نظر کی اور ہم نے اُن حرُوف کی طرف نظر کی جو آغاز و اختتام کے ساتھ مخصوص نہیں اور نہ ہی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ مخصوص ہیں، اور ہم نے اللہ تبارک و تعالیٰ سے طلب کیا کہ وُہ ہمیں وُہ اختصاص اِلٰہی سکھلائے جو ان حروف کا حامل ہے، کیا وُہ اختصاص تو دُوسری چیز سے ہے جو انبیائے کرام کے ساتھ نبوت اور تمام اشیاءِ اولیٰ کی

طرح ہے یا وہ اختصاص اُسے طریق اکتساب سے پہنچتا ہے؛ پس اِس سے ہمارے لئے کشفِ الٰہی منکشف ہوا تو ہم نے اُسے دو وجہوں پر دیکھا، ایک گروہ کے حق میں عنایت و معافی اور ایک گروہ کے حق میں بدلہ، اس لئے کہ اُن سے وضع اول میں تھا اور ہمارے لئے اور اُن کے لئے اور عالم کے لئے تمام عنایت اللہ تبارک و تعالےٰ سے ہے پس جب ہم نے اِس پر واقفیت حاصل کر لی تو ہم نے حروف مقرر کئے جنکا مراتب اوّلیہ پر اوّل و آخر ثابت نہیں، جیساکہ اُس کا ذکر عام حروف ہے اُس کے لئے اِس اختصاصِ قرآنی سے حصتہ نہیں اور وہ حرُوف یہ ہیں جیم، ضاد، خا، ذال، غَین اور شِین،

پہلا طبقہ

اور ہم نے خواص سے مجہول سُورتوں کے حرُوف سے پہلا طبقہ مقرر کیا اور وہ یہ حروف ہیں،

الف، لام، میم، صاد، را، کاف، ہا، یا، عین، طا، سین، حا، قاف، نون،

اور بایں صُورت لفظ میں اُن کا اشتراکِ معنیٰ ہے اور تحریر؟ تو تحریر میں اِس کا اشتراک صُورت میں ہے، اور اشتراکِ لفظی پر اسم واحد کا اطلاق ہے مثل زید کے اور زید دوسرا ہے تو بیشک صُورتِ اسم میں مُشترک ہے،

رہا ہمارے نزدیک مقرر و معلوم؟ اور بے شک مں المص سے کھیٰعص ہے اور مٓں سے ہے، ان سے ہر ایک مں واحد نہیں اِن سے دُوسری عَین ہے اور سورتوں کے احکام اور اُن کے احوال کے اختلاف کے ساتھ مختلف ہے، ایسے ہی تمام حرف ہیں اِس کے مرتبہ پر لفظ و خط عام ہیں،

دوسرا طبقہ خاص سے

رہا دوسرا طبقہ خاص سے اور وہ خاص الخاص ہیں پس یہ ہر حرف قرآن سے مجہولہ اور غیر مجہولہ سورت کے آغاز میں واقع ہوا ہے اور وہ یہ ہیں۔

الف، یا، با، سین، کاف، طا، قاف، تا، واؤ، صاد، حا، نون، لام، ہا، عین،

تیسرا طبقہ خواص سے

رہا خواص سے تیسرا طبقہ اور وہ خلاصہ ہیں پس یہ حروف سورتوں کے آخر پر واقع ہوئے ہیں مثلاً۔

نون، میم، را، با، دال، زا، الف، طا، یا، واو، ہا، ظا، ثا، لام، فا، سین،
اور اگرچہ الف کے ارتکاز و التزام میں خط و لفظ کو دیکھا، اور جو ہمیں اس میں کشف عطا کیا مگر اس سے پہلا الف ہے،

پس ہم اُس کے نزدیک واقفیت رکھتے ہیں اور اُس کا دوسرا نام رکھا ہے جیسا کہ یہاں ہم نے اُس کا مشاہدہ کیا اور الف کو ہم نے ثابت کیا ہے جیسا کہ یہاں دیکھا و لیکن اس فصل میں نہیں بلکہ دوسری فصل میں آئے گا پس ہم ان فصلوں کی پابندی میں زیادتی نہیں کرتے جس کا ہم مشاہدہ کر چکے ہیں۔

چوتھا طبقہ خواص سے

خواص سے چوتھا طبقہ صفاء الخلاصہ ہے اور وہ حروف ہیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں اِس کا ذکر نہیں کرتے بلکہ اُس حیثیت سے جس سے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِس کا ذکر حد پر کیا ہے، اِس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے آپ سے دو وجہوں پر کیا ہے۔ وحیؑ سے اور وُہ وحی قرآن ہے اور وُہ پہلی وحی ہے۔

تو بیشک ہمارے نزدیک کشف کے طریق پر یہ ہے کہ فرقان حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں مجمل اور غیر مفصل آیات وسُوَر کی صُورت میں حاصل ہُوا ہے۔ اور اس لئے ہی رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نزولِ قرآن کے وقت عُجلت فرماتے تھے جو آپ پر جبریل علیہ السلام قرآن کے ساتھ لاتے، پس آپ کو کہا گیا! وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرآن یعنی قرآن کے ساتھ عُجلت نہ کریں، وہ جو آپ کو اجمالاً اِلقاء کرتا ہے، آپ سے آپ کی طرف قرآن کی مُفصل وحی پُوری ہونے سے پہلے نہیں سمجھا جائے گا پس کہیں، رَبِّ زِدْنِی عِلْماً یعنی اے میرے رب میرا علم زیادہ کر تفصیل سے جو میری طرف معانی سے اُس کا اجمال ہے اور بیشک اسرار کے بارے میں اشارا ہے، تو فرمایا!

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِی لَیْلَةٍ یعنی ہم نے اسے رات کو اُتارا اور اُس کا بعض حصہ نہیں فرمایا پھر فرمایا!

فِیهَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیم

اور یہ وحی قرآن ہے اور دو وجہوں سے دُوسری وجہ ہے، اور

—

لے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا کلام اُس باب میں آئے گا جو اس کتاب میں اُس کے لئے مخصوص ہے،

بسم اللہ کا اجمالی بیان

اور جان لیں کے سورہ براۃ کی بسم اللہ ہی سورہ نمل میں ہے تو بے شک حق تعالیٰ جب کوئی چیز عطا فرماتا ہے تو اس میں رجوع نہیں کرتا یعنی اُسے واپس نہیں لیتا اور نہ اُسے عدم کی طرف لوٹاتا ہے، پس جب اُس نے براۃ سے رحمت کو نکالا تو یہ بسم اللہ اُس کے اہل سے برئیت کا حکم ہے،

اُن سے رحمت اٹھا لیتا ہے پس اُس کے ساتھ فرشتہ ٹھہر جاتا ہے اور وہ نہیں جانتا کہ وہ کہاں ٹھہرا ہوا ہے، کیونکہ ہر اُمت انسانی اُمتوں سے ہے بیشک ہر اُمت اس پر اور اُس کے نبی پر ایمان کے ساتھ اُسکی رحمت اخذ کرتی ہے،

پس فرمایا یہ بسملہ جانوروں کے لئے عطا کردہ جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے ساتھ ایمان لائے اور یہ اُس کا ایمان سوائے اس کے رسُول کے لازم نہیں پس جب اُس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی قدر کو پہچانا اور اُس کے ساتھ ایمان لایا تو اُسے رحمتِ انسانیہ کا حصّہ عطا کر دیا اور وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے، اس سورتِ جسانیہ میں مشرکین سے رحمت سلب کر لی گئی ہے،

پانچواں طبقہ عین الصفاء

رہا پانچواں طبقہ اور یہ عینِ صفاءِ خلاصہ ہے، پس یہ حرفِ باء ہے اور بیشک باء حرفِ مُقدّم ہے کیونکہ بسملہ شریف ہر سُورت میں پہلے ہے اور وہ سُورت جس میں بسملہ نہیں یعنی سُورت براۃ تو یہ باء سے شروع ہوتی ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا بَرَاۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ۔

ہمیں یہودیوں کے ایک عالم نے کہا تمہارے پاس توحید سے کیا حصہ ہے کیونکہ تمہاری کتاب کی سُورتیں بار کے ساتھ ہیں،

میں نے اُسے کہا اور تمہارے لئے نہیں، تو بے شک تورات کا اوّل بار ہے، یہودی عالم یہ سُن کر خاموش ہوگیا اور چلتا بنا، تو بیشک الف کے ساتھ ہرگز ابتداء نہیں پس سُورتوں کی ابتداء میں اِن حرفوں سے جو واقع ہوا اُس کے لئے ہم کہتے ہیں کہ اس میں طریق کی ابتداء ہے اور جو آخر پر واقع ہوا اُس میں ہم کہتے ہیں کہ اُس کے لئے طریق کی انتہاء ہے اور اگر عام سے ہے تو اُس کے لئے ہم طریق کا درمیان کہتے ہیں کیونکہ قرآن صراطِ مُستقیم ہے۔

مرتبہ دوم تا ہفتم

رہا ہمارا قول دُوسرے مرتبے سے ساتویں مرتبے تک تو اس کے ساتھ مُراد بسائط ہیں، یہ حرف اعداد میں مُشترک ہیں پس اُلوہیت میں نُون کے دو بسائط ہیں۔

میم کے اِنسان میں تین بسائط ہیں۔

جیم، واؤ، کاف اور قاف کے چار بسائط جنات میں ہیں۔

ذال، ناء، صاد، عین، ضاد، سین، ذال، غین، شین، کے پانچ بسائط جانوروں میں ہیں۔

الف، ہا اور لام کے چھ بسائط نباتات میں ہیں۔

باء، حاء، یاء، فاء، راء، تاء، ثاء، خاء، اور ظاء کے ساتھ بسائط جمادات میں ہیں۔

حرکت مُعوجہ و مستقیمہ کی وضاحت

ہم نے کہا کہ اُس کی حرکت معوجہ یا مُستقیمہ یا منکوسہ یا ممتزجہ یا اُفقیہ۔

مستقیمہ یعنی سیدھی حرکت سے مراد ہر وُہ متحرک حرف جو سلب کی جہت سے بطورِ خاص تیری ہمت حق کی طرف لگائے اگر تُو عالم ہے، اگر تو مشاہد یعنی مشاہدہ کرنے والا ہے تو جو تو نے مشاہدہ کیا۔

منکوسہ یعنی جُھکی ہوئی حرکت سے مُراد ہر وُہ حرف جو کون اور اُس کے رازوں کی طرف تیری ہمت کو مُتحرک کرے۔

معوجہ یعنی ٹیڑھی حرکت تو یہی اُفقیہ ہے ہر وُہ حرف جو مکوّن کے ساتھ مکوّن کی طرف ہمت کا محرک ہو۔

ممتزجہ یعنی امتزاجی حرکت ہر حرف جو دو امروں کی معرفت کی طرف ہمت کو لگائے جس چیز کا میں نے تیرے لئے ذکر کیا پس تحریر میں چڑھ اور ظاہر ہو الف اور میم معرق اور حاء اور نوُن میں اور یہ اُس کی تشبیہ نہیں۔

اعراف و خلق وغیرہ کا بیان

ہمارا یہ کہنا کہ اُس کے لئے اعراف، خلق، احوال، کرامات یا حقائق و مقامات اور منازلات ہیں؟

پس جان لیں کہ ہر چیز اپنی وجہ یعنی حقیقت کے سوا نہیں پہچانی جاتی پس ہر چیز جس کے ساتھ پہچانی جاتی ہے وُہ اس کا چہرہ ہے پس حرف کا چہرہ نقطہ ہے جس کے ساتھ وُہ پہچانا جاتا ہے اور نُقطہ دو قسموں پر ہے ایک قسم حرف کے اُوپر نقطہ دُوسری قسم حرف کے نیچے نقطہ ہے، تو جب

چیز کے لئے اُس کے ساتھ پہچان نہیں تو اُس کی ذات کے ساتھ مشاہدہ سے اور اُس کی ضد کے ساتھ نقل سے پہچان اور یہی حرُوف یابسہ ہیں،

